اسمه

[illegible]

انوار احمدیہ پریس دارالامان قادیان میں شیخ یعقوب علی تراب احمدی کے اہتمام سے طبع ہوا - قیمت فی جلد عـہ/

الحکم
اخبار

دارالامان قادیان

دنیا میں صداقت اور حق پرستی کی تعلیم کی اشاعت کرنا۔ اور گورنمنٹ کی سچی اطاعت

اور بنی نوع انسان میں باہمی ہمدردی کا پھیلانا اس اخبار کا خاص منشا ہے۔

چونکہ ان مقاصد کے پورا کرنے کے لئے دنیا میں اس وقت جناب میرزا غلام احمد

صاحب دام فیوضہم کے سلسلہ سے بڑھ کر اور کوئی سلسلہ نہیں اس لئے

علی الخصوص حضرت اقدس کے سلسلہ کے خادم ہونے کا فخر الحکم کو حاصل ہے

جس میں اسلام کے مقدس اصولوں پر بحث کی جاتی ہے چونکہ اخبار الحکم کا موضوع

اسلام ہے اس لئے اس لئے اسلام کے متعلق ضروری مضامین درج ہوتے

ہیں جناب مرزا صاحب کے سلسلہ کے حالات اور آپ کی تقریریں اور کلمات طیبات بھی

حسب موقع شائع ہوتے ہیں۔ قیمت عام سے بمد پیشگی معہ محصولڈاک عہ اور عہ سے

زائد آمدنی والوں سے عـہ سالانہ۔ تمام خط وکتابت شیخ یعقوب علی تراب احمدی ایڈیٹر و پروپرائٹر الحکم
قادیان ضلع گورداسپور کے نام حسب قواعد ڈاک خانہ ہونی چاہئے۔

رسالہ شمس بازغہ کے بعض اغلاط کی صحت

۱	۲	۲۱		عدیدہ	۲۴	۶۰	۸	الہیہ	الیہ
۲	۳	۸	۰	وہ	۲۵	۶۱	۵	اعظم	اعظم
۳	۴	۲۱	۰	بیان	۲۶	″	۱۸	ہکے	کے
۴	۱۴	۳	موافق	مؤید	۲۷	۶۴	۱۳	میں	اس
۵	۱۶	۱۸	جس	جن	۲۸	″	۲۲	قضیوں	قضوں
					۲۹	۶۹	۷	امین	اس
۷	۲۰	۲۱	بحرف	+	۳۰	″	۲۳	مورد	موجود
۸	۲۱	۲۲	+	من ربک	۳۱	حاشیہ ۲	۳	ردومردود	رد مردود
۹	″	″	فا	وا	۳۲	۷۵	۲	نالوا	نالو
۱۰	۲۶	۱	تعمد	تعدد	۳۳	″	۷	النصرک	للمصرک
۱۱	۴۰	۳	کو	سے	۳۴	۸۲	۱۳	تحقیق	ہیں
۱۲	۴۵	۲۳	و	″	۳۵	۸۴	۱۸	ہوگی	ہونگی
۱۳	۴۶	۱	۸	″	۳۶	۸۶	۲	میں	+
۱۴	″	۹	ترتیب	تربیت	۳۷	۸۸	۲۰	شانظا	شتان
۱۵	۴۷	۱	ہم	ہوا	۳۸	۹۷	۸	گئے	گے
۱۶	″	۱	سات	بیناعت	۳۹	۹۸	۱۰	نقاجہم	تقاجہم
۱۷	″	۹	ہوئی ہیں	ہوا ہے	۴۰	۹۹	۱۱	نفرد	تفرد
۱۸	″	۱۱	″	″	۴۱	۱۰۵	۱۷	عنہ	عنہ کا
۱۹	″	۱۶	لعب	لغت	۴۲	۱۰۷	۱۳	لندن	لندن تک
۲۰	۴۷	۱۷	+	اسکوایکہزارروپیہ ملے	۴۳	۱۰۸	۹	+	انکار
۲۱	۵۲	۳	یعمل	نعمل	۴۴	۱۰۹	۱۴	فرمارین	فرمادیں
۲۲	۵۴	۸	شخص	لشخص محرم	۴۵	حاشیہ	۲	ہیں	بھی
۲۳	۵۸	۴	کلمہ	کلمت	۴۶	۶	۱۳	آیت	آیت اول

نمبر	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۴۷	۱۱۱	۲۰	ثلاثہ	[illegible]
۴۸	〃	۱۵	الفضۃ	الفضۃ
۴۹	۱۱۳	۹	+	الیہ الرجوع المصیر
۵۰	〃	۱۵	بگر	اگر کیا
۵۱	۱۱۵	۷	+	کبھی حقیقت
۵۲	[illegible]	[illegible]	+	[illegible]
۵۳	[illegible]	[illegible]	+	[illegible]
۵۴	۱۲۹	[illegible]	بہوتی	ٹہوتی
۵۵	۱۲۹	۱۴	آیت	آیتہ
۵۶	۱۳۱	۱۵	ہیں	+
۵۷	۱۳۶	۱۴	حضرت	حضرت عیسی
۵۸	۱۳۸	۱۰	[illegible]	[illegible]
۵۹	۱۴۱	〃	آتی	[illegible]
۶۰	۱۴۳	۵	الجز	الجزے
۶۱	۱۴۴	[illegible]	بھی	ہی
۶۲	۱۵۰	۱۹	الجز	الجز کے
۶۳	۱۶۱	۱۵	بالفظ الجز	بلفظ الجز
۶۴	۱۶۶	۳	جیسے	او
۶۵	۱۶۸	۵	معذور	محذور
۶۶	〃	۱۴	نزائب	از
۶۷	۱۸۱	۱۳	[illegible]	ذراب کے
۶۸	۱۸۴	۱۵	فاجیبہ	فاجیہ
۶۹	۱۸۹	۱۷	بھی	یہی
۷۰	۱۹۱	۱۵	ہیں	میں
۷۱	〃	۱۴	ایزاد	ایراد
۷۲	۱۹۳	۱۴	عوزلرہ	گویڑہ
۷۳	〃	۱۲	[illegible]	[illegible]
۸۴	۱۹۴	۱۵	تو بھی	بھی تو
۸۵	۱۹۵	۹	ان	ان ہی
۸۶	[illegible]	۱۲	تکتے	تکتے ہیں
۸۷	[illegible]	[illegible]	شعر	شعر سے
۸۸	۲۰۳	۱۰	[illegible]	[illegible]
۸۹	〃	۱۵	نقل	نعل
۹۰	〃	۱۹	محکم	محکم ہے
۹۱	۲۰۵	۱۳	[illegible]	[illegible]
۹۲	۲۰۶	۱۴	کشف	کشف سے
۹۳	۲۰۹	۱۹	ہے	ہے بھی
۹۴	۲۱۱	۲۰	ذریبتہ	ذریتہ
۹۵	〃	۲۲	اد	یاد
۹۶	۲۱۲	۱۷	انی	+
۹۷	〃	۲۱	الحوۃ	الحیوۃ
۹۸	۲۱۴	۱۳	فنشیہا	فنشیئا مناسب
۹۹	۲۱۵	۳	کسی	کسی کا
۱۰۰	۲۱۷	۱۶	بتہ غلنہم	لتہ غلنہم
۱۰۱	۲۲۲	۵	توجہ	موجبہ
۱۰۲	۲۲۵	۲۲	القامہ	القایہ

نمبر	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۰۳	۲۳۴	۱۵	[illegible]	[illegible]
۱۰۴	۲۳۸	۱۳	بعید	[illegible]
۱۰۵	۲۴۵	۱۶	یقینی	یقینی
۱۰۶	۲۴۶	۸	[illegible]	+
۱۰۷	۲۶۲	۲۱	لاوسے	آوسے
۱۰۸	۲۶۹	۱۰	بھی	بچکے
۱۰۹	۲۷۲	۱۵	قلت	قلیت
۱۱۰	۲۷۸	۲	یشار	ینشار
۱۱۱	〃	۷	اور	+
۱۱۲	۲۸۰	۲۰	یعطی	یعفی
۱۱۳	۲۸۲	۵	جارتی	ان جارتی
۱۱۴	۲۸۳	۱۱	انفش	النقش
۱۱۵	۲۸۶	〃	مصداق	مصدق
۱۱۶	۲۸۷	۱	عفلیہ	عقلیہ
۱۱۷	۲۹۸	۳	بالثریا	معلقا بالثریا
۱۱۸	۳۰۲	۷	نہ	+
۱۱۹	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۲۰	〃	۱۴	۱۲۱۳	۱۲۴۳
۱۲۱	〃	۱۵	۱۲۴۷	۱۲۷۴
۱۲۲	〃	۱۱	الہالی	الزاکی
۱۲۳	۳۱۰	۱۲	۲۶ میں	۲۶
۱۲۴	۳۱۳	۱۴	میر	میں
۱۲۵	۳۱۸	۶	کو	کی

حمد و نعت و تمہید کتاب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شہد اللہ لم یزل از لا	انه لا اله الا هو
ثم املاکه بذا شہدت	انه لا اله الا هو
و اولو العلم کلهم شهدوا	انه لا اله الا هو
ثم قال الرسول قولوا معی	انه لا اله الا هو
خیر ما قلته و قال به	قبلنا لا اله الا هو
ما عدا الا نس کلهم شهدوا	انه لا اله الا هو

و اشهد ان محمدا خاتم النبیین لا نبی بعده وصلی اللہ علیه وعلی اله و علی من نصره و ایده من الخلفاء الراشدین المهدیین و مجددی دینه المتین و الملهمین المحدثین

اما بعد ناظرین اوراق ہذا پر واضح ہو کہ حضرت خاتم النبیین مخبر صادق صلے اللہ علیہ وسلم نے جو مصداق ہیں **علمت علم الاولین والاخرین** کے اُن تمام امور مہمہ دینیہ اور اخبار مستقبلہ یقینیہ کو جو قیامت تک ہونے والے ہیں بطور پیشین گوئی کے بیان فرما دیا ہے کما فی الصحیحین چنانچہ اس مدت تیرہ سو برس میں صدہا امور جو احادیث

+ چونکہ مؤلف نے کلمۂ توحید پر چند اعتراض کیئے ہیں بلکہ اکابر متکلمین اور صوفیہ پر بھی اسی کلمہ توحید کے معنوں میں حملہ کیا ہے لہذا خطبہ رسالہ ہذا کو اس کلمہ طیبہ کے ساتھ آغاز کرنا مناسب معلوم ہوا - منہ

مندرج تھے واقع ہو کر وقتاً فوقتاً منکرین نبوت و رسالت پر بطور دلائل نبوت
و شواہد رسالت کے حجت قاطع و برہان ساطع ہوئے ۔ شعر

ففی کل وقت لہ اٰیۃٌ تدل علےٰ انہٗ مرسلہٗ

مگر چونکہ لکل فن رجال قضیہ مسلمہ ہے فلہذا جو بعض علماء مفسرین
و فضلاء محدثین علوم جغرافیہ اور تاریخ دنیا وغیرہ سے بخوبی واقف نہ تھے
اُن کو وقوع بعض اُن پیشین گوئیوں کا جو واقع ہوئیں مشتبہ رہا اور
اُن کے وقوع کے منتظر رہ کر دنیا سے سدھارے اور جو بعض
اہل اسلام فنون جغرافیہ و تواریخ عالم کے عالم ہوئے وہ اخبار مستقبلہ
مندرجہ احادیث سے بسبب نہ ہونے کمال علم حدیث کے اُن کے
وقوع سے بے خبر رہے اُن کو یہ معلوم نہ ہوا کہ یہ واقعہ بطور پیشین
گوئی کے حضرت خاتم النبین مخبر صادق صلے اللہ علیہ وسلم پہلے سے
فرما گئے ہیں ان وجوہ سے وقوع اکثر پیشین گوئیوں مخبر صادق صلے اللہ
علیہ وسلم کی شہرت تامہ نہ ہوئی انھیں علماء کو ایسی پیشین گوئیاں
معلوم رہیں جو محقق علوم دینی و فنون دنیوی کے تھے معہذا صدہا
اخبار مستقبلہ بسعی و کوشش علماء محققین معلوم و مشہور بھی ہوتی رہیں
اور بطور دلائل نبوت اور شواہد رسالت کے کتب سیر میں مندرج ہوتی
گئیں ۔ یہ زمانہ تو وہ تھا جس میں بعض پیشین گوئیاں جو واقع ہوئیں
اُن کی شہرت کمال درجہ کو نہیں پہونچی لیکن اس چودھویں صدی نے
(جو زمانہ مسیح موعود و مہدی مسعود کا ہے) عجیب وہ شرف پایا ہے
کہ سابق کسی صدی کو حاصل نہیں ہوا تھا علم جغرافیہ علم تاریخ دیگر
علوم جدیدہ وفنون و صنائع طبع و ریلوے اور تار برقی وغیرہ وغیرہ
نے وہ ترقی پائی کہ کوئی ہی قریہ آباد باقی رہا ہو جس کا احوال مجملاً
معلوم نہ ہوا ہو یا کوئی واقعہ دنیا میں واقع ہو اور کسی ملک کے
رہنے والوں کو معلوم نہ ہو یہ امر بہت ہی بعید ہے بلکہ وہ واقعہ ایک

ظہور [illegible] [illegible] بیان پیشین گویان مخبر صادق

بطور نمونہ بیان پیشین گوئی کسوف خسوف ماہ رمضان

ساعت میں تمام دنیا میں شہرت پا جاتا ہے کیونکہ ہر شہر میں تار برقی کا دفتر کھلا ہوا ہے اور یہ اُسی پیشین گوئی کا وقوع ہے جو اناجیل میں بھی لکھا ہوا ہے کہ مسیح کا آنا ایسا ہوگا کہ برق کی طرح تمام دنیا میں چمک جاوے گا - اور اسی زمانہ مسیح موعود کو وہ شرف حاصل ہے جو آیت لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا میں مذکور ہے۔ پس اب کیونکر ہو سکتا ہے کہ مثلاً یاجوج و ماجوج کے متعلق جو پیشین گوئیاں کتاب و سنت میں یا کتب سابقہ میں مندرج ہیں اُن میں سے کوئی پیشین گوئی واقع ہو اور ہر کہ ومہ کو واضح نہ ہو جاوے بلکہ اس زمانہ میں تو علم تواریخ دہور خالیہ اور اعصار ماضیہ کی تحقیق وتنقیح بھی کمال درجہ کو پہونچی ہوئی ہے جس سے پہلی پیشین گوئیاں بھی جو واقع ہوچکی ہیں محققین علماء کو معلوم و مشتہر ہوتی جاتی ہیں مگر چونکہ یہ گذشتہ واقعات ہیں ہم ان سے قطع نظر کرکر اپنے زمانہ کے واقعات روزانہ پر جو دنیا میں واقع ہورہے ہیں جب نظر ڈالتے ہیں تو دیکھتے ہیں کہ جب کوئی واقعہ مندرجہ احادیث حادث ہوتا ہے تو تمام دنیا میں بذریعہ تار برقی واخبارات روزانہ کے اُس کا شور و غل ایسا برپا ہو جاتا ہے کہ کوئی منکر اُس کو مخفی کر ہی نہیں سکتا اور اس طرح پر وہ پیشین گوئی تمام عالم پر اثبات نبوت خاتم النبین کے واسطے ایک حجت قاطع ہو جاتی ہے فللہ الحجۃ البالغۃ۔ صدق اللہ هو الذی ارسل رسولہ بالھدی و دین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ وکفی باللہ شھیدا ؛ مثلاً اجتماع سورج گرہن و چاند گرہن کا ماہ مبارک رمضان شریف میں جو نشان صدق مہدی اسلام کا کتب احادیث میں مندرج تھا جب کہ ۱۳۱۱ھ ہجری میں واقع ہوا تو تمام دنیا میں پیشتر وقوع ہی سے اُس کا شہرہ ہو گیا تھا ہیئت دانوں اور منجموں نے پیشتر وقوع سے ہی اُس کو

شائع کردیا تھا اور بعد از وقوع تو کوئی بستی بھی نہ رہی ہوگی جسمیں اُس کی چرچا واقع نہ ہوئی ہو۔اب کس کی مجال ہے کہ اُس کو مخفی کرسکے یا مثلاً حلیہ مسیح موعود جو احادیث میں آیا تھا بذریعہ ہزارہا رسائل و اشتہارات کے ایک عالم میں شائع ہوچکا حتیٰ کہ فوٹو گرافروں نے اُسکا عکس کھینچ کر ایک دنیا میں شائع کردیا اب یہ حلیہ کوئی پوشیدہ کرسکتا ہے ہرگز نہیں - اس جگہ پر ہم تصویر کے جواز یا عدم جواز میں کچھ گفتگو نہیں کرتے ہاں مخالفین کو اس قدر متنبہ کیئے دیتے ہیں کہ یہ تو سب کو معلوم ہوگا کہ تصویر کی حرمت حرمت لغیرہ ہی حرمت لذاتہ نہیں ہے جیساکہ بت خانہ میں جانا بحرمت لغیرہ حرام ہے بت پرست جو بت خانہ میں بت پرستی کے لئے جاتا ہے اُسکو بت خانہ میں جانا بھی حرام ہے لیکن بت شکن کو بھی بت خانہ میں جانے کی ضرورت پڑتی ہے مگر اُس کو بت خانہ میں جانا بڑا ثواب ہے

ع ببیں تفاوت رہ ازکجاست تا بہ کجا ◆ ولنعم ماقیل

احمد و بوجہل در بت خانہ رفت * درمیان این و آن فرقیست زفت

یا مثلاً قادیان کا جانب شرقی دمشق ہونا جو علم جغرافیہ سے ہم نے ثابت کردیا ہے وہ تمام نقشجات میں لکھا ہوا ہے کیا اب اسکو کوئی رد کرسکتا ہے کلّا و حاشا وغیرہ غیرہ الحاصل یہ زمانہ مسیح موعود کا اب وہ زمانہ برکات ہے جس میں ہرطرح سے دین اسلام کا غلبہ تمام ادیان باطلہ پر ہوکر رہے گا اور کسی کی تکذیب اب ہرگز پیش نہ جاوے گی اور جو مخالفین ان پیشین گوئیوں کی تکذیب میں کوشش کررہے ہیں جو دنیا میں واقع ہورہی ہیں اور جن کو مخبر صادق نے تیرہ سو برس پیشتر آج ہی فرمادیا تھا اُن کی تکذیب اب پیش نہیں جاسکے گی بلکہ اُن مکذبین کی مثل ایسی ہے جیسا مکھی یا مچھر اپنے پروں سے آفتاب کو چھپانا چاہے آفتاب تو اُس کے پروں سے ہرگز نہیں چھپ سکتا ہاں اُس پر صرف

اسباب شہرت و وقوع پیشین گوئی مخبر صادق و حرمت لغیرہ تصویر کی۔

قادیان کا جانب شرقی دمشق ہونا و اسباب شہرت و وقوع پیشین گوئی۔

پوشیدہ ہو جاوے تو ہو جاوے ۔ و لنعم ما قیل۔ شعر

و اذا رامت الذبابۃ للشمس غطاء مدت علیہا جناحا

پھر معہذا ان منکرین کے لئے کوئی دلیل تکذیب و انکار کی بھی نہیں مل سکتی صرف یہ بہانہ ہے کہ مجاز و تشبیہ و استعارہ کو ہم نہیں مانتے اور اُس کو فقط ظاہر ہی پر محمول کرنا چاہتے ہیں مگر یہ طریقہ انکار انھوں نے ایسا قبیح اختیار کیا ہے کہ مخالف ہے تمام محاورات کتب آسمانی اور محاورات قرآن مجید و سنن صحیحہ کے بلکہ محاورات کل السنہ مروجہ دنیا کے بھی خلاف ہے اس طریق انکار کے اختیار کرنے سے مخالفین بہت ذلیل ہوے اور ہوتے جاتے ہیں اور انشاء اللہ تعالی آیندہ کو بہت ذلیل و پریشان ہوویں گے ہم اُن سے صرف یہی دریافت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارات جو کتب سابقہ میں مندرج تھیں اور اب تک موجود ہیں کیا وہ سب اپنے ظاہر ہی پر محمول ہیں ہرگز نہیں ہرگز نہیں اندریں صورت جو بشارات محمدیہ و اوصاف احمدیہ بطور مجاز یا استعارہ یا تشبیہ کے کتب سابقہ میں مندرج ہیں اور ہمیشہ سے از عہد نبوت خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم علماء اسلام و فضلاء کرام اُن بشارات کا مصداق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو گردانتے چلے آئے ہیں کیا وہ غلطی پر تھے و نعوذ باللہ منہا پھر اس صورت تکذیب میں اثبات نبوت کے دروازوں میں سے ایک عظیم الشان دروازہ کا بند کر دینا ہے جو تمام سلف کے خلاف اجماع ہے ۔ ایدھر جو پیشین گوئیاں مخبر صادق صلے اللہ علیہ وسلم کی زمانہ آیندہ کے لئے تھیں اُن کو بھی بہ بہانہ انکار مجاز وغیرہ کے تکذیب کرنا دوسرے دروازہ اثبات نبوت پر قفل لگا دینا ہے جو خلاف طریقہ سلف صالح کے ہے دیکھو شواہد عشرہ وغیرہ مندرجہ اعلام الناس کو کہ سلف صالح نے اُن میں تاویلات کر کر کیا [illegible]

و تسلیم کیا ہے پھر اس مسیح موعود کی پیشین گوئیاں جو بطفیل اُمتی ہوئے اُس خاتم النبین کے صدہا واقع ہوچکی ہیں مخالفین بیرونی یا مخالفین اندرونی کیونکر تسلیم کر سکتے ہیں کہ یہاں تو معاصرت ٹھیری جوبحکم المعاصرۃ اصل المنافرۃ کے موجب مخالفت ہورہی ہے پس یہ تیسرا دروازہ اثبات نبوت کا جس میں تازہ بتازہ و نو بہ نو دلائل اور شواہد نبوۃ صدہا مل سکتے تھے اُس کو بند کردیا انا للہ و انا الیہ راجعون۔ لہٰذا مجھکو خوف ہے کہ کہیں ایسے مخالفین اپنے ہاتھ اسلام سے نہ دھوبیٹھیں ثم انا للہ وانا الیہ راجعون شعر

این ہم رفت و آں ہم رفت ✱ در پئے باطل جاں ہم رفت

ہماری جماعت اور مخالفین میں ایک بڑا تفاوت یہی ہے کہ ہم تو مثل سلف صالح کے پیشین گوئیوں مخبر صادق کو کہیں اپنی صراحت اور حقیقت پر محمول کرتے ہیں اور کسی جگہ پر مجاز یا استعارہ یا تشبیہ حسب ہدایات علم معانی و بیان کے سمجھ لیتے ہیں اور نبوت و رسالت سید المرسلین صلعم پر تازہ بہ تازہ و نو بہ نو حجت قائم کرتے رہتے ہیں لیکن افسوس کہ ہمارے مخالف اندرونی کسی پیشین گوئی کا صادق ہونا ہرگز نہیں چاہتے بلکہ ہمیشہ درپئے تکذیب کھڑے ہو جاتے ہیں و نعوذ باللہ من ھذا العناد و الفساد۔ طریقہ سلف صالح کا یہی تھا کہ جو پیشین گوئی جس طرح پر صادق آجاوے اُسی طرز کو اختیار کرلیتے تھے کیونکہ کشوف و رویا میں استعارہ و مجاز و تشبیہ غالب ہوا ہی کرتا ہے اور کشوف و رویا کا لغت ہی جداگانہ ہے دیکھو کتب تعبیر رویا کو جو علماء سلف مثل ابن سیرین وغیرہ کی مولفہ ہیں اور پھر افسوس کہ مخالفین تو اُس پیشین گوئی کو بھی جو اپنے ظاہر پر واقع ہو تکذیب ہی کرتے رہتے ہیں۔ شعر

سارت مشرقۃ و سرت مغربا ✱ شتان بین مشرق و مغرب

مگر یہ تمام تکذیب و انکار مخالفین کا اس زمانہ شیوع علوم و فنون میں
کسی طرح پر مانع ظہور حق کا نہیں ہو سکتا اور وقتاً فوقتاً تمام دنیا پر صداقت
امور حقہ کی واضح اور منکشف ہوتی چلی جاتی ہے والکان علی رغم المخالفین

یابی الفتیٰ الا اتباع الھوی   ومنہج الحق لہ واضح

اسی واسطے ہم نے چند عرصہ سے اپنے وقت کو رد و جواب مکذبین
پیشین گوئیوں میں صرف کرنا تضیع اوقات سمجھ رکھا تھا مگر جب کہ
یہ خاکسار وطن امروہہ سے اواخر مئی سنہ ۱۹۰۰ء میں بمقام قادیان پہنچا
تو بعض ان احباب کی زبانی جو حضرت مہر علی شاہ صاحب سے عقد
دوستی کو توڑ کر داخل سلسلہ الہیہ مسیح موعود و مہدی مسعود ہوئے
ہیں سنا کہ ایک رسالہ شمس الہدایت فی اثبات حیات المسیح تالیف ہوا
ہے اور پنجاب میں اس کا بڑا شور و غل ہو رہا ہے۔ جب دریافت
کیا کہ وہ رسالہ کہاں ہے تو قادیان میں کہیں اس کا پتہ نہ ملا اور کیونکر
مل سکتا کہ یہاں پر تو وہ آفتاب طلوع ہو رہا ہے جس کے سامنے نام
کے نہ کام کے تمام آفتاب کسوف میں آ گئے ہیں یہ تو نام کا ہی شمس ہے
نہ کام کا پھر قادیان میں کیونکر طلوع ہو سکتا ہے

شعر

افلت شموس الاولین و شمسنا   ابدا علی افق العلی لا تغرب

مگر یہ تعجب ہوا کہ جب حضرت مسیح موعود کے رد و جواب میں وہ رسالہ لکھا گیا
ہے تو اس کی کیا وجہ کہ مؤلف صاحب نے حضرت اقدس کے پاس ذریعہ
ڈاک و رجسٹری کے روانہ نہیں کیا جیسا کہ ادھر سے اکثر رسائل و اشتہارات
ان کی خدمت میں روانہ کئے جاتے ہیں بالآخر بعد جستجوئے بسیار کسی کو
احباب میں سے قیمتاً وہ رسالہ دستیاب ہوا جب میں نے اس کو دیکھا تو
معلوم ہوا کہ جو مخالفین نے مدت نو دس سال میں جان توڑ کوششیں
کر کر علم نکتہ چینی اور مخالفت مسیح موعود کا بلند کیا ہے جس کے جوابات
کافی و شافی ہم دے چکے ہیں مؤلف صاحب نے بھی انھیں کے جھنڈے

شمس الہدایت کا آٹھ نو سال میں تالیف ہونا اور کچھ اس کا ریویو

کے پیچھے ہو کر اُنکی کاسہ لیسی اختیار کی ہے اتنا فرق ہے کہ مخالفین سابقین نے تھوڑی مدت میں رسائل مخالفہ تالیف کیئے ہیں اور مؤلف صاحب نے آٹھ نو برس تک محنت کرکر کچھ لکھا ہے ہاں اس قدر اور مزید کیا ہے کہ کلمہ توحید لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پر کہیں اعتراض کیا ہے اور کہیں اکابر متکلمین مثل علامہ تفتازانی اور اکابر صوفیہ مثل حضرت شیخ اکبر قدس سرہ پر اسی کلمہ کے معنوں میں حملہ کیا ہے اور مثل ادنی درجہ کے طلبہ قطبی میر و مختصر معانی پڑھنے والوں کی کچھہ اصطلاحات منطقیہ و نحویہ کا لباس اپنی عبارات کو پہرانا چاہا ہے مگر تمام عبارات ایسی بے محاورہ کہ کوئی اردو خواں بھی اس کو پسند نہ کرے چہ جائیکہ اردو دان کی اور مؤلف کسی اپنے مدعا کو اچھی طرح بیان نہیں کرسکا چونکہ ہمارے رسائل مؤلفہ سابقہ میں مؤلف کے تمام شبہات وشکوک کا جواب شافی وکافی دیا جاچکا ہے لہذا اس کا جواب جداگانہ لکھنے کی کچھہ ضرورت نہیں تھی مگر بفرمایش بعض اُن احباب کے جو سابق میں حضرت مہر علی شاہ صاحب سے محبت رکھتے تھے اور اب اس سلسلہ الہیہ مسیح موعود میں داخل ہوگئے ہیں ایک مختصر سا جواب اکثر تو بطور معارضہ بالقلب وغیرہ کے اندر میعاد بارہ تیرہ روز کے تحریر کیا گیا اور طریق معارضہ بالقلب وغیرہ کا بچند وجوہ اختیار کیا گیا اولاً آنکہ مؤلف کو فرار کی گنجایش باقی نہ رہے اور اپنے ہی مسلمات سے سب مسائل متنازعہ فیہا کو عمل کرلیوے ثانیاً آنکہ ہمارا جواب کل رسالہ مؤلف کا گویا حامل بھی ہو جاوے گا ثالثاً آنکہ ادلہ جدیدہ کے پیش کرنے میں جو طول بحث ہو جاتا ہے اُس طول میں ہم کو پڑنا نہ پڑے گا اور بڑی قال اقول جدید بھی تصنیف کرنی نہ پڑے گی کیونکہ اب ہمارے جملہ مسائل مختارہ قد تبین الرشد من الغی کا مصداق ہوگئے ہیں حاجت اطالت بحث کی اب باقی نہیں رہی۔ ہاں اگر ہدیۃ الرسول جس پر مؤلف کو بڑا فخر اور ناز ہے

کسی وقت فارسی زبان میں شائع ہوگا تو حسب مقتضای وقت انشاء اللہ تعالیٰ جواب مفصل ترکی بہ ترکی لکھا جاوے گا و سمیتہ بالشمس البازغۃ فی المناظرۃ بالمعارضۃ۔ شعر

افلت شموس الاولین وشمسنا ابدا علی افق العلی لا تغرب

وھا انا اشرع فی المقصود و اقلب علیہ کلامہ المعہود لئلا یبقی لہ مجالٌ للانکار و الجحود و نستعین باللہ العزیز الودود۔ شعر

شکوت و ما شکوی لمثلی عادۃ ولکن تفیض الکاس عند امتلائہا

حسب اقرار مؤلف صاحب
بیان ضرورت مجدد

بیان ضرورت مجدد

جواب ص۲

ہرچہ برآدمی رسد ز زباں ہمہ از آفت زباں باشد

و المرء یوخذ باقرارہ لا ان عارضتہ بمختارہ اما بعد حضرات ناظرین پر پوشیدہ نہ رہے کہ آج کل مواد فطرت انسانی تعصب کی ہواؤں اور جہالت کے بخارات سے متعفن اور گندے ہو رہے ہیں اور ایسا ہی ہونا تھا کیونکہ ہدایت اور استقامت کا سورج قریب ڈوبنے کے آگیا (پھر آپ کا شمس الہدایت کیونکر اب طلوع ہو سکتا ہے مگر جب سورج ہدایت کا غروب ہو جاتا ہے تو پھر بعد انقضای لیل بدعت کے شمس مجدد کا طلوع کیا کرتا ہے) استوا کا زمانہ جس سے خیر القرون قرنی ثم الذین یلونہم ثم الذین یلونہم حکایت ہے دور رہ گیا ہمیں (وجہ علماء ظواہر کا وہ حال کہ حسب پیشین گوئی مخبر صادق کے شر من تحت السماء کے مصداق اور متخلین باہل تصوف کی یہ صورت کہ بغیر ظاہر پرستی اور سخن سازی ہوس بازی اور فتنہ پردازی اور کبر و غرور گدی نشینی کے اور کچھ نہیں۔ بسبب فقدان تقوی کے نہ تو اشراق نوری اور انشراح صدری ہے تا کہ وعدہ ان تتقوا اللہ یجعل لکم فرقانا کا متحقق ہو کر فارق بین الحق والباطل نصیب ہو اور نہ لیاقت علمی جس

کے ذریعہ سے مراد شارع کو سمجھ کر عمل بھی نہ سہی اعتقاد تو مطابق ما
انا علیہ واصحابی کے درست رکھیں سادہ پنی اور راستی سے جو
منجملہ شعائر اسلام و اوضاع صحابہ کرام ہیں نفرت تصنع اور گدی نشینی
اور ناراستی اور ہوس بازی سے جو از قبیل کمالات تعلیم عولرہ ہیں محبت
(علاوہ یہ کہ تیرھویں صدی میں اسلام اور اہل اسلام پر وہ آفات روحانی
اور جسمانی وارد ہوئیں کہ اواخر صدی سیزدہم میں مسلماناں در گور و
مسلمانی در کتاب کا مضمون واقع ہوا اور چودھویں صدی میں سے سترہ
برس بھی گذر گئے تو ایہا الناظرون کیا اب تک بھی ضرورت کسی مجدد
کی نہیں ہے اور کیا اب تک کوئی مجدد مبعوث نہیں ہوا جس کی بعثت
کو اس مخبر صادق نے بایں تاکید اکید ارشاد فرمایا ہے کہ ان اللہ یبعث
لہذہ الامۃ علی راس کل مأۃ سنۃ من یجدد لہا دینہا
رواہ الحاکم و ابوداؤد۔

بیان اشد ضرورت بعثت مجدّد کا

خصوصا ایسے زمانہ میں کہ کوئی مسلمان کلمہ لا الہ الا اللہ کے ظاہری
معنی بھی نہیں جانتا بلکہ خود مؤلف بھی کلمہ طیبہ کو نہیں سمجھتا دیکھو صفحہ
سطر ۲۰ طالب عرفان کو خصوصیت چہا و چہا سے کیا غرض حصول مطلب چاہیے
جس سے ہو آپ ہی معنی کلمہ طیبہ کا جو اصل ایمان و عرفان کا ہے فقط ظاہری
طور پر فرما دیویں انتہی اور یہاں تک جہالت کی حالت پہونچی ہے کہ جو علمار
متکلمین مثل علامہ تفتازانی وغیرہ اور صوفیار محققین مثل شیخ اکبر وغیرہ کے
اس کے معنی کی تحقیق لکھ گئے ہیں اس سے بھی مؤلف کا اعتراض و
اشکال حل نہیں ہو سکتا دیکھو صفحہ ۱۷ جواب تفتازانی اور شیخ اکبر وغیرہ
علمار کا دفع اشکال مذکور میں مفید نہیں افسوس یہ نتیجہ اس کا ہے کہ چند
الفاظ مصطلحہ کلام و منطق کے آپ نے یاد کر لئے ہیں ولنعم ما قیل۔ شعر
فما العلم الا فی کتاب وسنۃ وما الجہل الا فی کلام و منطق

جواب ۲

اگر حضرت انشاء اللہ تعالیٰ جو جو شکوک و شبہات نسبت اس کلمہ طیبہ کے آپ کے دل میں ہیں حل کیئے جاویں گے مگر اس مقام پر یہ تو فرمائیے کہ کیا اب بھی ضرورت ایسے مجدد کی نہیں ہے کہ واسطے اصلاح مواد فطرتِ انسانی کے تعصب کی ہواؤں سے اور دفع کرنے بخارات متعفنہ جہالت کے حسب وعدہ الہیہ مندرجہ قرآن و حدیث کے کوئی مجدد اسداللہ سرصدی پر مبعوث ہو کر اس کلمہ توحید کو جاری کرے اور عیسائیوں کے شرکیہ عقائد سے جو بہ نسبت مسیح بن مریم کے رکھتے ہیں مسلمانوں کو بچاوے اور مشککین کے ابتیہ شکوک و شبہات کا قلع و قمع کرے ہاں البتہ سخت ضرورت ہے

شعر

لہ اسا دلکل کرب ہنۃ   نزلت بدین اللہ والاخیار

اور اگر ضرورت نہیں تو پھر کہاں ہے وہ ایفاء وعدۂ الٰہی جو انا نحن نزلنا الذکر و انا لہ لحفظون وغیرہ میں فرمایا گیا ہے اور کدھر ہے وہ تجدید دین اسلام کی جو حدیث مذکور میں مخبر صادق نے بطور پیشین گوئی کے بتاکید تمام فرمائی ہے اور لفظ تجدید ایک ایسا لفظ ہے کہ تمھارے تمام خلافیات کا فیصلہ کرتا ہے یعنی اگر وہ تجدید اُس کی ابناء زمان کے فہموں کے موافق ہو تو اصلاح اور تجدید کب ہوئی وہ تو ہماں آش در کاسہ کے مصداق رہی پس بنظر فرض منصبی مجدد کے اور بلحاظ اُس کی مجددیت کے اُس کو ضروری ہوا کہ ہر دو فن مذکور الصدر یعنی اشراق نوری اور لیاقت علمی میں بھی یکتاء زمانہ و متفرد و یگانہ ہو اور مکاشفات انبیاء عظام صلوات اللہ و سلامہ علیہم اجمعین میں جو ابناء زمان نے غلطی فی التعبیر کی ہے یا رواۃ کے واسطے سے غلطی فی متن الکشف واقع ہو گئی ہے جس سے ابناء زمان نے صراط مستقیم کو چھوڑ دیا ہے اور مصداق فیج اعوج کے حسب پیشین گوئی مخبر صادق کے ہو گئے ہیں اون اغلاط کو وہ مجدد رفع کرے تا کہ امت مرحومہ [illegible]

مسئلۂ نقلی ضرورت مجدد

فرض منصبی مجدد

لست منهم کی ترہیب سے مصئون و محفوظ رہے اور اس کی مکاشفات
و معائنات جو متحدیانہ ہیں ایسے محکم ہوں کہ اس کے غیر کو خلاف مراد اس
کی تاویل کرنا جائز نہ ہو بلکہ کسی کو اس کی مجال بھی نہ ہو کہ ایسے مسائل
میں جن کا فیصلہ متحدیانہ اس نے کیا ہے کوئی مخالفت کر سکے ورنہ پھر
اس کی بعثت سے کیا فائدہ ہوگا کہ الشئ اذا خلا عن مقصوده لغی
مثل مشہور ہے ایسا ہی علماء سلف شکر اللہ سعیہم کے اجتہادات اس
مجدد پر کیونکر حجت ہو سکیں گے وہ تو دوسرے مجتہد پر بھی حجت
نہیں ہو سکتے ہیں دیکھو کتب اصول کو باقی رہی امت مرحومہ کے خیالات
کسی پیشین گوئی مخبر صادق کی نسبت جس کو نادانوں نے اجماع سمجھ
رکھا ہے حالانکہ کسی پیشین گوئی کی نسبت قبل اس کے وقوع کے
اس کی حقیقت تفصیلی اور واقعی پر اجماع ممکن ہی نہیں ہے
اور نہ آج تک کسی پیشین گوئی پر اجماع اس طرح پر منقول ہوا تو ان
خیالات کی نسبت بمقابلہ اس کے تجدید کے کیونکر کہہ سکتے ہیں کہ وہ
خیالات لن تجتمع امتی علی الضلالۃ کے مصداق ہیں ورنہ مؤلف
ثابت کرے کہ حضرت عیسیٰ کی حیات جسمانی پر صحابہ کرام یا مجتہدین امت
نے کب اور کس زمانہ میں اجماع کیا ہے بلکہ صحابہ کا اجماع و اتفاق تو
وفات پر ثابت ہوتا ہے دیکھو القسطاس المستقیم کو پھر اکابرین مفسرین
نے تفسیر آیات متنازعہ فیہا میں اقوال مختلفہ نقل کئے ہیں تو اجماع کدھر
ہوا پھر یہ اقوال مختلفہ جو مصداق ہیں ش۔ پریشاں خواب من از کثرت
تعبیر ہا کے اس مجدد کی رائے اور استنباط پر کیونکر منطبق نہ کئے جاویں
گے کیونکہ وہ تو ایسی ہی اصلاحات امت کے لئے آیا ہے اللهم اصلح
امۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم وارحم امۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم
اور جب کہ مؤلف رسالہ ابنار زمان کی طرح بسبب کم علمی اور محروم ہونے
اشراق نوری کے حسب اقرار خود قابل اس امر کے نہ تھا کہ علمار زمان کی

جواب صفحہ ۱ سطر ۳

در خواست کو قبول کر سکے تو اپنے اس رسالہ کا نام شمس الہدایت رکھنا برعکس نہند نام زنگی کافور کا مصداق نہیں تو اور کیا ہے۔ **شعر**

کبهیمة عمیاء قاد زمامها اعمی علی عوج الطریق الجائر

معہذا اُس عقیدہ باطلہ کا احقاق جو یوماً فیوماً مضمحل ہوتا چلا جاتا ہے اس رسالہ میں درج کر کر **ضلوا فاضلوا** کا مصداق کیوں ہوا اور اپنی مسلم پیشین گوئی مخبر صادق کو کیوں نہیں یاد رکھا **فاذا راہ عدو اللہ ذاب کما یذوب الملح فی الماء فلو ترکه لذاب حتی یھلك** صحٔ سٰا

آنحضرت اب تو یہ عقیدہ باطلہ دفعاً فوقتاً حسب اسی پیشین گوئی مخبر صادق کے مضمحل ہی ہوتا چلا جاوے گا پھر احقاق باطل سے آپ کا فائدہ ہی کیا ہوگا اس سے ثابت ہوا کہ محرک اس کا اور کچھ نہیں صرف عناد ہی عناد ہے یا حسد یا بغض کسی بھائی مسلمان سے اندر بصورت بڑا ہی نادان ہے وہ شخص کہ مؤلف کے اس رسالہ سے اس کو یہ جرأت ہو کہ معانی مرادہ آیات اور احادیث سے اعراض کرے اور چند اعتراضات ابلہ فریب سے جو باستشہاد خیالات وظنون اوراوہام باطلہ کے مؤلف نے اس رسالہ میں مذکور کئے ہیں خوف کھا کر اور عقیدہ حقہ اہل اسلام سے انحراف کر کر بیچ اعوج میں داخل رہے **شعر**

جواب

و ما کل الظنون تکون حقا وما کل الصواب علی القیاس

کیونکہ اجتماع شکوک سے یقین حاصل نہیں ہوتا قضیہ مسلمہ ہے۔ ہاں البتہ بعض نادانوں سے خوف ہے کہ آیت اور احادیث کو کچھ اور ہی سمجھ لیں کیونکہ مؤلف نے ایسے اصول علی شفا جرف ہار اختراع کئے ہیں جن سے باقی آیات اور احادیث صحیحہ **علی صاحبها الصلوٰۃ والسلام** کی تحریف معنوی کی جا سکتی ہے اور جن سے کلمہ توحید **لا الہ الا اللہ** نعوذ باللہ کاذب ہوا جاتا ہے اور توحید پر تقریب تام باقی نہیں رہتی پھر آج کل کے عوام وخواص اہل اسلام کی رجوعات

آپ جیسے گدی نشینوں کی طرف کیونکر ہو کہ کلمۂ توحید کو کاذب ٹھہراکر
حضرت عیسیٰ کے لئے وہ صفات ثابت کی جاتی ہیں جو عیسائیوں کی عقائد
باطلہ کے موافق ہیں حالانکہ وہ صفات مختص بذات وحدہ لا شریک لہ
ہیں کما سیجئی ایہا الناظرون ادھر تو کلمہ توحید پر اعتراض اور ادھر حضرت
عیسیٰ کے لئے صفات مختصہ الوہیت کا اثبات پھر بھی مجدد کی ضرورت
نہ ہو ان ھذا لشئ عجاب کاش اگر کلمہ توحید لا الہ الا اللہ
کے معنی ہی آپ سمجھے اور سلجھائے ہوئے ہوتے تو آج کل کے
اردو خواں اور زعمی مولوی فاضل ہی آپ سے محبت رکھ سکتے مگر جبکہ
آپ کو معنی کلمہ توحید کے بھی حاصل نہیں تو پھر آپ جیسے سے کسی کو
کیا اُمید ہوسکتی ہے شعر عاشق ہوئے ہیں یار کے ہم کس امید پر ہائے جز آہ
نارسا کوئی سامان ہی نہیں ہائے اور اس پر علاوہ یہ کہ جب ادلہ قاہرہ مسئلہ
متنازعہ فیہا کے ان کے روبرو پیش کئے جاتے ہیں تو آپ مثل مبہوت
کے ہوکر جواب تو ندارد اُنھیں کو پھر تکرار کرنے لگتے ہیں تاکہ مریدوں
کو یہ دھوکا ہو کہ پیر صاحب کو ان سب ادلہ کا جواب معلوم ہوگا
جب ہی تو اُن کا تکرار فرمارہے ہیں مگر حضرت یہاں پر تو بحکم اذا تکرر
تقرر کے وہ ادلہ کاملہ سویدار قلوب میں بعض آپ کے احباب کے
ایسے جاگزیں ہوتے چلے جاتے ہیں کہ عقیدہ باطلہ کا ابطال ہوتا چلا
جاتا ہے مثلاً جب کہا جاوے بتاؤ میاں گدی نشینو آیت یعیسیٰ انی
متوفیک و رافعک الیّ اور ایسے ہی فلما توفیتنی کنت
انت الرقیب علیہم جس قرآن کے ساتھ تمھارا ایمان ہے اس میں
موجود ہے یا نہیں اور لفظ توفی کا تیئس جگہ قرآن کریم میں معنی قبض
روح میں مستعمل ہوا ہے۔ اور افقہ الناس عبداللہ بن عباس نے بھی
یہی معنی لئے ہیں بخاری اور عباسی تفسیر ابن کثیر وغیرہ وغیرہ تو حسب
قولہ تعالیٰ یعیسیٰ انی متوفیک و رافعک الیّ کے وعدہ وفات

جواب ص ۳

جواب ص ۴۰

اور بمقتضائے فلما توفیتنی الخ کے تحقق وعدہ یعنی موت طبعی عیسیٰ
بن مریم اور رفع روحانی کا ہو چکا اور آیت قیل ادخلی الجنۃ
اور ایسے ہی فادخلی فی عبادی و ادخلی جنتی اور ایسے ہی
احادیث صحیحہ سب شہادت دے رہے ہیں کہ ارواح مقربین بعد الوفات
جنت میں داخل ہو جاتی ہیں اور بعد دخول جنت کے پھر نکلنا اُس سے
بحکم آیت و ما ھم منہا بمخرجین کے ناممکن اور مستلزم ہے وقوع کذب
کو آیت مذکورہ میں ایک فلما توفیتنی کیا بلکہ آیت قد خلت
من قبلہ الرسل اور انک میت و انہم میتون اور اموات
غیر احیاء بتمامہا اور وخاتم النبین اور من نعمرہ ننکسہ
فی الخلق اور الیوم اکملت لکم دینکم اور فیہا تحیون و
فیہا تموتون اور و لکم فی الارض مستقر و متاع الی حین
اور کانا یاکلان الطعام اور اوصانی بالصلوٰۃ و الزکوٰۃ ما
دمت حیا اور قل سبحن ربی ھل کنت الا بشرا رسولا
اور ھل ینظرون الا ان یاتیہم اللہ فی ظلل من الغمام و
الملئکۃ و قضی الامر اور ھل ینظرون الا ان تاتیہم
الملئکۃ او یاتی ربک او یاتی بعض ایات ربک یوم
یاتی بعض ایات ربک لا ینفع نفسا ایمانہا لم تکن امنت
من قبل او کسبت فی ایمانہا خیرا۔ و قالوا لولا انزل علیہ
ملک ولو انزلنا ملکا لقضی الامر ثم لا ینظرون ولو جعلنٰہ
ملکا لجعلناہ رجلا و للبسنا علیہم ما یلبسون اور حدیث صحیح
کما قال العبد الصالح اور حدیث لا یاتی مأۃ سنۃ و علی الارض جواب ملک
نفس منفوسۃ الیوم یہ سب آیات اور احادیث صحیحہ بآواز بلند موت
ابن مریم علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ و السلام سے خبر دے رہی ہیں علاوہ
اس کے عقل انسانی اور قصہ عود ایلیا بھی جو انجیل میں مذکور ہے صعود

و نزول مسیح سے بعینہٖ وبجسدہ العنصری منکر ہیں اور یہ احادیث نزول ابن
مریم اور خروج دجال وغیرہ منجملہ رویا اور مکاشفات نبویہ علی صاحبہا
الصلوٰۃ والسلام کے ہیں جن میں بعض کشف اجمالی ہیں مثل دیکھنے
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عورت پراگندہ بالوں والی کو کہ گرد اگرد مدینہ
طیبہ کے گھوم رہی تھی وغیرہ وغیرہ جو ہمارے رسائل میں بشرح و بسط
تمام مندرج ہیں اور اکثر ایسے کشوف و رویا تعبیر طلب ہوتے ہیں
چنانچہ ظاہر ہے کہ حالت خواب دیکھنے میں کچھ اور آتا ہے اور ظہور میں
کچھ اور ہوتا ہے دیکھو قرآن مجید میں سورہ یوسف وغیرہ کو اور پھر دیکھو
تعطیر الانام وغیرہ کتب رویا کو جیسا کہ خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ و
سلم نے اس عورت کو دیکھا اور تعبیر اس کی وبار مدینہ سے زادہا اللہ شرفاً
فرمائی معہذا حسب ارشاد خداوندی سبحانک لا علم لنا الا ما علمتنا
انک انت العلیم الحکیم کے تعبیر میں وقوع خطا بھی ممکن ہے جیسا
کہ خواب میں آپ نے سمجھا کہ امسال مکہ معظمہ کو زادہا اللہ تکریماً جانا ہوگا
اور بعد مراجعت فرمانے کے حدیبیہ سے معلوم ہوا کہ تعبیر میں تخصیص
امسال کی غلطی ہوئی الغرض آیات اور احادیث صحیحہ متذکرہ بالا باعث شدید
تاویل ٹھہرانے پر بعض احادیث نزول مسیح و خروج دجال وغیرہ کے۔
واضح خاطر عاطر ناظرین ہو کہ مؤلف رسالہ نے ہماری ان براہین ساطعہ
اور ادلہ قاہرہ کو جس کا جواب آج تک کسی مخالف سے نہیں ہو سکا ایک
نہایت اجمال اور اختصار کے ساتھ ایسے طرز بیان سے نقل کیا ہے کہ
شاید ان ادلہ کی تحقیر اور توہین کسی سادہ لوح کے دل میں پیدا ہو جاوے
اور سفہا کی نظروں میں وہ ادلہ قاہرہ ہلکے اور ہیچ نظر آویں چونکہ وہ سب
ادلہ ایسے ہیں کہ شرح اور بیان کرنے استدلال کی بھی ان میں کچھ ضرورت
نہیں لہذا اس جگہ پر ہم نے بھی اول ان سب ادلہ کو صرف بعبارت
مؤلف بلا شرح استدلال کے نقل کر دیا ہے تاکہ بحکم اذا تکرر تقرر کے اہل عقل

بحث لفظ نزول مسیح موعود

با انصاف کے دل میں اُن کی عظمت بدستور ثابت اور قائم رہے اور ہمارا معارضہ بالقلب جو اس جواب میں اکثر اختیار کیا گیا ہے مؤلف پر بھی حجت باہرہ ہو جاوے۔ خصوصًا جب کہ مؤلف رسالہ بجا ہے کہ لفظ نزول کے لفظ خروج و لفظ بعث احادیث مسلمہ میں تسلیم کر چکا ہے دیکھو صـ۳ سـ۴-۶-۹-۱۸- وغیرہ کو اور بھی لفظ خروج کا دجال کے لئے بھی احادیث مسلمہ رسالہ میں وارد ہے دیکھو صـ۲۹ سـ۱۶ و صـ۳۴ سـ۵ وغیرہ کو اور بجائے لفظ نزول کے لفظ بعث بھی آیا ہے دیکھو صـ۳۳ سـ۲۳ وغیرہ کو پس جب کہ حضرت عیسی کے لئے لفظ نزول و خروج ہر دو اور اُس کے مشتقات احادیث مسلمہ میں وارد ہوے ہیں جیسا کہ دجال کے لئے تو کیا دجال بھی آپ کے نزدیک چوتھے ہی آسمان سے نازل ہو گا یا جس طرح پر حضرت عیسی آپ کے نزدیک نازل ہو ویں گے اُسی طرح پر جملہ مجدد دین اُمت آسمانوں سے نازل ہوے ہیں کیونکہ لفظ بعث کا جیسا کہ حضرت عیسی کے لئے وارد ہوا اُسی طرح پر مجددوں کے لئے بھی فرمایا گیا ہے ہاں ہم تسلیم کرتے ہیں کہ جس طرح پر دیگر مجدد دین کا نزول آسمان سے ہوا ہی اُسی طرح پر یہ مجدد بھی اپنی عظمت شان کے ساتھ آسمان سے نازل ہوا ہے مگر کوئی مجدد یا رسول و نبی بجسدہ العنصری آسمان سے نازل نہیں ہوا

جواب ص [illegible]

ومن ادعی فعلیہ الدلیل۔

شعر

ومن طلب الطریق بلا دلیل   الیٰ لقد طلب المحالا
ومن قصد السراب یرید ماء   یری عین الحیاۃ بہ زلالا

پھر کیونکر احادیث نزول سے بعثت و ظہور اُس شخص کا مراد نہ ہو جو مماثل ہو ابن مریم کا جب کہ وفات اُس کی قطعیات سے ثابت ہو چکی کما سیجئ۔ پس یہ نزول ویسا ہی ہے جیسا کہ مراد ایلیا کے دوبارہ آنے سے مثل ایلیا یعنی ظہور یحیٰی کا بشہادت مسیح ابن مریم کے تھا اور یہ نظیر اس واسطے پیش کی جاتی ہے کہ فاسئلوا اھل الذکر ان کنتم لا تعلمون وارد ہے اور جب کہ ایسے ادلہ قاہرہ مسئلہ ما نحن فیہ کے ثبوت کے لئے

جواب ص [illegible]

موجود ہیں اور الہام متحدیانہ بھی اُسی کا مؤید ہے پھر کیونکر وہ الہام
متحدیانہ منجملہ براہین قاطعہ اور حجج ساطعہ کے نہ ہوگا دیکھو حجیت الہام
کو رسائل مؤلفہ میں ورنہ فتوحات مکیہ اور میزان عبدالوہاب شعرانی وغیرہ
کو دیکھو پھر بعد استماع اس کے خواہ کوئی مسلمان اردو خواں اور نام کا
مولوی ہو یا کوئی گدی نشین تقریر مذکور جس کی بنا کی تشئید اور ترصیص
کتاب اللہ اور سنت اور انجیل اور عقل سے ہوچکی ہے لامحالہ طوعًا و
کرہًا کس طرح مسلم اور قبول نہ کریگا قبول نہ کریگا تو کیا کرے قرآن اور حدیث سے
کیونکر منکر ہو۔ ناظرین انصاف فرماویں کہ مؤلف رسالہ نے ہمارے ادلہ
قاہرہ کو کیسی توہین اور تحقیر سے بیان کیا ہے تاکہ سفہا کو یہ فریب دیوے
کہ یہ ادلہ کچھ حقیقت نہیں رکھتیں حالانکہ یہ وہ ادلہ ہیں کہ مخالفین سے
آج تک جواب اُن کا نہیں ہوسکا اور سب مخالف ترھقہم ذلۃ
کے مصداق ہورہے ہیں پس ایسی دھوکا دہی سے مذہب حق کا ایک بال بھی
بیکا نہیں ہوسکتا و لنعم ما قیل۔ شعر

فی زخرف القول تزئین لباطلہ والحق قد یعتریہ سوء تعبیر

اور یہ خزف ریزہ چند بمقابلہ نصوص قطعیہ کے کوئی عقل مند کیونکر قبول
کرسکتا ہے اور اُسی پیٹے پائے ہوئے راستہ کو جس پر فیج اعوج چلتی
رہی اور مخبر صادق نے اُس کی نسبت یہ ارشاد فرمایا ولکن بین ذلک
فیج اعوج لیسوا منی ولست منہم کیونکر اُس کو صراط مستقیم
قرار دیا جاوے جو کتاب وسنت کے محض خلاف ہے رسول مقبول ﷺ
نے تو یہ وصیت فرمائی ہے کہ لن تضلوا بعدی ما تمسکتم بامرین
کتاب اللہ وسنت نبیہ موطا امام مالک اور میں قسمیہ کہتا ہوں کہ
مجھ کو حضرت مہر شاہ صاحب سے کسی قسم کا حسد یا عناد باعث تحریر اس
رد و جواب کا نہیں ہوا ہے بالتخصیص اگرچہ مؤلف رسالہ نے بڑے بڑے
اکابر متکلمین و محققین صوفیہ کی نسبت جن کے ساتھ یہ خاکسار بھی الحب
فی اللہ کا تعلق رکھتا ہے بآواز بلند اپنی اس تالیف میں پکار کر کہدیا کہ کلہ

جواب صفحہ ۵

توحید کے معنی بھی یہ اکابر نہیں جانتے تھے اس وجہ سے جناب موصوف کو کچھ اگر لکھا بھی جاتا تو بمقابلہ آپ کی اس جرأت کے محل شکایت اور موجب گستاخی میں شمار نہ ہوتا علی الخصوص جبکہ قطع نظر مجددیت و مہدویت حضرت اقدس مرزا صاحب کے کاش مؤلف رسالہ یہی خیال و لحاظ کرتا کہ الحمدللہ کوئی شخص اہل اسلام میں سے بمقابلہ اعدائی دین ہنود اور نصاریٰ کے کھڑا ہوا ہے اور تمام مخالفین اسلام کے مقابلہ میں للکار رہا ہے کہ

چہ ہیبتہا بدادند این جوان را — کہ ناید کس بمیدان محمد
الا ای دشمن نادان و بے راہ — بترس از تیغ بران محمد
کرامت گرچہ بے نام و نشان ست — بیا بنگر ز غلمان محمد

اے حضرت مؤلف صاحب اس مقدس شخص کے وجود سے تمام مخالفین اسلام پر حجت پوری ہوگئی ہے اور اس مؤید اسلام نے تمام دنیا میں اعلان دے دیا ہے کہ آسمانی نشان اور برکات الہیہ صرف اسی دین اسلام میں پائے جاتے ہیں اور اب دنیا میں کوئی مذہب ایسا نہیں ہے کہ ان برکات اور نشانوں میں اسلام کا مقابل ہو سکے تمام مخالفین عیسائی ہوں یا آریہ یا اور کوئی کائنامن کان اس کے مقابل میں ملزم اور لاجواب ہیں سکھوں پر وہ حجت قائم کی ہے کہ بغیر قبول کرنے اسلام کے اب ان کو سر اٹھانے کی جگہ باقی نہیں رہی اسلام کیلئے ایک عجیب موسم بہار آگیا ہے اور تمام مذاہب پر ایک بڑی خزاں آتی چلی جاتی ہے اگر آپ کے دل میں اسلام کی محبت تھوڑی سی بھی ہوتی تو ایسے مؤید اسلام کو ایسے سخت الفاظ ذیل کنایتہ بھی ہرگز نہ لکھتے کہ ان کے پاس بغیر ظاہر پرستی سخن سازی ہوس بازی فتنہ پردازی وغیرہ کے اور کچھ نہیں اور ان کے مواد فطرۃ انسانی تعصب کی ہواؤں سے اور جہالت کے بخارات سے متعفن اور گندی ہو رہے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ پھر باوجود نہ ہونے اشراق نوری اور لیاقت علمی کے آپ نے

اس کوچہ میں داخل ہو کر کیا فائدہ حاصل کیا بقول شخصے **شعر**
بطواف کعبہ رفتم بحرم رہم ندادند تو بروں درچہ کردی کہ درون در درآئی
اور یہ خاموشی آپ کی اس وجہ سے نہ تھی کہ اُس کے سننے کو آپ مکرؤ
اور موذی سمجھتے تھے بلکہ موجب اُس کا حسب الحکم عصمت بی بی از بیچادری
کے تھا نہ اتباع مشائخ عظام جو فی الحقیقت اتباع ہے سید الاولین
والآخرین صلے اللہ علیہ وسلم کا مِنہا ایسے مؤید اسلام کی نسبت یہ حملے
کئے جو مذکور ہوے واہ حضرت مہرشاہ صاحب آپ نے سلطان المشائخ
رضی اللہ تعالے عنہ وعن سائر المشائخ کے مقولہ پر خوب عمل کیا ہے **شعر**
آنہا کہ بجائی من بدیہا کردند گردست رسد بجز نکوئی نہ کنم
اور جب کہ حسب اقرار آپ کے آپ کو اور دیگر ابنار زمان کو نہ اشراق
نوری حاصل ہے اور نہ لیاقت علمی تو آپ کے شمس الہدایت میں
پھر اشراق کہاں سے آوے گا اور بموجب آپ کے ہی قول کے یہ خرف
ریزہائے چند اگر اردو میں ہیں تو شمس الہدایت کیونکر ہو سکتے ہیں
اب تو یہ شمس آپ کا ایسے کسوف میں آگیا ہے کہ قیامت تک اُس کو
اس انکساف سے نجات نہ ملے گی اور اُس کو اب اس انکساف سے
انکشاف حاصل نہ ہوگا اور اگر اُن کو لباس فارسی کا پہرایا جاوے تو
ہدیۃ الرسول نہیں ہو سکتے۔ **شعر**
جو ہر جام جم از طینت کان دگر ہست تو توقع ز گل کوزہ گران میداری
اور مجدد مامور من اللہ جس کی بعثت خاص اللہ کی طرف سے ہوتی
ہے اور تمام دنیا کی اصلاح کے لئے آتا ہے وہ تو بامر اللہ سب
کچھ کہہ سکتا ہے دیکھو حرف تاکید بحرف ان کو اور اسناد بعثت کی
جو اللہ کی طرف ہے اور ان اللہ یبعث میں موجود ہے۔ اور آپ
نے جو عبارت ایام الصلح کی صفحہ ۱۳۲ سے نقل کی ہے اُس میں کونسا
بڑا دعوی ہے کیونکہ جو شخص مبعوث من اللہ ہوگا اُس کے مقابلہ میں
تو کوئی محدث یا مفسر چشتی ہو یا قادری نقشبندی ہو یا سہروردی ٹھہر ہی

جواب صلا

نہیں سکتا آپ کے مسلم اہل اللہ کا مقولہ ہے کہ دبہ تمام عالم یک انا
گوئی است کہ انانیت او ازہمہ جا جلوہ گر ہست ہماں یک ذات ہست
کہ اولا تجلی علمی نمودہ بار دیگر بصورت علمہای جہاں شد صفحہ آپ میں
اور آپ کے ابنار زمان میں تو بہ سبب فقدان تقوی کے اب نہ تو اشراق
نوری رہا ہے اور نہ انشراح صدری تاکہ وعدہ ان تتقوا اللہ یجعل
لکم فرقانا متحقق ہو کر فارق بین الحق والباطل نصیب ہو اور نہ لیاقت
علمی ہے جس کے ذریعہ سے مراد شارع کو سمجھ کر عمل نہ سہی اعتقاد کو
تو مطابق ما انا علیہ واصحابی کے درست رکھیں آخر عبارت
تک پھر معہذا آپ ایسے ناامید کیوں ہو گئے ان لربکم فی ایام دھرکم
نفحات الا فتعرضوا لھا بھی تو وارد ہے اس میں تدبر کیا ہوتا
اگر اس کی پیشی میں حاضر نہ ہوئے تھے تو ادنی درجہ یہ تھا کہ مخالفت
ہی نہ کی ہوتی۔ پھر اگر حضرت اقدس مرزا صاحب اس صدی کے مجدد نہیں
تو پھر آپ ہی بتلادیں کہ اس صدی میں کون شخص ایسا ہے جو فرض
منصب مجددیت کو جس کی ضرورت سخت اسلام کو اس قرن میں واقع
ہے ادا کر رہا ہو ہم تو چار طرف سے بڑی بڑے مدعیوں کے یہاں یہ
مضمون دیکھ رہے ہیں۔ ع

والی الغناء فکانحمیر تناهقوا	والله ما رقصوا لاجل الله
دف ومزمار ونغمة شادن	ارایت قط عبادة بملاهی

الحضرت شاہ صاحب ایسے دعوی حقہ کو لاف نہیں کہتے بلکہ یہ تو تعمیل
ہے ان احکام الہی کی جو مذکور ہیں آیات ذیل میں قال اللہ تع
فاصدع بما تؤمر واما بنعمت ربك فحدث۔ بلغ ما انزل
الیك فان لم تفعل فما بلغت رسالته۔ کیا ایسے زمانہ
میں بھی جس کے اوصاف فقدان تقوی اور عدم اشراق نوری وانشراح
صدری آپ بیان کرچکے ہیں آپ کی توجہ فوق کل ذی علم علیم
اور بلی عندنا حضرا کی طرف کیوں نہیں ہوتی ضرور ہونی چاہیئے شعر

فدع صاحب المزمار والدف والغناء ؛ وما اختاره من طاعة الله مذهبا
ويعلم ما قد كان فيه حياته ؛ اذا حصلت اعماله كلها هبا

آنحضرت کسی قدر اس شعر کا بھی تو خیال رہے۔ **شعر**

خاکساران جہان را بحقارت منگر ؛ توچہ دانی کہ دریں گرد سواری باشد

اور آپ نے کون کون سے گروہ اہل اللہ مشاہیر یا مستورین کو دیکھا ہے جن کے کمالات باطنیہ از قسم مکاشفات وغیرہ اُن کے نفوس مطہرہ سے صبغۃ اللہ کی رنگت اور کنت سمعہ بی یسمع بصرہ بی یبصر دکھلا رہی تھی اُن کے نامہائے گرامی سے اطلاع فرمائی جاوے کہ وہ کس جگہ پر ہیں یا آپ کے عصر میں کس وقت میں تھے ہم کو اُن کی بڑی تلاش ہے ہم نے تو جس گدی نشین کو دیکھا شرک و بدعت ومحرمات ومنہیات شرعیہ میں مبتلا پایا ہے ۵ نعوذ باللہ من انا س ؛ تشیخوا قبل ان یشیخوا
اخشوشنوا وحدودبوا ریاء ؛ فاحذرہم انہم فخوخ

جواب نمبر

اور پھر یہ گذارش ہے کہ آپ کے زمانہ میں جب کہ اشراق نوری و انشراح صدری ہی گم ہوگیا ہو حتیٰ کہ لیاقت علمی کا یہ حال ہوا ہو کہ الفاظ حدیث مشہورہ کنت سمعہ کی بھی صحت لفظی نہیں کرسکے تو پھر آپ نے گروہ اہل اللہ ملہمین ومحدثین کو کہاں سے دیکھ لیا۔ سلمنا کہ آپ نے گروہ اہل اللہ کو بھی دیکھا ہے مگر مہدی معہود اور مسیح موعود امام آخر الزمان کو تو نہیں دیکھا تھا جسکی شان کی عظمت احادیث صحیحہ میں بڑی اہتمام سے بیان کی گئی ہے اور اب آسمان وزمین اُس کی بعثت من اللہ ہونے پر شہادت دے رہے ہیں یاد کرو اجتماع کسوف و خسوف کو جو ماہ مبارک رمضان شریف ١٣١١ھ میں واقع ہوا* اور اسکا چرچا تمام دنیا میں مشتہر ہوا اور نیز یاد کرو الہام در بارہ لیکھرام جس کا ذکر حدیثوں میں بھی موجود ہے** وغیرہ وغیرہ اور مستورین یا مستورات کا ذکر ایسے مبحث میں بالکل بے محل ہے یہاں پر اُس شخص کا ذکر کرنا چاہیئے

* دیکھو رسالہ نور الابصار اور القول المعروف کو منہ ** دیکھو رسالہ مسلک العارفین کو منہ

جو مصداق ہو پیشین گوئی مندرجہ لیظہرہ علی الدین کلہ کا
جس کی ایک شان خاص علی منہاج النبوۃ واقع ہوئی ہے و شتان
بینہما و لنعم ما قیل۔ **شعر**

گفت آن گلیم خویش بدر میبرد زموج — واین جہد میکند کہ بگیرد غریق را

اب لبسم اللہ آپ تشریف لاویں اور بیعت اس امام الزمان میں داخل ہوں معارف و اسرار کلمہ طیبہ کے یہ امام الزمان آپ کو ضرور تلقین فرما دیں گے اور ظاہری طور پر علوم الہیہ سے آپ کے شکوک و شبہات کا ازالہ بحولہ و قوتہ اختصار کے ساتھ ہم کئے دیتے ہیں وہو ہذا واضح و لائح ہو کہ محاورہ قرآن مجید میں بلحاظ تخصیص عقلی اور شرعی کے لفظ الہ سے مراد وہ معبود حقیقی ہے جو واجب الوجود لذاتہٖ ہے اور منزہ ہے اس سے کہ حوادث اس میں حلول کریں یا وہ حوادث میں حلول کرے اور نہ وہ حوادث کے ساتھ متحد ہو سکتا ہے اور یہ مفہوم اگرچہ کلی ہے مگر منحصر فرد واحد میں و لا تعدد فیہ اصلا کیونکہ ہم کہتے ہیں کہ الہ وہی ہے جس کو غایت الکمال حاصل ہو یعنی جس کے اوپر کوئی اور ترقی کمال کی متصور نہ ہو ورنہ ہر ایک عالی سافل کے لئے الہ ہو جاوے ہذا خلف۔ الاہم، اگر واجب الوجود لذاتہ نہ ہو تو وہ ناقص ہوا کیونکہ جو واجب الوجود نہیں وہ اپنے مرتبہ ذات میں عدم ہے جو نہایت درجہ کا نقصان ہے و الالٰہ من لہ غایت الکمال۔ اور حلول حوادث کا اس میں موجب ہے تغیر و تبدل کو ذات الہ میں کیونکہ یہ تغیر اگر غایت کمال سے طرف غایت کمال کے ہے تو یہ ممکن نہیں۔ کیونکہ متساویین کا ایک دوسرے پر عالی ہونا ہو ہی نہیں سکتا لاہما متساویان پس کیونکر ہو سکتا ہے کہ کسی ایک کو غایت العلو ہو دوسرے پر اسی واسطے غایت الکمال میں تعدد نہیں ہو سکتا پس اس لئے الہ میں تعدد ممکن نہیں ہے اور اگر یہ تغیر نقص سے غایت الکمال کی طرف ہو۔ تو لازم آتا ہے کہ قبل غایت الکمال کے حالت نقص میں اس کو الوہیت ثابت نہ ہو وہو خلاف المفروض اور اگر

یہ تغیر غایت الکمال سے نقص کی طرف ہو تو اس تغیر کے بعد الوہیت
اُس کی جاتی رہے اذ الالٰہ من لہ غایت الکمال اگر یہ حلول اگر وہ حلول
مظروف کا سا ہے ظرف میں تو لازم آوے گا کہ وہ الٰہ محاط ہو جاوے
اور یہ بھی نقص ہے جو غایت الکمال کے مخالف ہے اور اگر یہ حلول عرض
اور صورۃ کا سا حلول ہے محل میں تو لازم آتی ہے احتیاج طرف محل حادث
کے اور یہ احتیاج افتقار الی القدیم سے بھی زیادہ تر ناقص ہے۔ اب
باقی رہا اتحاد حوادث کے ساتھ سو اس اتحاد کی صورت میں اگر دونوں میں
سے ایک حادث باقی نہ رہے تو اتحاد موجود کا معدوم کے ساتھ ہوا جا
تا ہے وھو باطل اور اگر دونو باقی نہ رہیں تو فنا قدیم کی لازم آتی ہے
وھو محال پس ثابت ہوا کہ تعدد الٰہ باطل ہے۔ دلیل نقلی اس تخصیص کی
کہ مراد الٰہ سے قرآن مجید میں وہی ذات واجب الوجود لذاتہ ہے جو مذکور
ہوا یہ ہے قال اللہ تعالیٰ وما من الٰہ الا اللہ ایضا قال تعالیٰ
انما اللہ الٰہ واحد۔ وما من الٰہ الا الٰہ واحد۔ فیہ بیان
التوحید ای لیس فی الوجود الٰہ ولا ثانی لہ ولا شریک لہ
ولا ولد لہ ولا صاحبۃ لہ الا اللہ سبحانہ و لفظۃ من
لتاکید الاستغراق المستفاد من النفی قالہ الزمخشری ایضا
قال تعالیٰ فقالوا ربنا رب السموات والارض لن ندعو من
دونہ الٰھا لقد قلنا اذا شططا وغیرہ وغیرہ پس ہرگاہ کہ کوئی الٰہ سوا
الٰہ واحد کے موجود ہی نہیں جیسا کہ بحث قصر سے جو آیات مذکورہ میں موجود
ہے ثابت ہوتا ہے خواہ آپ قصر افراد لیویں یا قصر تعیین ہم کو اس میں کچھ
بحث نہیں تو مؤلف کا یہ دعوی کہ وقت استغراق اور جمعیت کے اور ایسا
ہی وقت اضافت کے مشرکین کی طرف مراد الٰہ سے معبودات ممکنہ مثل
اصنام وغیرہ کے ہوتے ہیں غیر مسلم ہے اور کوئی دلیل اُس پر قائم نہیں
کی اور زعم مشرکین ہم پر حجت نہیں ہے مع ان شریک الباری ممتنع لاممکن
پس معنی کلمہ توحید لا الٰہ الا اللہ کے واضح اور صاف ہیں یعنی نہیں ہے

جواب دعوے کشف الا الامر

کوئی معبود حقیقی موجود سوائے اللہ کے پس اسمیں کذب کہاں ہے بلکہ معترض خود محض کاذب ہے اور آیت لوکان فیھما الھۃ الا اللہ لفسدتا بھی تعدد آلہہ کے بطلان کے لئے دلیل قطعی ہے جس کو دوسرے مقام پر خود جناب باری تعالیٰ نے مفصل طور پر بیان فرمایا ہے کہ قال اللہ تعالیٰ ما اتخذ اللہ من ولد وما کان معہ من الہ اذا لذھب کل الہ بما خلق ولعلا بعضھم علی بعض سبحن اللہ عما یصفون حاصل اس استدلال کا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے لئے ولد متصور نہیں ہو سکتا کیونکہ ولد کے لئے ضروری ہے کہ اپنے والد کے اخص اوصاف میں مثلاً جیسا کہ یہاں پر وجوب الوجود ہی مشارک ہو ورنہ وہ ولد کیا ہوا لیکن ولد میں صفت وجوب الوجود ہرگز ممکن نہیں ہوسکتی کیونکہ ولد تو والد سے مؤخر ہوتا ہے فاین وجوب الوجود - اور نہ کوئی دوسرا الہ وجوب وجود میں اُس کے ساتھ معیت رکھتا ہے کیونکہ اس صورت میں ہم دریافت کرتے ہیں کہ اُن دونو الہ کا تمھارے نزدیک متخالف بالذات ہونا واجب ہے یا نہیں بشق ثانی دونو آلہہ بالضرور کسی ذاتی میں مشترک ہوں گے اور دوسری ذاتی میں متخالف ہوں گے پس ترکیب لازم آئی اندریں صورت دونو کی احتیاج اپنے اجزائے ذاتیہ کی طرف لازم آوے گی وھو منافٍ لوجوب الوجود - اور بشق اول متخالفان بالذات کے افعال کا متخالف ہونا بھی ضروری ہوگا اور اُس کا اقل درجہ یہ ہے کہ عالم کا فساد لازم آوے گا اور نظام و ارتباط باہمی عالم کا بالضرور بگڑ جاوے گا لیکن ہم دیکھتے ہیں اور عالمان علوم طبعیات بخوبی جانتے ہیں کہ ہرایک اشیاء عالم کا ارتباط دوسرے اشیاء عالم کے ساتھ منضبط ہے اور تمام اشیاء عالم باہم منتظم و مرتبط ہیں پس انتفاء تالی مستلزم ہے انتفاء مقدم کو وھو المطلوب - اور یہی حاصل مطلب ہے آیت وما کان معہ من الہ اذا لذھب کل الہ بما خلق کا -

اور دوسری دلیل ابطال تعدد الہ کی یہ بیان فرمائی گئی ہے کہ ایک الہ دوسرے الہ پر علو کامل چاہے گا اذ الالٰہ من لہ غایت الکمال ولا یکون علوا لالٰھینا الا بالعلو الکامل - اور دوسرا الہ اسی طرح پر علو کامل من کل الوجوہ کا مقتضی ہوگا لیکن ہر ایک الہ کا علو کامل دوسرے الہ پر محال ہے اور یہی معنے ہیں لعلی بعضہم علی بعض کے بس اُس کی طرف نسبت ولد اور شریک کی ہرگز جائز نہیں اور اُس کی ذات پاک ہے ان دونو بہتانوں سے اور یہی معنیٰ ہیں سبحٰن اللہ عما یصفون کے فبطل التعدد و ثبت التوحید بنار علیہ اگر ارادہ استحقاق للعبادۃ کا حقیقی طور پر جو مساوق للوجوب ہے عنوان ✱ موضوعی یا محمولی سے لیا جاوے تو مستلزم لفسدتا کو ضرور

✱ حاشیہ واضح خاطر عاطر ناظرین ہو کہ ہم نے اس جواب میں مؤلف کا ایسا تعاقب کیا ہے کہ جدھر کو مؤلف گیا ہے اُدھر ہی کو ہم بھی اُس کے ساتھ ساتھ گئے ہیں تاکہ الفاظ کی تغلیط میں نزاع لفظی نہ ہو جاوے اور اتمام حجت پورے طور پر ہو اسی تعاقب کی وجہ سے ہم نے اس جگہ پر لفظ عنوان موضوعی اور محمولی کا لکھدیا ہے حالانکہ اس محل پر لفظ عنوان موضوعی اور محمولی کا لکھنا سرتاپا غلط ہے کیونکہ اگر اس عبارت کا تعلق کلمہ لا الٰہ الا اللہ سے ہے تو یہ عبارت ذیل غلط ہوئی جاتی ہے (مستلزم لما کا نتا یا لفسدتا کو نہیں ہو سکتا) کیونکہ لا الٰہ الا اللہ میں لما کا نتا اور لفسدتا کہاں ہے اور اگر اس عبارت کا تعلق لوکان فیہما الہۃ الا اللہ لفسدتا سے ہے تو یہاں پر عنوان موضوعی اور محمولی نہیں ہے بلکہ مقدم اور تالی ہیں فھذہ العبارۃ غلط صریح علی کلا التقدیرین اب ناظرین کو معلوم ہوگیا ہوگا کہ مؤلف اصطلاحات منطقیہ سے محض ناآشنا ہے چند حرف اصطلاحی بعض فنون کے یاد کرلئے ہیں

ہو گا کما مر استدلالہ تفصیلاً اور مؤلف نے جو استیلاء صفاتی
بعضہا علی بعض کا ذکر اس جگہ پر کیا ہے وہ بالکل بے محل ہے یہاں پر
تو استیلاء ذوات وجبا بعضہا علی بعض میں گفتگو ہے جس کو باطل کیا
گیا اور توحید الہ ثابت ہوئی پس مؤلف پر ضروری ہے کہ صفات احدیت
وصمدیت میں مسئلہ مجعولہ خود یعنی استیلاء صفاتی بعضہا علی بعض کو دلائل
عقلیہ ونقلیہ سے اول ثابت کرے کہ صفات احدیت وصمدیت میں استیلاء
بعضہا علی بعض واقع ہے تب ہم بھی اس مسئلہ استیلاء صفاتی بعضہا
علی بعض میں گفتگو کریں گے اور سوا اس کے مؤلف جس مسئلہ صفات
باری میں ہم سے گفتگو کرے گا تب اُس مسئلہ صفات کو بھی انشاء اللہ تعالیٰ
حل کیا جاوے گا اور سلمنا کہ ازلیت امکان مستلزم ہے امکان ازلیت کو
مادہ وجوب میں لیکن ممکنہ عامہ موجبہ جزئیہ یعنی بعض الالہ موجود بالامکان
جواب
العام جو نقیض ہے ضروریہ سالبہ کلیہ کا یعنی لا الہ موجود بالضرورۃ
کا اگر صادق ہے تو کیا اور کاذب ہے تو کیا اس کا صدق یا کذب کلمہ
توحید کے معنوں میں ہم پر کیوں وارد کیا جاتا ہے اگر کلمہ توحید کو موجہات
کا لباس پہرا کر سمجھتا ہے تو یوں کہیئے کہ لا الہ غیر اللہ موجود بالضرورۃ
کیونکہ یہاں پر حرف اِلّا موجود ہے جو بمعنی غیر ہے اور الہ کی صفت نحوی
واقع ہوئی ہے۔ اب دیکھو یہ ضروریہ سالبہ کلیہ صادق ہے پس اس کا
نقیض ممکنہ عامہ موجبہ جزئیہ کاذب ہوگا یعنی بعض الالہ غیر اللہ موجود بالامکان
العام پس اس کے کذب میں مؤلف کو کیا شک ہے۔ الغرض ہم کو
کوئی امر مانع نہیں اس سے کہ نقدیر ممکن یا موجود کے قائل ہوں کیونکہ
درصورت ارادہ استحقاق واقعی کے آیت تمانع میں تقریب تام بخوبی حاصل
ہے کما بینا۔ اور آیت لو کان ھولاء الھۃ ما وردوھا وغیرہ
میں جو مؤلف کہتا ہے کہ مراد اُس سے معبودات ممکنہ ہیں ہم اس کو
تسلیم نہیں کرتے کیونکہ اس میں بھی نفی الوہیت مستحقہ ہی کی فرمائی گئی ہے
نہ ثبوت الوہیت مستحقہ کا آگے رہی یہ بات کہ کفار مشرکین کی طرف سے

نقل کیا گیا ہے کہ اجعل الالھۃ الھا واحدا سو یہ قول مشرکین کا
ہم پر حجت نہیں ہو سکتا جب کہ اُس کی تردید خود کلام الٰہی میں موجود ہے
کہ لو کان ھؤلاء الھۃ ما وردوھا کیونکہ یہاں پر اُن کے اصنام سے
نفی الوہیت مستحقہ کی فرمائی گئی ہے نہ ثبوت الوہیت مستحقہ کا اب مؤلف
بیان کرے کہ کلمہ لا الہ الا اللہ کے معنوں میں کیا شک باقی ہے
ایحضرت اب بھی کلمہ توحید کے معنی آپ پر حل ہوئے یا نہیں اگر ابھی تک
کوئی شبہ باقی ہے تو اور سنیے لیجئے ای مؤلف صاحب اگر ہم دو الہ فرض کریں
تو ضرور ہے کہ ہر ایک اُن دونو میں سے جمیع مقدورات پر قادر ہوگا
بالکل وجوہ اذ الالہ من لہ غایت الکمال پس اس سے لازم آوے
گا وقوع مقدور معین کا قادرین مستقلین سے بوجہ واحد لیکن یہ محال ہے
کیونکہ استناد فعل کا فاعل کی طرف جو اُس کے امکان کی وجہ سے ہے ہر ایک الہ
کیطرف ہوگا اور ہر ایک الہ ان دونو میں سے مستقل بالایجاد ہو تو اس وجہ سے کہ فعل جو ایک الہ
کی طرف مستند ہے واجب الوقوع ہوگا اور دوسرے سے مستغنی اور
جب دوسرے کی طرف اُس کی استناد کا لحاظ کیا جاوے تو اُس کے ساتھ
بھی واجب الوقوع ہوگا اور پہلے سے مستغنی پس لازم آوے گی استغنا
اُس کی اُن دونو سے معاً اور نیز لازم آوے گی احتیاج طرف اُن دونو کے
معاً وذلک محال باطل بالبداھۃ- پھر ہم اسی استدلال کو دوسرے
پیرایہ میں بیان کرتے ہیں کہ الوہیت مستلزم ہے قدرت مطلقہ تامہ کاملہ
کو ہر ایک الہ کے لئے پس بقا اور وجود آسمان و زمین کا جس شان سے
کہ ہے یا تو ہر ایک الہ کی تاثیر سے ہوگا اور یا کسی ایک کی تاثیر سے ان
دونو میں سے - شق اول میں وقوع معلول معین کا علل مستقلہ متعددہ
کے ساتھ لازم آوے گا جو باطل ہے بہ تقریر مذکورہ وجہ سابقہ کے اور
یا دونو میں سے کسی ایک کی تاثیر سے ہوگا پس باقی کی الوہیت منتفی
ہو گی قطعاً پس بالآخر یہ عرض ہے کہ آیت مذکورہ میں انتفاء تالی سے
انتفاء مقدم کا ضرور ہی ہوا و ھو المطلوب - ایک اور وجہ سے ہم آیت کی

بیان کو [illegible] جواب صفحہ

تفسیر کرتے ہیں کہ اگر آلہہ متعدد ہوں تو یا سب کے سب اپنے ارادوں میں
متوافق ہوں گے تو وہی تطارد قدرتوں مستقلہ کا مقدور واحد پر لازم آتا ہی
اور اگر متخالف ہوں اپنی مراد میں تو آپس میں متعاوق ہوں گے جس سے
فساد لازم آوے گا بلکہ اس صورت میں کوئی موجود چہ جز وجود میں بھی نہیں
آسکتا فحیث انتفی التالی تعین انتفاء المقدم اب فرمائیے کہ کلمہ
توحید کے معنی سراسر صدق ہی صدق ہیں یا اب تک آپ کے نزدیک کوئی
شائبہ کذب کا کلمہ توحید میں باقی رہ گیا - پس ہم کو اب اس بحث میں پڑنے
کی بھی کوئی ضرورت نہ رہی کہ تعاوق فیما بین الذوات اور تعاوق فیما بین
الصفات میں فرق یا عدم فرق مفید ہے یا غیر مفید. اور نیز مؤلف نے ابھی
تک یہ ثابت ہی نہیں کیا کہ فیما بین صفات احدیت اور صمدیت کے تعاوق
واقع ہے جب اس مسئلہ کو دلائل سے ثابت کرے گا تب ہم بھی انشاء
اللہ تعالے اس کی طرف توجہ کریں گے -

شعر

فان کنت ذا عقل وفہم وفطنة علمت الذی قد کنت بالامس تجہل

اور چونکہ مؤلف صاحب نے اپنے خزف ریزہائے چند کے مجیب کو شق ثانی
میں یہ اجازت دی ہے کہ فقط قرآن کریم سے حسب استنباط اپنی کے مدعا
کو مدلل کرے جس کو علمای ثقات فصحا و بلغا قبول فرمادیں انتہی بلفظہ بدیں
لحاظ اس جواب میں حسب الاجازت یہی مسلک ثانی اختیار کیا گیا حسبنا
کتاب اللہ ہاں ان احادیث و روایات صحابہ سے بھی استدلال کیا گیا ہے
جو آپ کے اس رسالہ میں مسلم اور مندرج ہیں تاکہ مؤلف صاحب کو انکار
کی گنجایش باقی نہ رہے اور بحث اسناد رجال یا توثیق و تعدیل رواۃ کی زیادہ تر
بحوث عنہ نہو جاوے اور سامعین و ناظرین کو طوالت سے ملالت پیدا نہ ہو
ہاں ہدیۃ الرسول کے جواب ورد میں شرح و بسط کے ساتھ بحث کی جاوے
گی انشاء اللہ تعالے اور اگر اسی جواب سے سب تار و پود اس کا اکھڑ گیا
تو کچھ اس کے جواب کی ضرورت نہیں من حسن اسلام المرء ترکہ
مالا یعنیہ غرض تو صرف اس قدر ہے کہ آپ کا فخر و ناز اور سرود ان اغلوطات

بیان الاول صفحہ ۱۱ ا ۱۲

جواب صفحہ ۵

پر جو آپ نے لکھے ہیں جاتا رہے۔ **شعر**

اشد الغم عندی فی سرور تیقن عنه صاحبه انتقالا

اور واضح خاطر عاطر ناظرین ہو کہ ہم نے بپاس خاطر مؤلف صاحب کے صرف استدلال بہ کتاب اللہ اختیار کیا ہے ہاں ایک مدعی کے لئے چند احادیث بیانات مؤید و مصدق مدعی پیش کی ہیں کما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما انزل الکتب مصدقا بعضه بعضا رواہ احمد و ابن ماجة لہذا ہم بھی آپ کی خدمت میں یہ عرص کئے دیتے ہیں کہ اگر آپ ہمارے رسالہ کا جواب لکھنا چاہیں تو یہی مسلک مرعی رکھا جاوے اور روایات رطب ویابس جو مخالف قرآن مجید کے ہیں اُن کو پیش نہ کیا جاوے قرآن مجید ایسی کتاب لاریب فیہ نہیں جو اُس کے مقابلہ میں اسرائیلی روایات لائی جاویں۔ ولنعم ما قیل **شعر**

جمال شاہد قرآں نقاب آنگاہ بکشاید کہ دار الملک ایماں را بیابد خالی از غوغا

قولہ کافہ اہل اسلام مسیح بن مریم کو مرفوع الی السماء بجسدہ العنصری مانتے ہیں الا بعض اہل تحقیق کہ جسم برزخی کے قائل ہیں مگر نزول مسیح پر سب ہی اتفاق رکھتے ہیں۔

اقول اے ناظرین از برائے خدا بحکم الانصاف احسن الاوصاف ذرہ انصاف فرمایا جاوے جس مسئلہ کی نسبت ایک شور و غل مچ رہا تھا کہ خلاف اجماع ہے اب اُس کی نسبت مؤلف رسالہ فرماتے ہیں کہ بعض اہل تحقیق رفع جسم برزخی کے بھی قائل ہیں پھر مؤلف صاحب سے عرض ہے کہ ہم لوگوں کو آپ اہل تحقیق میں ہی رکھیئے اور آپ تو عوام اور کافہ اہل اسلام میں شامل ہیں۔ ہیں حضرت کیا ایسے ہی مسئلہ کو ثابت بالاجماع کہا جاتا ہے جس میں اہل تحقیق اُس کے مخالف ہوں۔ اور پھر میں دریافت کرتا ہوں کہ نزول بجسدہ العنصری میں تو خود آپ ہی سے اتفاق نہیں کیا بلکہ احادیث صحیحہ سے بجائے نزول کہیں پر خروج لکھا ہے اور کہیں پر بعثت کما مر سابقا کیا اسی کو اتفاق کہتے ہیں آپ نے اول سے اول ہی تمام تار و پود

جزو ۱۰ صفحہ ۸ سطر ۱۳

اپنی بحث مندرجہ رسالہ کا اُدھیڑ دیا ہم بھی تو یہی کہتے ہیں کہ اس مسئلہ میں ایک موج کثیر یعنی فیج اعوج کا اختلاف ہے اور محققین کا مذہب اُن کے خلاف ہے اس اختلاف فیج اعوج کو اس حَکَم عدل نے رفع کر دیا جس کا فیصلہ کرنا بحیثیت تجدید **مجدد** پر ضروری تھا پھر آپ نے زرِ کثیر مریدوں سے واسطے طیاری اور طبع اس رسالہ کے لے کر کیا کام کیا۔ عقلمند مریدوں کو تو ہماری طرف بھیجدیا اور سادہ لوحوں کو اشتباہ اور تذبذب میں ڈالدیا۔ و لنعم ما قیل۔ **قطعہ**

رقّ الزجاج و رقّت الخمر فتشابھا و تشاکل الامر
فکانما خمر و لا قدح و کانما قدح و لا خمر

قولہ آیت کریمہ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ نص صریح ہے رفع جسمی میں۔

اقول کلمہ بَلْ آیت مذکورہ میں جس کا ترجمہ بلکہ ہوتا ہے ابطال ماقبل کے لیئے آتا ہے یعنی اللہ تعالیٰ زعم یہود کو باطل کرتا ہے جو عیسیٰ بن مریم کی مقتولیت اور مصلوبیت کے قائل تھے جس کو ملعونیت اور عدم رفع حسب احکام تورات و اعتقاد یہود کے لازم ہے کیونکہ ماقبل اور مابعد بل اضرابیہ اور ابطالیہ کے متضاد ہوتے ہیں یعنی دو نو معاً متحقق نہیں ہوتے اور مؤلف حاشیہ میں لکھتا ہے کہ کلمہ بل کا بعد نفی کے لفظی ہو یا معنوی اور ایسا ہی بعد نہی کے ابطال ہی کے لئے ہوتا ہے۔ انتہی۔ محاورہ قرآن کریم اور عرف بغیر تخصیص بلغۃ دون لغۃ اس پر شاہد ہیں وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ۔ ولدیت اور عبودیت منافی ہیں حق میں اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مجنونیت اور اتیان بالحق یعنی من جانب اللہ حق کو عباد کی طرف لانا متضاد ہیں۔ زید کو میں نے مارا نہیں بلکہ اُس کو عزت دی عمر کو میں نے بھوکا نہیں چھوڑا بلکہ پیٹ بھر کر کھلا مارنا اور عزت دینی ایسا ہی بھوک اور سیری باہم متضاد ہیں بعد تمہید ہذا آیت وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ میں بھی حسب مقتضا

کلمہ بل کے مقتولیت بالصلیب جس کو حسب اعتقاد یہود اور حکم توراۃ کے ملعونیت لازم ہے اور مرفوعیت روحانی باہم متنافی اور متضاد ہیں لیکن مرفوعیت جسمانی اور ملعونیت (جو لازم مقتولیت بالصلیب کو ہی) باہم متنافی نہیں ہیں کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ بسا مشرکین وکفار جنگی کوٹھیاں بلند پہاڑوں پر بنی ہوئی ہیں باعتبار جسم کے مرفوع ہیں اور ایسے ہی (۲۶۱۰۰) فٹ اونچا جو عبارہ جا سکتا ہے اُس میں اکثر کفار ہی مرفوع الجسم ہوتے ہیں نہ مرفوع الدرجات بلکہ عند اللہ ملعون ہیں اور کئی ہزار فٹ نیچے زیر دامن کوہ موحدین مؤمنین جسمانی طور سے مخفوض ہیں لیکن عنداللہ مرفوع الدرجات ہیں تو کیا آپ کے نزدیک وہ کفار مرفوع بجسم عنصری مرفوع الدرجات یا مقبول الٰہی ہو سکتے ہیں ہرگز نہیں اور کئی ہزار فٹ نیچے جو مومنین موحدین سکونت پذیر ہیں کیا آپ کے عندیہ میں نعوذ باللہ مردود و ملعون ہیں کلا وحاشا پس ثابت ہوا کہ مسئلہ رفع جسمانی حضرت عیسیٰ میں یہود کو کچھ بحث ہی نہ تھی بلکہ مقصود یہود کا قتل بالصلیب سے صرف یہ تھا کہ بموجب حکم توریت کے حضرت عیسی کو مردود و ملعون قرار دے دیا جاوے جس یہود سے اب چاہو دریافت کرلو اب بھی یہی کہے گا اور اسی وجہ سے یعنی حکم توراۃ سے نصاریٰ بھی حضرت عیسی کا تین روز تک ملعون ہونا اعتقاد کرتے ہیں اب ظاہر ہوگیا کہ ملعون ہونے کی ضد رفع روحانی ہے نہ رفع جسمانی پس جبکہ بل کے ماقبل و مابعد میں منافات اور عدم اجتماع فی التحقق ضروری ہے لہذا بالضرور رفع روحانی ہی قتل بالصلیب کے (جس کو ملعونیت لازم ہے) متنافی ہوا نہ رفع جسمانی کیونکہ یہود کے نزدیک جس کو قتل بالصلیب کیا جاتا ہے اُس کی روح عالم علوی کو نہیں اُٹھائی جاتی اور یہ حکم توریت میں اب تک موجود ہے لہذا بالضرور رفع روحانی ہی لینا پڑے گا کیونکہ مسیح کے قتل بالصلیب میں (جو ملزوم ملعونیت ہے) اور رفع روحانی میں تضاد اور تنافی فی التحقق ہے اگر جسم مسیح یہود کے ہاتھوں مقتول ہوتا

جواب صفحہ ۹ دیکھئے کلمہ بل

حاشیہ متعلقہ صفحہ ۳۱ سطر ۹

ناظرین پر یہ امر تو واضح ہوگا کہ نزول مزعوم مخالفین کا بغیر رفع کے نہیں ہو سکتا اگر نزول جسمانی ہو تو اُس کے لئے رفع جسمانی ضرور ہے اور اگر نزول روحانی اور برزخی ہو تو اُس کے لئے رفع روحانی لابد اولا متحقق ہوگا کیونکہ اوپر سے نیچے کو آنا تو تب ہی متحقق ہووے کہ اول شے نازل مرفوع ہو پس جب کہ حسب اقرار پیر صاحب کے اہل تحقیق خواہ بعض ہی ہوں جسم برزخی کے مرفوع ہونے کے قائل ہیں تو لازم آیا کہ اہل تحقیق کے نزدیک عیسی بن مریم کا نزول بھی بطور برزخی اور روحانی کے ہوگا جس کو مسئلہ بروز کہتے ہیں اور عوام کے نزدیک نزول جسمانی ہوگا جو محض خلاف نصوص ہے کیونکہ رفع جسمانی ثابت نہیں جس پر نزول جسمانی متفرع کیا جاوے اور مؤلف صاحب نے چونکہ نزول کو اپنی عبارت میں مطلق رکھا ہے تو صاف وصریح اس عبارت کا یہ مطلب ہوا کہ عوام کافۃ الناس کے نزدیک تو نزول مسیح کا جسمانی ہے اور محققین نزول روحانی کے قائل ہیں کیونکہ یہ امر ہرگز نہیں ہوسکتا کہ جو محققین رفع برزخی اور روحانی کے قائل ہیں وہ نزول جسمانی کے قائل ہوسکیں ورنہ ثبوت اس کا پیش کریں اگر ناظرین یا انصاف پیر صاحب کے ایک اسی اقرار کو ہر جگہ یاد رکھیں تو کل رسالہ کا جواب اسی ایک اقرار سے ہوسکتا ہے۔ مثلاً مخالفین کا دعوی اجماع بھی اسی اقرار سے باطل ہے کیونکہ جو محققین رفع برزخی کے قائل ہیں بالضرور وہ نزول روحانی ہی کے قائل ہوں گے جس کو بروز کہتے ہیں فاین الاجماع بلکہ اجماع ہماری ہی طرف رہا کیونکہ عوام کافۃ الناس سے تو اجماع منعقد ہو ہی نہیں سکتا اور مؤلف صاحب جو حدیث پیش کریں گے جس میں ذکر نزول کا ہو وہ بھی ہمارے مذہب کے ہی مطابق ہوگی

کیونکہ اہل تحقیق کے نزدیک نزول مندرجہ حدیث سے نزول روحانی
مراد ہو گا نہ جسمانی خصوصًا جب کہ احادیث صحاح میں اُسی نزول
روحانی پر دلالت بھی ہو جیساکہ اِمَامُکُمْ مِنْکُمْ اور
امکم منکم میں بصراحت نزول روحانی ہی پر دلالت
ہے لاغیر اور مخالفین جو آیت پیش کریں گے اول تو اُس کا جواب
ہم یہ دیویں گے کہ کسی آیت میں قرآن مجید کی نزول جسمانی پر
ہرگز ہرگز کوئی دلالت خواہ تضمنی ہو یا التزامی یا مطابقی موجود
ہی نہیں اور ثانیًا لو فرضنا اگر کسی آیت میں کنایۃ یا اشارۃ کوئی
دلالت بھی ہو تو اُس سے مراد نزول روحانی ہی جو اہل تحقیق کا مذہب
ہے نہ نزول جسمانی جو عوام کالانعام الناس مثل مہرشاہ وغیرہ جسکے
قائل ہیں - اور جو اقوال آئمہ محققین کے کوئی مخالف یا مؤلف
ہمارے روبرو پیش کرے گا تو اُس کا جواب بھی اسی ایک
اقرار سے دیا جاوے گا کہ یہ اقوال محققین کے ہرگز نہیں ہیں
بلکہ کافۃ الناس عوام نے اُن کی طرف منسوب کردیئے ہیں اور اگر پیرصاحب
یہ عذر بارد کریں کہ میری عبارت میں اہل تحقیق مقید بلفظ بعض کے
ہے یعنی بعض اہل تحقیق رفع روحانی کے قائل ہیں اور بعض اہل
تحقیق رفع جسمی کے اول تو ہم اس امرکو تسلیم نہیں کرتے کہ اہل تحقیق
کے ایسے دو متخالف مذہب ہوں حق تو ایک ہی ہوا کرتا ہے و
مَا ذَا بعد الحق اِلَّا الضلال - ثانیًا ہم کہتے ہیں کہ امام
مالک صاحب کا مذہب موت اور وفات مسیح ابن مریم کا مثلا ہے اور
آپ کے نزدیک بالضرور وہ اہل تحقیق میں سے ہوں گے کیونکہ
آئمہ اربعہ میں سے ایک بڑے امام ہیں اب آپ فرماویں کہ باقی تین
آئمہ نے اپنے مذہب رفع جسمانی یا نزول جسمانی کی کہاں تصریح
کی ہے درصورت عدم تصریح اقل درجہ ان کی نسبت سکوت مانا

جاوے گا پھر وہی مذہب ہمارا لوٹ آیا کہ بعض اہل تحقیق نے ہمارے مذہب کی تصریح کر دی ہے اور بعض محققین نے مجملاً اس پیشین گوئی کو تسلیم کر لیا ہے اپنے وقت پر جس طرح ہو واقع ہو کہ علمہ عند الله اور قبل و قوع پیشین گوئی کے یہ طریقہ اختیار کرنا بھی اسلم ہے۔ ثالثاً تو فرضنا کہ بعض اہل تحقیق سے کوئی قول مؤید آپ کے مذہب کا منقول ہو تو پھر ہم یہ کہیں گے کہ وہ آپ کا اجماع کہاں گیا جس کے خرق کا الزام ہم پر لگا کر تکفیر ہماری کی گئی تھی۔

اے مرید و مؤلف صاحب کے اب تو آپ کے پیر نے فیصلہ کر دیا اور بذریعہ اپنی کتاب کے اشتہار دے دیا کہ بعض محققین رفع روحانی اور وفات کے قائل ہیں نہ حیات اور رفع جسمانی کے۔ کیونکہ تم اتنا تو جانتے ہو گے کہ اجماع اُس کو کہتے ہیں کہ کسی محقق عالم کا اُس میں اختلاف نہ ہو پس جب کہ بعض محققین بہ موجب اقرار آپکے پیر صاحب کے آپ کے مذہب کے مخالف ہوے تو اجماع بالکل نہ رہا اب تو تم کو ثابت ہو گیا کہ حضرت اقدس ہمارے امام الزمان اہل تحقیق میں سے ہیں اور اُنھیں کا مذہب حق ہے اور آپ کے پیر صاحب عام اور کافہ

الناس میں سے ہیں اور چونکہ یہ صداقت تو ثابت شدہ امر ہے
کہ ایسے مسائل مختلفہ میں حق ایک ہی طرف ہوا کرتا ہے کیونکہ
اللہ تعالے فرماتا ہے وَ مَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا
الضَّلَال تو اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آپ کے پیر صاحب کافۃ
الناس میں شریک ہو کر ضلالت میں پڑے ہوئے ہیں مجھے
خوب یاد آیا کہ آپ کے پیر صاحب نے حضرت اقدس ع پر
اپنی دانست میں بڑا سخت یہ الزام دیا تھا کہ مرزا صاحب
اجماع امت کو ایک کورانہ اجماع قرار دیتے ہیں اسے
پیر کے مرید و آپ کے پیر نے تو سرے سے اجماع ہی کو
اڑا دیا ہمارے حضرت اقدس علیہ السلام نے تو تمہاری بڑی
رعایت کی کہ ایسے خیالی اور وہمی مذہب کو اجماع کورانہ
تو قرار دیا عقلمند کو تو حضرت اقدس مرزا صاحب کی تصدیق
کے لئے بھی ایک فقرہ پیر صاحب کا کافی ہے۔

وَ لنعم ما قیل

شعر

عدو شود سبب خیر گر خدا خواہد ✤ خمیر مایہ دکان شیشہ گر سنگ ست

الحاصل پیر صاحب کی کل کتاب کا سویندرمنٹ میں ہو گیا پھر بطرز دیگر ہم رد
لکھتے ہیں۔ کہ پیر صاحب کی کل کتاب کا دار مدار صرف آیت بَلْ رَّفَعَهُ
اللّٰهُ اِلَیْهِ ہی پر تھا جیساکہ فائدہ جلیلہ کے آخر میں فرماتے ہیں ھذہٖ
الایۃ تکفی جوابا لجمیع السوالات و ات اجبنا عن کل سوال تبرعا
فی عِلْمِ الرسول پس جب کہ ہم نے آیت مذکورہ کی نسبت یہ ثابت کر دیا
کہ مؤلف صاحب کے مدعا کو یہ آیت نفی کر رہی ہے اور اثبات کا تو ذکر
ہی کیا ہے تو ثابت ہو گیا کہ مولف کے رسالہ کی بنا علی شفا جرف
ھار تھی جب وہ گر گئی تو اب کچھ ان کے پاس باقی نہ رہا۔ منہ

تو ہو سکتا ہے کہ وہی جسم کسی پہاڑ پر پہنچایا جاتا اور اسی طرح پر رفع جسمی ہوتا یا کسی عبارہ کے ذریعہ جو ۴۰۰۱ فٹ تک اُس کا اونچا جانا ثابت ہو چکا ہے حضرت مسیح آسمان پر اُٹھائے جاتے تو پھر اس میں تضاد کہاں ہوا جو مقتضا کلمہ بل کا ہے اور اس سے رد مدعائے یہود کب حاصل ہو سکتا تھا اور اگر ہم بفرض محال تسلیم بھی کر لیویں کہ مسیح بجسدہ العنصری حفظ وامان کے ساتھ کسی عالی مکان یا کسی پہاڑ پر یا سماہی پر اُٹھائے گئے اور یہود کے ہاتھوں سے مقتول نہیں ہوئے مگر کلام الٰہی میں اس طویل بحث کے چھیڑنے سے کونسا رفع اختلاف کیا گیا اور یہود پر کیا اتمام حجت کیا گیا اور پھر ہم کو اُس سے کیا فائدہ حاصل ہوا حالانکہ قرآن مجید ایسے ہی مسائل اختلافیہ میں حکم اور فیصلہ کرنے والا ہے کما قال تعالیٰ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِىْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ وَاِنَّهٗ لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۲-۳ اور یہود کا تو یہ شیوہ اور عادت قدیمہ تھی کہ انبیاء کو قتل کرتے رہتے تھے متعدد جگہ قرآن مجید میں موجود ہے وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ پھر ان آیات زیر بحث میں اس طوالت کے ساتھ عدم قتل کے لئے کیوں زور دیا گیا اولاً فرمایا گیا کہ مَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ پھر ثانیاً فرمایا وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ پھر اُسی کی مانند ثالثاً ارشاد فرمایا وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِىْ شَكٍّ مِّنْهُ ایضاً رابعاً ارشاد کیا گیا مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ پھر مکرر خامساً فرمایا گیا کہ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا یہ اس قدر طوالت پر ملالت کس اختلاف کے رفع کرنے کے لئے کی گئی قتل اور رسالت باہم متنافی نہیں تھی جو اس قدر زور دیا گیا۔ خود حضرت خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت فرمایا گیا ہے وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَاِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ

لَنۡ یَّضُرَّ اللّٰہَ شَیۡئًا وَ سَیَجۡزِی اللّٰہُ الشّٰکِرِیۡنَ پس اس طوالت
بحث سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ صرف قتل اور عدم قتل میں بحث ہی
نہیں تھی بلکہ اُس قتل میں بحث تھی جو صلیب سے واقع ہو کہ وہ حسب
احکام توریت اور اعتقاد یہود کے موجب لعنت کا تھا اُسی موجب لعنت
کو اللہ تعالیٰ نفی فرماکر ضد لعنت یعنی رفع کو لفظ بل کے ساتھ ثابت
فرماتا ہے اور اُس کے دلائل اُن بخوم آیات میں مذکور فرمائے گئے
ہیں جو اِنَّا قَتَلۡنَا الۡمَسِیۡحَ عِیۡسَی ابۡنَ مَرۡیَمَ رَسُوۡلَ اللّٰہِ کے بعد میں
مذکور ہوئے ہیں کما سیجیٔ * پس مؤلف رسالہ نے جو بتقلید بعض
مفسرین فیج اعوج کے سخت غلطی کی ہے لہذا وہ نفس قتل اور رفع
جسمی کی بحث کو چھیڑ کر کلام الٰہی کی تحریف معنوی کا مرتکب ہوا ہے
اور ہم نے یہ بھی لحاظ کرلیا ہے کہ رَفَعَہُ اللّٰہُ میں رفع جو صیغہ
ماضی کا ہے اُس کی ماضویت کس کی نسبت ہے اُس کا ماضی ہونا
بہ نسبت ماقبل بل کے ہے جس کو باطل کرنا منظور ہے وہ کیا ہے قتلوہ
اس امر کو ہم قرآنی شہادت سے ثابت کرتے ہیں دیکھو بَلۡ جَآءَھُمۡ
بِالۡحَقِّ لانا آیات قرآنی کا منجانب اللہ پہلے ہوا بعد ازاں نسبت جنون
کی کفار نے آپ کی طرف کی اب بَلۡ رَّفَعَہُ اللّٰہُ سے ثابت ہوا کہ تحقق
رفع درجات قبل از تحقق قتل زعمی یہود کے ہی واقع ہے کیونکہ حضرت عیسیٰ
قبل از قتل صلیبی کے درجات نبوت پر ممتاز و سرفراز ہو چکے تھے یہ
نہیں کہ صرف بعد قتل صلیبی کے درجات عالیہ نبوت اُن کو ملے ہوں

* ہم یہاں پر بحث نحوی متعلقہ کلمہ بل اور نیز ان اغلاط کو جو مؤلف سے اسجگہ پر صادر
ہوئی ہیں تعرض نہیں کرتے کیونکہ پھر بحث بہت طویل ہو جاوے گی اور ہمکو
احباب کیطرف سے یہ بڑی تاکید ہے کہ یہ رسالہ عام فہم ہو اور مختصر بلکہ صرف اسی قدر نحوی معانی
اور منطق وغیرہ کی بحث بھی جو مجبوراً اسجگہ پر کی گئی ہے ہمارے بعض احباب بہت ناراض ہوے
ہیں لہذا بسبب طوالت پر ملالت کے ہم نے صرف قواعد مسلمہ مؤلف کو اُسی پر لوٹا دیا ہے اور
کوئی جرح قدح نہیں کیا تاکہ رسالہ ہمارا عام فہم رہے اور طوالت نہ ہو - منہ

جواب ۹

قولہ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ کو قیاس یَآ اَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ الخ پر کرنا بیجا ہے کیونکہ اُس میں خطاب نفس کی طرف ہے نہ جسم مع الروح کو بخلاف بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ کے۔ کہ مرجع ضمیر منصوب متصل کا یعنی رفعہ میں جو ضمیر ہے وہ ہی مرجع ہے جو ما قبل اس کے مَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ کے لئے ہے یعنی جسم مع الروح۔

اقول العجب کل العجب مؤلف کہتا ہے کہ رفعہ کی ضمیر جسم مع الروح کی طرف راجع ہے مؤلف بتاوے کہ جسم مع الروح کا ذکر اس رکوع بلکہ اس کل سورہ میں بلکہ کل قرآن میں کس جگہ آیا ہے ہاں البتہ مسیح عیسیٰ بن مریم کا بالضرور مذکور ہوا ہے سو اُسی کا رفع درجات ذکر فرمایا گیا جیساکہ دوسری جگہ فرمایا گیا ہے تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ مِنْهُمْ مَنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ایضًا قال تعالٰی وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ ایضًا قال تعالٰی وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ایضًا وَرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ایضًا يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ وغیرہ وغیرہ ان آیات میں جس قسم کا رفع ہے وہی رفع حضرت عیسیٰ کے لئے تسلیم کرنا پڑے گا۔ ہاں یہ آپ کا اختیار ہے کہ اس رفع روحانی کے ساتھ اجسام ثلثہ میں سے جسم مثالی یعنی برزخی یا حشری کو بھی ملحوظ کر لیویں کیونکہ کل رفع روحانی میں جسم کو بھی کسی قدر شرکت ہوتی ہے اس لئے ہم کو اس میں کچھ انکار یا بحث نہیں کیونکہ روح بغیر جسم کے کوئی انتفاع حاصل نہیں کرسکتی عالم شہادت میں روح بجسم عینی مقترن ہوتی ہے اور عالم مثال میں بجسم مثالی اُس کو لصوق ہوگا اور عالم برزخ میں بجسم برزخی اقتران ہوگا اور عالم حشر میں بجسم حشری اتصال ہوگا اور یہی خلق جدید ہے جسکو فرمایا گیا کہ بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ پس ثابت ہوا کہ یہ رفع وہی رفع ہے جو آیت یَآ اَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ الخ میں مذکور ہے اسی واسطے محققین

لغت مثل مصنف مفردات راغب اصفہانی وغیرہ نے معنی رفع کے التقریب کے لکھے ہیں* اور یہ بھی سمجھنا ضروری ہے کہ اصل واقعہ میں یا اُس کے علم میں تغیر کا ہونا اس امر کو نہایت مدخل ہے کلام کی حقیقت یا مجاز ہونے میں ایک ہی کلام کبھی حقیقت ہوتی ہے معنی مراد میں جب اصل واقعہ اعتقادا یا بحسب نفس الامر ایک طرح ٹھیرایا جاوے اور اُسی کلام کو بعینہ افراد مجاز میں سے شمار کیا جاتا ہے جس حالت میں کہ اصل واقعہ دگرگوں قرار دیا جاوے مثلاً ابنت الربیع البقل یعنی موسم ربیع نے ترکاری اگائی جس حالت میں کہ قائل اُس کا مؤمن ہو مجاز ہوگا کیونکہ وہ اسناد ہے الی غیر ما ہو لہ عند المتکلم اور یہی قول حقیقت کے امثلہ میں شمار کیا جاوے گا جب کہ قائل اُس کا جاہل ہو یعنی وہ شخص جس کے اعتقاد میں فی الواقع اگانے والی موسم ربیع ہے کیونکہ حسب اعتقاد اُس کے اسناد فعل کی الی ما ہو لہ عند المتکلم اس کلام میں واقع ہے اقسام اس بحث کے بہت ہیں ناظرین کی ملالت اور تشویش کے باعث اسی پر اکتفا کی جاتی ہے ایسا ہی کشف فلان عن ساقہ فلانے نے پنڈلی اپنی سے پردہ اُٹھایا جس حالت میں کہ فلانے نے فی الواقع اپنی ساق کو بروقت گذرنے کے پانی سے یا اور کسی تقریب سے برہنہ کیا ہو یہ کلام حقیقت ہوگی یعنی لفظ کشف

---

* ہم اس مقام کو دوسری طرح پر بھی رد کر سکتے تھے مگر چونکہ خصم پر مسلمات سے بخوبی وجہ حجت قائم ہو جاتی تھی لہذا یہی طریق معارضہ ہم نے یہاں پر اختیار کیا ہے بعض قواعد مخترعہ مؤلف کے جو اس جگہ یا کسی دوسرے مقام پر ناظرین ملاحظہ فرماویں تو اس خاکسار پر کوئی جرح قدح نہ فرماویں کیونکہ مجھکو مقصود صرف مؤلف کا الزام و اسکات ہی لاغیر اور یہ اسکات مسلمات سے بخوبی ہو سکتا ہے وبس ہاں البتہ ردّ تفصیلی مدینۃ الرسول کا اس طرح پر کیا جاوے گا انشاء اللہ تعالے

بحث کشف ساق جواب اعتراض

اور ساق اپنے اپنے معنی حقیقی میں مستعمل ہوں گے اور در حالتی کہ فلانے نے پنڈلی کو برہنہ نہیں کیا بلکہ کسی کام کی طیاری میں مصروف ہو رہا ہے اُس وقت یہی کلام کشف فلان عن ساقه کنایہ ہوگی مستعد ہونے سے اُس کام پر اب اگر کوئی ظاہر میں اردو خواں نام کا مولوی کسی کتاب میں دوسرے معنی کو جو حسب محاورہ ہے معنی کنائی اور کلام مذکور کو کنایہ لکھا ہوا دیکھکر منحصر ہونا اس کلام کا معنی استعداد ہی میں بشہادت محاورہ سمجھ لے تو منشا اُس کا بجز از جہالت اور کیا ہے لفظ رفع کو بھی مخالفین نے جو بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ میں رفع جسمانی سمجھ رکھا ہے اسی قبیل سے ہے جو بیان کرچکا ہوں یعنی یہ بڑی جہالت ہے کہ جو بعض جگہ پر معنی رفع کے رفع جسمی لئے گئے ہیں تو اُن کو علت موجبہ اس بات کا قرار دینا کہ رفعه الله اليه میں بھی رفع جسمی ہی مراد ہے جیساکہ حدیث شریف میں بھی یہی محاورہ ہے کہ فرفعه الى يده اى رفعه الى غاية طول يده ليراه الناس فيفطرون موجود ہے مجمع البحار ایسا ہی برفع* الحديث الى عثمان اور يرافعه الى النبى صلى الله عليه وسلم وغیرہ اور ایسا ہی يرفع اليه عمل الليل قبل عمل النهار اى الى خزائنه ليضبط الى يوم الجزاء مجمع البحار پس ایسے محاورات سے یہ استدلال ذیل کرنا کہ ان سب میں یہی محاورہ یعنی اٹھانی چیز میں بعینہ جو ہر ہو یا عرض مدخول الی کی طرف مستعمل ہے بغیر ارادہ رفع مرتبہ کے محض غلط یا دھوکا دہی ہے کیونکہ ایسے معنی کرنے میں نہ اصل واقعہ کو خیال کیا گیا ہے نہ مابہ النزاع کا لحاظ ہوا ہے اگر

---

* یہ سب محاورات جو مؤلف نے اس جگہ پر ذکر کئے ہیں کسی میں رفع جسمی نہیں ہے بلکہ رفع روحانی ہی ہے فہذہ المحاورات دَلِيلٌ لَّنَا لَا لَكُمْ وَ عَلَيْكُمْ لَا عَلَيْنَا۔ منہ

یہ رفع الی اللہ کی طرف التفات کیا گیا ہے کہ وہ تو جسمانی ہو ہی نہیں سکتا
اور نہ اس طول کلام کی طرف توجہ کی گئی ہے کہ یہ طوالت کیوں ہے
جو مَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ سے شروع ہوکر وَيَكُوْنُ عَلَيْهِمْ
شَهِيْدًا پر اس کی بحث ختم ہوئی وتعالی کلامہ تعالی عن ذلک
علوا کبیرا۔ کیونکہ اسقدر اطناب اور طوالت مخالف فصاحت اور
بلاغت کے ہے پس مانحن فیہ میں سیاق اور سباق آیات کا اور اصل
واقعہ اور ما بہ النزاع اور صلہ رفع الی اللہ وغیرہ کا لحاظ و خیال قطع
واجب کے طور پر حکم دے رہا ہے کہ بل رفعہ اللہ الی اللہ میں
مراد الٰہی فقط رفع درجات روحانی ہے تو پھر اثر ابن عباس وغیرہ
در بارہ مرفوع ہونے جسم مسیح کے جو روایات اسرائیلیات سے ہے
بمقابلہ ادلہ مذکورہ و وجوہ مزبورہ کے کیونکر قابل قبول ہو سکتا ہے
یہ تو اور خطا در خطا ہے۔ افسوس کہ صاحب صراح وغیرہ کی غرض بھی
آپ نے نہیں سمجھی صاحب صراح نے جو استعمال رفع کا درحالت
صلہ واقع ہونے الی اللہ یا الی السلطان کے معنی رفع منزلت
اور علو قدر میں ذکر کیا اس کا مطلب یہی ہے کہ لفظ رفع کا ایسی
حالت کذائی میں معنی مذکور میں استعمال ہوتا ہے یعنی بشرط مطابقت
اصل واقعہ اور ارادہ اس معنی کے وغیرہ وغیرہ۔ اور ہم یہ کب کہتے
ہیں کہ جہاں پر رفع کا صلہ الی ہو بالضرور رفع منزلت بغیر رفع جسمی
کے مدلول لفظ رفع کا ہو گا اگرچہ ارادہ متکلم کا ادا کرنے معنی رفع
جسمی کا بعبارت مذکورہ بھی ہو۔ کشف عن الساق کو جو کنا یہ بحسب
محاورہ طیار ہونے سے ٹھیراتے ہیں اس کا یہ مطلب نہیں کہ کسی
وقت معنی حقیقی پر دال نہ ہو گا۔ الغرض صلہ الی اللہ مع اوصاف
مذکورہ اور ادلہ مزبورہ کے قرینہ صارفہ ارادہ معنی رفع جسمی سے ہے
اور اوصاف مذکورہ جس جگہ پر جمع ہوں علت موجبہ ہیں واسطے
ارادہ معنی رفع منزلت کے پس اس عرفیہ عامہ کو آپ مطلقہ عامہ کیونکر

جواب اول غلط فہمی

بنا سکتے ہیں کیونکہ یہ قضیہ کہ (جس جگہ پر رفع الے الله مع اوصاف مذکورہ کے ہو اُس جگہ معنی رفع منزلت کے ہی ہوگی بالدوام) قضیہ عرفیہ عامہ ہی ہے نہ مطلقہ عامہ - اسے قطبی پڑھنے والے طلبہ دیکھو حضرت پیر صاحب کا منطق کہ اس جگہ پر مطلقہ عامہ اور محصورہ کلیہ میں تقابل سمجھ رکھا ہے کیا مطلقہ عامہ محصورہ کلیہ نہیں ہو سکتا اور نیز بالعکس اگر یوں کہہ دیتے کہ مطلقہ عامہ کو دائمہ مطلقہ سمجھ لیا ہے یا محصورہ جزئیہ کو محصورہ کلیہ سمجھ لیا ہے تو بھی کسی قدر عذر صحت کا کر سکتے تھے واہ پیر صاحب اس جگہ پر تو بحث موجہات کو بھی آپ نے نسیاً منسیاً کر دیا پھر اس نسیان پر آپ کے کون سے مذہب کو ہم موجہ مان سکتے ہیں۔ اور مؤلف رسالہ کی یہ بڑی غلطی ہے کہ رفع جسمی اور رفع بحسب الدرجہ میں نسبت تساوی کی سمجھ لی ہے حالانکہ ان دونوں میں اگر ہم رعایت مؤلف کی کریں تو عام خاص من وجہ کی نسبت اُن میں مان سکتے ہیں مگر یہاں پر تو بوجوہ مذکورہ سوا رفع بحسب القدر کے رفع جسمی ہو ہی نہیں سکتا اس تحقیق سے ناظرین کو اچھی طرح پر مؤلف رسالہ اور اُس کے ہم مسلکوں کا دھوکا کھانا یا مغالطہ دینا بخوبی معلوم ہو سکتا ہے اب چاہیئے کہ القول الجمیل کے ص۵۹ اور ص۶۰ کو ملاحظہ کرو تاکہ حقیقت الحال سے آپ صاحبوں کو کشف عن الساق ہو جاوے۔

قولہ خدا کی طرف مرفوع ہونا یا رجوع ہونا یا چڑھ جانا اُس کی یہی صورت ہے کہ آسمان کو جو محل ہے عباد مکرمین کا قرارگاہ اُن کی بنائی جاوے الی قولہ پس رفع الی الله اور رفع علی السماء ایسا ہی رجوع الی الرب اور صعود علی السماء متساوق فی المعنی ہیں۔

اقول صفحہ ۹ اور سطر ۱۲ میں آپ لکھ چکے ہیں کہ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ کو قیاس يٰۤاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِیْ

جواب صفحہ ۱۲ ۔ صعود علی السماء و نزول من السماء کی مذمت

اِلٰی رَبِّكِ رَاضِیَۃً مَّرْضِیَّۃً پر کرنا بیجا ہے اور اب ان دونو
کو متساوق فی المعنی فرماتے ہیں ھذا شئ عجیب و لنعم ما قیل
دروغ گورا حافظہ نباشد۔ مؤلف کو یہ بڑی غلطی ہوئی ہے کہ رفع
جسمی کو رفع الی اللہ سمجھ لیا ہے اور پھر دیکھو اللہ تعالےٰ ایک بت
پرست کی نسبت جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ ظن بد رکھتا ہے فرماتا ہے
کہ مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ
بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ
مَا يَغِيْظُ اس آیت میں لفظ الی السماء کا موجود ہے تو وہ کافر سوء
ظن اللہ تعالیٰ کے ساتھ رکھنے والا اس وجہ سے کہ سما کی طرف بحکم
فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ مرفوع ہو آپ کے نزدیک کیا مرفوع
الدرجات ہو سکتا ہے کلا و حاشا تقرب الٰہی اور رفع بحسب الدرجات
کوئی جسمانی تحت و فوق نہیں ہے بلکہ وہ تو آسمان و زمین دونو سے
ایک علحدہ امر ہے بلکہ صعود علی السماء و نیز نزول آسمان سے قرآن مجید
میں فی محل الذم بیان فرمایا گیا ہے قال اللہ تعالےٰ و من یرد
ان یضلہ یجعل صدرہ ضیقا حرجا کانما یصعد فی السماء
کذلک یجعل اللہ الرجس علی الذین لا یؤمنون ایضا قال
و من یشرک باللہ فکانما خر من السماء فتخطفہ الطیر
او تہوی بہ الریح فی مکان سحیق ۔ اگر الی اللہ کو الی السماء
بھی آپ کی خاطر سے مان لیا جاوے تو اس تحریف سے رفع بحسب الدرجات
کب حاصل ہو سکتا ہے کما مر لہذا آیت مذکورہ یعنی بَلْ رَّفَعَهُ
اللّٰهُ اِلَيْهِ جیسا کہ ابطال مقصود یہود یعنی نفی ملعونیت مسیح بن مریم
فرما رہی ہے اسی طرح پر تردید عقیدہ نصاریٰ جو با تباع یہود رکھتے ہیں
فرما رہی ہے اور خیالات مخالفین اندرونی اسلام کو بھی رد کر رہی ہے جو نسبت
رفع جسمی مسیح بن مریم کے رکھتے ہیں بشرطیکہ لا تقربوا الصلوٰۃ پر عمل
نہ ہو اور شہادت سیاق و سباق لی جاوے اور لحاظ ما بہ النزاع داخل دفعہ

کا کیا جاوے اور پھر اُس کے مؤید وہ احادیث ثابتہ و آثار صحیحہ
ہیں جو اوپر گذر چکی باقی رہی وہ آثار و احادیث جن سے مخالفین تمسک
کر رہے ہیں سو وہ اول تو بحکم قواعد تعادل اور ترجیح ادلہ کے جو علم
اصول میں مذکور ہیں مرجوح ہیں خواہ مرجوح فی الثبوت ہوں یا
مرجوح فی الدلالت یا وہ خود باہم متعارض ہوں کہ اُن پر قاعدہ اذا
تعارضا تساقطا کا جاری ہوگا یا معارض قرآن کریم کے ہوں کہ اس
صورت میں محققین اصولیین کا مذہب تقدیم کتاب علی السنۃ ہے
نہ بالعکس دیکھو کتب اصول کو۔ تحقیق بتاؤ کہ اللہ تعالے کا کلام پاک
مقدم ہے یا بندہ کا جس مسلمان کا ایمان ذٰلک الکتٰب لاریب
فیہ پر ہے وہ تو یہی بول اٹھے گا کہ خدا کے کلام اور بندہ کے
کلام میں اتنا فرق ہے جس قدر دو نو متکلموں کا آپس میں یعنی خدای
عزوجل اور بندہ میں خدا خدا اور بندہ بندہ۔ اگر یہ سوال ہمارا تقدیم و
تاخیر من حیث العظمت و المنزلۃ سے ہے تو سب اہل اسلام کلام
الٰہی کو زائد العظمت مانتے ہیں یہیں وجہ نماز کا رکن کلام الٰہی ہو سکتی ہے
نہ حدیث اور اگر یہ سوال من حیث التفصیل و البیان ہے تو جو
حدیث کلام الٰہی کی مبین اور مفسر اور مفصل ہو اُس کے ماننے میں کس
کو کلام ہے کیونکہ سنت کے برابر بیان و تفصیل کلام الٰہی کی اور کون
کر سکتا ہے اذا جاء نھر اللہ بطل نھر معقل مشہور ہے جیسا
کہ ما نحن فیہ میں از روئے احادیث اصح الکتب بعد کتاب اللہ
صحیح البخاری کے معنی توفی کے خود آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم نے بیان فرما دئے دیکھو فاقول کما قال العبد الصالح
وغیرہ کو اب اگر کوئی اثر یا حدیث کلام الٰہی کے معارض پائی جاوے
تو پھر تحقیق انصاف کرو کہ وہ مفسر اور مبین کلام الٰہی کے [illegible] ہوئی
مبین اور مفسر تو وہی اثر یا حدیث ہو سکتی ہے جب مطابق اور موافق

[illegible] صفحہ ۱۴ ... تعادل و ترجیح ادلہ

بحث تعارض کتاب و سنت

جواب صفحہ ۱۳

مضمون کلام باری کے ہوتی پھر بھی ہمارے نزدیک اس صورت کی دو شقیں ہیں یا تو اُس کے معنی برعایت قواعد عربیہ و اصول ادبیہ مطابق کلام الٰہی کے ہو سکتی ہیں اس صورت میں وہ حدیث بھی ہم کو مسلم ہے اور یا کلام الٰہی سے اُس کا مضمون کسی طرح مطابق نہیں ہو سکتا اس صورت میں، آپ ہی فرمادیں کہ کلام الٰہی کو جس کی شان اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ہی ہم کیونکر ترک کردیوں بینوا الحق من کتب الاصول توجروا من الله و الرسول

اور یہ ہمارا مسلک اس واسطے ہے کہ اُس رحمۃ للعالمین خاتم النبیین صلے اللہ علیہ و سلم کو حکیم مطلق لا تدرکہ الابصار نے اسی لئے برزخ مابین اپنے اور ہمارے قرار دیا ہے کہ برزخ کے بڑی طرف کی بات برزخ ہی کے منہ مبارک سے معہ تشریح سن لیوں کما قال اللہ تعالیٰ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا قَيِّمًا جب کہ وہ کتاب لاریب فیہ قیم ہے اور اُس میں کسی طرح کی کجی نہیں ہے اور جن الفاظ سے وہ نازل ہوئی تھی اُسی طرح پر اب تک مصئون و محفوظ ہے تو پھر ایسی کتاب تنزیل من حکیم حمید کو وقت تعارض کسی ایسی حدیث کے جو زمانہ رسالت سے ایک مدت کے بعد لکھی گئی ہے اور پھر درمیان میں وسائط بشریہ بھی پڑ گئے ہیں اور اُس میں روایت بالمعنی کا بھی احتمال ہے وغیرہ وغیرہ کیونکر چھوڑ سکتے ہیں۔ ایضاً قال تعالیٰ اِنَّا اَنْزَلْنَا اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَا اَرٰىكَ اللّٰهُ وَلَا تَكُنْ لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا جب کہ یہ کتاب حق کے ساتھ اُسی تبارک و تعالیٰ نے اُتاری اور اُسی نے اُس کا بیان زبانی رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے حسب الحکم بما اراک اللہ کیا تو پھر یہ کتاب اور بیان رسول مقبول صلے اللہ علیہ و سلم آپس میں کیونکر متعارض ہو سکتے ہیں۔ درصورت تعارض کے جو قواعد تعادل اور ترجیح کے کتب اصول میں

منضبط ہیں وہی جاری کیئے جاویں گے لاغیر ایضاً قال تعالیٰ وَمَا اَنْزَلْنَا
عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِى اخْتَلَفُوا فِيْهِ وَهُدًى
وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ - پھر جو حدیث معارض قرآن مجید کی ہو وہ تحت
لتبین کے کیونکر آسکتی ہے ایضاً قال تعالیٰ وَاَنْزَلْنَا اِلَيْكَ
الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ تفکر کے
لئے اسی واسطے حکم ہوا ہے کہ اُس حدیث کا مبین ہونا بخوبی سمجھ
لیویں اگر وہ مبین نہیں بلکہ معارض ہے تو حسبنا کتاب اللہ
اصول عمریہ رضی اللہ عنہ موجود ہے اور حدیث شریف الا انی
اوتیت القرآن و مثله معه یعنی السنة اسی کی طرف
ناظر ہے کیونکہ اگر اس تیرہ سو برس کی مدت کے بعد کوئی حدیث ایسی
پائی جاوے جو کلام الٰہی کے معارض ہو اور کسی طرح سے مطابقت
نہ ہو سکے۔ تو وہ مثل قرآن کی ہوئی ہمارے اور کتاب اللہ کے درمیان
وہی حدیث معتبر برزخ ہو سکتی ہے جو مبین اور مطابق کلام الٰہی کے
ہو کیونکہ جو حفاظت کلام الٰہی کی ہوئی ہے ویسی حفاظت حدیث کی کب
ہوئی ہے خصوصاً وہ احادیث جو احکام سے متعلق نہیں صرف پیشین
گوئی ہے یا قصص ماضیہ سے تعلق رکھتی ہے۔ اور آیت اِنَّ عَلَيْنَا
جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ بھی اسی طرف دعوت
کر رہی ہے یعنی جب دنیا میں ایسی گڑبڑ واقع ہوگی تو واسطے رفع
اس اختلاف کے ہر ایک صدی پر ایک مجدد اللہ کی طرف
سے مبعوث ہوتا رہے گا جو اس اختلاف اور گڑبڑ کو رفع کر کر بیان
مراد کلام الٰہی کرے گا فسبحان من خلقه و اجمله و اکمله و ادبه
فاحسن تادیبه ثم اید دینه بعد وفاته باستخلاف
خلفائه الراشدین المهدیین وجدد دینه ببعثة
المجددین والمحدثین الی یوم القیمة و یوم الدین

صفحہ ۱۳ جواب

(حاشیہ: جواب حاشیہ صفحہ ۱۰۹)

حاشیہ صفحہ ۱۰۹ **قولہ** اس صورت میں ظاہر ہے کہ قتل اور قرب الٰہی میں تضاد نہیں بلکہ قتل اور شہادت موجب مستقل ہے رفع منزلت عند اللہ کے لئے سوائے نبوت کے۔

اقول بقرینہ مَا قَتَلُوْهُ وَ مَا صَلَبُوْهُ کے مراد قتل سے قتل بالصلیب ہے جو تم کو بھی مسلم ہے اور حسب احکام توراۃ اور زعم یہود موجب لعنت ہے کَمَا مَرَّ پس ملعونیت اور مرفوعیت بحسب الدرجات آپس میں متضاد ہیں جیساکہ ثابت کیا گیا۔

قولہ اور یا مراد اُس سے رفع روحی بطریق موت طبعی کے ہوگا بقرینہ وعدہ توفی۔ یعنی یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَ رَافِعُكَ اِلَیَّ۔ لفظ لفظ مُتَوَفِّیْكَ اگرچہ مطلق موت پر دال ہے عام اس سے کہ اپنے آپ ہو یا بمباشرت قتل کے۔ لیکن حصر جو مستفاد ہے ضمیر متکلم کے مسند الیہ اور صیغہ مشتق کے مسند بنانے سے مفید ہے موت طبعی کا۔ اس تقریر پر اگرچہ تضاد متحقق ہے مگر بلحاظ اس کے کہ ماضویت توفی اور رفع کی بل توفہ اللہ ورفعہ اللہ الیہ میں یہ نسبت ماقبل کلمۂ بل کے ہوتی ہے۔ چاہیئے کہ موت طبعی مسیح کی قبل از واقعہ قتل و صلب زعمی متحقق ہو۔ الخ

(حاشیہ: تحقیق رفع درجات قبل وفات نبی کے)

اقول نبی کا رفع بہ حسب الدرجات اُسی وقت سے شروع ہو جاتا ہے جس وقت سے کہ وہ درجات نبوت پر مشرف ہوتا ہے بلکہ اُس کی یوم ولادت سے ہی کمالات و درجات کی ترقی شروع ہو جاتی ہے اس رفع کا زمانہ الی یوم الحشر ممتد ہوتا ہے لہذا ماضویت رفع کی بہ نسبت ماقبل کلمۂ بل کے بخوبی ثابت ہے کیونکہ کوئی عالم علماء اسلام سے یا غیر اسلام میں سے اس بات کا قائل نہیں کہ انبیاء علیہم السلام قبل وفات کے مرفوع الدرجات نہیں ہوتے ہاں بالضرور بعد وفات کے چونکہ انبیاء کُل کام بعثت اور نبوت کا انجام کو پہنچا دیتے ہیں

تحقیق رفع درجات عیسوی از قرآن

لہٰذا بعد وفات ایک خاص قسم کا رفع اُن کو حاصل ہوا کرتا ہے مگر یہ
نہیں کہ قبل وفات کے کسی قسم کا رفع اُن کا نہیں ہوتا ہو۔ تعجب ہے
کہ حضرت مؤلف صاحب ہمارے مقابلہ میں تو حضرت عیسیٰ کے کمالات
اور معجزات بڑے زور و شور سے سب کچھ بیان کرتے ہیں لیکن اس
مقام میں تمام رفع درجات عیسوی کو جو وقت ولادت سے بہ تدریج
تا آخر عمر اللہ تعالےٰ نے اپنے کلام پاک میں بیان فرمائے ہیں سب
نسیاً منسیاً کر دیے مثلاً اِذْ اَیَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ۔ تُكَلِّمُ النَّاسَ
فِی الْمَهْدِ وَ كَهْلًا۔ وَ اِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ
وَ التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِيْلَ۔ وَ اِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ
كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ بِاِذْنِيْ فَتَنْفُخُ فِيْهَا فَتَكُوْنُ طَيْرًا بِاِذْنِيْ وَ
تُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَ الْاَبْرَصَ بِاِذْنِيْ وَ اِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى
بِاِذْنِيْ وَ اِذْ كَفَفْتُ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ عَنْكَ اِذْ جِئْتَهُمْ
بِالْبَيِّنٰتِ وغیرہ وغیرہ کیا یہ امور نتائج رفع درجات عیسوی کی مؤلف
کے نزدیک نہیں ہیں ایضاً حضرت عیسیٰ ہی کی نسبت فرمایا گیا ہے وَ
السَّلٰمُ عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ وَ يَوْمَ اَمُوْتُ وَ يَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا
اور حضرت یحییٰ کے بارہ میں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے وَ سَلٰمٌ عَلَيْهِ
يَوْمَ وُلِدَ وَ يَوْمَ يَمُوْتُ وَ يَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا۔ اور دیکھو حضرت
موسیٰ علی نبینا و علیہ السلام کے بارہ میں یوم ولادت سے ہی ترقی درجات
وکمالات کو کس ترتیب اور تدریج سے اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا
ہے وَ لَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً اُخْرٰۤى اِذْ اَوْحَيْنَاۤ اِلٰۤى اُمِّكَ
مَا يُوْحٰۤى اَنِ اقْذِفِيْهِ فِي التَّابُوْتِ فَاقْذِفِيْهِ فِي الْيَمِّ
فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَاْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّيْ وَ عَدُوٌّ لَّهٗ
وَ اَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَ لِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ اِذْ تَمْشِيْۤ
اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ فَرَجَعْنٰكَ

اِلٰٓی اُمِّكَ كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّیْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا فَلَبِثْتَ سِنِیْنَ فِیْٓ اَهْلِ مَدْیَنَ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰی قَدَرٍ یّٰمُوْسٰی وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِیْ اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ بِاٰیٰتِیْ وَلَا تَنِیَا فِیْ ذِكْرِیْ - ایضًا قال فی حق یوسف علیه السلام وَكَذٰلِكَ یَجْتَبِیْكَ رَبُّكَ وَیُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ وَیُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَیْكَ - لفظ رب

آیت ہذا میں جو لایا گیا اسی واسطے کہ اُس میں از روے محاورات لغت عرب ترتیب و تکمیل بہ تدریج ماخوذ ہوتی ہے پس ثابت ہوا کہ حضرت یوسف کا اجتبا اور تعلیم اور نیز اتمام نعمت وقتاً فوقتاً ہمیشہ ہوتا رہا ہے یہ نہیں کہ بعد وفات کے ہی رفع درجات ہوتا ہو جیسا کہ مؤلف کو دھوکا ہوا ہے پس ثابت ہوا کہ حضرت عیسی کا رفع درجات قبل قَتَلُوْهُ کے بھی واقع تھا اور بعد وفات کے بھی رفع روحانی ہوا - آگے رہا اثر ابن عباس سو چونکہ وہ معارض ہے کلام الٰہی کے مضمون مراد سے لہذا حسب الحکم قواعد تعدیل و ترجیح ادلہ کے قابل قبول نہیں علاوہ یہ کہ اُس کے متن میں بھی خود ایک قسم کا اضطراب ہے کما سیجئی لہذا وہ ساقط الاعتبار ہے اس کی تفصیل آگے آوے گی انشاء اللہ تعالے اور نیز معارض ہے خود ابن عباس کے اُس اثر کے جو صحیح البخاری میں ہے جس میں مُتَوَفِّیْكَ کے معنی مُمِیْتُكَ لکھے ہیں اور نیز مخالف ہو اُن احادیث صحیح بخاری کے جن میں كَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ فرمایا گیا ہے جس کی تفصیل آیندہ انشاء اللہ تعالے آوے گی پس بمقابل ان ادلہ متناسبہ کے اثر ابن عباس کا مؤلف کو کیونکر مفید ہو سکتا ہے۔

شعر

جواب حاشیہ صفحہ ۱۰۹

شرح اثر ابن عباس

وھذا الحق لیس بہ خفاء ۔ فدعنی عن سبات الطریق

اب کہاں ہے فقدان محکی عنہا کا جس کو مستلزم وقوع کذب کا آیۃ میں آپ نے فرمایا تھا والعیاذ باللہ منہ لیں مؤلف نے اس حاشیہ میں جس قدر بنا فاسد علی الفاسد کیا تھا اُس کا سب تار و پود اُکھڑ گیا جَآءَ الْحَقُّ وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا اور جب کہ آیت مذکورہ سے منصوبہ یہود کا باطل ہوا اور رفع جسمی مسیح بھی ہباءً منثوراً ہوگیا تو آیت مُتَوَفِّيْكَ اور فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ بلا تقدیم و تاخیر کے جو ایک قسم کی تحریف ہے اپنے اُسی اصلی معنی پر بحال رہی جو حضرت ابن عباس سے صحیح بخاری میں مروی ہوئی ہیں اور جو رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم سے اُسی صحیح البخاری میں حدیث کما قال العبد الصالح کے سیاق میں مروی ہیں الحمد للہ مخالفین کی تحریف سے کلام اللہ محفوظ و مصئون رہا صدق اللہ تعالیٰ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ۔ پس ہماری طرف سے جو اشتہار ایک ہزار روپیہ کا مدت دس سال سے اس بارہ میں شائع ہو رہا تھا کہ جو کوئی مخالف معنی توفاہ اللہ کے سوا قبض اللہ روحہ کے کتاب و سنت محاورہ عرب لغت امثال عرب سے نکال دیوے سو اب تک تمام مخالفین اس کارروائی میں ناکام اور عاجز ہیں و الحمد للہ۔

ازالہ ص ۲۴۱

قولہ فرقۂ مرزائیہ عیسی بن مریم کے مصلوب ہونے یعنی صلیب پر چڑھانے کے یہود اور نصاریٰ کی طرح معتقد ہیں فقط صلیب پر مرجانے میں باہم مختلف۔ یہود اور نصاریٰ کہتے ہیں کہ مسیح صلیب پر مرگئے۔ اور مرزائیہ صلیب سے زندہ اتار کر بعد ستاسی سال کے کشمیر خاص سری نگر میں دفن کرتے ہیں۔ ایام الصلح صہ۱۲۱۔ اس کا بطلان رفعہ اللہ کی ماضویت سے جو بہ نسبت

ماقبل بل یعنی مَآ قَتَلُوْهُ وَ مَا صَلَبُوْهُ کے ثابت کی گئی ہے اصل کتاب سے اور فائدہ جلیلہ سے جو منہیہ میں لکھ چکا ہوں. بخوبی ناظرین معلوم کر چکے ہیں۔

اقول شعر

ہرچہ بر آدمی رسد تر زباں ۔ ہمہ از آفت زباں باشد

اصل کتاب میں بل کی نسبت جو آپ نے قواعد نحویہ کو بیان فرمایا اُنھیں قواعد سے مقتضائے بل نے اس رفع مسیح کے مسئلہ کی تمام کجیوں اور بلوں کو سیدھا کر دیا اور بیشک حضرت مسیح جو صلیب پر چڑھائے گئے تھے اللہ تعالی نے اُن کو قتل بالصلیب سے نجات دی اور عمر طبعی کو پہونچ کر بعد سیر و سیاحت کے کشمیر خاص سری نگر میں دفن کیے گئے دیکھو رازحقیقت و ایام الصلح وغیرہ کو اور رافعہ اللہ کی ماضویت جو بہ نسبت ماقبل بل یعنی مَآ قَتَلُوْهُ وَ مَا صَلَبُوْهُ کے مقتضای کلمہ بل کا تھا وہ بھی ثابت ہوگیا اب فائدہ ذلیلہ جو آپ نے لکھا ہے اُس کا جواب درد بھی سینئے شاید کہ حق و باطل میں اب تمیز ہو جاوے کیونکہ اب طلوع شمس بھی ہو چکا ہے اور صبح صادق نمودار ہو گئی ہے۔ **شعر**

بوقت صبح شود ہمچو روز معلومت | کہ باکہ باختۂ عشق در شب دیجور

فائدہ جلیلہ بمقابلہ فائدہ ذلیلہ۔ **شعر**

ھذی علوم من تحقق کشفھا ۔ یھدی القلوب الی السبیل الاقوم
فالحمد للہ الذی انا جامع ۔ لعلومھا و لعلم مالم نعلم

فوائد جلیلہ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ منجملہ اقسام قصر الموصوف علی الصفة کی ایک قسم ہے یعنی قصر قلب کلمہ بل کا مفہوم ہیں اضراب یعنی اعراض کے لئے ہوتا ہے اگر بعد امر یا اثبات کے واقع ہو تو اثبات حکم کا مابعد کے لئے کرے گا اور معطوف علیہ کو کالمسکوت

فائدہ جلیلہ ۱۰

ضمیمہ ۳۵ ج ۱ ص ۱۶

عنہ کر دے گا اور بعد نفی یا نہی کے حکم اول یعنی منفی یا منہی کو بر
حال خود رکھے گا اور ضد اُس حکم کی ما بعد کے لئے ثابت کرے گا
قام زید بل عمر لیقم بکر بل خالد ۓ لم اکن فی ربع
بل تیہاً لا تضرب زیداً بل عمراً اور جس صورت میں مابعد
بل کے جملہ ہو تو ابطال جملہ اولی اور اثبات جملہ ثانیہ کے لئے ہوگا
قولہ تعالیٰ بل عباد مکرمون یا انتقال من غرض الی غرض
آخر پر دال ہوگا قولہ تعالیٰ بل تؤثرون الحیوۃ الدنیا
یہ بھی معلوم ہو کہ بل دو نو صورتوں یعنی مفرد و جملہ میں عطف کے
لئے ہوتا ہے بنا بر تحقیق اور مشہور عند النحاۃ عاطفہ ہونا اُس
کا مختص بالمفرد ہے یعنی جس صورت میں کہ بعد اُس کے مفرد واقع
ہو اور جملہ میں حرف ابتدا کا ہوگا بنا بر مشہور بل مشترک ٹھیرا
عطف اور ابتدا میں اور ظاہر ہے ذکی ماہر پر کہ عدم
اشتراک صحیح ہے بہ نسبت اشتراک کے فقط بودے لوگ
سرسری جو امتیاز درمیان معنی وضعی اور اُس کے افراد میں نہیں کر
سکتے جب استعمال لفظ کا افراد میں بھی معنی وضعی مطلق کی طرح پاتے
ہیں تو اُن کو دھوکا اشتراک اللفظ بین المطلق والافراد کا لگ
جاتا ہے بلکہ فرد معین ہی کو بہ لحاظ کثرت استعمال کے موضوع
لہ سمجھ لیتے ہیں جیسا کہ آج کل اردو خوانوں کو لفظ رفع میں دھوکا
لگا ہوا ہے بیان اُس کا عنقریب آوے گا۔ کلمہ بل کا موضوع
لہ فقط اعراض ہے پہلے کا مسکوت عنہ کرنا یا تقریر اُس کی علی ہذا
القیاس ابطال ذات پہلے کی یا انتقال غرض سے یہ سب انواع
ہیں اعراض کے لئے جو معنی وضعی ہے ۱۲ بحر العلوم مسلم الثبوت
الغرض کلمہ بل کا بنا بر تحقیق ہذا آیت مذکورہ میں حرف عطف ٹھیرا
ابطال جملہ اولی یعنی قتلوہ کے لئے جو صلیب سے واقع ہو۔
کما قال تعالیٰ فی سیاق الآیۃ ماقتلوہ وما صلبوہ پس قرآن مجید

سے ہی ثابت ہوا کہ یہود حضرت عیسیٰ کے قتل بالصلیب ہی کے قائل
تھے ورنہ کلمہ مَا صَلَبُوْہُ بالکل حشو و لغو ہوا جاتا ہے اس کے علاوہ
مؤلف خود حسب قول یہود قتل بالصلیب کا قائل ہے پس اگر ماتحن فیہ
میں ایک ذرہ بھر بھی غور کرتا تو مقصود ہمارا مندرجہ آیت اس کے
پاس موجود تھا اور مقتضائی کلمہ بل جس کو مؤلف نے بقواعد نحویہ
ثابت کیا ہے اس سے ہمارا ہی مطلب ثابت ہوتا ہے لا غیر

ولنعم ما قیل شعر

قد یرحل المرء لمطلوبه والسبب المطلوب فی الرحل

اب یہ بات کہ یہود قتل بالصلیب کے کیوں قائل ہوئے تھے سو ایک
تک توراۃ میں موجود ہے کہ جو شخص سولی سے قتل کیا جاوے
وہ ملعون ہوتا ہے اور چونکہ نصاری بھی توراۃ کے احکام کی تصدیق
کرتے ہیں اور توراۃ پر اعتقاد رکھتے ہیں لہٰذا باتباع یہود وہ
بھی اس غلطی میں پڑ گئے اور حضرت عیسیٰ کو مقتول بالصلیب غلطی
سے سمجھ کر تین روز تک ان کو ملعون قرار دیا و نعوذ باللہ منہ
پس مقصود یہود کا قتل بالصلیب سے حضرت عیسیٰ کی ملعونیت ثابت
کرنی ہے لا غیر پس جس طرح پر نفی علت سے نفی معلول کی جاتی ہے
اسی طرح پر حضرت عیسیٰ کی ملعونیت کو جو معلول قتل بالصلیب کے
ہے نفی علت کر کر جو قتل بالصلیب ہے نفی فرمایا اور منجملہ طرق قصر
کے قصر بالعطف بھی ہے جس میں متکلم پر واجب ہے کہ نص علی
المثبت او المنفی کرے کیونکہ مطلق کلام قصری کو متکلم تمیز بین الخطا والصواب
کے لئے بولتا ہے تاکہ مخاطب کے اعتقاد میں جو خلط بین الصواب والخطا
واقع ہے نکل جاوے اور بالخصوص قصر بالعطف میں کسی طرح ترک
کرنا تصریح کا جائز نہیں۔ ماتحن فیہ میں یہود کا افترا دو وجہ سے
تھا ایک مسیح کا بذریعہ صلیب کے مقتول کہنا دوسرا اس مقتولیت
کو محقق بولنا یعنی اِنَّا قَتَلْنَا سے بتعبیر تاکیدی کرنی ان دونوں وجہوں کو

متکلم بلیغ نے کس طرح سے رد کیا **تنبیہ** چونکہ ہم نے یہ التزام کیا ہے کہ حتی الامکان مؤلف ہی کی عبارت اور اس کے مسلمات سے اس کا تعاقب کرکر ردّ کرتے ہیں اور اکثر بالمعارضہ جواب دیتے ہیں اور اسی کی عبارت کا رنگ ہماری عبارت میں کلون الماء فی الاناء ہو جاتا ہے خواہ مؤلف کی عبارات اور الفاظ بے محاورہ اور غیر لائقہ ہی ہوں ہم بھی وہی الفاظ و عبارات نقل کر دیتے ہیں تاکہ طریق معارضہ بالقلب سے جو جواب دندان شکن ہوتا ہے مؤلف پر حجت ہو جاوے چنانچہ اس جگہ پر ناظرین ملاحظہ فرماویں کہ لفظ متکلم بلیغ کا شان میں اللہ تعالیٰ کے کیسا ایک لفظ رکیک اور گستاخانہ ہے علیٰ ہذا القیاس اکثر عبارات بالکل بے محاورہ اور قواعد زبان اردو کے محض خلاف ہیں ہم کہاں تک اس کی اصلاح کرتے کتاب و سنت میں اللہ تعالیٰ کے لیے متکلم بلیغ کا اطلاق کہیں نہیں آیا۔ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآئِهٖ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ اب اصل کلام کی طرف رجوع کی جاتی ہے کہ اوّلاً فرمایا کہ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ اب سامع کو یہ وہم پیدا ہوا کہ حضرت عیسیٰ باتفاق فریقین یہود و نصاریٰ کے صلیب پر تو چڑھائے ہی گئے تھے پھر مَا صَلَبُوْهُ کہنا کیونکر درست ہوا کیونکہ صلیب پر چڑھایا جانا اُن کا ایک ایسا تاریخی واقعہ ہے جس سے اکثر اہل اسلام بھی انکار نہ کر سکے ہاں ان لوگوں نے اس تاریخی واقعہ کی یہ تاویل کی کہ حضرت عیسیٰ کی شبیہ کا تہ ہو صلیب پر چڑھائی گئی تھی نہ حضرت عیسیٰ چونکہ قرآن مجید واسطے رفع اختلاف بین الیہود و النصاریٰ و نیز بنا برفع نزاعات واقعہ بین المسلمین الی یوم القیامۃ نازل ہوا ہے لہٰذا اس اختلاف کو بھی کلام الٰہی نے خود ہی رفع فرمایا وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ظاہر ہے کہ حرف لٰکن واسطے استدراک کے آتا ہے یعنی واسطے

دفع کرنے اُس وہم کے جو کلام سابق سے سامع کو پیدا ہوتا ہے قاموس
میں لکھا ہے ولکن ساکنۃ النون ضربان مخففۃ من الثقیلۃ و
ھی حرف ابتداء لا یعمل خلافاً للاخفش و یونس فان ولیہا
کلام فہی حرف ابتداء لمجرد افادۃ الاستدراک و
لیست عاطفہ اب ہم دریافت کرتے ہیں کہ کلام سابق سے
کیا وہم پیدا ہوا جس کو لاکن کے ساتھ دفع کیا گیا جب ہم کلام
سابق پر نظر کرتے ہیں تو کوئی اور وہم پیدا ہی نہیں ہوتا بجز اس
کے کہ حضرت عیسیٰ سولی سے ضرور قتل کئے گئے تھے کیونکہ یہود و
نصاریٰ ابتدا سے لے کر آج تک اسی امر پر متفق ہیں کہ حضرت عیسیٰ
سولی پر قتل کیے گئے اب اس وہم کے دفع کے واسطے جو کلام
سابق مَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ سے پیدا ہوا بحرف استدراک
لاکن کے دفع کیا گیا کہ ہاں حضرت عیسیٰ صلیب پر چڑھائے گئے
تھے اور یہ صلیب پر چڑھایا جانا مشابہ قتل بالصلیب کے ہے اسی
واسطے بحرف لاکن فرمایا گیا یعنی ولاکن حضرت عیسیٰ مشابہ بالشبہ
مقتول بالصلیب یہود کے لئے کیے گئے اور جیسا کہ مخالفین کہتے
ہیں کہ حضرت عیسیٰ کی شبیہ سولی پر قتل کی گئی تھی لہذا یہ وہم پیدا
ہوا کہ خود حضرت عیسیٰ مقتول بالصلیب ہوئے ہوں مگر اس
صورت میں استدراک جو مقتضا حرف لاکن کا ہے کب ٹھیک
ہوتا ہے کیونکہ لاکن کے سابق میں کہاں مذکور ہے کہ حضرت عیسیٰ
کی شبیہ مقتول بالصلیب ہوئی جس سے یہ وہم پیدا ہوتا کہ خود
حضرت عیسیٰ مقتول بالصلیب ہوگئے ہوں پھر لاکن کے ساتھ
کون سا وہم ناشی عن الکلام السابق دفع کیا گیا معہذا منشاء وہم
کو تو پھر لاکن کے بعد بھی ذکر کیا گیا جس سے وہ وہم اور قوی ہو
گیا اندریں صورت حرف لاکن جو دفع وہم ناشی عن الکلام السابق
کے واسطے آتا ہے محض لغو اور حشو ہوا جاتا ہے و تعالیٰ کلامہ

مقتضائے حرف لاکن مطابقتہ

تعالیٰ عن ذلک علواً کبیرًا اس صورت میں عبارت یوں ہونی چاہیے تھی کہ مَا قتلوہ وما صلبوہ ولکن قتلوا وصلبوا شبیہ عیسی فلھذا شبہ لھم و این ھذا من ذالک ہاں جو معنی آیت کے ہم لیتے ہیں اُس میں یہ سب امور یعنی ابتدا کی اور پیدا ہونا وہم کا کلام سابق سے اور دفع کرنا اُس کا لاکن سے وغیرہ وغیرہ سب متحقق ہوجاتے ہیں یعنی مَا صَلَبُوْہُ سے یہ وہم پیدا ہوا کہ حضرت عیسی کا مقتول بالصلیب ہونا تو یہود و نصاری کا آج تک اتفاقی مسئلہ ہے پھر مَا صَلَبُوْہُ کیونکر درست ہوسکتا ہے جواب دیا گیا وَلٰکِنْ شُبِّهَ لَهُمْ یعنی لیکن حضرت عیسیٰ صلبوہ کے مضمون سے مشبہ اور مشابہ کئے گئے یعنی صلیب پر چڑھائے گئے اور پھر جلد نیز زندہ اُتار لئے گئے اس شبہ سے کہ مقتول بالصلیب ہوچکے جیساکہ ہمارے رسائل مؤلفہ میں مفصلاً لکھا ہوا ہے کہ یوم السبت کی شروع لیل سے یہود کو یہاں کوئی مجرم سولی پر لٹکا نہ رہتا تھا چنانچہ مؤلف کے نزدیک بھی یہ واقعہ فی آخر یوم الجمعہ مسلمہ ہے دیکھو صفحہ ۵۳ وکان ذلک یوم الجمعۃ بعد العصر لیلۃ السبت ان معنوں میں علاوہ محاسن مذکورہ کے معنی شُبِّهَ جو باب تفعیل سے ہے وہ بھی ٹھیک ہوگئی اور مرجع * ضمیر شبہ کا بھی کلام سابق میں عیسی مذکور ہے اور مشبہ بہ یعنی مضمون قتلوہ وصلبوہ بھی مذکور ہے الحمد للہ کہ الفاظ قرآن مجید سے ہی سب امور کا فیصلہ ہوگیا اور جو فرض منصب قرآن مجید کا رفع اختلاف واقعہ بین الیہود والنصاری بل بین المسلمین تھا قرآن مجید اُس پر قائم رہا اور جو اختلاف تھا وہ بھی رفع دفع ہوا قال اللہ تعالیٰ

---

* برخلاف تفسیر خیالی مخالفین کے کہ مرجع ضمیر شبہ کا اُس میں کہیں پتہ اور نشان نہیں۔ ۱۲۔ منہ

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِىْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ وَاِنَّهٗ لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ - ۲۰/۲

سوال حل طلب

وہ شخص کہ جس پر حضرت عیسیٰ کی شبیہ ڈالی گئی کون تھا اُس کے ماباپ کا نام کیا تھا اُس کا کوئی خاندان دنیا میں موجود تھا یا نہیں بشق اول جب کہ وہ شخص قتل بالصلیب کیا گیا اُس کے ماباپ یا اعزہ اور اقارب نے کچھ ماتم اُس کا کیا یا نہیں یا کچھ جستجو بھی اُس کی کی گئی یا نہیں بصورت ثانی نہایت بعید از عقل ہے کہ ایک شخص تو سولی سے بچ جاوے اور ایسے سنگین مقدمہ میں دوسرا شخص غیر مجرم سولی دیا جاوے اور اُس بلدہ میں کسی طرح کا شور و غل اُس کے اعزہ اور اقارب کی طرف سے برپا نہ ہو اور کوئی تاریخی واقعہ ایسے مخلص حواری کا نہ انجیل میں لکھا جاوے اور نہ کسی تاریخی کتاب میں اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ حالانکہ حضرت مریم نے تو سولی کے نیچے بیٹھ کر بڑا ماتم کیا دیکھو صنا سطر حتی ذکرہا ان مریم جلست تحت ذلك المصلوب و بکت ویقال انه خاطبها واللہ اعلم پھر گذارش ہے کہ اللہ تعالیٰ سے یہ تو سب کچھ ہو کہ اُس کوٹھڑی کی چھت کو جھٹ پٹ پھاڑ دیا اور ایک کھڑکی بنا دی اور حضرت عیسیٰ کو مع جسم کے آسمان پر اُٹھا لیا اور حضرت عیسیٰ کی شبیہ بھی ایک شخص پر ڈالدی وغیرہ وغیرہ لیکن اس قدر نہ ہو سکا کہ صرف مضمون جملہ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ کا حسب تفسیر ابن عباس کے اُن کی ماکو الہا ماً سمجھا دیتا اچھا یہ سب کچھ بھی جانے دیجئے حضرت مریم کو اتنا بھی یاد نہ رہا جو حضرت عیسیٰ نے حالت طفولیت میں اُن کو پڑھا دیا تھا اور سمجھا دیا تھا کہ وَالسَّلٰمُ عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ وَيَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا سپیرہ دو بارہ

بحث مصلوب پر سے تشبیہ عیسیٰ کی حضرت مریم کا صلیب کے نیچے بیٹھ کر ماتم کرنا

افسوس ہے کہ اس قدر بھی نہ ہو سکا کہ جن حواریوں نے بچشم خود دیکھا تھا کہ حضرت عیسی کی شبیہ ایک حواری پر ڈالی گئی ہے باوجودیکہ اُن کی تعداد ۱۲ ویا ۱۳ ویا ۱۷ نفر تھی دیکھو صفحہ ۲۰ سطر ۹ کو وھو فی جماعۃ من اصحابہ اثنا عشر او ثلاثۃ عشر وقیل سبعۃ عشر نفرا پھر نظر ثانی کرو اس عبارت پر ما عدا من کان فے البیت مع المسیح فانھم شاھدوا رفعہ اب یہ گذارش ہے کہ ان حواریوں میں سے بھی کسی نے حضرت مریم کو آگاہ نہ کیا اور نہ سمجھایا کہ اے مریم تم کیوں روتی ہو حضرت عیسی کے واسطے تو اللہ تعالی نے چھت کو بھی پھاڑ دیا اور اُس میں ایک کشادہ کھڑکی بھی کردی اور اُن کو آسمان پر چڑھا دیا اور سولی سے قتل اور شخص کیا گیا ہے جس پر اللہ تعالی نے حضرت عیسی کی شبیہ ڈال دی تھی۔ کاش اگر حضرت مریم کے کان میں بطور سرگوشی کے بھی حواری یہ کہہ دیتے تو وہ تسلیم کرلیتیں کیونکہ وہ صدیقہ تھیں اللہ تعالی کی باتیں تو ادنیٰ درجہ کا مؤمن بھی قبول کرلیتا ہے۔ پھر اس صورت میں وہ اس قدر ماتم سولی کے نیچے بیٹھ کر کیوں کرتیں باوجودیکہ حضرت موسی کی والدہ کو اللہ تعالی نے الہام کی رو سے سب طرح کی تسلی دے دی تھی اور تشفی کردی تھی کما قال اللہ تعالی لاتخافی ولاتحزنی انا رادوہ الیک وجاعلوہ من المرسلین لیکن حضرت مریم کے واسطے دروازہ تسلی کا ایسا بند ہوا کہ نہ تو الہاماً اُن کی تسکین کی گئی حتی کہ جو حضرت عیسی نے اُنکو حالت طفولیت میں تعلیم کیا تھا وہ بھی بھلا دیا اور نہ حضرت ابن عباس کے اثر کے بموجب ولکن شبہ لھم کی تفسیر اُن کو بتائی گئی یہاں تک کہ جن حواریوں نے حضرت عیسی کا رفع جسمی وغیرہ دیکھا تھا اُنھوں نے بطور سرگوشی کے بھی اُن سے نہ کہا۔ اگر کاش اسی قدر مریم کو الہام یا افہام ہوجاتا جس قدر مؤلف صاحب اور

ان کے ہم مسلکوں کو ہوا ہے تو پھر اس قدر ماتم صلیب کے نیچے
بیٹھ کر کیوں کرتیں ۔ اور بشق ثانی کیا آپ کے نزدیک یہ شخص
حد درجہ کا مخلص جس پر شبیہ حضرت عیسی کی ڈالی گئی اس کے ما
باپ کا نشان اور اس کے اعزہ و اقارب کا کہیں پتہ نہیں ملتا تو
وہ کیا خدا کا بیٹا تھا جو ایسا مجہول النسب رہا اندریصورت یک
نشد دو شد کی مثل صادق آئی بلکہ یہ شخص تو حضرت عیسی سے بھی
بڑھ گیا کیونکہ حضرت عیسی کے اگر باپ نہیں تھے تو والدہ تو موجود
تھیں لیکن شبیہ عیسی کے نہ ماں تھی نہ باپ ان ھذا لشئ عجاب
اور ایک اور تماشائے عجیب اس اثر ابن عباس میں موجود
ہے کہ عیسائی تو حضرت عیسی کو مقتول بالصلیب گردان کر ان
کو تمام عیسائیوں کے لئے کفارہ قرار دیتے ہیں اور حضرت مؤلف
صاحب اور ان کے ہم مشرب اس شخص کو جس پر شبیہ حضرت
عیسی کی ڈالی گئی تھی کفارہ مسیح کا کہتے ہیں ہم حیران ہیں کہ ان
دونوں میں سے کس کو صادق کہیں اور کس کو کاذب مصرعہ
شد پریشاں خواب من از کثرت تعبیرہا ۔ اور اگر مؤلف صاحب
کہیں کہ روایت ماتم کرنے مریم کی صلیب کے نیچے روایت اسرائیلی
ہے تو جواباً عرض ہے کہ اس بارہ میں جو دیگر روایات آپ
نے یہاں لکھی ہیں بجز چند روایات کے وہ کونسی کتاب اللہ اور
سنت صحیحہ میں درج ہیں بلکہ کتاب اللہ اور سنت صحیحہ تو
ان اکثر روایات کو رد کر رہی ہے انھیں روایات اسرائیلی نے
تو ایک عظیم گروہ اہل اسلام کو بموجب پیشین گوئی مخبر صادق
کے فیج اعوج میں داخل کر دیا ہے جس کی اصلاح کے لئے مسیح
موعود نازل ہوا ہے ۔ اور اگر آپ کے نزدیک یہ روایت غلط
تھی تو آپ نے یا مفسروں نے اس کی تغلیط کیوں تحریر نہیں کی
وھذا لیس اول قارورۃ کسرت فی الاسلام انا للہ وانا

تفسیر آیت [illegible]

اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡنَ اب وَلٰکِنۡ شُبِّہَ لَہُمۡ کی تائید میں فرمایا جاتا ہے
کہ اِنَّ الَّذِیۡنَ اخۡتَلَفُوۡا فِیۡہِ لَفِیۡ شَکٍّ مِّنۡہُ مَا لَہُمۡ بِہٖ مِنۡ عِلۡمٍ
اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ حاصل مطلب یہ ہے کہ جو واقعہ مختلف فیہ ہو
اول تو وہ مشکوک ہو جاتا ہے ثانیاً جب کہ اُس واقعہ کا علم یقینی
نہ ہو بلکہ صرف اتباع ظن ہی سے وقوع مانا گیا ہو تو اُس کی نسبت
قول یقینی اور محقق نہیں کہا جا سکتا ہے دیکھو صفحہ ۵۴ سطر ۱۲ کو جتماع
شکوک سے یقین حاصل نہیں ہوتا انتہٰی پس یہ قول یہود کا کہ اِنَّا
قَتَلۡنَا الۡمَسِیۡحَ الآیہ ایسے امر مشکوک مختلف فیہ غیر معلوم بالیقین کے
لئے ہرگز درست نہیں چہ جائیکہ اُس پر اور عقائد یقینیہ بطور نتائج
کے متفرع کئے جاویں یعنی یہ کہ جب حضرت عیسیٰؑ مقتول بالصلیب
ہوئے تو اس سے یہ نتیجہ نکلا کہ بالضرور ملعون ہو گئے ونعوذ باللہ
منہ اور نبی نہ رہے یا مسئلہ کفارہ جو غلط در غلط ہے اُس سے
ثابت کیا جاوے کہ یہ سب تفریعات بنا بر فاسد علی الفاسد ہے
علی ہذا القیاس اہل اسلام کیلئے بھی یہ آیات بینات ہدایات روشن
ہیں کیونکہ جب حضرت عیسیٰؑ کا رفع جسمی آسمان پر ثابت ہی نہیں
تو پھر مسئلہ نزول کو اُس پر متفرع کرنا کس قدر اٹکلوں سے کام
لینا ہے قال اللہ تعالیٰ قُتِلَ الۡخَرّٰصُوۡنَ الَّذِیۡنَ ہُمۡ فِیۡ غَمۡرَۃٍ
سَاہُوۡنَ یعنی اٹکل کے تکے چلانے والے قتل کئے جاویں جو غفلت
میں بھولے ہوئے ہیں اب ہم پھر اصل کلام کیطرف رجوع
کرتے ہیں کہ اگر بَلۡ رَّفَعَہُ اللّٰہُ اِلَیۡہِ سے رفع جسمی مراد لیا جاوے
جیسا کہ مخالفین کہتے ہیں تو بمقتضائے قصر قلب کے چاہیئے کہ
ما بعد بل کے معنی رفع جسمی اور ماقبل اُسکا یعنی ملعونیت مجتمع نہوں حالانکہ ہم ثابت کر چکے ہیں
کہ ایک کافر بلند پہاڑ و نیز رہنے والا یا غباروں کے ذریعہ جیسا کہ اخبار وطن میں لکھا ہے ۲۶۱۰۷ فٹ اونچا
آسمان پر چڑھنے والا باوصف اپنے کفر و شرک کے ملعون ہو سکتا ہے اور اسجگہ پر رفع جسمی اور ملعونیت ہر دو مجتمع ہو جاتے
ہیں جو مقتضا کلمہ بل کے بالکل مخالف ہے قصر قلب میں اگرچہ تنافی بین الوصفین بنا بر تحقیق ضروری نہیں مگر اعتقاد الوصفین کا لازم

نہ ہونا دوسرے وصف کے لئے نہایت ہی ضروری ہے تاکہ مخاطب
کا اعتقاد برعکس مایذکرہ المتکلم کے متصور ہو و لکن ھھنا یجتمع
الرفع الجسمی و الملعونیۃ کلاھما فاین ھذا من ذالک
لانہ مخالف لمقتضای کلمہ بل اور حضرت مرزا صاحب کو
نزدیک رفع بمعنی موت کے ہرگز نہیں ہے ہاں چونکہ توفی کے بعد
بھی انبیا کا ایک اعلیٰ درجہ کا رفع ہوتا ہے تو یہی رفع بعد التوفی
مراد ہے حضرت مرزا صاحب کے کلام سے ورنہ رفع کو بمعنی موت
کے حضرت اقدس نے کہیں نہیں لکھا۔ اور اگر آیت مَا قَتَلُوْہُ یَقِیْنًا
بَلْ رَّفَعَہُ اللّٰہُ اِلَیْہِ کے معنے وہ ہوتے جو مخالفین کا خیال ہے
تو عبارت کلام الٰہی یوں ہونی چاہیئے تھی کہ ما قتلوہ یقیناً بل
قتلوا شبیھہ و رفعہ اللہ الی السماء بجسدہ العنصری
ورنہ فصاحت اور بلاغت قرآن کریم میں جو اعلیٰ وجوہ اعجاز سے
اس کا ہونا ضروری ہے خلل واقع ہوتا ہے کہ ایک مقتضائے
کلمہ بل بھی اس کی عبارت میں موجود نہیں متکلم بلیغ کی شان سے
بالکل بعید ہے کہ مقتضائے مقام یعنی تمیز ضروری کو چھوڑ کر مزید
براں ایسے کلام بولے جسکا معنی بحسب التبادر مخالف ہوں معنی مراد
سے اور آیت بَلْ رَّفَعَہُ اللّٰہُ اِلَیْہِ سے تحقق رفع درجات در
وقت واقعہ صلیب و ہم قبل اس کے بحسب محاورہ قرآنیہ وغیرہ
مفہوم ہوتا ہے جیسا کہ بَلْ جَآءَھُمْ بِالْحَقِّ ہیں جو بعد ام یقولون
افتراہ کے واقع ہے اور پھر گذارش ہے کہ ارادہ کرنا معنی
رفع درجات کا بل رفعہ اللہ الیہ سے بسبب وجود محکی عنہ
کے جو قبل از واقعہ صلیب بھی متحقق ہے عین حق اور صدق ہے
کما مر۔ پس بعد از قطع احتمال رفع جسمی کے آیت بل رفعہ اللہ
الیہ محکم ٹھہری رفع درجات میں لہذا اہل لسان اور محاورہ دان
صحابہ جو قرآن و حدیث کے لغوی ہیں مثل حضرت ابن عباس کے

اور سلف سے مثل امام بخاری وغیرہ کے رضوان اللہ علیہم اجمعین
رفع درجات کو اس آیت سے لیے سمجھے ہوئے تھے کہ ان محققین
میں سے کسی سے آیت إِنِّي مُتَوَفِّيكَ وَرَافِعُكَ إِلَيَّ اور
فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي کے معنوں میں اصح طور پر کوئی اختلاف مروی
نہیں ہے ولا اعتبار بالآثار المرجوحة والاحادیث
الضعيفة المضطربة والمعارضة لهذا المعنى كما
تقتضيه قواعد التعديل واصول الترجيح التي حررت
في كتب الاصول ويجب مراعاتها لفهم كلام الله و
حديث الرسول اور اسی وجہ سے یعنی چونکہ یہ آیت محکم
ہے رفع درجات میں تو بالضرور مبین اور مفسر ہوگی واسطے ان
آیات اور احادیث کے جو باعتبار عموم اپنے کے دال ہیں وفات
طبعی مسیح پر مثل قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اور ما من
نفس منفوسة الخ وغیرہ وغیرہ اور یہی آیت قرینہ ہے قویہ ارادہ
کرنے معنی موت کے لئے توفیتنی سے اور متوفیك سے جیسا کہ
تمام کتاب وسنت ولغات عرب سے ثابت ہوتے ہیں ہاں مخالفین
سے جب کچھ جواب اس کا نہیں بن پڑتا تو کلام الٰہی میں تحریف
کرتے ہیں اور تقدیم و تاخیر کے بہانہ سے نظم کلام الٰہی میں اصلاح
کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں و نعوذ باللہ منہ اور یہی آیت باآواز بلند
کہہ رہی ہے کہ كُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا مَا دُمْتُ فِيهِمْ میں بالضرور
حیات ملحوظ ہے کیونکہ فلما توفیتنی کے مقابل میں ہی اور ثانیاً نہایت
درجہ بعید از عقل ہے کہ ایک زمانہ دراز آسمان پر زندہ رہنے کا ذکر
بالکل متروک کیا جاوے بلکہ کسی جگہ پر قرآن مجید میں مذکور نہ ہو
حالانکہ بسبب عظمت اعجازی کے ضروری البیان تھا اور علاوہ یہ
کہ احادیث میں جو کہیں حضرت عیسیٰ مذکور ہوئے تو بشمول زمرۂ موتی
ذکر ان کا کیا گیا دیکھو احادیث معراج کو حالانکہ آسمان پر بجسد عنصری

زندہ رہنا ایک معجزہ عظیم الشان تھا اُس کا ذکر قرآن مجید میں بالتصریح مذکور ہونا ضروری تھا کیونکہ مقاصد قرآن مجید میں سے ایک مقصد عظیم یہ بھی ہے کہ اللہ تعالے کے عجائبات قدرت کا مذکور بھی ضروری ہے خصوصًا ایسا عظیم الشان معجزہ جو ابتداء خلقت سے اب تک واقع نہیں ہوا اور یہی آیت قرینہ ہے حدیث لَوْکان موسیٰ وعیسیٰ حیّین الخ میں جس کی صحت صاحب فتوحات کو مسلم ہے حیات سے حیات فی الارض مراد لینے کے لئے۔ اور جب کہ یہ آیت حسب دلائل مذکورہ و قواعد علوم الٰہیہ احتمال رفع جسمی کو قلع قمع کرتی ہے کما مر تو وہ استبعاد عقل انسانی جو در بارہ مرفوع ہونے جسم مسیح کے بجسدہ العنصری آسمان پر ہے وہ بھی واجب التسلیم رہا کیونکہ عقل وہ جوہر لطیف ہے جس کی نسبت اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِيْ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ اس آیت سے ثابت ہے کہ عقل و نقل کے نہ ماننے والے اصحاب السعیر میں داخل ہوں گے ونعوذ باللہ منہ وھذہ الآیۃ تکفی جوابًا لجمیع السوالات وان اجبنا عن کل سوال تبرعًا فی ھذہ الرّسالۃ۔ سبحان اللہ والحمد للہ کہ ایک کلمہ بل ولاکن استدراک نے مخالفین کے تمام بل اور جملہ کجیوں کو سیدھا کردیا مگر جب کہ کسی کو قرآن مجید کے علوم آلیہ سے ہے انکار ہو اور جس کی شان لَا رَيْبَ فِيْهِ ہے اُس کو چھوڑ کر امور مشکوکہ اور قصص مجہولہ کی طرف دوڑے تو اُس کا کیا علاج ہے۔ **شعر**

لاہور سے محبت ملتاں بتاتے ہو   کابل پڑی ہے تم کو پیش اور جاتے ہو

اب ناظرین کو معلوم ہوا ہوگا کہ جملہ مخالفین کیلئے بڑی دقت اور مصیبت پیش آرہی ہے جو مخالفین کہ مذاق علمیہ علوم آلیہ سے نہیں رکھتے وہ تو ایک ادنیٰ شخص کے روبرو گفتگو ان مسائل میں نہیں کرسکتے اور جو مخالفین کسی قدر مذاق علمیہ علوم آلیہ سے رکھتے ہیں اُنکے لئے

سب سے بڑھکر یہ مصیبت پڑی ہے کہ وہ تمام علوم آلیہ ہمارے مسلک کے مثبت اور مؤید ہیں اور مخالفین کو دھکے دے رہے ہیں چنانچہ اس فائدہ جلیلہ اور دیگر مقامات استدلالات سے ناظرین کو معلوم ہوا ہوگا و لنعم ما قیل۔ شعر

فان کنت لا تدری فتلك مصيبة — وان کنت تدری فالمصیبة اعظم

تمت الفائدة الجليلة۔

والان نشرع فی رد اصل

الکتب والیه المرجع والمآب

اور یہ بھی خیال رکھنا چاہئے کہ مراد ما قبل بل سے نفس قتل اور صلب ہے قطع نظر منفی ہونے اُس کے سے کیونکہ نفی حکایت میں ہے نہ محکی عنہ میں۔ اس تفسیر و تقریر سے جو صراحۃ نظم قرآنی سے سمجھی جاتی ہے مضمون اناجیل سے بھی مطابقت ہوگئی پھر ہم کو اُس کی تکذیب کیونکر جائز ہو سکتی ہے دیکھو صلاہم سے اور جس مضمون کا مصدق قرآن کریم ہو اُس کی نقل بطریق استشہاد لا من حیث الاعتضاد جائز ہوگی جیساکہ حدیث بخاری بلغوا عنی و لو ایة و حدثوا عن بنی اسرائیل و لا حرج آہ کے محمل کی یہی صورت ہے انتہی ملخصا اور حضرت اقدس نے صفحہ ۳۷۸ سے ۳۸۲ تک کہیں تحریر نہیں فرمایا کہ معنی صلب کے ہڈی توڑنی کیے ہیں صرف مضمون ہڈی نہ توڑے جانے کا نقل کیا ہے اور ہم کو کیا ضرورت ہے کہ معنی صلب کے ہڈی توڑنے کے لیویں کیونکہ باوجود موجود ہونے جملہ مَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ کے ہم کو کون سی ضرورت واقع ہے کہ صلب کے معنے ہڈی توڑنے کے لغت مین ڈھونڈیں اسواسطے کہ حاصل مطلب دونو جملوں کا قتل بالصلیب ہی ہے اور وہ حسب عقائد اور احکام توریت کے اب تک موجب لعنت شمار کیا جاتا ہے پس ہم نے صلیب پر چڑھائے جانے میں مسیح کے نظم قرآنی کو نہیں

چھوڑا اور آثار صحیحہ و احادیث اصح الکتب مندرجہ بخاری کو جنمیں لفظ توفی کے معنی نصاً موت کے ثابت ہوتے ہیں نہیں ترک کیا اور بعد از واقعہ صلیب مسیح کا زندہ رہنا اور عرصہ دراز کے بعد کشمیر میں مدفون ہونا کتب تواریخ قدیمہ و جدیدہ سے ثابت کیا ہے اور نیز وہ اناجیل جو ملک تبت سے برآمد ہوئی ہیں مسیح بن مریم کی سیاحت تا تبت و کشمیر وغیرہ کے لئے مؤید ہوگئیں پس بطلان مذہب مخالفین کا جو مخالف کتاب و سنت کے ہے اور یہ خیال اُن کا خانہ زاد ہے آیت ماقتلوہ یقینا بل رفعہ اللہ الیہ سے بشہادت مقتضائے کلمہ بل و کلمہ استدراک لکن وغیرہ کے چند وجوہ سے ظاہر ہو چکا اور تواریخ محققہ سے بھی مخالفت خیال مخالفین کے ثابت ہوگئی کما ثبت فی محلہ

جواب اعتراض

قولہ دوسری وجہ بطلان کی اتحاد مرجع ہے دونوں ضمیر منصوب متصل کا الی قولہ نظر بہ اتحاد وہی مجموعہ مرجع ہو گا نہ فقط روح۔

دوسری وجہ

اقول مؤلف اول اس کا فیصلہ کریں کہ جب مرجع ضمیر ماقتلوہ کا آپ کے نزدیک جسم مع الروح ہے تو اس سے لازم آتا ہے کہ آپ کے عندیہ میں جسم کے ساتھ روح بھی قتل ہو جاتی ہے اس صورت میں ایک بڑا مسئلہ عظیم الشان اسلام کا جو آپ کو بھی مسلم ہے باطل ہوا جاتا ہے یعنی وہ تمام انبیا و شہدا اور مقربین جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں مقتول ہوئے ہیں وہ مع روح کے قتل ہو گئے ہوں گے واللازم باطل فالملزوم مثلہ قال اللہ تعالیٰ وَلَا تَقُولُوا لِمَنْ يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتٌ بَلْ أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَكِنْ لَا تَشْعُرُونَ۔ ثانیاً مؤلف صاحب بیان فرماویں کہ اسبق آیت وَمَا قَتَلُوهُ وَمَا صَلَبُوهُ کے جسم مع الروح کہاں مذکور ہوا ہے جس کو آپ نے مرجع ضمیرین قرار دیا ہے بینوا توجروا البتہ

مسیح عیسیٰ بن مریم تو مذکور ہوا ہے پس وہی مرجع مَا قَتَلُوْہُ وَمَا
صَلَبُوْہُ کا ہے اور وہی مرجع بل رفعہ اللہ الیہ کا اور ثانیاً
ہم یہ امر ثابت کر چکے ہیں کہ حضرت عیسیٰ کا رفع بحسب الدرجات حالت
حیات میں بھی ہوتا رہا اور بعد وفات کے بھی ایک خاص قسم کا
رفع درجات ہوا لیکن یہ امر تو مسلم مؤلف صاحب کو بھی ہوگا کہ شہدا
و مقربین بعد مقتول ہوا اپنے کے اُنھیں اعلام و اسما کے ساتھ مذکور
کیے جاتے ہیں جو قبل مقتول ہونے کے انکے اعلام و اسما تھے بیت شعر

آن تو ئی کہ بے بدن داری بدن   پس مترس از جسم جاں بیروں شدن

قال اللہ تعالیٰ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ
اَمْوَاتًا بَلْ اَحْیَاۗءٌ عِنْدَ رَبِّہِمْ یُرْزَقُوْنَ فَرِحِیْنَ بِمَآ اٰتٰىہُمُ
اللّٰہُ مِنْ فَضْلِہٖ وَیَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِیْنَ لَمْ یَلْحَقُوْا بِہِمْ مِّنْ خَلْفِہِمْ
اَلَّا خَوْفٌ عَلَیْہِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ وغیرہ ذلک من
الآیات اس آیت میں بھی بل موجود ہے شاید پیر صاحب اپنے
خیالی مقتضاء بل کے بموجب ان مقتولین فی سبیل اللہ کے حیات
جسمانی بلکہ رفع جسمانی کے بھی قایل ہوں گے اور مثل شیعوں
کے اُن کی رجعت دوبارہ یا نزول من السماء کا قول بھی کرتے ہو
گے۔ افسوس کہ مؤلف صاحب نے ناحق اس کوچہ علمی میں قدم
رکھا اور اپنے مریدوں کے روبرو اپنے فہم سقیم سے انکو نادم بنایا اسّر
وکم من عائب قولا صحیحا   وآفتہ من الفھم السقیم

پھر اور وجہ بطلان مذہب مخالفین کی یہ ہے کہ حق سبحانہٗ تعالےٰ
سلک جرائم یہود میں صرف افترا اور بہتان اُن کا ذکر فرماتا ہے
یعنی وَقَوْلِہِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِیْحَ عِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ رَسُوْلَ اللّٰہِ
و قتلہم نہیں فرمایا اور اُن کے اس قول کی صرف یہی وجہ تھی کہ حضرت
عیسیٰ کے قتل بالصلیب میں انھوں نے اپنی طرف سے کوئی دقیقہ
فروگذاشت نہیں کیا کوچہ بہ کوچہ رسوا کیا اور مار پیٹ سے

تکلیف دی بلکہ صلیب پر بھی چڑھا دیا اور ان سب جرموں کے
مرتکب ہوئے اور چونکہ یہ سبب شروع ہوجانے لیل السبت کے
دو تین گھنٹوں میں صلیب پر سے اُتار لیئے گئے اور فی الواقع
مقتول بالصلیب نہیں ہوسے بلکہ بقرینہ حرف لکن کے جو استدراک
کے لئے آتا ہے صاف مفہوم ہوتا ہے کہ مقتول بالصلیب کے ج ۲۰ ص ۱۵۹|۱۶۰
مشابہ کئے گئے اور اس تدبیر سے اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح کو قتل
بالصلیب سے بچا لیا جس کی نسبت فرماتا ہے کہ مَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ
و اللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ یعنی یہود نے مسیح کے قتل کرنے کے لئے
کوئی دقیقہ فرو گذاشت نہیں کیا حتیٰ کہ سولی پر بھی چڑھا دیا مگر
ہم بڑے اسباب بچاؤ کے جانتے ہیں ہم نے اُس کو قتل بالصلیب
سے بچا لیا جیسا کہ مشرکین مکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل
کرنے کے لئے تمام منصوبے کرچکے تھے لیکن معہذا اللہ تعالیٰ نے
آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو ان کے ان منصوبہ کے شر سے مصؤن
ومحفوظ رکھا کما قال اللہ تعالیٰ وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ وَ يَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ اللّٰهُ وَ
اللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ المقصد اللہ جل شانہ نے اپنے حبیب کو
اس واقعہ مسیح بن مریم سے اسی لئے خبر دی کہ جس طرح سے بیٹے
مسیح کو یہود کے منصوبوں قتل سے بچا لیا اُسی طرح میں تجھ کو
بھی منصوبوں قتل مشرکین مکہ سے بچا لوں گا۔ یا اس قضیہ کو منعکس
بعکس لغوی کرلو کہ جس طرح پر مشرکین مکہ کے منصوبہ قتل سے
تجھ کو بچا لیا اُسی طرح مسیح کو بھی بچایا تھا اسی واسطے دونو
قضیوں میں الفاظ مشترکہ اور ایک سے ہی رکھے گئے ہیں ہاں ج ۲۰ ص ۱۵
البتہ حضرت عیسیٰ کے قصہ میں بصیغہ ماضی فرمایا گیا کہ مَكَرُوْا
وَمَكَرَ اللّٰهُ و اللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ کیونکہ قصہ زمانہ ماضی کا تھا
اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لیئے بصیغہ مضارع ارشاد کیا۔

کہ یَمْکُرُوْنَ وَ یَمْکُرُ اللّٰہُ وَ اللّٰہُ خَیْرُ الْمٰکِرِیْنَ کیونکہ یہ قصہ زمانہ حال و استقبال کا ہے مگر الفاظ و مواد دونوں قصوں کے متحد لائے گئے ہیں کیوں متحد لائے گئے ہیں صرف اسی واسطے کہ واضح ہو جاوے کہ دونوں قصوں میں باہم مماثلت تامہ ہے مگر افسوس ہے مخالفین پر کہ باوجود اس قدر تنبیہ الٰہی کے جو قرآن مجید میں واسطے اظہار مماثلت ہر دو قصوں کے متحد لانے الفاظ کے ساتھ کی گئی ہے تاہم مخالفین حضرت عیسیٰ اور آنحضرت صلعم کی حفاظت و عصمت میں زمین و آسمان کا تفاوت اعتقاد کرتے ہیں یعنی آنحضرت صلعم کے بچانے کے لئے اللہ تعالیٰ نے یہ تدبیر کی کہ غار ثور کے مصائب اور آفات سفر راہ مدینہ وغیرہ وغیرہ جنکا تحمل سخت دشوار تھا اُن پر اور اُن کے یار غار پر نازل فرمائیں اور بڑی تکلیفوں اور دشواریوں کے ساتھ کئی روز میں مدینہ منورہ پہونچایا اور دشمنوں کا تعاقب بھی پیچھے پیچھے چند مقاموں پر رہا اور پھر یہ احسان جتلایا کہ اِنْ لَّا تَنْصُرُوْہُ فَقَدْ نَصَرَہُ اللّٰہُ اِذْ اَخْرَجَہُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا ثَانِیَ اثْنَیْنِ اِذْ ھُمَا فِی الْغَارِ اور حضرت عیسیٰ کے لئے یہ تدبیر کی کہ بلا کلفت اور مشقت کے چھت کو پھاڑ کر ایک دریچہ بھی بنادیا اور حضرت عیسیٰ کی شبیہ دوسرے شخص پر ڈالدی اور اُن کو چوتھے آسمان پر چڑھا دیا اور اب دو ہزار برس تخمیناً اُن کو آسمان پر رہتے ہوئے ہو گئے نہ اُن کو حاجت اکل و شرب کی ہے نہ اُن کے جسم میں کسی طرح کا تغیر پیدا ہوتا ہے اور نہ اُن کو کوئی مرض لاحق ہوتا ہے جو خاص صفت الٰہیہ حی و قیوم کی تھی یعنی لایحول و لایزول دو ہزار برس سے اُن کو دے رکھی ہے ع ببیں تفاوت رہ از کجاست تا بکجا گویا مؤلف اپنی زبان حال سے یہ شعر پڑھ رہا ہے۔ **شعر**

فسبحان من خص المسیح براحۃ لیغبط فیہا الذی ھو افضل

ہاں مجھے یاد آگیا کیونکہ یہ فرق نہ ہوتا کہاں حضرت عیسیٰ خدا کے اکلوتے بیٹے ملکی صفات بشریت سے مبرا اور کجا محمد رسول اللہ عبدہ و رسولہ

ایک خاکی نژاد انسان و نعوذ باللہ من ھذا القول مثل الٰہ ل
تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ
الْجِبَالُ هَدًّا اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا کلا و حاشا ای مؤلف
صاحب تم عیسائیوں کے شریک ہو کر وہ شعر پڑھے جاؤ ہم تو یہ
اشعار پڑھتے ہیں۔ **اشعار**

الا بابی من کان ملکاً وسیداً   وادم بین الماء والطین واقف
فذاک الرسول الابطحی محمد   له فی العلی مجد تلید وطارف

اور ہم یہاں پر اُن اغلاط کا اظہار کرنا نہیں چاہتے جو مؤلف صاحب
نے اس مقام پر بسبب بے علمی کے کیں ہیں کہیں حضرت عیسیٰ کے
لئے تشبہ بالملائکہ کا قول کیا ہے اور کہیں حضرت مریم کے گریبان میں
نفخ روح اللہ تعالے کے کلام پاک سے اپنے خیال میں مان لیا ہے
ہاں ہدیۃ الرسول کے رد میں انشاء اللہ تعالے ان اغلاط کی خبر لی جاوے
گی۔ اب ہم پھر اصل کلام کی طرف رجوع کرتے ہیں کہ اس کے بعد
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا یعنی یہ خیال مت کرو کہ اللہ
تعالیٰ مسیح کو بغیر آسمان پر اٹھا لے گئے نہ بچاسکتا تھا بلکہ اُس کا نام عزیز
ہے باعزت اور با غلبہ بغیر آسمان پر اٹھاسے حضرت عیسیٰ کو قتل
بالصلیب سے بچا دینا باوجود صلیب پر چڑھا دینے کے اُس کے
سامنے بڑی بات نہیں ہے۔ **شعر**

اذا رام امرا لا یکون خلافه   ولیس لذالک الامر فی الکون صارف

حکیماً یعنی ہم باحکمت ہیں کوئی کام ہمارا حکمت سے خالی نہیں
ہوا کرتا پس کیونکر ہو سکتا ہے کہ ہم حکمت ایمان بالغیب کو ضائع کر کر
ایسا معجزہ واقع کریں کہ ایمان لانے کی طرف مجبور کردے اور پھر اپنی
حبیب ازلی اور شاہد لم یزلی کو توفیق سے کفار مکہ کے اسطرح
بچاویں کہ غار ثور جیسے غار میں جس میں ہزاروں صدہا آفات کا تھا
انواع انواع کی بمصاحب کے ساتھ چھپا دیں اور

فوائد

اور تمام آفات سفر کی اُس پر اور اُس کے یار غار پر نازل کریں اور مسیح کو جو انؐ کے ایک **خادم** کی برابر ہے یہ شرف اور رتبہ دیویں کہ بلا کلفت اور بغیر کسی محنت یا آفت کے چوتھے آسمان پر چڑھا دیں اور اُس کی شبیہ کسی حواری پر ڈالکر شبیہ کو سولی پر قتل کراویں ایسا فعل ہماری حکمت کے سرتاپا خلاف ہے **تِلْكَ إِذًا قِسْمَةٌ ضِيزَىٰ** اور ہم تو اس بات پر بھی قادر ہیں کہ مسیح جیسا شخص اُس حبیب ازلی کی اُمت ہی میں پیدا کردیویں اور وہ **اِمَامُكُمْ مِنْكُمْ** کا مصداق ہوکر یکسر الصلیب کرے اور بلحاظ اُس کی دعا اور الہام کے یقتل الخنزیر بھی واقع ہو اور اُسی کے دعوی کی تصدیق کے لئے اجتماع **کسوف وخسوف** رمضان ۱۳۱۱ہجری میں واقع ہو جو کسی مامور من اللہ کی تصدیق کے لئے جب سے کہ آسمان وزمین کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے واقع نہیں ہوا وغیرہ وغیرہ **شعر** آسمان بارد نشان الوقت میگوید زمیں ؁ این دو شاہد از پۓ تصدیق من استادہ اند ما اور ہماری حکمت کا مقتضا یہی ہے کہ ہر چیز کے ساتھ معاملہ حسب استعداد مادہ فطرتی اُس کی کے کیا جاوے اگر ایسا معاملہ جو بے وقوف ہماری حکمت سے مسیح کے ساتھ خیال کرتے ہیں کسی کے ساتھ کرتے تو اپنے حبیب ازلی کے ساتھ کرتے جس کی **امت** کے **مجدد مسیح** کی مانند ہیں **شعر**

این مدد ماست دراسلام چو خورشید عیاں ؁ کہ بہر دور **مسیحا** نفسے مے آید

فلو را ئیت الذی را ئینا ؁ **وصفنه بالذی وصفنا**

لہذا آسمان پر چڑھا دینا مسیح کا ہرطرح سے محض خلاف حکمت ہے یہاں تک تو حاصل مطلب اس آیت کا تھا اب مؤلف صاحب نے جو اثر ابن عباس کا تحریر فرمایا ہے اولا مؤلف کو چاہیے کہ جو اُس میں اضطراب اور تعارض مذکورہ اور غیر مذکورہ سابقہ واقع ہے اُس کو دفع فرمادیں بعد اُس کے اس اثر کو ہمارے روبرو پیش کریں مثلا اس اثر کے رو سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اولا حضرت عیسیٰ

کو اللہ تعالیٰ نے آسمان پر اُٹھا لیا بعد اُس کے حضرت عیسیٰ کی شبیہ ایک
حواری پر ڈالی گئی اور پھر یہود نے پکڑ کر اُس شبیہ کو سولی دی تو
ہم یہ دریافت کرتے ہیں کہ بعد اُٹھائے جانے حضرت عیسیٰؑ کے
آسمان پر اب اللہ تعالیٰ کو کون سی ضرورت پیش آئی کہ دوسرے شخص
پر شبیہ عیسیٰ کی ڈالکر اُس کو سولی پر قتل کرایا کیونکہ اللہ تعالیٰ تو
حکیم مطلق ہے اُس کا تو کوئی فعل خالی حکمت سے نہیں ہوتا بفرض
محال اگر اس القاء شبہ کے قصہ کو تسلیم کیا جاوے تو پھر اس سے
یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عیسیٰ آسمان پر نہیں چڑھائے گئے
اور اسی زمین پر یہود سے پوشیدہ کردئے گئے اور یہ احتیاط کی گئی کہ
ایک حواری پر القاء شبہ کردیا گیا تاکہ یہود اُس شبیہ کو قتل بالصلیب
کرکر حضرت عیسیٰ کے قتل کا خیال چھوڑ دیویں مگر درصورتے کہ حضرت
عیسیٰؑ آسمان پر چڑھائے جاتے تو کیا مؤلف صاحب کے نزدیک
تب بھی یہود کے ہاتھوں میں آسمان سے آسکتے تھے بدیں خیال اللہ
تعالیٰ نے ایک حواری کو اُن کے لئے کفارہ کرکر یہود کے منصوبہ
قتل کو دفع کیا۔ اور پھر دوسرا سوال یہ ہے کہ بعد قتل بالصلیب
ہونے اُس شبیہ کے نعش اُس کی کہاں دفن کی گئی اگر آپ کے
نزدیک اُسی قبر میں دفن کی گئی جس میں سے عیسائیوں کے نزدیک
تیسرے روز نکالی گئی تو سوال یہ ہے کہ حضرت عیسیٰؑ کا رفع آسمان
پر اور القاء شبہ حواریوں موجودین نے بچشم خود دیکھا تھا تو باوجود
معائنہ ان تماشہائے عجیب و غریب کے پھر اُس نعش شبیہ کو کس
غرض سے قبر میں سے نکال لیا جس کا الزام یہود اب تک نصاریٰ
کے ذمہ لگاتے ہیں پھر یہ گذارش ہے کہ اس اثر ابن عباس میں
تین مذہب لکھے ہیں اول مذہب نصاریٰ یعقوبیہ کا جو الوہیت
مسیح کے قائل ہیں دوسرا مذہب نسطوریہ کا جو ابنیت کے قائل
ہیں ان دونو مذہبوں کی رو سے گنجایش ہے کہ رفع جسمی آسمان پر

جواب صفحہ ۱۰۱-۱۰۲ ۔ بحث اثر ابن عباسؓ

ہوا ہو کیونکہ حضرت عیسیٰ اللہ یا ابن اللہ جو ٹھیرے اور تیسرا،
مذہب مسلمانوں کا یعنے حقیقی متبعین عیسا ئیوں کا
یہ لکھا ہے کہ وکان فیئنا عبد الله و رسوله
ما شاء الله ثم رفعه الله اليه وهؤلاء المسلمون ہیں اب مذہب
مسلمانوں کے رو سے رفع بحسب الدرجات ہی ثابت ہوتا ہے کیونکہ
تمام عباد مرسلین و مقربین کا رفع بہ حسب الدرجات ہی ہوا کرتا ہے
لاغیر جیسا کہ لفظ الیہ اس مطلب پر صریح دال ہے حتیٰ کہ فضیلت تواضع میں بھی وارد ہے کہ من تواضع
لله رفعه الله ادعیہ ماثورہ میں وارد ہے اللهم اغفرلي
وارحمني واهدني وارزقني وارفعني وغیرہ وغیرہ پھر سنئے
یہ ہے کہ مؤلف صاحب کا مذہب مسلمانوں کا ہے یا ہم مذہب یعقوبیہ
اور نسطوریہ کے ہیں بینوا توجروا۔ پھر اس اثر ابن عباس میں چند تعارض
اور بھی ہیں جو سابق میں مذکور ہو چکے ہیں وہ بھی دور کیے جاویں
بعد دفع تعارضات و اضطرابات کے ہم اس اثر کا جواب شافی و
کافی دیویں گے انشاء اللہ تعالے اور باقی اقوال جو مجاہد قتادہ اور
سدی سے نقل کیے ہیں انہیں بھی اس قسم کا اضطراب و تعارض موجود
ہے اُس کو دفع کیا جاوے تب یہ اقوال پیش ہوں ورنہ یہ اقوال
جو باہم آپس میں بھی متعارض ہیں علاوہ بریں دیگر احادیث و
آثار صحیحہ کے بھی معارض پڑتے ہیں تو کیونکر قبول کیے جا سکتے ہیں
کیونکہ علم اصول فقہ اپنے اصول تعادل و ترجیح کی رو سے اُن کی
تسلیم سے آبی ہے دیکھو ابواب تعادل اور ترجیح کو اصول فقہ میں
اب ہم متوجہ ہوتے ہیں واسطے جواب اُس عربی عبارت کے
جو تفسیر ابن کثیر وغیرہ سے مؤلف نے نو دس ورق میں لکھی ہے اور
تلبیساً حوالہ ابن جریر کا دیا ہے جو ہرگز مؤلف کے پاس موجود نہیں ہے
سب سے اول ناظرین پر واضح ہو کہ ہم نزول مسیح بن مریم کے
منکر نہیں ہیں اگر نزول مسیح کے منکر ہوتے تو پھر حضرت اقدس کو

۱۷-۲۰-۱۹ سطر ۱۶

بحث نزول و جواب ص۱۹ متعلقہ تفسیر آیۃ لیؤمنن بہ قبل موتہ
صفحہ ۷۸ صفحہ ۱۵ صفحہ ۱۲ ...

مسیح موعود کیونکر مانسکتے تھے ہاں ہمارے نزدیک نزول کے وہی معنے ہیں جو خود مؤلف صاحب نے متعدد جگہ نزول کو بعث و خروج کے ساتھ تعبیر کیا ہے دیکھو ص۳۳ سطر۲۲ اور ص۳۱۳ س۴ وغیرہ کو کما مر سابقاً۔

قولہ ص۱۹۱ سطر۴۔ اخرج عبد بن حمید و ابن المنذر عن شہر بن حوشب فی قولہ تعالیٰ وَاِنْ مِّنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ اِلَّا لَیُؤْمِنَنَّ بِہٖ قَبْلَ مَوْتِہٖ الی قولہ امن بہ۔

(جواب [illegible])

اقول کتب نحویہ میں یہ مسئلہ مسلمہ و اتفاقیہ لکھا ہوا ہے کہ نون التاکید لا یؤکد الا مطلوبا و المطلوب لا یکون ماضیا و لا حالا و لا خبرا مستقبلا۔ اور آیت لَیُؤْمِنَنَّ بِہٖ قَبْلَ مَوْتِہٖ میں نون تاکید موجود ہے پس بموجب اس قاعدہ اتفاقیہ کے لیؤمنن جملہ خبریہ نہ ہوا بلکہ جملہ انشائیہ ہوا تو پھر یہ آیت پیشین گوئی یعنی خبر مستقبل کیونکر ہو سکتی ہے کجا جملہ انشائیہ اور کجا جملہ خبریہ ع ببین تفاوت رہ از کجاست تا بہ کجا ۔ پس آپ نے جس قدر ایسے آثار یا اقوال مفسرین (جن میں اس آیت کو پیشین گوئی قرار دیا گیا ہے) یہاں پرداز کئے ہیں وہ سب بناء فاسد علی الفاسد ہیں اور لیؤمنن کا جملہ انشائیہ ہونا نہ خبریہ تفاسیر ادبیہ مثل کشاف و بیضاوی وغیرہ کے بھی لکھا ہوا ہے جملہ تفاسیر ادبیہ میں جملہ قسمیہ لکھا ہے جو انشائیہ ہوتا ہے پس اگر آپ کو ان عیسی لم یمت آہ کی تاویل ذیل منظور اور پسند ہے کہ حضرت عیسی سولی سے نہیں مرے جو ملعون ٹھہرتے بلکہ مرفوع الدرجات ہوے اور بروزی طور پر قبل قیامت کے مبعوث ہونے والے ہیں آخر تک تو فبہا ہم کو یہ تاویل کب مضر ہے ہم بھی اس تاویل کو تسلیم کرتے ہیں ورنہ خلاف قواعد مسلمہ نحویہ کے آیت کے معنی مزعوم آپ کیونکر کر سکتے ہیں بہر حال دو بلاؤں میں سے آپ ایک بلا میں تو ضرور مبتلا ہوں گے اگر

آیت کو پیشین گوئی قرار دو گے تو قاعدہ نحویہ جو اتفاقیہ ہے آپ
کو چھوڑنا پڑے گا وھو خلاف مذا قکم لانکم عضضتم
علی مقتضاء کلمۃ بل بالنواجذ اور اگر قاعدہ نحویہ مسلم
کو مضبوطی سے پکڑو گے تو آیت مطلوبہ پیشین گوئی نہ رہے گی شعر
وفی کفتی میزاننا لك عبرۃ وانت لسان فیہ ان کنت تعقل
اذا رجحت احدٰہما طاش اختہا وانت لما فیہا تمیل وتسفل

قولہ وکان من خبر الیہود علیہم لعائن اللہ الی
قولہ تحضروہ ھنالك۔

اقول یہ ہے مماثلت تامہ مسیح محمدی کی ساتھ مسیح اسرائیلی کے
یعنی جس طرح پر علماء اہل کتاب نے مسیح اسرائیلی کی تکفیر و تکذیب
کی تھی جیسا کہ مؤلف نے تفسیر ابن کثیر وغیرہ سے نقل کیا اسی
طرح پر اس مسیح محمدی کی تکفیر و تکذیب باوجود وقوع صدہا نشانات الٰہیہ
کے علماء امت کر رہے ہیں اور اگر قابو اُن کا چلتا تو قتل اور دینے
سولی میں بھی ہرگز ہرگز دریغ نہ کرتے ولکن لا یقدرون
بسبب الشوکۃ السلطنۃ البرطانیۃ والحمد للہ پس مؤلف کو
اس اپنی نقل کی ہوئی عبارت سے عبرت حاصل کرنی چاہیئے کہ مبادا
اس مسیح کی تکذیب سے مخالفین کی مماثلت تامہ علماء یہود کے ساتھ
نہ ہو جاوے و نعوذ باللہ منہ فھذہ العبارۃ المنقولۃ من
التفسیر دلیل لنا لا لکم۔

قولہ فلما احس بہم الی قولہ واللہ اعلم از صفحہ اول
تا آخر صفحہ ۲۰ **اقول** اس قصہ کا جعلی اور مصنوعی ہونا بسبب
اس کے کہ اُس کے بیان میں انواع انواع سے اضطراب ہے
سابق میں مذکور ہو چکا واسطے یاد دہانی کے کسی قدر اضطراب یہاں
پر بھی مذکور کیا جاتا ہے ھو المسلك ماکررتہ بتضوع مثلا ایک اضطراب
یہ ہے کہ جب کہ حضرت عیسیٰ کو اللہ تعالیٰ نے چھت کو پھاڑ کر آسمان

پر چڑھا لیا تو پھر ایک حواری پر القاء شبہ کی کیا ضرورت باقی رہی
جو اُس کو سولی پر چڑھا کر قتل کروایا گیا یہود آپ کے نزدیک آسمان
پر بھی چڑھ ھکر حضرت عیسی کو قتل بالصلیب کرآتے جو واسطے دفع
اس خیال یہود کے کہ حضرت عیسی آسمان پر زندہ ہیں اُس حواری
کو قتل بالصلیب کروایا کہ یہود کو حضرت عیسی کا خیال حیات بھی
نہ رہے۔ دوسرا امر یہ ہے کہ چاہئے تو یہ تھا کہ نہ حضرت
عیسی کو ضرر پہونچتا اور نہ آپ کے اصحاب اور یاروں میں سے
کسی کو مقتول بالصلیب کرایا جاتا یہ کیسی مدد الٰہی پہونچی کہ ایک
مومن مخلص متبع کامل کو جس کا ایمان حضرت عیسی پر بدرجہ کامل تھا
اُس کو مقتول بالصلیب کراکر ملعون کردیا اور پھر اُس پر امتنان فرمایا
گیا کہ وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ۝ کیا ایسے ہی
قادر مطلق کو حامی اور ناصر خیر الماکرین کہا جاتا ہے کہ جو کسی کے ایسے
دوست خالص کو جو اُس کا متبع اور کامل الایمان ہے سولی سے
قتل کراوے بلکہ اس قصہ القاء شبہ سے تو یہ ثابت ہوا کہ یہود
ہی خیر الماکرین تھے کہ اُن کی تدبیر حضرت عیسی پر بلکہ خدا پر غالب
آگئی کیونکہ اگرچہ حضرت عیسی خود مقتول بالصلیب نہ ہوئے لیکن ہم
کو کیا پروا ہے جب کہ اُن کا ایک محب مخلص اور متبع صادق
کامل الایمان مقتول بالصلیب اور ملعون ہو گیا اور اس ذریعہ سے
یہود کا مطلب یوں حاصل ہوا کہ ایک کامل الایمان متبع صادق
حضرت عیسی کو مقتول بالصلیب کراکر اُنھوں نے ملعون کردیا۔ آہ صد
آہ ایسے نبی کے اتباع پر اور اُس کے اصحاب صادقین پر* کہ

* **نوٹ** ناظرین رسالہ کے لئے ایک ضروری التماس کہ وقت پڑھنے ہمارے
رسالہ کے رسالہ مردودہ حسب نشان دہی نمبر صفحہ جو ہم نے ہر مقام پر کی ہے
مطالعہ میں رکھیں تاکہ رد و مردود کا لطف اُن کو حاصل ہو کہ تعرف الاشیاء باضدادھا قضیہ مسلمہ مشہورہ ہے ورنہ صرف ہمارے رسالہ کے مطالعہ

کہ اُس کا اتباع اُن کو کچھ نفع نہ دے اور ایک مخلص مقتول بالصلیب ہو کر ملعون ہو جاوے اور آیت مُتَوَفِّیْكَ وَ رَافِعُكَ اِلَیَّ آہ کو اس قصہ میں جو درج کیا گیا ہے یہ اور بنار فاسد علی الفاسد ہے کیونکہ یہ آیت خود اس قصہ القار شبہ کو باطل کرتی ہے بچند وجوہ اولاً آنکہ اللہ تعالے اسی آیت میں حضرت عیسیٰ سے وعدہ فرماتا ہے کہ وَجَاعِلُ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ پس ایک متبع کامل کو وقت وعدہ ہی کے سولی سے قتل کروا دینا کیسا مخالف اس وعدہ الٰہیہ کے ہے اِدھر تو وعدہ فوقیت اُدھر جھٹ پٹ قتل بالصلیب جو مستلزم ملعونیت کو ہے۔ ع به بیں تفاوت رہ از کجاست تا بہ کجا
ثانیاً القار شبہ خود سیاق آیت کے خلاف ہے یعنی وَمَکَرُوْا وَمَکَرَ اللّٰہُ وَ اللّٰہُ خَیْرُ الْمٰکِرِیْنَ۔ اے مؤلف صاحب آپ کا خدا کیسا خیر الماکرین ہے کہ ایک متبع کامل الایمان محب صادق حضرت عیسیٰ کو یہود کے ہاتھ سے مقتول بالصلیب کروا کر ملعون کئے دیتا ہے اور اپنی صفت خیر الماکرینی پر کچھ بھی خیال نہیں فرماتا پھر فرمائیے کہ آپ کے اس خدا پر کوئی کیا بھروسا کرے۔

شعر

گر ہمیں مکتب ست و ایں ملا کار طفلاں تمام خواہد شد

حضرت یا تو ایسے خدائے عاجز سے دست بردار ہوں اور یا اثر ابن عباس سے ہاتھ دھوئیں اور اُس کا نام نہ لیں کہ وہ اثر اس قادر مطلق کی صفت خیر الماکرینی کو کھوئے دیتا ہے۔ ثالثاً کلام الٰہی جو اس قصہ مسیح کو آغاز سے بیان فرماتا ہے اُس کی نظم عبارت یہ ہے فَلَمَّآ اَحَسَّ عِیْسٰی مِنْهُمُ الْکُفْرَ قَالَ مَنْ اَنْصَارِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اس آیت میں القار شبہ کا کہیں نام و نشان نہیں ہے کیونکہ یوں نہیں فرمایا گیا کہ قَالَ لِاَصْحَابِہٖ

اَیکہم یلقی علیہ شبہی اگر القارِ شبہ کا قصہ صحیح ہوتا تو کون سا امر مانع تھا کہ بجائے من انصاری الی اللہ کے ایکم یلقی علیہ شبہی قرآن مجید میں مذکور ہوتا خصوصًا جب کہ یہ خیال و لحاظ بھی کیا جاوے کہ ایک شخص کی شبہ کسی دوسرے شخص پر القا کردینا ایک معجزہ عظیم الشان ہے جس کا ذکر کرنا قرآن مجید میں ضروری البیان ہے کیونکہ قرآن مجید کے مقاصد میں سے اظہار معجزات اور عجائبات قدرت ایک مقصد عظیم الشان ہے۔ رابعًا حواریوں کا جواب بھی اس قصہ کی نفی کرتا ہے اگر کاش حواری لوگ مَنْ اَنْصَارِیْ اِلَی اللّٰہِ کے جواب میں بجائے نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰہ کے نحن مستعدون لالقاء شبہك علینا لئلا نقتل بالصلیب ونحن نقتل عوضك کہہ دیتے تو بھی اس قصہ کی کچھ اصل معلوم یا مفہوم ہو جاتی پھر کیا وجہ کہ اللہ تعالیٰ نے اس قصۂ حضرت عیسیٰ کو آغاز سے آخر تک بیان فرمایا اور وہ طرز بیان اختیار کیا جس میں القارِ شبہ کا کہیں پتہ اور نشان نہیں بلکہ نفی القارِ شبہ کی ہوتی ہے خامسًا دعائے حوارین یعنی فَاکْتُبْنَا مَعَ الشّٰاھِدِیْنَ بھی دلالت کرتی ہے کہ حوارین میں سے کوئی حواری صادق مقتول بالصلیب نہیں ہوا کیونکہ جیسا کہ دعا حضرت عیسیٰ کی قبول فرمائی گئی ہے کما قال اللہ تعالیٰ یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَ رَافِعُكَ اِلَیَّ وَ مُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا ویسی ہی حواریوں کی دعا بھی قبول کی گئی دیکھو وَ جَاعِلُ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ پس اگر حواریوں میں سے کوئی حواری صادق مقتول بالصلیب کیا جاتا تو وہ بھی ملعون قرار دیا جاتا تو پھر وہ شاہدین میں جنکا مقام یہاں پر نبی سے ماتحت اور کل امت سے فوق ہے کیونکر اُس کا نام درج ہو سکتا تھا اب میں پوری آیت

کو معہ بعض جملوں تفسیری کے اس جگہ پر لکھے دیتا ہوں تاکہ ناظرین
کے اذہان میں بحکم اِذَا تکرر تقرر کے بخوبی یہ امر جا نشین ہوجاوے
کہ قرآن کریم اس جعلی قصہ کو رو فرما رہا ہے وھی ھذہٖ فَلَمَّا
اَحَسَّ عِيْسٰى مِنْهُمُ الْكُفْرَ ای ارادۃ قتلھم لہ قَالَ مَنْ
اَنْصَارِیْ اِلَى اللّٰهِ لیختبر ایمان المخلصین من غیرھم فی ساعۃ
العسرۃ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ یعنی لن نالوا جھدا
النصرک لان نصرک نصر اللہ و کیف لا ننصراللہ و قد اٰمَنَّا
بِاللّٰهِ وَ اشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ رَبَّنَا اٰمَنَّا بِمَا اَنْزَلْتَ وَ اتَّبَعْنَا
الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ و لما قصدوا قتل عیسی
بالصلیب مَكَرُوْا حتی جعلوہ علی الصلیب وَ مَكَرَ اللّٰهُ
بانجائہ و انجاء حواریین من قتل الصلیب مع انھم صلبوہ مجازا
ای جعلوہ علی الصلیب وَ لما کان ذلک الیوم یوم الجمعۃ
بعد العصر لیلۃ السبت ھکذا فی صفحۃ ۲۰ سطر ۸ فلھذا
انزل من الصلیب تعظیما للیلۃ السبت حین اقبلت وکان
ما کان وَ ذلک اذ اللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ای اغلبھم اِذْ قَالَ
اللّٰهُ يٰعِيْسٰى اعلاما لہ بمکرہ بالاعداء و تخلیصہ عن مکرھم
اِنِّیْ مُتَوَفِّيْكَ ای ممیتک حتف انفک وَ رَافِعُكَ اِلَیَّ
ای مقربک الی فی مقعد صدق الذی ھو عندی وَ مُطَهِّرُكَ
مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ جَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ من الحواریین
وَ المسلمین فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ الحاصل اس
قصہ میں جو کچھ مفسرین نے بلا تحقیق و تنقیح تفاسیر میں لکھا ہے
اُس میں اس قدر مفاسد بھرے ہوئے ہیں کہ ان کی شمار کے لئے
ایک بڑا دفتر درکار ہے ہم نے ناظرین کو چند مفاسد پر اطلاع
دی ہے اور حضرت مریم کا ماتم کرنا صلیب کے نیچے جو آخر عبارت
میں لکھا ہے وہ بھی اعجب العجاب سے ہے جس کے مفاسد پہلے

ہم درج کر چکے ہیں فلا نعیدھا مرۃ اخری فتذکر ولا تکن من الغفلین و لعلک لا تجد ھذہ الدرر فی تفسیر من تفاسیر المفسرین۔ و ھذا کلہ من امتحان اللہ عبادہ لمالہ فی ذلک من الحکمۃ البالغۃ و قد اوضح اللہ الامر و جلاہ و بینہ و اظہرہ فی القرآن العظیم الذی انزلہ علی رسولہ الکریم المؤید بالمعجزات و البینت و الدلائل الواضحات فقال تعالی و ھو اصدق القائلین و رب العلمین المطلع علی السرائر و الضمائر الذی یعلم السر فی السموات و الارض العالم بما کان و ما یکون و ما لم یکن لو کان کیف یکون وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ای شبہ لہم عیسی بالمقتول بالصلیب فظنوا بل شکوا انہم قتلوہ بالصلیب و لھذا قال وَ اِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ یعنی بذلک من ادعی انہ قتلہ من الیہود و من سلمہ الیہم من جہال النصاری کلھم فی شک من ذلک و حیرۃ و ضلال و سعر و لھذا قال وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ای و ما قتلوہ متیقنین بل ھم شاکون متوھمون فی ذلک بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ رفعا روحانیا و بحسب الدرجت لان رفع الا نسان الی اللہ لا یکون الا بحسب الدرجت لا بحسب المکان وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا ای منیع الجناب لا یرام جنابہ و لا یضام من لاذ ببابہ حَكِيْمًا ای فی جمیع ما یقدرہ و یقضیہ من الامور التی یخلقھا و لہ الحکمۃ البالغۃ والحجۃ الدامغۃ و السلطان العظیم والامر القدیم۔

قولہ قولہ تعالی وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ الی قولہ اذا نزل امنوا بہ اجمعون۔

اقول ہم نے تسلیم کیا کہ ضمیر قبل موتہ کی حضرت عیسیٰ کی طرف راجع ہے لیکن اس آیت کا پیشین گوئی ہونا سابق میں ہم باطل کر چکے ہیں بلکہ مقصود اس آیت سے انشار ایمان کا ہے حضرت عیسیٰ کے مقتول بالصلیب ہونے پر بوجوہ مذکورہ ماسبق آیت کے اور آیت جملہ انشائیہ ہی نہ خبریہ ھکذا فی البیضاوی والکشاف کیونکہ اس میں نون تاکید موجود ہے و نون التاکید لا یؤکد الا مطلوبا و المطلوب لا یکون ماضیا ولا حالا ولا خبرا مستقبلا لہذا نون تاکید جملہ لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ کو جملہ خبریہ ہونے سے مانع ہے پس معنی آیت کے یہ ہوے کہ تمام اہل کتاب یہود و نصاری مسیح کی موت صلیبی واقع ہونے میں شاک اور متردد چلے آتے ہیں اور اس بارہ میں اپنے شاک اور متردد ہونے پر ان کو یقین اور ایمان حاصل ہے اور بدلائل مذکورہ سیاق آیت ایسا ہی ہونا چاہئے۔ اور حسن کا یہ قول کہ و اللہ انہ لحی الان عنداللہ صاف دلیل ہے اس امر کی کہ حیات حضرت عیسیٰ کی جسمانی نہیں بلکہ حیات ان کی روحانی ہے جو عند اللہ ہے کیونکہ محاورہ قرآن مجید میں حیات عند اللہ سے حیات روحانی ہی مراد ہوتی ہے جو جسمانی حیات سے علاوہ ہے کما قال اللہ تعالیٰ وَلَا تَقُولُوا لِمَنْ يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ بَلْ اَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ دیکھو دونوں جگہ پر لفظ عند ربہم اور عنداللہ کا موجود ہے اور جب کہ اس قول سے حیات جسمانی ثابت نہ ہوئی تو نزول مسیح بھی بروزی طور پر متعین رہا کیونکہ مسیح بجسدہ العنصری زندہ ہی نہیں جو نزول بجسدہ العنصری اس پر متفرع کیا جاوے و ھو المطلوب ـــ

قولہ و قال ابن ابی حاتم الی قولہ بدلیل۔ **فیا طعم**

ان شاء اللہ تعالیٰ۔

اقول اس قول میں لفظ باعثہ موجود ہے پھر نزول من السماء بجسدہ العنصری کب ثابت و قائم رہا اگر کہا جاوے کہ تمہاری تاویل ان اقوال میں بتوجیہ القول بما لا یرضیٰ بہ قائلہ کے مصداق ہے پس ایسی تاویل کیونکر قبول کی جا سکتی ہے تو گذارش یہ ہے کہ اگر آپ ان اقوال مردودہ کی یہ تاویل تسلیم نہیں کرتے تو چونکہ یہ اقوال دلائل قطعیہ مذکورہ کے معارض ہیں لہٰذا محض باطل ہیں پس ہم ان کے نہ تسلیم کرنے میں مجبور ہیں خصوصًا جب کہ اُسی لفظ نزول کی جگہ پر لفظ بعث و نیز لفظ خروج بھی وارد ہے اور خود بھی یہ اقوال باہم متعارض ہیں دیکھو اسی مقام پر اول میں لکھا ہوا ہے قال ابن جریر اختلف اھل التاویل فی معنی ذلک پھر اسی کی چند سطروں کے بعد اپنے معنی کی تائید میں تحریر کیا گیا و ھذا القول ھو الحق کما سنبینہ بدلیل قاطع اب ناظرین سے انصاف طلب ہے کہ جب مفسرین کسی آیت کی تفسیر میں مختلف ہوں تو دوسرا مفسر کیا اپنے معنی کو قطعی الثبوت کہہ سکتا ہے یا جو معنی کسی آیت کے دلیل قاطع سے ثابت ہوں ان معنی کی نسبت یہ کہہ سکتے ہیں کہ اختلف اھل التاویل فی معنی ذلک بہرحال دیکھو اسی آیت مانحن فیہ میں اللہ تعالیٰ قول یہود کو جو بزعم خود انھوں نے محقق قرار دیکر قول کیا تھا کہ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ اُس کا رد اللہ تعالیٰ نے اختلاف کو ثابت کرکر کہا کہ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ خلاصہ یہ ہے کہ جس امر میں محققین کا اختلاف ہو وہ امر قطعی کیونکر ہو سکتا ہے بہرحال دلیل قاطع آپ کی طرف سے جب بیان کی جاوے گی تب ہماری طرف سے بھی اُس پر نظر کی جاوے گی بالفعل اسی سوال کا جواب دیا جاوے کہ نون التاکید

لا یؤکد الا مطلوباً والمطلوب لا یکون ماضیاً و لا حالا
و لا خبرا مستقبلا اسی لئے بیضاوی و کشاف وغیرہ نے جملہ
لیؤمنن بہ قبل موتہ کو جملہ انشائیہ لکھا ہے پھر پیشین گوئی
کہاں رہی

قولہ قال ابن جریر القول الصحیح فی تفسیر الآیۃ
الی قولہ بعد نزولہ الی الارض۔

اقول اس قول میں بھی مثل سابق کے کلام ہے۔ اور نیز اُس
عبارت میں یہ جملہ کہ فیقتل مسیح الضللۃ قابل غور ہے کیونکہ
مؤلف صاحب اور اُن کے ہم مشرب دجال کے شخص واحد قرار
دینے میں بڑا زور لگاتے ہیں اگر ہم تسلیم بھی کرلیں کہ دجال شخص
واحد ہی ہے لیکن اُس کی جماعت اور ذریات کا کثیر ہونا منافی
اُس کی وحدت شخصی کو نہیں ہے کہ کثیر ہونا اُس کا اس عبارت
سے بھی ثابت ہوتا ہے اور ظاہر ہے کہ جماعت اور ذریات کسی
شخص کی اُسی شخص کے حکم میں ہوتی ہے پس اُس کی جماعت اور
ذریات بدیں لحاظ دجال ہی ہوئی اسی لئے دجال کو مسیح الضللۃ
کہا گیا جیسا کہ ہندوستان میں لاٹ پادری ایک ہی ہوتا ہے مگر اُس
کی ذریات پادری تمام ہندوستان میں کثرت سے موجود ہیں اور
یہ امر آیندہ تمہارے مسلمات سے ثابت ہو جاوے گا کہ مابین
مسیح موعود محمدی اور **مسیح الضللہ** کے جو لڑائی ہو
گی وہ **سنانی لڑائی** نہیں ہے بلکہ لسانی جنگ ہے جو مباحثات
اور مناظرات کے ساتھ ہوگی جس میں مسیح الضللہ کو شکست فاش
ہوگی اور وہی اُس کا قتل ہونا ہے پس دجال کا مسیح الضللہ
ہونا اور مسیح موعود کے وقت میں نصاریٰ کا زمانہ ہونا ثابت ہوا
کیونکہ مفسرین ✱ نے اتفاق کیا ہے اس پر کہ مراد مغضوب علیہم

✱ قال فی فتح الباری لا اعلم بین المفسرین فی ذالک اختلافا قالہ ابن ابی حاتم۔ منہ

سے فرقہ یہود ہے اور ضالّین سے نصاریٰ پس مسیح الضلالہ نصاریٰ
پادریوں کا امام ہوا جس کو مسیح محمدی موعود شکست فاش دیوگا
اور جملہ یکسر الصلیب بھی اسی پر دال ہے کیونکہ اس جملہ
سے بھی صاف معلوم ہوتا ہے کہ مسیح موعود کے زمانہ میں صلیب
پرستی کا غلبہ ہوگا جس کو مسیح موعود توڑے گا لیکن درصورت
ہونے دجال کے یہود میں سے یکسر الصلیب کیونکر صادق
آسکتا ہے۔ علاوہ یہ کہ فرقہ یہود تو حسب پیشین گوئی مسلمہ
فریقین کے جو کتاب و سنت میں مذکور ہے قیامت تک ذلیل
و خوار رہیں گے پھر دجال صاحب شوکت و اقبال یہود میں
کیونکر ہو سکتا ہے اور یضع الجزیہ کی یہ تفسیر کہ لا یقبل الا
الاسلام او السیف مخالف ہے نصوص قطعیہ قرآنیہ کے
کما قال الله تعالیٰ لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّينِ ایضاً قال تعالیٰ لَا
يَنْهَاكُمُ اللهُ عَنِ الَّذِينَ لَمْ يُقَاتِلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَلَمْ
يُخْرِجُوكُمْ مِنْ دِيَارِكُمْ أَنْ تَبَرُّوهُمْ وَتُقْسِطُوا إِلَيْهِمْ إِنَّ اللهَ
يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ ایضاً قال تعالیٰ حَتَّىٰ يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ
يَدٍ وَهُمْ صَاغِرُونَ ۔ وغیر ذلک من الایات الکثیرۃ
اور نیز مخالف ہے تمہارے مسلمات کے دیکھو ص۳۲ سطر ۲ سے
قیل یا رسول الله و ما یرخص الفرس قال لا یرکب لحرب
ابداً اور دیکھو ص۳۳ س۸ ان یخرج و انا فیکم فانا حجیجہ
دونکم وان یخرج و لست فیکم فامرأ حجیج نفسہ معنی
حجیج کے باتفاق لغت حجت سے غالب آنا خصم پر ہے ان
جملوں سے معلوم ہوا کہ مقابلہ دجال کا مسیح سے بحجت ہوگا
کہ اس کے شبہات و شکوک کو مسیح موعود حجت باہرہ سے نیست
و نابود کردے گا نہ بجنگ و جدال۔ ایضاً دیکھو ص۲۷ س۱۱ فاذا
راٰہ عدو الله ذاب کما یذوب الملح فی الماء فلو ترکہ

لذاب حتی یہلک اس کا مفہوم یہی ہے کہ دلائل حقہ ثابتہ
سے اُس کا بطلان ہووے گا اور اس منہج سے جَاءَ الْحَقُّ
وَزَهَقَ الْبَاطِلُ کا مضمون واقع ہوگا اگر دجال کا قتل تلوار
سے ہوتا تو عبارت مذکورہ بالکل لغو ہوئی جاتی ہے ایضاً دیکھو
ص ۳۴۳ س ۳ لا یحل لکافر یجد ریح نفسہ الا مات
اس جملہ کا مفہوم بھی یہی ہے کہ مسیح موعود کے کلمات حجت
آیات سے اُس کے مخالف ہلاک ہوویں گے پھر فرماسے کہ
اندریںصورت جنگ و جدال سنانی کی کیا ضرورت باقی رہے گی
ایضاً دیکھو ص ۳۴۴ س ۷ اذ اوحی اللہ عزوجل الی عیسیٰ
انی قد اخرجت عباداً لا یدان لاحد بقتالہم۔ ایضاً
دیکھو ص ۳۴۳ س ۸ و یبعث اللہ فی ایامہ یاجوج و ماجوج
فیہلکہم اللہ تعالیٰ ببرکۃ دعائہ اس سے ثابت ہوا کہ ہلاکت
یاجوج و ماجوج کی مسیح موعود کی برکات ادعیہ سے ہوگی نہ
حرب و جہاد سے

قولہ و یؤیدہ ماروی عنہ فی تفسیر وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ
لِّلسَّاعَةِ ای نزول عیسیٰ قبل یوم القیمۃ۔

اقول ضمیر انہ کا مرجع جو اس قول ابن عباس میں نزول عیسیٰ
قرار دیا گیا ہے وہ مبنی ہے صرف اس خیال غلط پر کہ حضرت
عیسیٰ آسمان پر سے بجسدہ العنصری نازل ہوں گے ورنہ سابق
میں کسی جگہ یہ مرجع نہ حکماً مذکور ہے اور نہ حقیقتاً پھر کیونکر
تسلیم کیا جاوے کہ ضمیر اِنَّہٗ سے مراد نزول عیسیٰ ہے علاوہ یہ کہ نزول
عیسیٰ سے قیامت کا علم حاصل ہو جانا نصوص قطعیہ کے مخالف
ہے کیونکہ قبل قیامت کے تو علم قیامت کا کسی کو دیا ہی نہیں گیا
سوای اللہ تعالیٰ کے کما قال اللہ تعالیٰ اِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ
ایضاً وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ایضاً لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً وغیر ذلک

من الآیات الکثیرۃ اور پھر کیسی بے معنی بات ہے کہ نزول عیسیٰ تو مثلاً دو ہزار برس کے بعد ہو اور قبل دو ہزار برس کے حاضرین سے خطاب کیا جاوے کہ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِہَا یعنی دلیل تو دو ہزار برس کے بعد دی جاوے گی اور مدلول کو تم اسی وقت تسلیم کرلو اور کچھ شک وشبہ مت کرو اور اگر کہا جاوے کہ بعض قراءات میں لَعَلَمٌ لِلسَّاعَۃِ بھی بفتح لام آیا ہے جس کے معنی یہ ہوے کہ قیامت کی علامات میں سے نزول عیسیٰ ایک علامت ہے تو کہیں گے ہم کہ نزول عیسیٰ بجسدہ العنصری تب مانا جاوے گا جب کہ صعود اُن کا بجسدہ العنصری ثابت کیا جاوے وھو کما تری ما ثبت الی الآن

قولہ فرفعوہ فی مقابلۃ اولئک عن مقام النبوۃ الی مقام الربوبیۃ آہ

اقول ایہا الناظرون اس عبارت میں جو جملہ فرفعوہ ہے وہ قابل غور ہے یعنی نصاری نے جو حضرت عیسیٰ کو مرتبہ نبوۃ سے مرتبہ الوہیت پر پہنچایا تو اُس کو اس عبارت سے ادا کیا گیا کہ فرفعوہ عن مقام النبوۃ الی مقام الربوبیۃ اب اگر اللہ تعالی نے رغماً للیہود مرتبہ ملعونیت سے مرتبہ نبوت پر حضرت عیسیٰ کو پہنچایا تو اس امر کی تعبیر کے لئے بجز نظم عبارت بَلْ رَّفَعَہُ اللّٰہُ اِلَیْہِ کے اور کون سی عبارت بلیغ وافصح ہو سکتی ہے بینوا توجروا پس اس عبارت سے بخوبی ثابت ہوا کہ مابہ النزاع درمیان یہود ونصاری کے یہی امر تھا کہ یہود حضرت عیسیٰ کے مرتبہ کی تنقیص کرتے تھے حتی کہ ملعون قرار دیتے تھے جس پر فقرہ بما رموہ بہ وامہ من العظائم دلالت صریحہ کرتا ہے اور نصاری مرتبہ نبوت سے رفع کر کر مقام ربوبیت پر پہنچاتے تھے تو اس نزاع کو اللہ تعالی نے یوں رفع فرمایا کہ مَا قَتَلُوْہُ یَقِیْنًا بَلْ رَّفَعَہُ اللّٰہُ اِلَیْہِ پس

بلحاظ اس نزاع کے مراد رفع سے بجز رفع درجات اور کیا ہوسکتا ہے۔

قولہ قال البخاری رحمہ اللہ فی کتاب ذکر الانبیاء من صحیحہ الی قولہ ثم یعید ھا ابو ھریرۃ ثلث مرات۔

اقول اس جگہ بر مخالفین یہ شبہ پیش کرتے ہیں کہ امام بخاری نے باب ذکر الانبیاء میں نزول عیسی کو بیان کیا ہے پس نزول عیسی سے وہی عیسی مراد ہیں جو نبی اسرائیلی تھے لا غیر تو جواب اس کا اولا یہ ہے کہ مولف کا یہ کہنا کہ ذکر الانبیا میں کسی اور ولی یا محدث یا ملہم کا ذکر ہی نہیں سرتاپا غلط ہے کیونکہ اسی کتاب میں حضرت یوسف کے بھائیوں کا بھی ذکر ہے جنکی نبوت میں اختلاف ہے اسی کتاب الانبیاء میں رجل مؤمن آل فرعون کا بھی ذکر ہے جو نبی نہیں تھا حضرت خضر کا بھی ذکر ہے جو بقول صحیح نبی نہیں تھے اور امراۃ فرعون کا بھی ذکر ہے جو نبی نہیں تھی۔ حضرت عیسی کے حواریوں کا بھی ذکر ہے جو نبی نہیں تھے حضرۃ مریم کا بھی ذکر ہے جو نبی نہیں تھیں وغیرہ وغیرہ ثانیاً یہ عرض ہے کہ جب کہ بخاری ہی میں جملہ وَ اِمَامُکُمْ مِنْکُمْ کا موجود ہے اور دوسرے مقاموں پر معنی مُتَوَفِّیْکَ کے مُمِیْتُکَ لکھے ہوئے ہیں یہاں تک کہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے توفی حضرت عیسی کی بعینہ ویسی ہی بیان فرمائی ہے جو خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی توفی ہوئی ہے وغیرہ وغیرہ تو پھر اس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ وہ امام کتاب و سنت کا جس کا نام اللہ تعالی کے یہاں مسیح بن مریم رکھا گیا ہے حضرت عیسی کے قدم پر اور اسی کی سیرت اور طبیعت پر ہوگا یعنی بروزی عیسی بن مریم ہوگا اسی امت میں سے ولنعم ما قال شعر

چوں مرا نورے پئے قومی مسیحی دادہ اند مصلحت را ابن مریم نام من بنہادہ اند

+ آسماں بار د نشاں الوقت میگویدزمیں این دو شاہد از پے تصدیق من استادہ اند

اور حضرت ابو ہریرہ کا یہ کہنا کہ فاقرأوا ان شئتم وَ اِنۡ مِّنۡ اَهۡلِ الۡكِتٰبِ اِلَّا لَيُـؤۡمِنَنَّ بِهٖ قَبۡلَ مَوۡتِهٖ‌ وَيَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ يَكُوۡنُ عَلَيۡهِمۡ شَهِيۡدًا اگر اس خیال سے ہی جو مخالفین کے ذہنوں میں جانشین ہے تو یہ چند وجوہ باطل ہے اولا واضح ہو کہ مخالفین کا یہ خیال ہے کہ وقت نزول حضرت عیسی کے تمام اہل کتاب حضرت عیسی پر ایمان لے آویں گے اب ہم اس حصر میں گفتگو کرتے ہیں جو بذریعہ نفی و اثبات+ مندرجہ آیت سے مفہوم ہوتا ہے اگر اس حصر سے وہ تمام اہل کتاب یہود و نصاری مراد ہیں جو حضرت عیسی کے رفع کے وقت سے نزول کے وقت تک ہوئی ہیں یا ہوں گے تو یہ ہرگز ممکن نہیں ہو سکتا و من ادعی فعلیہ البیان اور اگر وقت نزول آیت قرآنی سے تا نزول مسیح تمام اہل کتاب مراد لئے جاویں تو بھی ممکن نہیں ۔ اور اگر صرف وہی اہل کتاب مراد ہوں جو وقت نزول مسیح ابن مریم کے موجود ہوں گے حالانکہ اس تخصیص کے لیئے کوئی مخصص موجود نہیں مگر تاہم یہ حصر اضافی بھی درست نہیں ہو سکتا کیونکہ یہ امر مؤلف اور اس کے ہم مشربوں کے نزدیک مسلم ہے کہ ہزاروں اہل کتاب جہاد کے ذریعہ سے قتل ہونگے اور لاکھوں کا ہلاک مسیح کی دعاؤں کے ساتھ ہوگا اور کچھ وبار نغف سے مریں گے پس حصر مندرجہ آیت نفی و اثبات کے ساتھ کیونکر درست ہو سکتا ہے علاوہ ان سب مفاسد کے کفار اہل کتاب کا موجود رہنا قیامت تک ثابت ہے خواہ مغلوب ہی ہوکر ہو کما قال اللہ تعالی وَجَاعِلُ الَّذِيۡنَ اتَّبَعُوۡكَ فَوۡقَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡۤا اِلٰى يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ ۔ وَ اَغۡرَيۡنَا بَيۡنَهُمُ الۡعَدَاوَةَ وَالۡبَغۡضَآءَ اِلٰى يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ و غیر ذلك من الآیات التی حررناها فی رسائلنا اور نیز ایمان لانا جملہ اہل کتاب کا دور

+ [illegible]

محمدی خاتم النبین صلے اللہ علیہ و سلم ہیں حضرت عیسی پر خواہ
وہ ایمان کسی طرح پر ہو چہ معنی دارد کیونکہ مقصود بالذات تو دور احمدی
میں ایمان لانا حضرت خاتم النبین صلے اللہ علیہ و سلم پر ہے جسمیں
تمام ایمانیات اولین و آخرین کے شامل ہو جاتے ہیں ولنعم ما قیل شعر

نام احمد نام جملہ انبیا است　　چوں بیامد صد نود ہم پیش ماست

اور آیت وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا بھی چسپاں
نہیں ہو سکتی کیونکہ یہ صداقت مسلمہ اور ثابت شدہ ہے کہ امت محمدیہ تمام امم
کیلئے شہید اور گواہ ہے اور آنحضرت اپنی کل امت کیلئے شہید اور گواہ ہیں کما قال اللہ تعالی لِتَكُوْنُوْا
شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا اور مخالفین
کے یہ معنی لینے سے بالکل قضیہ برعکس ہوا جاتا ہے وہو کما نزی شعر

الم تر ان اللہ اعطاہ سورۃ　　ترى كل ملك دونها يتذبذب
فانك شمس والملوك كواكب　　اذا طلعت لم يبد منهن كوكب

پس ان خیالی معنوں سے یہ حصر مندرجہ آیت خواہ مضمون آیت
کو جملہ خبریہ مانا جاوے در صورتے کہ پیشین گوئی ہو اور یا
جملہ انشائیہ قرار دیا جاوے درصورتے کہ مطلوب الٰہی ہو ہرگز
درست نہیں ہو سکتا۔ ہاں اگر آیت کے وہ معنی جو مختار ہمارے
ہیں لئے جاویں تو کوئی خرخشہ باقی نہیں رہتا اور وہ معنی یہ
ہیں کہ تمام اہل کتاب حضرت عیسی کے رفع سے لے کر خواہ آنحضرت
صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ تک ہوں یا آخر زمانہ تک بلکہ
قیامت تک کے اہل کتاب قتل صلیبی حضرت عیسی سے اپنی متردد
اور شاک ہونے پر ایمان و ایقان رکھتے ہیں اور یقینا نہیں کہہ
سکتے کہ ہم نے حضرت عیسی کو مقتول بالصلیب کیا بسبب ان وجوہ
قویہ کے جو سباق آیت میں مذکور ہوے ہیں اور یقین و اذعان
تمام اہل کتاب کو قبل موت عیسی بن مریم سے ہی ہے پس دیکھو
یہ معنی کیسے صاف اور صحیح بلا خرخشہ ہیں اور لطف یہ ہے کہ

مؤلف کے مسلمات سے بھی یہ معنی ہمارے مطابقت رکھتے ہیں دیکھو صفحہ ۸۰ ۳۸ سطر ۱۵ کا حاشیہ جو متروکہ متن میں ہے یا ضمیر بہ کی مضمون
بالا کی طرف (یعنی مرفوع ہونا عیسیٰ علیہ السلام کا) ہی انتہی۔
اور واضح ہو کہ اللہ تعالیٰ نے یہاں تک قول یہود اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ کو رد اور نفی فرمایا ہے بلکہ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا بھی اُسی کا رد ہے یعنی قیامت کے روز بھی خود مسیح تمام اہل کتاب پر گواہی اور شہادت دیوے گا اُن کے اُن افعال و اعمال کی جو اُس کے ساتھ بطور تکذیب وغیرہ کے عمل میں لائے گئے اور نیز شہادت دیوے گا اُن اقوال کی جو یہود نے اُس سے کہے تھے مثلاً یہ کہ اہل کتاب کے دلوں میں باوجودیکہ در بارہ قتل صلیبی مسیح کے شک اور تردد تھا جس کی وجوہ یقینیہ اوپر آیت کے مذکور ہو چکیں معہذا انھوں نے ایسے امور مشکوکہ پر مسائل یقینیہ یعنی لعنت مسیح کی بالنصاری نے مسئلہ کفارہ کو متفرع کیا۔ اور ایسی شہادت مسیح کی قیامت میں اہل کتاب پر ضرور ملنی چاہیئے تھی تاکہ قیامت میں بھی ایسی شہادت سے ایک قسم کا عذاب ذلت و رسوائی کا یہود و نصاری کو پہنچے۔ اب یہ معنی دونو آیتوں کے ایسے صاف ہیں کہ کسی طرح کا فساد ان میں موجود نہیں اور حصر نفی و اثبات کا بھی ایسا ٹھیک اور درست ہے کہ کسی طرح کا خرخشہ اس حصر میں موجود نہیں ہے کیونکہ جب کسی واقعہ کے وقوع میں اول ہی سے درمیان متقدمین کے اختلاف اور شک پڑ جاتا ہے تو متاخرین اُس امر مشکوک کو یقینی نہیں کر سکتے ولن يصلح العطار ما افسد الدهر مثل مشہور ہے تو ایسے امر مشکوک میں قیامت تک شک ہی رہتا ہے۔ اور حضرت ابو ہریرہ کا اس جگہ پر اس آیت کا پڑھنا ایک نہایت لطیف الطف مناسبت پر ساتھ آیت کے دلالت کرتا ہے اور وہ یہ

کہ مسیح موعود کے وقت میں جس کا ذکر اسی حدیث مرویہ ابی ہریرہؓ
میں ہے مضمون مندرجہ آیت کا ہر ایک اہل کتاب پر روشن تر
اور واضح تر ہو جاوے گا اور کسی کو اہل کتاب میں سے مجال
باقی نہ رہے گی کہ مسیح کے قتل صلیبی سے نجات پا جانے میں
کوئی شک و شبہ کر سکے حتیٰ کہ بذریعہ کتاب مسمی مسیح ہندوستان
میں مسئلہ مسیح کے قتل صلیبی کا بالکل باطل کر دیا جاوے گا تب
تو مسئلہ کفارہ کا بھی عنت ربود ہو جاوے گا پھر اس پر کسر
صلیب بھی باہرہ سے متفرع ہو کر ثابت اور واقع ہو گا اور
یہود پر یہ اتمام حجت ہو گا کہ جو وے مسیح کو بسبب قتل صلیبی
کے مرتبہ نبوۃ سے اتار کر درجہ لعنت پر اُن کو قائم کرتے ہیں
پس جب کہ دلائل قطعیہ سے مسیح موعود کے وقت میں یہ امر ثابت
کیا جاوے گا کہ مسیح نبی اسرائیلی صلیب سے قتل نہیں ہوا تو یہود
کا منصوبہ در بارہ ملعون ہونے حضرت مسیح کے باطل اور غلط ہو
جاوے گا اور مضمون بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ کا ہر کہ و مہ
کے ذہن میں جانشین ہو جاوے گا۔ پس ابو ہریرہ نے بعد
روایت حدیث کے جو اس آیت کو پڑھا تو گویا انھوں نے مسیح
موعود کے وقت میں اس مضمون کے واقع ہونے کی طرف اشارہ
فرمایا نہ یہ کہ یہ آیت مسیح کے نزول جسمانی کے لئے ایک پیشین
گوئی ہے کیونکہ مسیح کے نزول کا نہ تو کہیں ذکر ہے اور نہ اس
میں دلالت ہے خواہ دلالت تضمنی ہو یا مطابقی یا التزامی پھر
حضرت ابو ہریرہ اس آیت کو پیشین گوئی کیونکر قرار دے سکتے
تھے ہاں آیت میں اشارہ کسر صلیب کی طرف پایا جاتا ہے گما
بینّا اور وہی حدیث کا منطوق ہے گویا ابو ہریرہ نے آیت کے
مفہوم کو شاہد قرار دیا حدیث کے منطوق پر و بس۔

قولہ طریق اخری الی قولہ فلا ادری ھذا کلہ حدیث

النبی صلعم او شیٔ قالہ ابو ھریرۃ۔
اقول ایسی حدیثوں کا پیش کرنا قبل از مرگ واویلا
کا مصداق ہے کیا اللہ تعالیٰ اس بات پر قادر نہیں کہ مسیح موعود
پر کسی وقت میں حج فرض ہو جاوے اور وہ حج کو جاوے
اور فج روحا میں اہلال کرے واسطے حج اور عمرہ دونوں
کے پھر اس وقت میں یہ حدیث کیوں پیش کی جاتی ہے خصوصا
جب کہ یہ لحاظ بھی کیا جاوے کہ ادا کرنا حج کا بعد فرضیت کے
بھی فوری نہیں ہے چہ جائیکہ ابھی تک حضرت اقدس پر حج
فرض بھی نہیں ہوا ہے اور مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَیْہِ سَبِیْلًا
کے مصداق نہیں ہیں اور علی رغم انف اعدائہ ابھی تک زندہ
موجود ہیں تاہم گذارش ہے کہ اگر یہ حدیث اپنے ظاہری معنوں پر
اللہ تعالیٰ کے نزدیک در بارہ اہلال حج و عمرہ محمول ہے تو یہ پیشین
گوئی کسی وقت میں واقع ہو جاوے گی اور ہم اس بات کا
بھی انکار نہیں کرتے کہ کوئی مجدد یا خلیفہ رسول مقبول صلعم
ایسا گذرا ہو جس کو کسی طرح کی مناسبت عیسیٰ بن مریم سے ہو
اور اس مناسبت کی وجہ سے اس کو مسیح بن مریم کہا گیا ہو اور
یہی معنے اس شعر کے ہیں۔
این مدد ہاست دراسلام چو خورشید عیاں کہ بہر دور مسیحا نفسے می آید
اور یہ پیشین گوئی اس وقت میں واقع ہو گئی ہو لیکن یہ مجدد
وہ مسیح موعود ہے جس کی شان اظہارعظیم الشان ہے۔ اور چونکہ
احوال مسیح موعود آنحضرت م کو بذریعہ مکاشفات اور رویا کے
معلوم ہوئے ہیں لہذا ہو سکتا ہے کہ یہ حدیث مانند اس
حدیث متفق علیہ کی مصروف عن الظاہر ہو جس میں آنحضرت م
فرماتے ہیں کہ میں نے مسیح بن مریم کو خانہ کعبہ کا طواف کرتے ہوئے
دیکھا اور ایسا ہی میں نے مسیح دجال کو بھی خانہ کعبہ کا طواف

حدیث حج و اہلال مسیح کے روحا میں

کرتے ہوے دیکھا مگر ظاہر ہے کہ کجا مسیح دجال اور کجا طواف خانہ کعبہ معظمہ ع بہ بیں تفاوت رہ از کجا ست تا بہ کجا ٭
اسی واسطے شارحین حدیث کو سخت ضرورت پڑی ہے کہ ایسی حدیثوں میں جو مکاشفات اور خوابوں کے پیرایوں میں بیان کی گئیں ہیں ان کی تعبیر صحیح بیان کی جاوے کیونکہ پیشین گوئیوں کی اکثر حدیثیں ایسی ہی تاویل طلب ہوتی ہیں چنانچہ شراح نے اس حدیث طواف کی یہ تاویل کی ہے کہ جیسا حضرت عیسی موعود اشاعت دین اسلام کے گرد پھریں گے ایساہی مسیح دجال بھی اپنی فتنہ اندازی کے کام کے گرد پھرے گا دیکھو چوکیدار اور چور دونو گھروں کے گرد پھرتے ہیں مگر ان دونو کے طواف میں زمین و آسمان کا فرق ہے کما قال الشاعر شعر

تفاوت ست میان شنیدن من و تو تو بستن در و من فتح باب می شنوم

اسی طرح اس حدیث اہلال حج و عمرہ کی یہ تاویل ہو سکتی ہے کہ روحا زمین سیراب اور شاداب کو کہتے ہیں اور فج بہ معنی تنگ اور راستہ کے ہے اور ظاہر ہے کہ ملک پنجاب بہ نسبت اور ملکوں کے بسبب جاری ہونے پانچ چھہ دریاؤں عظیم الشان کے اور موجود ہونے دو آبہاے کثیر کے نہایت درجہ سیراب اور شاداب واقع ہوا ہے بدیں لحاظ ابلغ البلغا مخبر صادق صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد فج روحا سے ملک پنجاب ہی ہے اور چونکہ حضرت اقدس ع نے باعتبار معراج زمانی کے دلایل باہرہ سے منارۃ المسیح میں ثابت کیا ہے کہ مراد مسجد اقصیٰ سے جامع مسجد مسیح موعود مراد ہے جس میں منارۃ المسیح تعمیر ہو رہا ہے لہذا یہ ملک پنجاب بہ لحاظ سیرابی اور شادابی کے بَارَكْنَا حَوْلَهُ کا بھی مصداق ہے اور قرینہ صارفہ عن معنی الظاہر اس حدیث میں یہ ہے کہ روحا عرب کا مدینہ منورہ سے

تیس چالیس میل کے فاصلہ پر ہے کما فی القاموس علاوہ بر ظاہر
ہے کہ یہ فج روحا کسی ملک کا میقات نہیں ہے جس سے
احرام باندھا جاوے اور مدینہ منورہ اور ملک شام کا میقات
ذی الحلیفہ ہے جو مدینہ سے تخمیناً چھ میل ہے کما فی
القاموس اور معنی اہلال کے بہ قرینہ فیحج منہا ای من الروحا
کے سوا احرام باندھنے کے اور کیا ہو سکتے ہیں یا یہ کہ مسیح موعود
فج روحا سے حج کرنا شروع کرے گا اندریں صورت کیونکر ہوسکتا
ہے کہ مسیح کا میقات واسطے احرام حج کے فج روحا قرار دیا جاوے
کیونکہ مسیح موعود ناسخ احکام شرع اسلام کا ہوکر نہیں آویگا
بلکہ متبع ہوکر آوے گا مگر در صورت قرار دینے فج روحا کے
میقات احرام مسیح کا نسخ احکام حج کا لازم آتا ہے لہذا یہ حدیث
بوجوہ مذکورہ اپنے ظاہری معنوں پر محمول نہیں ہو سکتی ہے اور
تاویلی معنے اس حدیث کے ایسے صاف اور واضح ہیں کہ کسی
طرح کا فساد اس میں لازم نہیں آتا اور وہ معنی یہ ہیں کہ اہلال
اور تلبیہ مسیح کے سے مراد تبلیغ دعوت اسلام ہے اور کسر صلیب
اور قتل خنزیر اور افاضۂ اموال اس تبلیغ کی راہ میں بھی مراد ہے
جو بڑے زور و شور کے ساتھ ملک پنجاب میں واقع ہو رہا ہے
جیساکہ اہلال وتلبیہ مناسک حج کا زور و شور سے ہوا کرتا ہے
اور یہ امر کسی اہل بصیرت پر مخفی نہیں کہ پنجاب بہ لحاظ کثرت
انہار اور دریاؤں کے اور نیز بوجہ کثرت دو آبوں کے بالضرور
فج روحا ہے گویا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جیساکہ اُس کے
گانوں قادیان کا پتہ دیا اور کلام الٰہی میں اُس کی مسجد اقصیٰ کا
ذکر ہوا اسیطرح پر اُسکے ملک کا پتہ اور نشان یہ دیا کہ وہ ایک فج روحا ہی جو ملک
پنجاب ہی اور چونکہ حدیث میں حج اور عمرہ دونو کا ذکر ہے لہذا مراد حج سے وہ تبلیغ اور
دعوت اسلام ہی جو نصاریٰ اور مخالفین اسلام کی اصلاح کیلئے کیجاتی ہے کیونکہ یہ تبلیغ مسیح موعود کا فرض

منصب ہے جو بمنزلہ حج فرض کے ہی اور مراد عمرہ سے وہ تبلیغ اور دعوت اسلام خالص ہے جو سوا نصاری
اور دیگر اقوام مخالفین اسلام کی اندرونی اصلاح کیلئے کی جاتی ہے کہ وہ اشد فرض منصبی کیلئے ایسی ہے جیسا
کہ حج کے لئے عمرہ یا نماز فرض کئے گئے سنن رواتب اور روزوں
رمضان کے لئے صیام ستہ شوال وغیرہ اور زکوٰۃ فرض کے لئے
دیگر صدقات فطر وغیرہ چونکہ مکاشفات اور رویا میں مجاز و استعارہ
وغیرہ غالب ہوتا ہے لہذا یہ معنے تاویلی اس حدیث کے نہایت
صاف اور لطیف بلکہ الطف معلوم ہوتے ہیں خصوصًا جب
کہ علم معانی اور بیان کی طرف بھی لحاظ و التفات کیا جاوے
قال فی **المطول** اطبق البلغاء علی ان المجاز والکنایۃ ابلغ
من الحقیقۃ و التصریح لان الانتقال فیھما من الملزوم
الی اللازم فھو کدعوی الشئ ببینۃ فان وجود الملزوم یقتضی
وجود اللازم لامتناع انفکاک الملزوم من اللازم
وھذا ظاھر دیکھو آخر فن ثانی مطول کو۔ اور جملہ تجمع* لہ الصلوٰۃ
جو اس حدیث میں مسیح موعود کے لئے وارد ہے وہ ایک قسم
کی تخفیف خاص اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے جو بسبب کثرت
اشغال دعوت اسلام کی عنایتا اُس کو مرحمت ہوئی ہے اور یہ
جمع بین الصلوٰتین علاوہ اُس جواز جمع صلوٰۃ کے ہے جو عام
طور پر امت کے لئے احادیث میں آئی ہے۔

قولہ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم الانبیاء اخوۃ
العلات صفحہ ۲۶ تا آخر۔

اقول اس حدیث میں جس قدر اوصاف مسیح موعود کے مذکور
ہیں بعض اُن کے اس وقت میں پائے جاتے ہیں اور بعض منتظر
الوقوع ہیں چنانچہ نمبروار ہم اُن کو بیان کرتے ہیں اوّل انّہ

---

* یہ حدیث فتح الباری میں بھی لکھی ہوئی ہے ۱۲ منہ

نازل کو سمجھنا چاہیئے کہ اس میں نزول عیسی بن مریم بطور بروز کے ہے مسئلہ بروز کو اگرچہ مخالف نہیں جانتے مگر اغلب کہ مؤلف صاحب مسئلہ بروز کے منکر نہ ہوں گے کیونکہ **فتوحات** میں باب ۳۶ و ۳۷ جو بیان عیسویین اور اقطاب عیسویین میں لکھا ہے وہ بھی مثبت مسئلہ بروز کا ہے کما قال **اشعار**

کل من احیی حقیقتہ	و شفی من علۃ الحجب
فھو عیسی لا یناط بہ	عند نا شیٔ من الریب
فلقد اعطت بجیتہ	رتبۃ تسمو علی الرتب
بنعوت القدس تعرفہ	فی صریح الوحی والکتب
لم ینلھا غیر وارثہ	عینت فی سالف الحقب
فسرت فی الکون ہمتہ	فی اعاجم و فی عرب
فبھا تحظی نفوسھم	و بھا ازالۃ النوب

اس مسئلہ بروز کی طرف قرآن مجید بھی چند مقاموں میں ہدایت فرماتا ہے کما قال اللہ تعالی نَحْنُ قَدَّرْنَا بَیْنَکُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِیْنَ عَلٰی اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَکُمْ وَ نُنْشِئَکُمْ فِیْمَا لَا تَعْلَمُوْنَ اس آیت سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالی کی عادت ہے کہ بعد موت کے امثال موتی پیدا کرتا رہتا ہے۔ اور نیز متعدد آیات سورہ بقرہ میں اللہ تعالی نے کفار یہود موجودین عہد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب فرمایا ہے اور مراد اُس سے کفار یہود عہد موسوی ہیں اگر اول الذکر امثال ثانی الذکر کے نہیں تھے تو پھر مضمون قرآنی اس طرز خطاب سے نعوذ باللہ غلط ہوا جاتا ہے قال اللہ تعالی وَاِذْ قُلْتُمْ یٰمُوْسٰی لَنْ نُّؤْمِنَ لَکَ حَتّٰی نَرَی اللّٰہَ جَہْرَۃً ایضا وَاِذْ قُلْتُمْ یٰمُوْسٰی لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰی طَعَامٍ وَّاحِدٍ ایضا وَاِذْ فَرَقْنَا بِکُمُ الْبَحْرَ۔ وَظَلَّلْنَا عَلَیْکُمُ الْغَمَامَ وَ اَنْزَلْنَا عَلَیْکُمُ الْمَنَّ وَ السَّلْوٰی اب منکرین بروز و امثال سے سوال کیا جاتا ہے

کہ کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت کے یہود نے کہا تھا کہ حتیٰ نرَی اللہَ جَہرَۃً یا یہ مقولہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وقت کے یہود کا ہے اور من و سلویٰ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت کے یہود پر نازل ہوا تھا یا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وقت کے یہود پر علاوہ اس کے قرآن مجید میں ہر ایک مومن کو مثیل مریم فرمایا گیا ہے قَالَ اللہُ تعالیٰ وَضَرَبَ اللّٰہُ مَثَلًا الی قولہٖ وَ مَرْیَمَ ابْنَتَ عِمْرَانَ الَّتِیْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَہَا آہ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ ہر ایک مومن مثیل مریم ہے تو مومن کی اولاد ابن مریم ہوئی غرض کہ دیگر مجددوں سے یہ مجدد عظیم الشان ہے اور اس میں مناسبت بھی عیسیٰ بن مریم کے ساتھ تام ہے جو دوسروں میں نہیں پائی جاتی اور بعض احادیث میں بعض صحابہ مثل حضرت علی کو مثیل عیسیٰ قرار دیا ہے اور ایک ادنیٰ سی وجہ شبہ یہ قرار دی ہے کہ جس طرح پر یہود حضرت عیسیٰ کے بغض میں ہلاک ہوئے اور عیسائی ان کی فرط محبت میں گمراہ ہوئے اسی طرح پر خوارج و روافض حضرت علی کے بغض و محبت میں ہلاک اور گمراہ ہوویں گے۔ الحاصل مسئلہ بروز و امثال کا شرع اسلام میں نہایت صاف اور واضح ہے علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل حدیث موجود ہے پس مخبر صادق صلعم کا فرمانا کہ انہ نازل بطور مسئلہ بروز کے ہے چنانچہ حدیث متفق علیہ جو مؤلف کو بھی مسلم ہے دیکھو ص۲۵ مانحن فیہ میں وَاِمَامُکُمْ مِنْکُمْ کو جو مؤید اسی نزول بروزی کے لئے ہے اب عیسیٰ موعود کا حلیہ بیان فرماتے ہیں کہ وہ معتدل اندام ہوگا اور رنگ اس کا حمرت اور بیاض کی طرف میلان کرے گا چنانچہ یہ حلیہ حضرت اقدسؑ میں بعینہٖ موجود ہے اور فرمایا کہ علیہ ثوبان ممصران۔ ممصر کہتے ہیں اس کپڑے کو جو سرخ مٹی سے رنگا ہوا ہو اگر اس جملہ کے ظاہری

معنی لیئے جاویں تو کوئی وصف ممتاز نہیں معلوم ہوتا ہے جو قابل
بیان ہو کیونکہ ہر ایک شخص سرخ مٹی سے رنگا ہوا کپڑا پہن
سکتا ہے پھر اس میں مسیح موعود کے لیئے کون سی تخصیص حاصل
ہوئی لہذا یہ معنی مراد مخبر صادق صلعم کے نہیں ہو سکتے پس واضح
ہو کہ **علم تعبیر الرویا** میں سرخ کپڑے سے مراد خورمی اور توفیق
طاعت ہوتی ہے اور **ثوبان ممصران** چونکہ صیغہ تثنیہ کا ہے
لہذا مراد اُس سے ایک تو دنیا کی خوشحالی ہے اور دوسرے
توفیق فرائض منصبی مسیح کی جو متعلق آخرت سے ہے مراد ہے
اور یہ دونو کپڑے حضرت اقدس سیدنا مسیح موعود علیہ السلام
پہرے ہوے ہیں دنیا کی حیات طیبہ جو اُن کو حاصل ہے وہ
شاید کسی بادشاہ بلکہ شہنشاہ کو بھی نصیب نہ ہوگی اور فرائض
منصبی تجدید دین کی جو اللہ تعالے اُن کے ہاتھوں سے کرا رہا
ہے دنیا بھر میں کوئی نظیر اُن کا اس باب میں معلوم نہیں ہوتا
کان راسہ یقطر و ان لم یصبہ بلل یہ جملہ بھی تاویل طلب
ہے کیونکہ اگر اس جملہ کو صرف ظاہری معنی پر محمول کیا جاوے
تو پھر گذارش یہ ہے کہ ہر ایک شخص اپنے سر کو پانی یا روغن
سے تر رکھ سکتا ہے اس میں خصوصیت مسیح موعود کی کیا ہے
جو بطور پیشین گوئی کے وحی و الہام میں بیان کی گئی لہذا مراد
اُس سے وہی ہے جو علم تعبیر الرویا میں لکھا ہے کہ سر تر اور چرب
سے مراد کار ہاے نیک ہیں جو اُس کے ہاتھ سے صادر ہوں
گے اور وہ اسرار اور معارف قرآنی مراد ہیں جو اُس کے
دماغ تر اور تازہ سے نکل کر تمام دنیا میں شائع ہوں گے فیدق
الصلیب یہ جملہ بجاے یکسر الصلیب کے اس روایت میں
وارد ہوا ہے یہ بھی قرینہ ہے اس امر کا کہ اُس سے ظاہری
کسر صلیب مراد نہیں ہے بلکہ وہی مراد ہے جو شراح حدیث بھی

بیان حدیث رجل مربوع الی الحمرۃ و البیاض من الاحادیث

لکھے گئے ہیں ای یبطل دین النصرانیۃ بالحجج و البراھین
اور مؤلف کو بھی یہ معنی تاویلی مسلم ہیں دیکھو صفحہ ۵ سطر ۲ ویقتل
الخنزیر سے یہ مراد ہے کہ اُس کی دعا اور الہام پیشین گوئی سے
قتل خنزیر واقع ہو گا جس کا ایک مصداق قتل غیبی لیکھرام کا ہے
جو بذریعہ تمثل فرشتہ قاتل کے بصورت انسان قاتل واقع ہوا
و یضع الجزیۃ مراد یہ ہے کہ جب اُس کے وقت میں جہاد ہی
نہ ہو گا بلکہ اُس کی شان خاص سے ہے کہ جہاد کو موقوف کردیوے
گا جیساکہ یضع الحرب وارد ہے تو پھر جزیہ کیونکر قائم ہو سکتا ہے
جزیہ تو متفرع ہے جہاد پر جب جہاد ہی نہ ہوا تو جزیہ بھی نہیں
ہو سکتا ۔ اور پھر یہ عرض ہے کہ جب کہ مخالفین کے نزدیک
بھی تمام اہل کتاب اسلام میں داخل ہو جاویں گے جیساکہ مؤلف
صاحب کو بھی مسلم ہے تو پھر جزیہ کس پر قائم کیا جاوے گا۔
اور وضع جزیہ کے لئے حجت و برہان سے ابطال دین نصرانیہ
نہایت مناسب ہے کیونکہ کوئی مجدد اور مؤید اسلام باخذ جزیہ حجت
و برہان کو موقوف نہیں کرسکتا بخلاف تیغ و سنان کے کہ باخذ
جزیہ اُن کا وضع ہو سکتا ہے۔ و یہلك اللہ فی زمانہ الملل
کلھا الا الاسلام یہ جملہ بھی دلیل ہے اس بات کی کہ اُس کی
ہاتھ سے ہلاک ملل مخالفہ اسلام حجت و برہان سے ہوگا نہ حرب
و سنان سے کیونکہ یہ امر ممکن نہیں ہے کہ حرب و جنگ سے
تمام دنیا میں جملہ مذاہب اور اہل مذاہب سب کے سب ہلاک
کئے جاویں نصوص قطعیہ قرآن مجید کی اس کو نافی ہیں اور احادیث
صحاح اس کی منافی کما مر۔ ہاں البتہ حجت و برہان سے تمام
مذاہب اور اہل مذاہب ہلاک ہو سکتے ہیں کیونکہ جب بمقابلہ
دین اسلام کے کسی دوسرے دین والے کے پاس اُس دین کی
حقیت کی کوئی دلیل و برہان باقی نہ رہے تو وہ دین معہ اپنے

اہل کے ہلاک ہوگیا کما قال اللہ تعالیٰ لِیَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْ بَیِّنَةٍ وَ یَحْیٰی مَنْ حَیَّ عَنْ بَیِّنَةٍ اسی طرح یہ جملہ یهلك اللہ فی زمانہ المسیح الدجال سے معنی مذکور مراد ہے دیکھو فرار و گریز لارڈ بشپ صاحب کا جو بڑے افسر یعنی مسیح الضلالہ ہیں ملک پنجاب وغیرہ کے اس مسیح موعود کے مقابل میں واقع ہوا جس کا شہرہ تمام انگریزی اخباری دنیا میں ہو رہا ہے حتیٰ کہ بعض عیسائیان بھی اُن کے اس فرار و انکار کو محل طعن میں ذکر کرتے ہیں۔ اور مؤلف کے اقرارات اور مسلمات سے ہی کہ صلیب کو توڑنے کے یہ معنی ہیں کہ دین اسلام کے سوا اور دینوں کو باطل کریں گے دیکھو صـ۵۲ سطـ۲ کو نخر تقع الامنۃ علی الارض یہ مراد ہے کہ اُس کے زمانہ میں نہایت درجہ کا امن وامان ہوجاوے گا کوئی جبار و ظالم کسی ادنیٰ غریب پر ظلم نہیں کرسکے گا دیکھو اس زمانہ کو جس میں کمال درجہ کی آزادی سب کو حاصل ہے اور پورا امن وامان موجود ہے فیمکث اربعین کے معنی بھی صاف ہیں کیونکہ اس مجدد مسیح موعود اور امام الزمان نے چالیس برس کی عمر میں دعویٰ مجددیت کیا اور بہ موجب اُس الہام کے جو دنیا میں شائع ہو چکا ہے اُس کی عمر اسی برس کی معلوم ہوتی ہے ولنحیینک حیٰوۃً طیبۃً ثمانین حولاً او قریباً من ذلک ثم یتوفی یعنی اسی برس کی عمر میں اُس کی وفات ہووے گی اس حساب سے کہ چالیس برس کی عمر میں دعویٰ تجدید ہوا اور مکث تجدید دنیا میں چالیس برس تک ہوگا تو یہ کل اسی برس ہوگئے جو الہام مذکور میں مذکور ہیں و یصلی علیہ المسلمون نماز جنازہ تو ہر ایک مسلمان کی پڑھی ہی جاتی ہے مسیح موعود کی نماز جنازہ پڑھنے سے کیا غرض خاص ہے جو اس پیشین گوئی میں مخبر صادق صلعم نے بیان فرمائی ہے پس واضح ہو کہ مراد اس جملہ سے کہ

یصلی علیہ المسلمون بطور مفہوم مخالف کے یہ ہے کہ جو لوگ
اُس پر نماز جنازہ نہ پڑھیں گے وہ مسلمان نہیں رہیں گے کیونکہ
نماز جنازہ تو ہر ایک میت مسلمان کی پڑھنی فرض کفایہ ہے چہ
جائے کہ مجدد دین اسلام کی نماز جنازہ پس جو لوگ ایسے
مجدد دین اسلام کی نماز جنازہ پڑھنا درست نہ جانیں گے تو وہ
گویا دائرہ اسلام سے خارج ہو جاویں گے کیونکہ بحکم کفرٌ دون
کفرٍ کے یہ ایک قسم کا کفر ہے اور جو لوگ کہ نماز پڑھیں گے
وہ مسلمان رہیں گے غرض کہ اس حدیث کے تمام جملے مسیح موعود
موجود پر بخوبی صادق ہیں و الحمد للہ کہ یہ پیشین گوئی مخبر
صادق ؐ کی اس مسیح موعود اور مہدی معہود پر پورے طور پر
صادق ہے فالحمد للہِ۔

قولہ قال مسلم الی قولہ فیہم دمہ فی حربتہ

اقول اولاً یہ حدیث معارض واقع ہوئی ہے دوسری صحاح
حدیثوں کے جنمیں بتاکید مذکور ہے کہ مسیح موعود امامت نماز سے
انکار کریں گے دیکھو ص۲۹ س۲ فیقول امیرھم یا روح اللہ تقدم
صل فیقول ھذہ الامۃ امراء بعضہم علی بعض فیتقدم
امیرھم فیصلی الحدیث ایضاً دیکھو ص۳۱ س۳ و امامھم
رجل صالح قد تقدم یصلی بہم الصبح الحدیث لیکن اس
حدیث میں انکار عیسی بن مریم کا امامت نماز کے لئے کچھ ذکر نہیں
ہوا ہے بلکہ نزول فرماتے ہی امامت کرنے نماز کا ذکر کیا گیا ہے
فاین ھذا من ذالک ثانیاً یہ امر ثابت ہو چکا ہے کہ مسیح موعود
آخر الزمان کے وقت میں جہاد موقوف ہو جاوے گا چنانچہ اس
کا ثبوت مسلمات مؤلف سے مفصلا بیان کیا گیا اور اس حدیث
میں جہاد کا ذکر ہے پس کیا توفیق و تطبیق ہو سکتی ہے ثالثاً اس حدیث
میں لفظ تنزل الروم بالاعماق او بدابق موجود ہے اور مسیح

بن مریم کی نسبت بھی فینزل عیسی بن مریم مذکور ہے اندریں صورت نزول عیسی بن مریم مندرجہ حدیث ویسا ہی ہونا چاہیئے جیساکہ روم کا نزول اعماق یا دابق میں ہو گا پس جس مسیح کے آپ منتظر ہیں کہ وہ چوتھے یا دوسرے آسمان سے اُتر کر آویگا اُس مسیح سے اس حدیث کا تعلق کیونکر ہو سکتا ہے غرض کہ اس قسم کی احادیث جو خود باہم متعارض ہیں آپ کے خیالی عقائد کی کیونکر مثبت ہو سکتی ہیں کہ اذا تعارضا تساقطا قاعدہ مسلمہ ہے۔

قولہ لقیت لیلۃ اسری بی ابراھیم و موسیٰ وعیسی الی قولہ لا یدری متی تفاجئہم بولادھا لیلا اونہارا

اقول اس حدیث میں جو جملہ معنی قضیبان ہے اُس کا مطلب بہت صاف اور واضح ہے یعنی جب حضرت عیسی بروزی طور پر قتل و ہلاک دجال کے لئے نزول فرمادیں گے تو اُن کے پاس دو تلواریں ہوں گی ایک تلوار تو روحانی دعاؤ کی ہو گی اور دوسری تلوار قلم کی ہو گی کما قال **شعر**

صف دشمن کو کیا ہمنے بحجت پامال سیف کا کام قلم سے ہی دکھایا ہمنے

اور جملہ فادعو اللہ علیھم فیھلکھم و یمیتہم آہ بھی صاف دلالت کرتا ہے اس امر پر کہ فیما بین مسیح موعود و دجال یا یاجوج و ماجوج کے جو جنگ مقدس ہو گا وہ سنانی جنگ نہیں ہے بلکہ وہ جنگ (مقدس حجت اور برہان کے ساتھ ہو گا۔ اور حجر و شجر کے بولنے سے یہ مراد ہے کہ کسر صلیب اور ابطال تثلیث وکفارہ وغیرہ مسائل عیسائیان کا مسیح موعود کے زمانہ میں اس شان سے ہو گا کہ ہر ایک جگہ خشک و تر حجر اور شجر سے ان مسائل باطلہ کے ابطال کی صدا ہر ایک مومن کے کان میں پہونچے گی جیساکہ یہ شعر کہا گیا ہے۔

بیان حدیث نزول روم کا اعماق یا دابق میں

برگ درختان سبز در نظر ہوشیار   ہر ورقے دفتریست معرفت کردگار
اور جیسا کہ یہ عربی کا شعر ہے

ففي كل شيء له اية   تدل على انه واحد

دیکھو یہ اسی زمانہ کا آغاز اور شروع ہو چلا ہے کہ جو لوگ ہنود وغیرہ پرلے درجہ کے مشرک تھے وہ بھی اب توحید کی طرف مائل ہو چلے ہیں اور ایسا زمانہ عقل کا شروع ہو چلا ہے کہ صلیب پرستی اور کفارہ اور تثلیث وغیرہ ہر کہ ومہ کو بالکل بیہودہ اور لغویات معلوم ہوتے ہیں اور دور دراز کے ملکوں میں شرک وکفر کی بنائیں اکھڑتی چلی جاتی ہے اور وقتاً فوقتاً توحید اسلام داخل ہوتی چلی جاتی ہے۔

قوله اتينا عثمان بن ابی العاص الی قوله تفرد به احمد من هذا الوجه

اقول اس حدیث میں خروج دجال کا ملتقی البحرین میں لکھا ہے اور دوسری حدیثوں میں آیا ہے کہ خروج اس کا خلہ ما بین الشام والعراق سے ہوگا دیکھو صـ۲۹ سـ۱۸ وغیرہ کو و انه يخرج من خلة بين الشام والعراق پھر نظر ثانی کرو اس حدیث اور نیز دیگر حدیثوں کو جو تمہاری مسلمہ ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ دجال یہود میں سے ہوگا جس کے تابع ستر ہزار یہودی ہوں گے دیکھو صفحہ ۳۱ سطر ۶ کو قوله معه سبعون الف یہودی کلهم ذو سيف محلى و تاج اور دوسری ادلہ سے معلوم ہوتا ہے کہ دجال نصاری میں سے ہوگا کیونکہ مسیح کے فرائض منصبی سے ہے يكسر الصليب جس سے بطور مفہوم مخالف کے ثابت ہوتا ہے کہ مسیح کے وقت میں غلبہ نصاری کا ہوگا اور نیز مسیح الضلالہ جس کو مسیح موعود ہلاک کرے گا سوا، قسیس اور پوپ اور لارڈ پادری کے اور کون ہو سکتا ہے کما حررنا سابقاً اور نیز

اس حدیث میں یہ جملہ بھی موجود ہے کہ فاذا راٰہ الدجال ذاب کما یذوب الرصاص یہ جملہ دلیل ہے اس امر کی کہ مسیح موعود کسی آلہ حرب سے دجال کو ہلاک نہ کرے گا بلکہ حربۂ آسمانی سے خواہ مراد اُس سے دعا ہو یا تائید روح القدس اُس کے دجل کو دور کرے گا لیکن یہ مذہب تو ہمارا ہے اور آپ کا تو یہ خیال ہے کہ قتل دجال آلات حرب سے ہوگا فاین هذا من ذالک اولًا ان تعارضات کو جو ان احادیث میں واقع ہیں آپ دور کریں بعد اُس کے یہ احادیث ہمارے روبرو پیش کریں۔

بیان حدیث فتن دجالیہ

قولہ لم تکن فتنۃ فی الارض منذ ذرأ اللہ ذریۃ آدم اعظم من فتنۃ الدجال الی قولہ ینبغی ان یرفع هذا الحدیث الی المؤدب حتی یعلمہ الصبیان فی الکتب۔

اقول جو فتن دجالیہ (دین اسلام کے لئے اس وقت میں وارد ہو رہے ہیں کوئی تاریخ قدیم یا جدید ایام خالیہ کی نشان نہیں دیتی ہے کہ وہ کسی قرن میں واقع ہوئے ہوں۔ کہاں تھے یہ صدہا کالج اور ہزاروں اسکول جنمیں صدہا فنون معاشیہ اور علوم دنیویہ کی تعلیم دی جاتی ہے اور جن میں طلبہ محنت شاقہ کرتے کرتے اپنی عمر کو کھو دیتے ہیں بلکہ محنت شاقہ کرتے کرتے ہلاک ہو جاتے ہیں اکثر طالب علموں کو میں نے دیکھا ہے کہ بعد پاس ہو جانے اعلیٰ درجہ بلکہ اوسط درجہ کے بھی نہ اُن میں کوئی قوت جسمی رہتی ہے اور نہ قوت دماغی اکثر تو اُن میں سے ایسے پائے گئے کہ اُن میں قوت رجولیت ہی باقی نہیں رہی تھی اور پھر نسل ہی منقطع ہو چلی اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ اور سبب اُس کا یہی ہے کہ جب کثرت اور شدت سے قوائے دماغیہ کا استعمال کیا گیا اور دماغ جو منبت اعصاب ہے ضعیف ہو گیا تو تمام قوی جسمانی بھی ضعیف ہو جاویں گے۔ معہذا یہ

طلبہ پاس کئے ہوئے دینیات سے بالکل بے خبر اور غافل دنیا سے کوچ کرجاتے ہیں۔ اور صرف دہریت اور نیچریت اور عبثیات کو اپنے ساتھ لے جاتے ہیں۔

شعر

این ہم رفت و آں ہم رفت در پے باطل جاں ہم رفت

کب تھے ایسے محکمجات اور کچہریاں جن میں وکلا اور موکل دونو اپنی عمریں گنواد یتے ہیں اور موکل تمام اپنے اموال مکسوبہ کو مقدمہ بازی میں صرف کرد یتے ہیں اور مقدمات کی فکر سے نہ اُن کو رات کو چین ملتا ہے اور نہ دن کو اور پورے مصداق اس شعر کے ہو گئے ہیں۔

اہل دنیا کافران مطلق اند روز وشب در زق زق و در بق بق اند

کس زمانہ میں تھی یہ پادری ذکور و اناث جو ہرایک شہر بلکہ دیہات کے کوچہ و برزن میں بلکہ اکثر گھروں میں جاکر جہلا اور عوام کے دلوں کو لبھاتے پھرتے ہیں ان میں ذکور تو طمع مال و زر دیکر اور ان میں کی نسا و اناث اپنا حسن وجمال دکھلاکر لوگوں کو گرفتہ کر لیتی ہیں۔

شعر

بدوزد طمع دیدۂ ہوشمند در آرد طمع مرغ و ماہی بہ بند

کس وقت میں تھے یہ صدہا مشن اسکول جن میں ہزاروں طلبہ اہل اسلام کے دیگر فنون انگریزی کے ساتھ مذہب نصاری کی بھی تعلیم پاتے ہیں اور پھر اکثر طلبہ مشن اسکول کے بحکم کل مولود یولد علی الفطرۃ و ابواہ یہودانہ او ینصرانہ او یمجسانہ کے اسی تعلیم کے ذریعہ سے ہبتسما لے لیتے ہیں۔

کن ایام میں جاری تھے یہ لاکھوں **اشتہارات** یومیہ اور **اخبارات روزانہ مذہب عیسائی** کے جو تمام دنیا میں ہر روز **کروڑوں** شائع ہوجاتے ہیں اور **فتن دجالیہ کو یوماً فیوماً**

ترقی دیتے چلے جاتے ہیں اگر ایسے فتن کے زمانہ میں بھی
کوئی مسیح بن مریم کاسر صلیب مامور من اللہ ہو کر نہ آوے تو پھر
کیونکر باقی رہ سکتا ہے دین اسلام جس کی نسبت حافظ حقیقی بتاکید
ارشاد فرماتا ہے کہ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَ اِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوْنَ
کس قرن میں تھے یہ کارخانے تجارت یورپ و امریکہ وغیرہ ممالک
کے جن میں لاکھوں طرح کے اموال و اسباب ایدھر سے اودھر
اور اودھر سے ایدھر آتے جاتے ہیں جن کے اشغال میں کسی
تاجر کو ایک لحظہ کی فرصت نہیں ملتی جو اللہ تعالے کے لئے ایک
سجدہ بھی ادا کرے ؎ چو خیزد مبتلا خیزد چو میرد مبتلا میرد
کون سی صدی میں تھے یہ محکمات ریلوے و تاربرقی جن میں
ملازم کو نہ رات میں آرام ملتا ہے اور نہ دن کو باوجودیکہ اللہ
تعالی نے دن کو واسطے معاش کے پیدا کیا ہے اور رات کو واسطے
آرام کے بنایا ہے وَ جَعَلْنَا الَّیْلَ لِبَاسًا وَّ جَعَلْنَا النَّھَارَ مَعَاشًا
کہاں تھے یہ جدید کارخانے کلوں کے جن میں رات دن برابر
کام ہوتا رہتا ہے غرض کہ کہاں تک اُن کارخانوں کو ذکر کیا
جاوے جو بکثرت تمام دنیا میں جدید پیدا ہوے ہیں اور انواع
انواع سے اسلام پر حملہ آور ہو رہے ہیں کوئی مورخ ان فتنوں
کا پتہ اور نشان پچھلے زمانوں میں ہرگز نہیں دے سکتا پھر ان
فتنوں سے بڑھ کر اور کون سے فتنے اسلام اور اہل اسلام
کے لئے ہوں گے جنکا انتظار آئندہ زمانہ میں کیا جاتا ہے اور
پھر ایسے فتنوں کے لئے جو فرمایا گیا کہ ان اللہ لم یبعث نبیا
الاحذر امتہ من فتن الدجال اس میں کیا کذب ہوا۔
قولہ فانا حجیجہ کل مسلم وان یخرج من بعدی فکل حجیج
نفسہ اس جملہ سے صاف ثابت ہوا کہ دجال سے جو جنگ مقدر
ہوگی وہ حجت و برہان کے ساتھ ہوگی نہ تیغ و سنان کی ساتھ

دیکھو قرآن مجید میں موجود ہے اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْ حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِیْ رَبِّهٖۤ ایضاً قال تعالیٰ وَحَآجَّهٗ قَوْمُهٗؕ قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّیْ فِی اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِؕ ایضاً قال تعالیٰ هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَآءِ حَاجَجْتُمْ فِیْمَا لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَآجُّوْنَ فِیْمَا لَیْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌؕ وغیر ذلک من الآیات الکثیرۃ جن میں مناظرہ علمیہ کا ہی بیان ہے نہ مقابلہ تیغ وسنان کا۔

قولہ وانہ یخارج من خلۃ بین الشام والعراق۔ یہ جملہ معارض ہے دوسری حدیثوں کے کیونکہ شام و عراق حجاز سے شمال کی طرف واقع ہے دیکھو نقشجات اور جغرافیہ کو چنانچہ واقفین جغرافیہ پر پوشیدہ نہیں ہے اور دوسری حدیث صحیح مسلم سے معلوم ہوتا ہے کہ دجال کا خروج مشرق کی طرف سے ہو کما فی المسلم و اومأ الی المشرق رواہ مسلم اولا اس تعارض میں توفیق و تطبیق کی جاوے بعدہ یہ حدیث پیش کی جاوے۔

قولہ فیقول انا نبی فلا نبی بعدی الی قولہ وانہ اعور و ان ربکم لیس باعور۔ اس استدلال کو جو ان جملوں میں مندرج ہے ہم کو سمجھایا جاوے کہ یہ کس قسم کا استدلال ہے پھر اگر مؤلف صاحب کے نزدیک دجال کے اعور ہونے کے وہی معنی ظاہری ہیں جو اُن کے خیال میں ہیں تو چاہیئے کہ جو شخص اعور نہ ہو وہ رب ہو سکتا ہے ولاکن یہ نتیجہ تو بالکل باطل ہے پس دجال کا اعور ہونا بہ معنی ظاہری بھی باطل ہے اور اگر ان جملوں کی یہ تاویل کی جاوے کہ دنیوی امور میں اسکی بصارت قوی ہوگی اور دینی امور کی آنکھ اس کی معدوم ہوگی بدیں وجہ وہ صراط مستقیم سے علحدہ ہوگا تو یہ استدلال بھی درست ہو سکتا ہے کما قال اللہ تعالیٰ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔ وانہ مکتوب بین عینیہ کافر یقرءہ

کل مومن کاتب و غیر کاتب ۔ اگر دجال کے کفر مکتوبی کے معنے جو اُس کی پیشانی میں لکھا ہوا ہوگا یہی ہیں جو مؤلف صاحب کے خیال میں ہیں تو پھر کیونکر ہو سکتا ہے کہ کاتب اور غیر کاتب دونو کو اُس کا علم برابر ہو جاوے یہ استوا تو نص قرآن مجید کے مخالف ہے قَالَ اللّٰہ تعالیٰ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ہ اس تعارض کو جو بین الآیت و الحدیث واقع ہے اولا دفع کیا جاوے بعدہ ہم اُس پر نظر کریں گے ۔ اور اگر کہا جاوے کہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ آدمی لکھ تو نہیں سکتا لیکن پڑھ سکتا ہے تو اس جملہ کے یہ معنی ہو سکتے ہیں کہ جو غیر کاتب پڑھا ہوا ہے وہ پڑھ لیوے گا تو کہا جاوے گا کہ پھر اس کہنے کی ضرورت کیا تھی اور اس کہنے سے کیا فائدہ مخاطب کو حاصل ہوا جو ایسی جملہ خبریہ کے لئے ضروری ہے اور پھر یہ استفسار ہے کہ وہ غیر کاتب جو پڑھا ہوا بھی نہ ہو وہ دجال کی پیشانی کا لکھا ہوا پڑھ سکتا ہے یا نہیں اگر نہیں پڑھ سکتا تو پھر یہ جملہ غلط ہوا اور اگر پڑھ سکتا ہے تو معارضہ مذکورہ باقی رہا اور ہمارے نزدیک تو اس جملہ کے معنی بہت صاف اور واضح ہیں اور اُس میں کسی طرح کا فساد نہیں ہے کما قال اللّٰہ تعالیٰ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمَاهُمْ ایضاً قال تعالیٰ وَلَوْ نَشَاءُ لَأَرَيْنَاكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمَاهُمْ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ جو معنی ان آیات کے ہیں وہی معنی اس جملہ کے ہیں اور اخیار مومنین کے لئے بھی فرمایا گیا ہے سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ۔

قولہ ان معہ جنۃ و نارا ۔ دجال کے ساتھ جنت و نار کا ہوتا یا کسی انسان کو قتل کر کر اُس کو زندہ کرنا اگر اپنے ظاہری معنوں پر محمول ہے جیسا کہ مخالفین کا خیال ہے تو یہ سب امور

مخالف اور معارض نصوص قرآنی کے ہیں اور نیز مخالف ہیں تمہارے مسلمات کے دیکھو صفحہ ۱۰۵ سطر ۲۱ یعنی وہ دجال خدا کے یہاں اتنی رفعت اور منزلت نہیں رکھتا جو اُس کے پاس فی الواقع روٹیوں کا پہاڑ اور پانی کی نہر موجود ہو بلکہ یہ چیزیں محض خیال ناظرین میں دکھلائی دیں گی انتہی بلفظہ اب غور کرنا چاہیئے کہ جب دجال کے پاس روٹیوں کا پہاڑ اور پانی کی نہر بھی نہیں ہو سکتی تو پھر جنت اور نار اُس کے ساتھ کیونکر ہو سکتی ہیں اور پھر آئندہ کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ اس حدیث میں مراد دجال سے شیطان اور اُس کی ذریات من الجنۃ والناس ہی ہے کیونکہ ابو سعید راوی اعلیٰ حدیث کے اُس رجل کی نسبت جس کو دجال قتل کر کر پھر زندہ کرے گا اور پھر وہ مقتول زندہ ہو کر بھی کہے گا کہ ربی اللہ وانت عدو اللہ الدجال فرماتے ہیں کہ یہ رجل سوا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اور کسی کو ہم نہیں جانتے قال قال ابو سعید واللہ ما کنا نری ذلک الرجل الا عمر بن الخطاب حتی مضی بسبیلہ انتہی پس اگر دجال سے مراد وہی شخص معین معہود ہے جو تمہارے خیال میں ہے تو پھر فرماؤ کہ وہ رجل مقتول حضرت عمر رضی اللہ تعالے عنہ کیونکر ہو سکتے ہیں۔ اور ہمارے نزدیک تو یہ پیشین گوئی مخبر صادق صلے اللہ علیہ وسلم کی دجال کے بارے میں اس وقت بخوبی واقع ہو رہی ہے مراد جنت سے ہزاروں قسم کے سامان راحت و اسباب عیش و آرام ہیں اور مراد نار سے وہ مصائب اور تکالیف ہیں جو دجال کی طرف سے مخلوق کو پہونچیں گی اور دوسری حدیث میں بجائے معہ جنۃ و نار کے معہ ماء و نار ہے یہ جملہ بھی بہت واضح ہے دیکھو تمام کارخانجات ریلوے اور کلوں کو کہ پانی اور آگ سے جاری ہیں ہر کارخانہ میں پانی اور آگ کی کل موجود ہے اور دیکھو ریلوے اور اُس کے

اسٹیشنوں پر روٹیوں کے انبار اور پانی کی نہر بھی موجود ہے اور بذریعہ منبعوں کے ریل کے انٹرمیڈیٹ تک کے درجوں میں بکثرت پانی موجود رہتا ہے اور قتل کرنے اور زندہ کرنے سے دجال کے وہ فتنہ ہائے شدید مراد ہیں جن میں اکثر اہل اسلام مبتلا ہو کر اپنے دین اسلام کو کھو بیٹھتے ہیں اور جو اہل اسلام با وجود ابتلا ہونے کے ان فتنوں میں احکام اسلام کی تائید میں سرگرم اور مضبوط رہتے ہیں اُن کی حیات ازسرنو اُن کو حاصل ہوتی ہے اور نیز وہ شعبدے مراد ہیں جن میں یہ جادو کے تماشے قتل کرنے اور زندہ کرنے کے دکھلائے جاتے ہیں چنانچہ ہم نے خود یہ تماشا دہلی دربار میں دیکھا تھا اُس وقت ہم گورنر جنرل وبسرایز بادیگارد میں ملازم تھے۔

قولہ ان من فتنته ان یامر السماء ان تمطر فتمطر آہ

یہ پیشین گوئی مخبر صادق صلی اللہ علیہ و سلم کی بھی پوری ہورہی ہے یورپ و امریکہ میں بلکہ بعض جگہ ہندوستان میں بھی بذریعہ ایک خاص سامان اور اسباب کے پانی برسایا گیا اور زمین توجس قدر آباد اور مزروعہ و شاداب اب ہوگئی ہے کسی پہلے زمانہ میں اُس کا پتہ اور نشان نہیں ملتا ہے۔محکمجات فلاحت اور زراعت تمام کلاں شہروں میں موجود ہیں اور علوم فلاحت اور فنون زراعت کے اسکول اور کالج قائم کئے گئے ہیں کوئی بتلا وے اور نشان دے کہ اس قسم کے کالج اور اسکول فلاحت اور زراعت کے کسی پہلے قرن میں کب تھے علم نباتات کی اب وہ ترقی ہو رہی ہے جس کا حد و پا معلوم نہیں ہوتا امریکہ میں ایک درخت ایسا دریافت کیا گیا ہے جس کے بارہ پھولوں کا کھلنا رات اور دن کے گھنٹوں کا پتہ دیتا ہے گویا وہ ایک گھڑی ہے جس سے ساعات روز و شب کی معلوم ہوتی رہتی ہیں ترقی حیوانات

اور اُن کی نسل تو نباتات سے بھی زیادہ تر دکھلائی دیتی ہے
پھر اس پیشین گوئی کے واقع ہونے ہیں اگر شک ہو تو شاید
کسی مختوم السمع والبصر ہی کو ہو یا کوئی ایسا شخص متردد ہوگا جو
دنیا کے حال سے محض جاہل اور بے خبر ہو۔

قولہ انہ لا یبقی شئ من الارض لا وطئہ
و ظہر علیہ الا مکۃ والمدینۃ۔

مصداق اس پیشین گوئی مخبر صادق صلی اللہ علیہ وسلم کا اب بخوبی
واقع ہو رہا ہے کیونکہ کوئی مخالف بتلا وے کہ کونسا ملک اور قطعہ
کلاں زمین کا ایسا ہے جس میں یہ دجال نہیں پھر گیا صدہا جزائر نو
آباد اب ایسے معلوم ہوے ہیں کہ جن کا پتہ اور نشان پہلے کسی
اہل جغرافیہ کو معلوم بھی نہ تھا کُل زمین پر ریلوے جاری ہوتی
چلی جاتی ہے۔ دیکھو اخباروں کو کہ اب تجویز ہو رہی ہے کہ خشکی
کا راستہ ہندوستان سے یورپ تک بلکہ لنڈن سات دن میں بذریعہ
اُس ریلوے کے جس کی تجویز پیش ہے طے ہو جایا کرے گا کچھ
اس میں روسی ریلوے ہوگی جو وہ بھی نصاریٰ ہی ہیں اور کچھ
برٹش ریلوے وغیرہ غرضکہ تمام ملکوں دنیا میں خواہ بذریعہ ریلوے
ہو یا بغیر ریلوے کے یہ دجال پھر گیا ہے بلکہ ہر ایک ملک پر متسلط ہو چلا ہے
ہاں البتہ حرمین شریفین پر ابھی تک اس دجال کا تسلط نہیں ہوا
اور ناظرین کو معلوم ہوگا کہ پادریوں کا گورنمنٹ ایک علحدہ گورنمنٹ
ہے جو انھوں نے کوئی بستی اور کوئی قریہ نہیں چھوڑا جس میں
اپنا دجل کا جال نہ پھیلایا ہو پس جب کہ اس قدر اجزا
پیشین گوئی کے بصراحت تمام واقع ہو چکے ہیں تو جو بعض اجزا
ایسے ہیں جنکا وقوع ابھی تک نہیں معلوم ہے یا متشابہ المعنی ہیں
تو اُن کا انتظار کرنا چاہیے خواہ بطور حقیقت یا بطور مجاز کے
جس طرح پر وہ واقع ہوں گے اُن کو تسلیم کرنا پڑے گا۔ اور

چونکہ احادیث متعلقہ پیشین گوئی کے اکثر روایت بالمعنی ہیں لہٰذا یہ بھی احتمال ہے کہ راوی کا خیال بھی اُن کے متن میں مدرج ہو گیا ہو پھر کسی خیال کا واجب الوقوع ہونا کیونکر تسلیم کیا جاوے

قولہ وامامھم رجل صالح قد تقدم یصلی بہم الصبح۔ اس جملہ میں امام مہدی کا کہیں پتہ و نشان نہیں امام نماز کا صرف ایک رجل صالح لکھا ہوا ہے پھر کہاں گئی وہ ترتیب قصہ کی جس میں نزول عیسی بن مریم کا امام مہدی کے وقت میں لکھا ہوا ہے اور درمیان امام مہدی اور عیسی بن مریم کے در بارہ امامت نماز کے * مذکور ہے۔

قولہ فیسید رکہا عند باب لد الشرقی فیقتلہ الی قولہ ویہزم اللہ الیہود۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دجال یہود میں سے ہوگا مگر یہ امر معارض ہے اُن ادلہ قویہ کے جن سے ثابت ہوتا ہے کہ دجال نصاری میں سے ہوگا کیونکہ یہود کے بارہ میں تو قرآن مجید میں صاف پیشین گوئی وا سطے اُن کی ذلت اور مسکنت کے موجود ہے وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ وَبَاءُوا بِغَضَبٍ مِّنَ اللَّهِ پس باوجود اس پیشین گوئی کے یہود کو ایسی شوکت اور دولت کیونکر نصیب ہوسکتی ہے جنہیں دجال سا بادشاہ کہ جس کے قبضہ قدرت میں بموجب خیال مخالفین کے مینہ کا برسانا اور زمین میں اپنے اختیار اور حکم سے نباتات

---

* ناظرین کو واضح ہو کہ مؤلف نے جس قدر احادیث ابن کثیر وغیرہ سے اس غرض سے نقل کی ہیں کہ وہ ہم پر حجت ہوں وہی حدیثیں مؤلف اور اس کے ہم مشربوں پر حجت ہوگئیں یہاں پر وہی مثل صادق آئی کہ ۔ عدو شود سبب خیر گر خدا خواہد ۔ خمیر مایہ دکان شیشہ گر سنگ است۔ منہ۔

کا اگانا اور موتوں کو قتل کرکر زندہ کرنا وغیرہ وغیرہ ہو پس اولا اس تعارض کو دفع کیا جاوے بعد اُس کے اس جملہ حدیث کی ساتھہ استدلال کیا جاوے تاکہ اُس پر نظر کی جاوے۔ اور ہمارے نزدیک یہ پیشین گوئی حضرت عمر کے عہد خلافت میں واقع ہو چکی جس وقت مدینہ لد عمرو بن عاص کے ہاتھہ پر فتح ہوا تھا۔

قولہ ان ایامہ اربعون۔ ان جملوں حدیث سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ دجال کے وقت کے سنین اور شہور اور ایام بہایت جلد گذریں گے اور درجہ غایت میں قصیر ہوں گے اور دوسری حدیث مسلم سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اُس کے ایام نہایت طویل ہوں گے دیکھو صـ۳۳ سـ۱۳ فما لبثہ فی الارض قال اربعون یوما یوم کسنۃ و یوم کشہر و یوم کجمعۃ الحدیث پس ان دونوں حدیثوں کا یہ تعارض کہ (ایک سے تو اُس کے ایام کا قصار ہونا ثابت ہوا اور دوسری حدیث سے اُس کے ایام کا ایام طوال ہونا معلوم ہوا اولا آپ دفع فرماویں بعد تطبیق ہم سے آپ اس کا جواب لیویں ودونہ خرط القتاد اور نیز مسلم کی حدیث مذکور میں دجال کا ایک دن جو برس دن کے برابر ہوگا آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے برس دن کی نماز پڑھنے کے لئے ارشاد فرمایا اور اس حدیث میں بیان فرمایا کہ جس طرح پر ان ایام طوال میں پانچ نمازیں پڑھتے ہو اُسی طرح پر ان ایام قصار میں پانچوقت کا اندازہ کرلیجیو فاین ھذا من ذالک۔

قولہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیکون عیسی بن مریم فی امتی حکما عدلا الی قولہ ولیضع الجزیۃ

اقول ثبوت اُس کے حکم اور عدل ہونے کا یہ ہے کہ متعدد مسائل میں جو بیچ اعوج کا اختلاف مدت سے چلا آتا تھا اُن مسائل میں اس حکم اور عدل نے ایسا فیصلہ کردیا کہ اب کسی مخالف

کو دم مارنے کی جگہ باقی نہ رہی نصوص قرآنی بھی پیش کئے احادیث
صحاح سے بھی استدلال کیا نشانات آسمانی بھی دکھلائے الہامات
بھی پیش کئے تائیدات آسمانی بھی ظاہر کیں اور آثار ضعیفہ اور روایات
متعارضہ کو عمدہ دلائل سے رد کردیا پھر جو مسئلہ قرآن مجید احادیث
صحاح اقوال آئمہ محققین الہامات نشانات آسمانی تائیدات سماوی
وغیرہ وغیرہ سے فیصلہ کیا جاوے پھر اب کون سا شک اس کے
حکم اور عدل ہونے میں باقی رہ سکتا ہے مثلاً ایک مسئلہ **وفات مسیح** کا ہی ہے قرآن سے بھی ثابت کیا احادیث صحاح سے
بھی استدلال کیا اقوال محققین بھی اُس پر پیش کئے گئے الہامات
بھی اُس کی تائید میں شائع کئے گئے نشانات آسمانی اور تائیدات
سماوی بھی اُس کے ہاتھ پر ظاہر ہوئے ✱ اور جو مخالفین پیرو
اسلام کے عیسائی آریہ وغیرہ تھے وہ بھی ہلاک ہوئے اور ہوتے
چلے جاتے ہیں معہذا پھر بھی اگر اُس کے حکم ہونے میں شک
ہے تو بجز اس کے کہ آیت پڑھی جاوے اور کیا کہا جاوے
اِنَّكَ لَا تَهْدِىْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ

قولہ بضع الجزیۃ۔ **اقول** واضح ہو کہ اخذ جزیہ
جہاد سنانی میں ہوا کرتا ہے قال اللہ تعالیٰ قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ
بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ
وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى
يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ لیکن قلم کے جہاد میں اخذ جزیہ
کیسا کیونکہ جب کہ لڑائی حجت اور برہان سے ہووے تو یہ امر

جواب صفحہ ۱۳۴
بیان وضع جزیہ

✱ اجماع صحابہ جو بوقت وفات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام
گذشتہ رسولوں کی وفات پر ہوا جس میں مسیح میں داخل ہیں کیونکہ وہ بھی
رسول ہیں کیسی بڑی حجت قاطعہ ہے مسیح کی وفات پر کما سیاتی ۱۲ منہ

نہیں ہو سکتا کہ کوئی کافر جزیہ دینا اس غرض سے اختیار کرے کہ مسیح موعود حجت اور برہان سے حقیت اسلام کی اُس پر پیش نہ کرے اور مسیح موعود بھی یہ بات ہرگز نہیں کہہ سکتا کہ اگر تو اے کافر اہل کتاب جزیہ دینا قبول کرے تو میں تجھ پر برہان حقیت اسلام پیش نہ کروں گا پس ثابت ہوا کہ طرفین سے حجت و برہان کے جہاد میں یہ معاملہ جزیہ کا ممکن الوقوع نہیں ہو سکتا لہذا مخبر صادق صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پیشین گوئی میں ایک دوسری پیشین گوئی درج فرمادی اور وہ یہ کہ مسیح موعود کے وقت میں جہاد سنانی نہیں ہوگا جیساکہ مؤلف خود صکہ۳ سطر میں لکھتا ہے و یضع الحرب اوزارھا بلکہ حجت و برہان کے ساتھ جہاد ہوگا جس میں اخذ جزیہ ہو ہی نہیں سکتا بلکہ یضع الحرب مسیح موعود کی خاص ایک شان مخصوص ہوگی۔

قولہ و یترك الصدقۃ ۔ کنایہ ہے کثرت اموال سے جو مسیح موعود کے زمانہ میں ہوگا کیونکہ مال کے معنی مایمیل الیہ الطبع کے ہیں پس دیکھو اس وقت میں کثرت سامان اور اسباب دنیوی کو جو مایمیل الیہ الطبع کا مصداق ہے اس کثرت سے پیدا ہوا ہے کہ کوئی پہلی تاریخ اُس کثرت کا پتہ اور نشان نہیں دے سکتی یہاں تک کہ لوگوں کے نزدیک اونٹ یا بکری کی کوئی قدر و منزلت نہیں رہی۔

قولہ و ترتفع الشحناء الی قولہ تملا الاناء من الماء ۔ یہ پیشین گوئی مخبر صادق صلی اللہ علیہ وسلم کی اب بخوبی واقع ہو رہی ہے اور آیندہ واقع ہوگی کیونکہ جو سامان امن اور آسایش کے اس زمانہ میں ہیں وہ قبل اس کے کہاں تھے بلکہ ایک غدر برپا ہو رہا تھا۔

قولہ و تکون الارض لھا نور الفضۃ ۔

اقول اس جملہ میں بیان اس امر کا ہے کہ مسیح کے وقت میں ایک زمانہ سعت اور وسعت کا بھی آوے گا جس میں تمام اجناس کی فراوانی اور ارزانی ہو گی اس پیشین گوئی کا انتظار کرنا چاہیئے اپنے وقت میں واقع ہو رہے گی۔

قولہ و ان قبل خروج الدجال ثلث سنوات۔

اقول تین قحطوں کا وقوع جو قبل خروج دجال کے اس حدیث میں لکھا ہے وہ معارض ہے دوسری حدیث کے جو فصل ثانی مشکوٰۃ شریف میں موجود ہے ان تینوں قحطوں کا ہونا خروج دجال کے زمانہ میں ہی لکھا ہے عن اسماء بنت یزید قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم فی بیتی فذکر الدجال فقال ان بین یدایہ ثلث سنین سنۃ تمسک السماء فیہا ثلث قطرہا والارض ثلث نباتہا و الثانیۃ تمسک السماء ثلثی قطرہا و الارض ثلثی نباتہا و الثالثۃ تمسک السماء قطرہا کلہ و الارض نباتہا کلہ فلا یبقی ذات ظلف و لا ذات ضرس من البہائم الا ہلک الحدیث بہرحال الا تطبیق و توفیق درمیان قبل خروج الدجال اور بین یدیہ کے کیجئے بعد اُس کے اس پیشین گوئی مندرجہ حدیث کی تصدیق ہم سے سنیئے ایک قحط تو ۱۲۹۶ھ و ۱۲۹۷ھ میں ہو چکا جس میں ایک ثلث تخمیناً بارش کم برسی اور ایک ثلث تخمیناً پیداوار کم ہوئی اب یہ دوسرا قحط موجود ہے جس میں دو ثلث بارش کم برسی ہے اور دو ہی ثلث پیداوار کم ہوئی ہے کیونکہ ۱۲۹۶ھ سے قبل ۳۰ سال پر جو نظر کی جاتی ہے تو نرخ اوسط اجناس خوردنی مثل گندم کا جو ان ملکوں میں زیادہ تر کھایا جاتا ہے ۲۰ و ۳۰ سیر کے درمیان معلوم ہوتا ہے اور ۱۲۹۶ھ اور ۱۲۹۷ھ میں جو ایام قحط تھے بہ لحاظ بعض ایام اور بعض ملکوں کے بقدر ایک ثلث کے بالضرور کمی معلوم

ہوتی ہے خواہ کسی ایام اور کسی ملک میں ثلث سے بھی زیادہ
کم ہو گیا ہو لیکن یہاں پر لحاظ اکثر ایام اور اکثر ملکوں کا کیا جاتا
ہے و للاکثر حکم الکل کیونکہ نرخ کوئی ایسی شے معین
نہیں ہے جو مختلف نہ ہوتا رہتا ہو بلکہ ہمیشہ اُس میں اختلاف
واقع ہوتا رہتا ہے اسی واسطے اوسط کا بھی ضرور لحاظ کیا گیا
ہے اور اب ۱۸۹۹ء سے جو قحط ثانی ہے نرخ اجناس مثلاً
گندم بہ نسبت ۳۰ سال پیشتر ۱۸۹۶ء کے بعد بقدر دو ثلث
کے بحساب اوسط کمی معلوم ہوتی ہے اور یہی بہ نسبت کمی
کے تقریباً اور ملکوں میں بھی معلوم ہوتی ہے اگرچہ بعض ملکوں
قحط زدہ میں مثل راجپوتانہ وغیرہ کے اس قدر تباہی قحط کی واقع
ہوئی ہے کہ وہ ملک بالکل تباہ اور برباد ہو گئے مگر باعتبار اکثر ملکوں
کے ان ایام قحط ثانی میں کمی دو ثلث پیداوار کی بالضرور معلوم ہوتی
ہے پس مضمون حدیث کا کہ اول قحط میں کمی ایک ثلث کی اور
دوسرے قحط میں کمی دو ثلث کی ہو گی اس تقریر سے صادق
اور ثابت ہوتا ہے ورنہ یہ کیونکر ممکن ہے کہ ایام خصب کا
پیداوار غلہ کسی ملک میں کل موزون کیا جاوے اور پھر ایام
جدب کا کل پیداوار وزن کر کر مقدار ثلث یا دو ثلث تحقیقی کے
کمی معلوم کی جاوے کہ یہ امر ممکن وقوعی نہیں ہے جس سے
وقوع پیشین گوئی کا بھی غیر ممکن وقوعی معلوم ہوتا ہے۔
ہم نے جو نرخ اجناس کو معیار و اندازہ ثلث و ثلثین کا مقرر
کیا ہے اُس سے زیادہ عمدہ کوئی دوسرا معیار معلوم نہیں ہوتا
ورنہ مؤلف صاحب واسطے تصدیق پیشین گوئی مخبر صادق صلے
اللہ علیہ وسلم کے اس سے بہتر کوئی معیار اور تجویز فرماویں
جس سے تصدیق پیشین گوئی کی کی جاوے۔ ہاں البتہ بارش کا
معیار بذریعہ علوم جدیدہ اور آلات اُس کے کے وفاتر سرکاری

سے معلوم ہو سکتا ہے مگر وہ بھی تخمینا اور بحساب اوسط جو
تخمین در تخمین ہے معلوم کیا جاتا ہے لاکن ثلث اور ثلثیں بارش
کی کمی تحقیقاً دریافت کرنے کا بھی کوئی ذریعہ ہے نہیں اس
کا علم تو مخصوص ہے بجناب الٰہی جو علام الغیوب ہے ولیس-اور
چونکہ الفاظ پیشینگوئی کے ذو الوجوہ ہیں لہذا حدیث مذکورہ
میں لفظ ثلث سنین یا ثلث سنوات کے یہ معنی بھی ممکن ہیں
کہ تین برس کا قحط مراد ہو اور شروع اس قحط کی سنہ ۹۶ سے
ہو اور اختتام سنہ ۹۹ میں اور سال حال سال فراخی کا ہوجاوے
وما ذالک علی اللہ بعسیر و اللہ اعلم بالصواب و الیہ
المرجع و المآب دیکھو رپورٹ لارڈ کرزن کو جو بذریعہ چٹھی موصولہ
ولایت کو کی گئی جو اکثر اخباروں انگریزی وغیرہ واردو میں بھی
درج کی گئی ہے جس میں قحط حال کو پہلے قحط سے بڑا اشد
اور سخت زیادہ قرار دیا گیا ہے اور انتظار کرو تیسرے قحط
شدید کا جس میں تمام بہایم ذات ظلف اور ذات ضرس ہلاک
ہو جاویں گے اگر اس قحط ثانی میں بھی لاکھوں انسان اور حیوانات
ہلاک ہو گئے مگر قحط ثالث اس سے بھی زیادہ سخت ہو گا
و نعوذ باللہ من شرورھا اللھم احفظنا من کل بلاء الدنیا
و عذاب الآخرۃ اور واضح ہو کہ لفظ ثلث سنین یا ثلث سنوات
جو حدیث مانحن فیہ میں آئے ہیں اس سے مراد یہاں پر برس
اور سال نہیں ہے جس سے یہ لازم آوے کہ یہ تینوں قحط
تین ہی سال میں ہوں گے کلا و حاشا بلکہ اس جگہ پر معنی ثلث
سنوات یا ثلث سنین کے جو دونو جمع سنۃ کی ہیں معنی قحط کے مراد
ہیں خواہ وہ کتنی ہی مدت تک قحط رہے دیکھو قاموس وغیرہ
کتب لغت کو جن میں معنی سنۃ کے قحط کے لکھے ہیں پس دفع
ہوا وہ اعتراض ناواقفوں کا جو اس مقام پر کیا گیا ہے کہ قحط

جواب ۳۲ تین قحطوں کا بیان جو حال کے زمانہ میں ہوں گے

حدیث نواس بن سمعان

سنہ سالانہ تو منقضی ہو چکا اور جو قحط کہ اس سے قبل ہو چکے ہیں اگر ان کی تطبیق اس پیشین گوئی پر ہو سکے اگرچہ سابق کسی اہل علم نے ان قحطوں کو اس حدیث کا مصداق نہیں ٹھہرایا تو ہم کو اس کے تسلیم سے کب انکار ہے ۔ اب آخر میں اس حدیث کے میں بھی وہی وصیت کرتا ہوں جو امام عبدالرحمن صحابی نے کی تھی تاکہ صدق پیشین گوئی مخبر صادق کا ہر کہ ومہ پر واضح ہو جاوے ۔ و ینبغی ان یرفع ھذا الحدیث الی المؤدب حتی یعلمه الصبیان فی الکتاب ۔

قولہ و لنذکر حدیث النواس بن سمعان ھھنا لشبہہ بہذا الحدیث الی آخر صفحہ ۳۴ ۔

اقول جملہ ان یخرج و انا فیکم فانا حجیجہ دونکم دلالت کرتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم خروج دجال کا خیال اپنے زمانہ میں بھی رکھتے تھے حالانکہ دوسری احادیث سے اس کا خروج آخر زمانہ میں معلوم ہوتا ہے پس اس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ حقیقت پیشین گوئی کی مع مالہ و ما علیہ کے ملہم کو بھی معلوم نہیں ہوتی ہے اور کوئی نقص اس عدم علم سے اس کے الہام میں لازم نہیں آتا ۔ اور اس حدیث میں جو فواتح سورہ کہف کے پڑھنے کا حکم فرمایا گیا اس سے ثابت ہوا کہ دجال نصاریٰ میں ہو گا کیونکہ فواتح سورہ کہف میں حضرت عیسیٰ کے ابن اللہ ہونے کا رد فرمایا گیا ہے اور یہی سر ہے فتنہ دجالیہ کے وقت میں سورہ کہف کے فواتح پڑھنے کا قال تعالیٰ وَ یُنْذِرَ الَّذِیْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّ لَا لِاٰبَآئِهِمْ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا الی آخر الآیات اور اسی لئے فواتح سورہ کہف کا پڑھنا فتن دجالیہ سے سبب امن و

و امان کا ہے کما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم فانھا جوار کم من فتنہ ہم نے اس حدیث نواس بن سمعان کی شرح معہ تفسیر آیات فواتح کہف کے شرح و بسط کے ساتھ تحذیر المؤمنین میں بیان کی ہے من شاء فلیرجع الیھا ناظرین کو چاہیئے کہ بعض جملے اس حدیث کے محفوظ رکھیں کہ وہ ہم کو مفید ہیں مثلاً اذ بعث اللہ مسیح ابن مریم یہاں پر بجائے نزول عیسی بن مریم کے لفظ بعث فرمایا گیا ہے اور نیز یہ جملہ یاد رکھیں کہ لا یحل لکافر یجد ریح نفسہ الا مات جو مسیح موعود کی قوت کلامیہ پر دال ہے اور اس امر کا مخالفوں کو بھی اقرار ہے کہ جو قوت اور زور حضرت اقدس کے قلم میں ہے وہ کسی مخالف یا موافق کو حاصل نہیں ہے اور مثلا یہ جملہ بھی محفوظ رہے انی قد اخرجت عبادا لی لا یدان لاحد بقتالھم کہ یہ جملہ جہاد کے التوا پر صاف دلالت کرتا ہے اور مثلاً یہ ٹکڑہ حدیث کا بھی ملحوظ نظر رہے و یبعث اللہ یاجوج و ماجوج وھم من کل حدب ینسلون کہ اس میں یاجوج و ماجوج کے اقبال پر دلالت صریحہ ہے دیکھو ہر ایک فن اور ہر ایک علم دنیوی میں اس قوم نے ترقی کی ہے عیاں را چہ بیاں پس یہ سب جملے ہمارے لئے مؤید اور دلیل ہیں کہ وقوع پیشین گوئی پر صریحاً دال ہیں کما حررنا سابقاً فتدبر ولا تکن من الغفلین اور جملہ فیرغب نبی اللہ عیسی و اصحابہ فیرسل اللہ علیھم النغف فی رقابھم فیصبحون فرسی کموت نفس واحدۃ سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ مسیح موعود کے وقت میں جہاد سنانی نہیں ہوگا بلکہ مسیح موعود کی رغبت الی اللہ یعنی آپ کی توجہ الی اللہ اور دعا سے مخالفین کا ہلاک مقدر ہے اور آخر حدیث میں اس اخیر زمانہ مسیح کا ذکر ہے جس میں فراخی

ازالہ اوہام [illegible]

عیش ہو گی اور برکات ارضی و سماوی کا ظہور انتہا درجہ پر ہوگا اور پھر اُس کے بعد ایک قسم کی قیامت قائم ہو گی۔

قولہ حدیث اخر قال مسلم فی صحیحہ۔

اقول اس حدیث میں کوئی جملہ ہمارے مسلک کے مخالف نہیں ہے اور جملہ یخرج الدجال فی امتی فیمکث اربعین لا ادری اربعین یوما او اربعین شہرا او اربعین عاماً سے معلوم ہوتا ہے کہ مدت مکث دجال کا علم معلوم نہیں بلکہ مقدار اُس کے یوم اور دن کی بھی تحقیقاً نہیں معلوم کہ کس قدر ہے کیونکہ سابق میں احادیث مسلمہ مؤلف سے ثابت ہو چکا ہے کہ کہیں اُس کے ایام کو ایام طوال فرمایا گیا ہے اور کسی جگہ پر اُس کے ایام کو ایام قصار کہا گیا ہے جس کو دوسری حدیث میں تقارب زمان سے تعبیر کیا گیا۔ اور نیز اس حدیث سے حضرت عیسیٰ موعود کا نزول مثل دیگر مجددین کے ثابت ہوتا ہے کیونکہ اس حدیث میں بلکہ نیز دوسری حدیثوں میں لفظ نزول من السماء کا کہیں پتہ نہیں ہے بلکہ اس حدیث میں تو بجائے لفظ نزول کے لفظ بعث کا فرمایا گیا ہے جیسے کہ دوسرے مجددین کیلئے لفظ بعث کا بولا گیا ہے اور جملہ فیبقی شرار الناس کا مطلب یہ ہے کہ جب مسیح موعود کا زمانہ گذر جاوے گا اور عہد اُس کا بعید ہو جاوے گا تو حسب سنت الٰہیہ کے پھر لوگوں میں شر و فساد پھیل جاوے گا کما قال اللہ تعالیٰ حتّٰی اِذَا طَالَ عَلَیْہِمُ الْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُہُمْ۔ پھر اس حدیث کے آخر میں مذکور ہے کہ بعد النفخ و اللتیا ایک قسم کی قیامت قائم ہوگی جس کا علم اللہ تعالےٰ کو ہے و بس۔

قولہ حدیث اخر قال الامام احمد الی اخر الصفحۃ۔

اقول اس حدیث کا مالہٗ و ما علیہ سابق میں گذر

چکا ہے اور علاوہ اُس کے یہ عرض ہے کہ علم تعبیر رویا میں یہ
امر مقرر اور مسلم ہے کہ اسمائے اعیان کے معانی کا لحاظ بھی کیا
جاتا ہے اور اُن معانی کے مناسب تعبیر رویا و مکاشفات
کی قبول کی جاتی ہے اور چونکہ دجال اور مسیح موعود کی اکثر
پیشین گوئیاں از قسم رویا اور مکاشفات کے ہیں کما مرّ سابقاً
تو پھر کیا بعید ہے کہ مراد لدّ سے جو جمع الد کی ہے یہ ہو کہ ہلاک
دجال کا جو بڑا جھگڑالو اور الدّ الخصام ہے اُس کی ذریات جھگڑالو
کے روبرو کیا جاوے یعنی دجال جو مراد لاٹ پادری سے ہے
معہ اُس کے تمام ماتحت پادریوں کے ہلاک ہو چنانچہ یہ امر
اب واقع ہو رہا ہے پس یہی ہے ہلاک دجال کا دروازہ
لد پر حسب مقتضائے علم تعبیر رویا کے دیکھو حدیث متفق
علیہ کو جس میں طواف دجال کا واسطے بیت اللہ کے مذکور
ہے اور شراح حدیث نے اُس کی جو تعبیر کی ہے اُس کو بھی
ملاحظہ کرو۔ اور رویا میں دیکھنا مسیح موعود کا صحیح بخاری میں
متعدد مقاموں پر وارد ہے دیکھو ۴۸۹ - و - ۸۷۶ - و ۱۰۵۵
وغیرہ کو جو مطبع احمدی کی مطبوعہ ہے۔

قولہ حدیث اخر قال الامام احمد الی
اخر الصفحہ

اقول طلوع الشمس من مغربہا سے اگر آپ کی یہ مراد
ہے کہ قبل زمانہ مسیح موعود کے یا اُس کے زمانہ میں ہی آفتاب
مغرب سے طلوع کرے گا تو یہ امر مخالف ہے نصوص قرآنیہ
کے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے تا قیام دنیا الی یوم القیامۃ جو نظام
شمسی و قمری مقرر فرما دیا ہے اُس نظام میں قبل قیامت کے
و زمانہ مسیح میں ایسا تغیر نہیں آسکتا کہ آفتاب مغرب سے طلوع
کرے قال اللہ تعالیٰ وَآيَةٌ لَّهُمُ اللَّيْلُ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ

جواب صفحہ ۳۴ - بیان آیات مخبرہ قرآن السلام -

فَاِذَا هُمْ مُظْلِمُوْنَ وَ الشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ وَ الْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ

اس آیت میں غور کرنے سے ثابت ہوتا ہے کہ اگر طلوع الشمس من مغربہا سے ظاہری معنی مراد ہے تو وہ قیامت کے لگ بھگ واقع ہوگا نہ زمانہ مسیح میں اور نہ قبل زمانہ مسیح کے اور اگر طلوع الشمس من مغربہا سے کوئی ایسے معنے تاویلی مراد ہیں جیسا کہ شرح مقاصد وغیرہ میں لکھا ہے تو وہ واقع ہو چکے یعنی تمام حالات عالم کے سابق کے لحاظ سے بدل گئے اور درصورت مراد ہونے معنے تاویلی کے یہ مراد بھی ہو سکتی ہے کہ آفتاب توحید اسلام کا طلوع مغرب سے ہوگا پس دیکھو امریکہ اور یورپ کے ملکوں کو جن میں آفتاب صداقت اسلام کا طلوع ہونا شروع ہو چلا ہے اور ہم کو ہرگز ہرگز انکار نہیں ہے کہ طلوع الشمس من مغربہا لگ بھگ قیامت کے اپنے حقیقی معنی پر واقع ہو۔

بیان دخان

پیشین گوئی دخان کے وقوع میں خود صحابہ کرام کا اختلاف ہے بعض کے نزدیک یہ پیشین گوئی واقع ہو چکی دیکھو صحیح مسلم وغیرہ کو اور نیز دیکھو سورہ دخان کی تفسیر کو قال اللہ تعالیٰ یَوْمَ تَاْتِی السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِیْنٍ یَغْشَی النَّاسَ من غلبۃ الجوع علیھم و ذلک ان قریشاً لما استعصت علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعا علیہم فقال اللھم اشدد وطئتک علی مضر و اجعلہا سنین کسنی یوسف فاصابہم الجھد و اکلوا الجیف وکان الرجل یری من الدخان ما یحول بینہ

بیان دخان

دبین صاحبہ فیسمع کلامہ ولا یراہ کذا فی تبصیر الرحمن
اور جن علما کے نزدیک یہ دخان ابھی واقع نہیں ہوا اور علامات کبریٰ قیامت سے ہے جو قبل قیامت کے واقع ہوگا اگر مراد اُس سے وہی معنی ظاہری دخان کے ہیں تو وہ واقع ہوگا۔ اور اگر تاویلی معنے مراد ہیں تو یہ پیشین گوئی دو پہلو سے واقع ہوچکی اولاً تو وہ ہی قحط ہے جو سابق میں حدیث ان قبل خروج الدجال ثلث سنوات میں گذر چکا اور ثانیاً مراد اُس سے وہ ادخنہ شبہات نفوس خبیثہ وبخارات شکوک دجالیہ مراد ہیں جو تمام دنیا میں مثل دخان کے پھیلے ہوئے ہیں اور اکثر انسانوں کے بصائر کو نور کتاب مبین کے دیکھنے سے ڈھک رکھا ہے حتیٰ کہ مسلمانوں کو ابھی اس دخان سے زکام ہوگیا ہے یعنی کسی قدر اثر پہونچ گیا ہے اور جس کے دفع کرنے کے لئے مسیح موعود اُس نور کتاب مبین کو پیش کرتا ہے جس کی نسبت وارد ہے کہ حٰمٓ وَالْکِتٰبِ الْمُبِیْنِ۔ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةٍ مُّبٰرَکَةٍ اِنَّا کُنَّا مُنْذِرِیْنَ فِیْهَا یُفْرَقُ کُلُّ اَمْرٍ حَکِیْمٍ اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا اِنَّا کُنَّا مُرْسِلِیْنَ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّکَ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

بیان خروج دابہ

بیان خروج دابۃ الارض

خروج دابہ کے بارہ میں جو تعارضات روایات میں وارد ہیں اولاً اُن میں تطبیق دی جاوے بعد اُس کے معلوم ہوگا کہ مراد دابہ سے وہ ہے جو حضرت مسیح الزمان اپنے رسائل میں مثل **حمامۃ البشریٰ** وغیرہ کے شرح اُس کی فرما چکے ہیں۔ اور چونکہ پیشین گوئیوں کے پہلو مختلف بھی ہوتے ہیں لہذا مصادیق اُس کے مختلف طور پر بھی واقع ہو سکتے ہیں لہذا جس قدر صفات دابہ کے قرآن مجید اور احادیث صحاح میں وارد ہیں ہم اُن کو اولاً لکھتے ہیں **قال** اللہ تعالیٰ وَاِذَا وَقَعَ

الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَابَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ - **قاموس** میں لکھا ہے و الدابۃ ما دب من الحیوان و غلب علی ما یرکب اور وقوع قول سے مراد مفسرین نے یہ لکھی ہے کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر موقوف ہو جاوے اور بجائے تکلمہم کے تنبئہم بھی ایک قرارت میں وارد ہوا ہے اور لکھا ہے کہ یہ قرارت بمنزلہ تفسیر تکلمہم کے وارد ہوئی ہے اور تفسیر **تبصیر الرحمن** میں لکھا ہے دآبۃ عجیبۃ لم یعہد مثلہا طولہا ستون ذراعا لہا اربع قوائم و جناحان و ریش لا یفوتہا ھارب و لا یدرکہا طالب معہا عصی موسیٰ تنکت بہا مسجد المؤمن فیبیض وجہہ وخاتم سلیمٰن تنکت بہ انف الکافر فیسود وجہہ لیعلم انہم انما یتبہون لما تنبہ لہ الدواب اور **حجج الکرامہ** وغیرہ میں لکھا ہے کہ ابن مسعود نے کہا جب علما مر جاویں گے علم جاتا رہے گا قرآن اٹھ جاوے گا تب ہم ایک دابہ زمینی نکالیں گے جو ان سے باتیں کرے گا اور یہ بھی لکھا ہے کہ وہ اسقدر تیز نکلے گا جیسے گھوڑا تیز رو دوڑتا ہے **اقتراب الساعۃ** میں لکھا ہے ابن عباس نے کہا کہ ایک جوڑ سے دوسرے جوڑ تک بارہ گز کا فاصلہ ہوگا اشعۃ میں لکھا ہے کہ وہ نکل کر تین بار چلاّ وے گا جو کوئی درمیان مشرق اور مغرب کے ہے وہ اس کو سنے گا - اب میں کہتا ہوں کہ یہ دابہ جس کا ذکر آیت اور روایات مذکورہ میں ان اوصاف کے ساتھ آیا ہے وہ دابہ ریلوے ہے اس میں یہ سب صفات موجود ہیں کیونکہ بموجب لغت کے جو معنی دابہ کے قاموس سے لکھی گئی وہ تو اس پر بخوبی صادق آتی ہی ہیں کہ شروع رفتار میں زمین پر رینگتی ہوئی چلتی ہے اور یہ تو ظاہر ہے کہ یہ ریلوے ایسا مرکب ہے کہ کبھی پہلے زمانہ میں ایسی سواری کے وجود کا پتہ

کوئی تاریخ نہیں دے سکتی اور اُس کے خروج کا زمانہ بھی وہی ہے
جس زمانہ میں کہ وہ پیدا ہوئی کیونکہ یہ بھی ظاہر ہے کہ مدت سے
امر بالمعروف اور نہی عن المنکر بالکل جاتا رہا ہے وکانوا لایتناھون
عن منکر فعلوہ کا مصداق پورے طور پر واقع ہو رہا ہے۔ اور
کلام کرنے سے مراد بموجب دوسری قرارت کے جو بمنزلہ تفسیر کے
واقع ہے آگاہ کرنا ہے لوگوں کا اور یہ امر تو ہر ایک شخص جانتا
ہے کہ ریل اپنی سیٹی کی آواز سے لوگوں کو آگاہ اور خبردار کردیتی ہے
اور چونکہ ریلوے ایک ایسی عجیب وغریب سواری ہے کہ کسی پہلے
زمانہ میں ایسی عجیب وغریب چیز پیدا نہیں ہوئی اور ایسی عجیب
وغریب چیز ایک آیت ہوتی ہے من آیات اللہ لہذا اہل بصیرت
اور صاحب عبرت کے لئے موجب زیادتی ایقان اور باعث قوت
اذعان کا اللہ تعالیٰ اور اُس کی صفات پر بالضرور ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی دیگر آیات
پر جو غیب الغیب ہیں مومن کا ایمان اور اُسکے دیکھنے سے کامل ہوتا ہے تو یہی معنی ہیں
تکلمھم ان الناس کانوا بآیتنا لا یوقنون کے ہیں
اگر کوئی بلید ایسی عجائب غرائب سنے کو بھی دیکھ کر ایمان آیات الٰہی
پر نہ لاوے تو پھر وہ شخص ایسا بلید ختم اللہ علی قلوبہم کا
بالضرور مصداق ہے اور یہی مراد ہے اُن روایات سے جو اس دابہ
کے بارہ میں وارد ہوئی ہیں کہ باقی نہ رہے گا کوئی مومن مگر اُس
کی پیشانی میں عصای موسے علیہ السلام سے ایک نکتہ سفید کرے
گا اُس نکتہ سے منہ اُس کا سفید ہو جاوے گا اور نہ کوئی کافر
باقی رہے گا مگر اُس کے منہ پر مہر سلیمان علیہ السلام لگا دے گا
اُس مہر سے منہ اُس کا کالا ہو جاوے گا عصای موسیٰ علیہ السلام
سے اس سواری کو بھی نسبت ہے کہ جس طرح پر وہ عصا تمام سانپ
اور اسباب کو نگل گیا اسی طرح پر ہزاروں اقسام کا سامان واسباب
یہ سواری بھی نگل جاتی ہے اور مومن کی پیشانی سفید ہونے سے یہ مراد ہے

کہ اُس کے ایمان کی زیادتی ہوگی جو موجب نورانیت پیشانی کی ہے۔ اور مہر سلیمان علیہ السلام سے اس سواری کو یہ نسبت ہے کہ جس طرح پر اُن کی مہر کی برکت سے تخت سلیمان رواں ہوتا تھا اس سواری کی تیز رفتاری بھی قریب قریب اُس کے ہے پھر معہذا جو کوئی بلید ایسی اعجب العجاب کو دیکھ کر بھی ایمان آیات الٰہی پر جو عین الغیب ہیں نہ لاوے تو اُس کے سواد الوجہ فی الدارین ہونے میں کیا کلام ہے اور چونکہ اکثر گاڑیاں ریلوے کی دیگر سواریوں کی نسبت بہت طویل ہوتی ہیں لہذا **طولہا ستون ذراعًا** سے مراد اُس کا بہت طویل ہونا ہے اور تیز تر ہونا اُس کا گھوڑوں تیز رو سے بھی ظاہر ہے اور تین بار چلاّنا اُس کا وقت قبیل روانگی کے بھی ظاہر ہے اور آواز اُس کی سیٹی کی بہت دور تک مشرق اور مغرب میں پہونچ جاتی ہے غرض کہ اس **دابہ** کے بارہ میں جو روایات وارد ہوئی ہیں اکثر اس پر صادق آتی ہیں اور چونکہ یہ پیشین گوئی بھی عالم مکاشفات سے ہے لہذا تمثلات اُس کے مختلف طور پر مختلف اوقات میں ظاہر کیئے گئے ہیں اور یہی سبب ہے اس کے بارہ میں روایات کے مختلف ہونے کا بلکہ کل پیشین گوئیوں میں جو متعلق دجال اور مسیح موعود کے آئی ہیں اُن میں جو کثرت سے اختلاف پایا جاتا ہے اُس کا یہی سبب ہے کہ اوقات مختلفہ میں اُن کے تمثلات مختلف دکھلائے گئے ہیں جو لوگ ظاہر پرست اور لفظ پرست ہیں اُن کے واسطے ان تعارضوں کی تطبیق و توفیق میں سخت دشواریاں پیش آئی ہیں اور جو اہل علم کہ اس سرّ اور نکتہ سے خبردار ہو گئے ہیں اُن پر اُن کی تطبیق و توفیق اللہ تعالی نے نہایت سہل اور آسان کردی ہے **و للہ الحمد اولاً و آخرا** اور مراد اربع قوائم سے اُس کے پہیئے ہیں اور جناحین سے مراد اُس کے دونو طرف کے چھجے ہیں جو بعض گاڑیوں میں بڑے بڑے ہوتے ہیں۔

بیان خسوف و پیشینگوئی

خروج یاجوج و ماجوج کی نسبت ہم رسالہ **تحفہ مدراس** میں بہت شرح و بسط سے لکھ چکے ہیں فلا نعیدہا مرۃ اُخری۔ **نزول عیسی بن مریم** کی شرح اور **خروج دجال** کا بیان اس رسالہ میں بھی سابق ہو چکا ہے فلا نطیلہا بذکرہا۔ آگے رہا **خسف جزیرہ مشرق اور مغرب اور جزیرہ عرب** میں سو اس کا یہ حال ہے کہ اس تیرہ سو برس میں اس قدر خسف مشرق و مغرب اور نیز جزیرہ عرب میں واقع ہوئے ہیں کہ شہر کے شہر اور گانو کے گانو زمین میں دھس گئے دیکھو **حجج الکرامہ** اور **اقتراب الساعہ** کو جن میں سوائے ان تین خسفوں مندرجہ حدیث کے اور دیگر خسفوں کا وقوع بھی لکھا ہوا ہے **ایک خسف** زمانہ سلیمان بن عبد الملک میں ایسا عظیم الشان لکھا ہے جس سے عورتوں کے حمل بھی گر گئے تھے۔ تیرہ گانو مغرب میں دھنس گئے ایک زلزلہ غرناطے میں ایسا آیا جس سے بہت مکان خسف ہو گئے قلعے گر پڑے حوالی رَے میں بلدہ طالقان دھنس گیا سوا ۴۲ نفر کے کوئی نہ بچا ڈیڑھ سو گانو رَے کے خسف ہو گئے غرضکہ دیکھو **اقتراب الساعہ** اور **حجج الکرامہ** کو اور اس چودھویں[۱۴] صدی میں بھی مشرق اور مغرب میں بڑے بڑے خسف واقع ہوئے ہیں اخباروں کے دیکھنے والے ان خسفوں سے بخوبی واقف ہیں اگر مؤلف صاحب اس پیشین گوئی کی تکذیب کریں گے تو ہم بحوالہ اخبارات معتبرہ کے معہ نشان تاریخ و ماہ و سنہ کے ثبوت ان خسفوں کا دیویں گے ان شاء اللہ تعالی۔ غرض کہ یہ پیشین گوئیاں سب واقع ہو چکیں ہیں اور قیامت اب بہت قریب ہے اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ مُعْرِضُونَ۔ وَ نعوذ باللہ من ہذہ الغفلۃ۔

قولہ و فیہا دلالۃ علی صفۃ نزولہ و مکانہ من انہ

بیان منارہ بیضا

بالشام بل بدمشق عند المنارة الشرقية عند اقامة صلوٰة الصبح وقد بنيت فى هذه الاعصار فى سنة احدى و اربعين وسبعمائة منارة للجامع الاموى بيضاء من حجارة منحوتة عوضاً عن المنارة التى هدمت بسبب الحريق المنسوب الى صنع النصارى۔

اقول لفظ حدیث کے عند المنارۃ البیضاء شرقی دمشق ہیں ان الفاظ کے یہ معنی لینا کہ دمشق ہی میں نزول مسیح کا ہوگا صحیح نہیں بلکہ محض غلط ہیں کیونکہ منارہ بیضا کا دمشق سے شرق کی طرف ہونا اس کو مقتضی نہیں کہ وہ منارہ دمشق ہی میں ہو کیونکہ یہ ترکیب الفاظ کی اس معنے کے لیئے سے آئی ہے بلکہ اس ترکیب عبارت سے تو یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ وہ منارہ دمشق سے علاوہ کسی ایسے ملک میں ہوگا کہ وہ دمشق سے مشرق کی طرف واقع ہوگا اب جو دیکھا جاتا ہے تو ثابت ہوتا ہے کہ ملک پنجاب دمشق سے عین مشرق کی طرف واقع ہے چنانچہ موضع **قادیان** تخمیناً بتیسویں درجہ پر جانب شرق کو **دمشق** سے واقع ہے اور شہر دمشق تقریباً ۳۳ درجہ پر غرب کو واقع ہوکر اور چونکہ لفظ منارہ صیغہ ظرف کا ہے جسکا معنی محل نور کا ہے۔ دیکھو **براہین** کے **الہام** کو جو ۱۸ یا ۱۹ برس کا الہام ہے اور وہ یہ ہے **بخرام کہ وقت تو نزدیک رسید و پائے محمدیاں بر منارہ بلند محکم تر افتاد** اور حدیث میں تخصیص دمشق کی وجہ یہ ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم دمشق کی طرف ایک توجہ خاص رکھتے تھے چنانچہ ملاحظہ احادیث کنز العمال وغیرہ سے ظاہر ہے کسی حدیث میں آپ نے اس کو خیر منازل المسلمین بہترین منزلوں مسلمانوں کا فرمایا ہے اور کسی حدیث میں اسکو خیر مدائن

الشام بہترین شہروں شام کا فرمایا ہے وغیرہ وغیرہ لہٰذا واسطے دفع کرنے اس شبہ کے کہ شاید دمشق ہی نزول گاہ عیسیٰ بن مریم ہو. فرمایا گیا کہ دمشق کے شرق کی طرف کسی ملک میں محل نزول مسیح موعود ہوگا جو اب **قادیان** متعین ہوا۔ اور اس عبارت مذکورہ مؤلف صاحب سے یہ بھی ثابت ہوا کہ ۱۸۹۳ء سے قبل جو منارہ اس خیال سے تعمیر کیا گیا تھا کہ وہ محل نزول عیسیٰ بن مریم کا ہوگا بسبب آگ لگ جانے کے وہ منہدم ہوگیا تھا بعد انہدام کے پھر دوبارہ ۱۸۹۳ء میں کرر تعمیر کیا گیا ہے اندریں صورت ثابت ہوا کہ پیشین گوئی کے مصداق کے وقوع میں کوشش کرنا طریقہ سلف صالح کا تھا اگرچہ اس سبب سے کہ مراد الٰہی میں محل نزول مسیح موعود کچھ اور تھا اور شاید کہ اسی وجہ سے ۱۸۹۳ء سے قبل اس منارہ کو آگ لگ گئی اور ڈھے گیا مگر تاہم دوبارہ اُس کی تعمیر میں کوشش کی گئی تاکہ پیشین گوئی صادق ہو لیکن چونکہ محل نزول مسیح بن مریم علم الٰہی میں تو قادیان مقرر تھا لہٰذا اس مسیح موعود کے وقت میں بھی بذریعہ اخبارات متواترہ کے پھر سنا گیا تھا کہ مسجد جامع اموی اور منارہ کو آگ لگ گئی اور جل کر خاکستر ہوگیا لہٰذا اب **مسیح موعود** کی طرف سے یہ کوشش ہو رہی ہے کہ **جامع مسجد قادیان** میں واسطے **تصدیق پیشین گوئی** مخبر صادق صلے اللہ علیہ وسلم کے وہ منارہ طیار کیا جاوے چنانچہ حضرت مسیح موعود **ضمیمہ خطبہ الہامیہ** میں تحریر فرماتے ہیں کہ اس منارہ کے اندر یہ حقیقت مخفی ہے کہ بانگ یعنی اذان جو پانچ وقت اونچی آواز سے لوگوں کو پہونچائی جائے گی اُس کے نیچے یہ حقیقت مخفی ہے کہ اب وہ وقت طور پر وقت آگیا ہے کہ **لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ** کی آواز ہر ایک کان تک پہونچے یعنی اب وقت خود بولتا ہے کہ اُس ازلی ابدی زندہ خدا کے سوا جس کی طرف پاک

رسول محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و سلم نے رہنمائی کی ہے اور سب
غذا جو بنائے گئے ہیں باطل ہیں کیوں باطل ہیں اس لیے کہ ان کے
ماننے والے کوئی برکت اُن سے پا نہیں سکتے کوئی نشان دکھا نہیں
سکتے انتہیٰ موضع الحاجۃ و ھذا من اخبار النبی صلی اللہ علیہ
و سلم بذلك و تقریر و تشریع و تسویغ له علی ذلك فی
ذلك الزمان حیث تنزاح علیهم و تن تقع شبهاتهم من انفسهم و
لهذا کلهم یوقنون حقیة دین الاسلام و ان لم یدخلوا
فیه و یتبین لهم ان عیسی بن مریم لم یقتل بالصلیب
و هذا هو المراد من قوله تعالیٰ و ان من اهل الکتب
الا لیؤمنن به قبل موته الآیه و فی هذا الزمان یهلك الله
المسیح الدجال علی یدیه لان الله لم یخلق داءً الا
انزل له شفاء و بعث الله یاجوج و ماجوج فی هذه
الایام فیهلکهم الله تعالیٰ ببرکة دعائه لا بالجهاد
و الحرب و قد قال الله تعالیٰ اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ
وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ
الآیہ*

ج ۱ / ص ۲۷۰

---

* واضح خاطر عاطر ناظرین ہو کہ ہم نے روایات محررہ مؤلف کے ردّ میں بحث
جرح و تعدیل رواۃ کی اس غرض سے نہیں کی کہ کتاب دراز ہو جاتی ورنہ اگر
ہم محدثانہ طور پر روایات مندرجہ کتاب شمس الہدایہ پر بابت جرح و تعدیل جاری
کرتے تو پھر ایک روایت متمسک بہا مؤلف کے لئے ایسی ہوتی کہ مؤلف اُس
سے تمسک بموجب اصول علم حدیث کے کرسکتا ہاں ہدیۃ الرسول کے ردّ میں
ہم ایسی روایات کا تار و پود حسب جرح و تعدیل کے محدثانہ طور پر کرینگے
پھر مؤلف کو حقیقت الحال ان روایات کا معلوم ہو گا۔ مصنف

حاصل اس تمام بحث کا جو صفحہ ۱۹ شمس الہدایہ سے صفحہ
۳۸ تک بیان کی گئی بطریق اختصار یہ ہے کہ قتل بالصلیب عیسی
علیہ السلام کا نہیں ہوا جو بموجب توارت کے اور حسب عقاید یہود
کے موجب ملعونیت کا ہے اور جو زعم یہود اور اکثر نصاری کا ہے
ہاں البتہ حضرت عیسی سولی پر آخر یوم جمعہ چڑھائے گئے تھے اور شام
کو بسبب تعظیم لیلۃ السبت کے سولی پر سے اُتار لیے گئے اور اس
وجہ سے قتل بالصلیب سے محفوظ رہے لیکن مشابہ مقتول بالصلیب
کے کیے گئے اور ضمیر بہ کی مضمون بالا کی طرف ہے یعنی مرفوع
الدرجات ہونا عیسی علیہ السلام کا یا شاک اور متردد ہونا اہل کتاب
کا حضرت عیسی کے مقتول بالصلیب ہونے میں جس پر کوئی مسئلہ
یقینی متفرع نہیں ہو سکتا خواہ کفارہ ہو یا حضرت عیسی کی ملعونیت
و نعوذ باللہ منہ اور احادیث صحاح اور آثار صحابہ و اقوال بعض آئمہ
دین مثل ابن عباس و امام مالک و ابن حزم و غیرہم کے اسی پر
دال ہیں باقی جو احادیث ضعاف و آثار رکیکہ حضرت عیسی کے رفع
جسمانی پر دال ہیں وہ بسبب معارضہ اپنی کے اقوی کے ساتھ ساقط
الاعتبار ہیں اور عیسی موعود اس امت میں سے بالضرور نزول فرماویں
گے قبل قیامت کے حکم عدل ہوکر توڑیں گے صلیب کو یعنی دین
اسلام کے سوا اور دینوں کو باطل کریں گے یعنی حجت اور برہان سے
دین اسلام لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ کا مصداق ہوگا اسی
لئے اہل کتاب سے سوائے دین اسلام کے اور کچھ قبول نہ کریں گے
مال اور اسباب کی دنیا میں اس قدر کثرت ہوگی کہ ایک سجدہ کل دنیا
سے ثواب میں زیادہ ہوگا حسد بغض عداوت اور باقی صفات ذمیمہ
کی کثرت نہ رہے گی گویا کہ شیر چیتا بھیڑ بکری کے ساتھ چرے گا سانپ
بچھو کے ساتھ لڑکے کھیلیں گے یعنی نہایت آزادی و امن کا زمانہ ہو
گا مسیح کے زمانہ میں سخت قحط سالی ہوگی گویا کہ اس زمانہ میں طعام

کی جگہ تہلیل تکبیر تسبیح سے حیات بسر ہوگی آسمانی تائیدیں اُن کے لئے بہت کثرت سے نازل ہوں گی اور یہی ہے اُن کا آسمان سے نازل ہونا اور لا المھدی الا عیسی بن مریم کے وہ مصداق ہوں گے اور بسبب لحوق چند اسباب کے امامت نماز کی نہ کراویں گے۔ ہلاک کریں گے حربہ آسمانی سے دجال کو جو بڑا لاٹ پادری ہوگا اور اُس کی شکست اور ہلاکت تمام پادریوں کی شکست اور ہلاکت ہوگی اور ہلاک ہوگی قوم یاجوج و ماجوج اُن کی برکت سے نہ حرب و جہاد سے۔

قولہ و اخرج البخاری الی اخر الصفحہ بل الی قولہ خالی جگہ عمرؓ کے جنب میں ہے۔

اقول مخدوش ہے بچند وجہ اولاً اگر یہ احادیث اربعہ جو مؤلف صاحب نے در بارہ مدفون ہونے عیسی بن مریم کے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف یا روضہ شریف میں تحریر کیں ہیں وہ معارض ہیں دوسری روایت کے جو عینی شرح بخاری میں لکھی ہے قیل یدفن فی الارض المقدسۃ پس حسب قاعدہ مسلم اذا تعارضا تساقطا کے ساقط الاعتبار ہوئیں اور اگر کوئی کہے کہ تعارض میں تساوی شرط ہے لہذا قیل کی روایت معارضہ ان روایات کا نہیں کرسکتی تو ہم کہیں گے روایات اربعہ بھی بدلائل آیت نہایت درجہ مرجوح ہیں کما سیاتی۔ ثانیاً لفظ یدفن معہ و فی قبری جو الفاظ ترمذی وغیرہ کے مؤلف صاحب نے نقل کئے ہیں اُس کے کیا معنے ہیں اگر یہ معیت زمانی ہے تو بالکل کذب ہے حضرت عیسی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کب مدفون ہوئے ہیں اور اگر یہ معیت مکانی ہے تو کس قدر دور از عقل و نقل ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مزار معوذ باللہ اُکھاڑا جاوے اور حضرت عیسی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر شریف میں دفن کئے جاویں

جواب بیان مدفون ہونے مسیح روضہ آنحضرت صلعم میں ص ۱۴۳

و نعوذ باللہ منہ ۔ اور اگر لفظ معہ اور قبری سے بتاویل بعید مقبرہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مراد لیا جاوے تو معارض اُس حدیث کے ہے جو خود حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے قالت لما قبض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اختلفوا فی دفنہ فقال ابو بکر سمعت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شیئاً قال ما قبض اللہ نبیا الا فی الموضع الذی یحب ان یدفن فیہ ادفنوہ فی موضع فراشہ رواہ الترمذی کذا فی المشکوۃ باب وفات النبی صلی اللہ علیہ وسلم ۔ اب سوال یہ ہے کہ حضرت عیسی چوتھے آسمان سے اُتر کر نکاح بھی کریں گے اور اُن کے اولاد بھی ہو گی تو کیا حضرت عیسیٰ معہ اپنے بال بچوں کے روضۂ شریف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میں سکونت پذیر ہوں گے کیونکہ اگر روضۂ شریف میں نہ رہے اور کسی دوسری جگہ پر سکونت پذیر ہوے اور دوسری ہی جگہ اپنے موضع فراش میں وفات پائی تو بموجب اس حدیث کے پھر روضہ مبارک میں کیونکر دفن کیئے جا سکتے ہیں کہ صیغہ امر جو وجوب کے لئے آتا ہے یعنے ادفنوہ فی موضع فراشہ اُس روضہ میں دفن کرنے سے مانع ہو گا اگرچہ یہ قصہ دفن کی حدیث کا پیش از وقت اور قبل از مرگ واویلا کا مصداق ہے کیونکہ مسیح موعود و مہدی معہود ابھی تک علی رغم المخالفین زندہ موجود ہیں پھر غایت الامر یہ ہے کہ یہ حدیث منتظر الوقوع ہوئی مگر تاہم ان احادیث میں جو معیت مذکور ہے وہ معیت برزخی معلوم ہوتی ہے کما قال اللہ تعالی وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِکَ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیْہِمْ مِنَ النَّبِیّٖنَ وَ الصِّدِّیْقِیْنَ وَ الشُّہَدَآءِ وَ الصّٰلِحِیْنَ وَ حَسُنَ اُولٰٓئِکَ رَفِیْقًا ۔ خلاصہ مقال یہ ہے کہ آیات قرآنی اور احادیث صحاح دربارہ مرفوع الدرجات ہونے مسیح بن مریم کے اور نزول بروزی اُن

سے کے جو بیان کرچکا ہوں اور بھی بکثرت موجود ہیں جس کا جی چاہے کتب صوفیای محققین کو ملاحظہ فرماوے اگر ان سے بھی اطمینان حاصل نہ ہو تو دیکھو فتوحات کے باب سادس و ثلثون اور ثامن و ثلثون و غیرہ کو ۔ مومن فہیم کے واسطے اس قدر ادلہ شرعیہ جو بیان کرچکا ہوں کافی ہیں اور نزول مسیح کا جو بطور بروزی کے ہی وہ ہرگز ہرگز مستلزم رفع جسمانی کو نہیں ہے ۔ زیادہ بیان ہونا ان کا اور صفات مسیح کا بعض حدیثوں میں اور بعضوں میں کم ۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ جس قدر اوصاف بذریعہ وحی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم ہوے اُن کو بیان فرمایا سامع نے اُن کو یاد رکھا پھر جب اور معلوم ہوے اُن کو پھر بیان فرمایا علی ہذا القیاس وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُّوحٰى اور چونکہ یہ پیشین گوئیاں مکاشفات اور رویا ہیں اس لئے اوقات مختلفہ میں تمثلات اُن کے مختلف ، طور پر بھی ظاہر کیے گئے ہیں یہی وجہ ہے کہ بعض راویوں میں سے بعض صفات اور احوال مروی ہیں دوسرے سے کچھ اور کبھی ایک راوی کی روایت میں کم و بیش ہوا کرتی ہے اس کی بھی وجہ یہی ہے احادیث نزول جو مروی ہیں ان اصحاب کبار وغیرہم سے ابو ہریرہ عبد اللہ بن مسعود عثمان بن ابی العاص ابو امامہ نواس بن سمعان عبد اللہ بن عمرو بن العاص مجمع بن جاریہ ابی شریحہ حذیفہ بن اسید جابر سمرہ بن جندب عمرو بن عوف عمران بن حصین کیسان حذیفہ بن یمان عائشہ عبد اللہ بن عباس انس رضی اللہ عنہم اُن سب کا قدر مشترک یہ ہے کہ نزول مسیح بن مریم بروزی طور پر آخری زمانہ میں بالضرور ہو گا ۔ اور جو اختلافات ان روایات میں وارد ہیں اگر وہ بتاویل صحیح رفع ہو سکتی ہیں تو وہ اختلافات اس وجہ سے واقع ہوے ہیں کہ اوقات مختلفہ میں ایک چیز کے تمثلات مختلف طور پہ ظاہر کیے گئے ہیں جیسا کہ عالم رویا اور مکاشفات

الجواب

کا یہ مقتضا ہے ۔ اور بعض اختلافات ایسے ہیں کہ علماء نے ان کو اس زمانہ آخر مسیح موعود کے لئے سمجھہ رکھا ہے حالانکہ وہ امور پہلے گذر چکے اور واقع ہو چکے اور بعض پیشین گوئیاں ایسی ہیں جو زمانہ آیندہ میں منتظر الوقوع ہیں اور جو تعارضات اس قسم کے ہیں کہ بلحاظ قواعد عربیہ و اصول ادبیہ کے اُن میں توفیق و تطبیق نہیں ہو سکتی وہ بحکم قاعدہ مسلمہ اذا تعارضا تساقطا کے ساقط الاعتبار ہیں کیونکہ روایات متعلقہ قصص طویل آیندہ اکثر روایات بالمعنی ہیں اور فہم راوی کے بموجب بعض جملے ان روایات میں مدرج ہو گئے ہیں چونکہ ایسے جملے حجت شرعی نہیں ہیں لہذا بحکم اذا تعارضا تساقطا کے ساقط الاعتبار ہیں غایۃ الامر ایسی روایات مختلفہ میں قواعد تعادل و ترجیح ادلہ ملحوظ رکھہ کر اقوی اور اصح پر اعمال اور اضعف کا اہمال کیا جاوے گا اور ہر ایک طرح کی قوت اور ضعف کا لحاظ کر کر قوی کو اخذ کیا جاوے گا اور ضعیف کو ترک کیا جاوے گا جب تک یہ جملہ اصول مرعی نہ ہوں گے ان مسائل میں فیصلہ نہیں ہو سکتا وما علینا الا البلاغ آیندہ اختیار بدست مختار ۔

توضیح معنی+ آیت وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ

+ اس آیت کے معنی جو مخالفین کرتے ہیں وہ بہت وجوہ سے باطل ہیں کما حررنا فی رسائلنا سیاق آیت میں خود جناب باری عز اسمہ یہود کے افعال شنیعہ کو بیان فرما کر ارشاد کرتا ہے بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا اور اسی لئے قیامت تک ان کے لئے ذلت اور مسکنت اور غضب الٰہی لازم ہے کما قال تعالےٰ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ اور کہیں فرماتا ہے وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ پس جبکہ ایسا کچھ ہے تو پھر کیونکر ہو سکتا ہے کہ تمام اہل کتاب کسی زمانہ میں ایمان لاوینگے کوئی انمیں بے ایمان باقی نرہیگا ۔ منہ

بهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ کا یہ ہے کہ تمام اہل کتاب واقعیت مضمون بالا پر یقین کرتے ہیں اور مسیح بن مریم کے مرنے سے پیشتر ہی یہ یقین ان کو حاصل ہے کہ وہ مقتول بالصلیب قطعی طور پر نہیں ہوا اور اپنے شاک اور متردد ہونے کو اس مسئلہ میں وہ خوب جانتے ہیں۔

اور چونکہ یہ مسئلہ (یعنی مسیح کا مقتول بالصلیب نہ ہونا اور پھر اس کے بعد مسئلہ کفارہ کا باطل ہو جانا جو دوسری عبارت میں کسر صلیب کہا جاتا ہے) مسیح موعود کے وقت میں تمام دنیا میں شائع ہوگا اور اس مسئلہ کے ثبوت کے دلائل ایسے پیش کئے جاویں گے کہ مخالفین کو ہرگز ہرگز طاقت اور مجال نہ ہوگی کہ اُس کے جواب دہ ہو سکیں حتی کہ مسیح کا صلیب سے بچ کر ہندوستان کے پہاڑوں تبت وکشمیر وغیرہ میں آنا اور سری نگر کشمیر میں قیام کرکر وہیں پر وفات پانا اور محلہ خان یار میں دفن ہونا اور اب تک قبر کا موجود ہونا اور اُس قبر کا نام تمام عوام و خواص میں شہزادہ نبی کی قبر یا عیسی نبی کی قبر مشہور ہونا وغیرہ وغیرہ کو ایسے ذرائع معتبر سے ثابت کیا جاوے گا کہ یہ سب امور بمنزلہ معائنہ کے ہو جاویں گے لہذا ابو ہریرہ کا وقت بیان حدیث بخاری

بیان حدیث نزول مسیح بن مریم

و الذی نفسی بیدہٖ لیوشکن آہ۔ کے آیت مذکور کا پڑھنا ہی مناسبت لطیفہ کی وجہ سے ہے ورنہ جب کہ حضرت عیسی نبی اسرائیلی کی وفات نصوص قطعیہ شرعیہ سے ثابت ہوچکی تو پھر اُن کی رجعت کے کیا معنے اور اس استشہاد سے ہر ایک عاقل ادنیٰ تدبر سے معلوم کر سکتا ہے کہ اس حدیث مذکور میں جسکا مضمون یہ ہے۔ قسم ہے مجھ کو اُس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے ضرور ہی اُتریں گے تم میں مسیح بن مریم حکم عدل ہو کر توڑیں گے صلیب کو اور قتل کریں گے خنزیر کو یعنی دین نصرانیت کو باطل کریں گے اور حجت و برہان کی رو سے دین اسلام تمام دینوں پر غالب ہو جاوے گا اور چونکہ فتن دجالیہ ہی اُن کے بعثت کی علت موجبہ ہیں لہذا بسبب کثرت فتن کے ایک مجددہ

جس سے مراد نماز ہے بہتر ہوگا سب دنیا اور دنیوی اشیا سے ۔ اس
مضمون میں مسیح بن مریم سے بروزی طور پر وہی عیسیٰ بن مریم نبی اسرائیلی
مراد ہیں جو نبی وقت اور صاحب انجیل ہیں کیونکہ جیسا کہ عالم جسمانی
میں ہر ایک شے کے عکس کو جو آئینہ وغیرہ میں پڑتا ہے اُسی
شے کے نام کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں اسی طرح پر عالم روحانی میں
یہ انعکاس جاری ہے جس کو بروز کے ساتھ تعبیر کیا جاتا ہے ۔ اگرچہ
ایسی تجلیات بروزی میں امتیاز درمیان متجلی اور متجلی علیہ کے نہایت
دشوار ہے جس میں اکابر اولیا نے خطا کی ہے مگر حضرت مسیح موعود
اور مہدی معہود نے بہت سے فروق و امتیاز اپنے اور حضرت
عیسیٰ کے بھی وضاحت کے ساتھ بیان فرماد ئے ہیں اور صاف
کہتے ہیں کہ میں وہ عیسیٰ نبی اسرائیلی نہیں ہوں جس سے تناسخ
لازم آوے مع انہ باطل ولکن البروز حق کما بینا سابقاً
اور چونکہ اب کسر صلیب ہوتا چلا جاتا ہے اور تمام ملل باطلہ کا ابطال
اس مسیح موعود سے مؤلف صاحب کو بھی مسلم ہے دیکھو صہ
سطر ۲۲ ۔ الحمد للہ کوئی شخص اہل اسلام میں سے بمقابلہ اعدائے
دین ہنود اور نصاریٰ کے کھڑا ہوا ہے انتہیٰ و الفضل ما شہدت
بہ الاعداء اور بسبب کثرت شیوع فتن دجالیہ کے ایک سجدہ کا
عزیز تر ہونا سب دنیا سے ثابت ہے اور کثرت اسباب و اموال
کی اس قدر دنیا میں موجود ہے کہ وہ اسباب و سامان جو وقت تکلم
حدیث کے موجود تھی اُن کو اب کوئی ادنا آدمی اور متوسط بھی قبول
نہیں کرتا وغیرہ وغیرہ یہ سب علامات ہر کہ ومہ کو مشاہد اور معائنہ
ہورہی ہیں پھر مسیح کیونکر مبعوث نہ ہوتا ۔ اور حدیث میں جو تعجب
اور استعظام مذکور ہے ۔ وہ حضار کی نسبت نہیں فرمایا گیا بلکہ وہ
تعجب تو زمانہ مسیح کے وقت کے جو مسلمان ہیں اُن کی نسبت فرمایا
گیا ہے کیونکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے علم میں یہ امر کب

حجج ص ۲۲

مرکوز تھا کہ میرے ہی وقت میں یا صحابہ کے وقت میں عیسی بن مریم
نزول فرماویں گے پس یہ تعجب فرمانا آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کا
بلحاظ آپ جیسی صاحبوں کے ہے جو نہایت استعظام کے ساتھ واقع
ہو رہا ہے اسی واسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے قسم کھا کر بعد
ازاں نزول اور قرب کو لام تاکید اور نون ثقیلہ سے مؤکد کرکے یعنی
لیوشکن فرما کر مسیح موعود کے وقت کے حاضرین کا تردد دفع فرماتے
رہے ہیں گویا کہ حدیث میں ایک اشارہ لطیف اس پیشین گوئی
کی طرف بھی ہے کہ آپ جیسے لوگ مسیح موعود کو نہایت تعجب اور
استعظام کی نظر سے دیکھیں گے چنانچہ یہ پیشین گوئی واقع ہو رہی
ہے۔ جاننا چاہیئے یہ معنی آیت کے جو میں لکھ چکا ہوں سیاق و
سباق قرآن مجید سے بھی یہی ثابت ہوتے ہیں اور قواعد علوم عربیہ
اور اصول فقہیہ بھی اسی کے مثبت ہیں اور تمام علوم آلیہ نحویہ معانی
بھی اسی کے مؤید ہیں۔ اور دوسرے معنی جو ایک روایت میں
ابن عباس سے مروی ہیں وہ بیان ایک وجہ کا ہے وجوہ آیت
میں سے اور واقعی ہونا اس معنی کا مقتضی اس کا نہیں کہ مراد
آیت سے وہی ہو واقعیت مضمون اور ہے اور مراد ہونا کلام سے اور
وہ معنی یہ ہیں کہ ہر ایک اہل کتاب اپنی موت سے پہلے عیسی بن مریم
کے ساتھ جب عندالموت متجلی ہوں گے ایمان لاوے گا۔ چوتھی وجہ
بطلان مذہب مؤلف صاحب کی یہی آیت وَإِنْ مِّنْ أَهْلِ
الْكِتٰبِ إِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ہے کیونکہ اس آیت
میں تو مسیح بن مریم کی موت کا ہی ذکر ہے نہ حیات کا یعنی مسیح بن
مریم ابھی تک مرا بھی نہیں تھا جو تمام اہل کتاب اس کے مقتول
بالصلیب ہونے میں شاک اور متردد تھے اور اپنے شاک اور متردد ہونے
پر ان کو علم الیقین حاصل تھا اور جب کہ مسیح بن مریم کی موت
سے پہلے بھی ان کے معتقدین کو اس مسئلہ میں شک و تردد

واقع تھا کما قال اللہ تعالےٰ وَ اِنَّ الَّذِیْنَ اخْتَلَفُوْا فِیْهِ لَفِیْ شَکٍّ مِّنْهُ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ تو پھر متاخرین کیونکر یقینی طور پر اس مسئلہ کو اعتقاد کر سکتے ہیں کہ ایسی بنا تو بنای فاسد علی الفاسد ہے پس اس سے مسئلہ کفارہ بھی باطل ہو گیا اور بطلان کفّارہ پر کسر صلیب بھی قرار واقعی متفرع ہوا اور مسئلہ یہود یعنی ملعونیت مسیح بھی باطل ہوئی اور حضرت عیسی کا نبی ہونا اور مرفوع الدرجات ہونا ثابت رہا پس کون سے معنی صحیح اس آیت کے ایسی ہوسکتے ہیں جو مستلزم ہوں رفع جسمی کو ۔

پانچویں وجہ بطلان کی وعدہ فرمانا اللہ تعالیٰ کا ہے مسیح بن مریم سے کہ میں تجھکو یہود کے ہاتھ سے بچاؤں گا جیساکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نسبت اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا کہ وَاللّٰهُ یَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ تو پھر تعجب ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت عیسی علیہ السلام کے لئے ایک سے الفاظ متوارد ہیں تسکین بخشی فرمائی کما ہو مر تفصیلہ سابقا تو معہذا حضرت عیسی کے بچاؤ کی تو یہ تدبیر کی جاوے کہ حضرت عیسی کی شبیہ ایک حواری پر ڈالی جاوے اور جس مکان میں حضرت عیسی محصور ہوں اس کی چھت میں ایک کھڑکی چھت کو شق فرماکر پیدا کر دی جاوے اور اُس کھڑکی میں سے چوتھے آسمان پر پہونچا دیا جاوے اور دو ہزار برس یا زیادہ تر اس سے چوتھے آسمان پر اُن کو ایسی فراغت دی جاوے کہ تبلیغ جملہ امور نبوۃ سے اُن کو ایک بڑی بخشش عطا کی جاوے اور اس سب کے علاوہ کچھ صفات الوہیت بھی اُن کو مرحمت کیئے جاویں کہ نہ اُن کو بھوک اور پیاس لگتی ہو نہ نیند اور اونگھ اُن پر عارض ہووے اور نہ کوئی مرض اور درد اُن کو لاحق ہووے حتی کہ کسی طرح کا تغیر اُن کے جسم میں نہ آوے شباب کی حالت شیب سے متغیر نہ ہو کوئی بال بھی میلا نہ ہو غرض کہ صفات الوہیت الآن کما کان ولا یحول ولا یزول یہ سب

پانچویں وجہ

پہنچائی جاویں۔ مگر اُس حبیب ربّ العلمین خاتم النبیین سید المرسلین صلے اللہ علیہ و سلم کے لئے صرف یہ تدبیر بچاؤ کی کی جاوے کہ تنہا ایک یار غار کے ساتھ سفر دشوار ہجرت کا کرایا جاوے جس میں اختفای غار ثور کے مصائب اور دیگر تکالیف شدیدہ سفر دراز بھی پہنچائی جاویں اور پھر جس مقام کو اُن کا مفر اور ماوی گردانا گیا اُس میں بھی اُن کو آرام حاصل نہ ہو کہیں دندان مبارک اُن کا شہید کرایا جاوے کبھی سر مبارک میں زخم شدید پہنچے اور پھر ازدحام کفار کے جنگوں کا بقیہ عمر تک قائم و دائم رہے آیا یہی ثمرہ ایفار عہد خداوندی اور اثر اُن دعاؤں کا ہے جو رات دن ہر روزہ پانچ وقت تو بالضرور ہی مانگی جاتی تھیں کہ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ وغیرہ وغیرہ ہاں مجھے یاد آ گیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت اور عصمت میں اور حضرت کی محفوظی میں اس فرق کا کرنا ضروری تھا کہاں حضرت عیسی خدا کے اکلوتے بیٹے یا خود خدا اور کہاں حضرت محمد رسول اللہ عبدہ و رسولہ ع ببیں تفاوت رہ از کجاست تا بہ کجا ۔ مگر ایک بڑا اعتراض یہ وارد ہوتا ہے کہ آنحضرت صلعم کے لئے تو الفاظ نصرت اور تسکین کے بہ نسبت حضرت عیسی عم کے قرآن کریم میں بہت مبالغہ کے ساتھ پائے جاتے ہیں اور حضرت عیسی کے لئے ویسا مبالغہ نہیں ہے قال اللہ تعالیٰ اِلَّا تنصروہ فقد نصرہ اللہ اذ اخرجہ الذین کفروا ثانی اثنین اذھما فی الغار اذ یقول لصاحبہ لاتحزن ان اللہ معنا فانزل اللہ سکینتہ علیہ وایدہ بجنود لم تروھا و جعل کلمۃ الذین کفروا السفلیٰ و کلمۃ اللہ ھی العلیا و اللہ عزیز حکیم و غیرہ وغیرہ پھر باوجود اس قدر مبالغہ نصرت اور تائید کے حضرت

عیسیٰ کے لئے تو یہ صفات الوہیت کا عطا اور آنحضرتؐ کے لئے
ایسی صفات و عوارض عبودیت میں ابتلا تلك اذا قسمة ضيزى
یہ کیسا کاذب عکس القضیہ لغوی ہے عکس القضیہ منطقی میں تو بقاً
صدق اور کیف ضروری شرط ہے لیکن یہاں پر بجائے صدق
کے کذب ہے اور کیفیت میں ایسا اختلاف کہ بعد المشرقین یا
زمین و آسمان کا تفاوت اور آسمان بھی چوتھا آسمان ✻
چھٹی وجہ بطلان مذہب مؤلف صاحب کی اتصال رفع کا ہے ساتھ
کلمہ بل کے اور صلہ اُس کا الیہ یعنی الی اللہ واقع ہونا جس سے مراد
رفع جسمی ہو ہی نہیں سکتا اور حسب مزعوم مؤلف صاحب کے
یوں فرمانا چاہیئے تھا کہ ماقتلوه يقينا بل فعلوا شبيهه و رفع
الله عيسى بجسده العنصري الى السماء واين هذا من ذالك۔

قولہ ساتویں وجہ آیت وَإِنَّهُ لَعِلْمٌ لِلسَّاعَةِ ہے
یعنی بالتحقیق نزول مسیح بن مریم اسباب علم قیامت سے ہے الی قولہ
نزول مسیح مستلزم ہے رفع جسمی اور حیات مسیح الی الآن اور بطلان
مذہب مذکور کو

اقول روایت عبداللہ بن عباس اور ابوہریرہ اور مجاہد وغیرہ

✻ اگر کوئی شخص کہے کہ حضرت مرزا صاحب قائل ہیں کہ حضرت مسیح صلیب
پر چڑھائے گئے تھے اگرچہ قتل نہیں ہوئے تو پھر اللہ تعالیٰ نے ماصلبوہ
کیوں فرمایا تو جواب اس کا یہ ہے کہ حقیقی معنے صلب کے سولی سے قتل کرنے
کے ہیں نہ فقط سولی پر چڑھانے کے لسان العرب میں لکھا ہے والصلب هذه
القتلة المعروفة مشتق من ذلك لان ودكه وصديده يسيل وقد صلبه يصلبه
صلباً وصلّبه شدد للتكثير وفى التنزيل العزيز وما قتلوه وما
صلبوه وفيه ولاصلبنكم فى جذوع النخل اى على جذوع
النخل والصليب المصلوب۔۔ منہ

میں لفظ خروج موجود ہے اگر آسمان سے نزول حضرت عیسیٰ کا بجسدہ العنصری ہوتا تو لفظ خروج کا کیونکر استعمال کیا جاتا پس لفظ خروج دال ہے اس پر کہ آسمان سے حضرت عیسیٰ کا نزول بجسدہ العنصری تو نہیں ہے اور جب کہ رفع جسمی ہی ثابت نہ ہوا تو پھر نزول جسمی کیسا پیر اگر فرض بھی کیا جاوے کہ ضمیر انہ لعلم للساعۃ کی حضرت عیسیٰ کی طرف راجع ہے تو اس کے معنی وہی ہیں جو آپ کے نزدیک منظور فیہ ہیں۔یعنی ان المراد من ذلک ما یبعث بہ عیسیٰ علیہ الصلوۃ و السلام من احیاء الموتی (یعنی احیاءً برزخیاً او مثالیاً) و ابراء الاکمہ والابرص و غیر ذلک من الاسقام یا وہ معنی ہیں جو قتادہ نے حسن بصری اور سعید بن جبیر سے روایت کی ہیں ان الضمیر فی و انہ عائد علی القرآن اور اگر تسلیم بھی کیا جاوے کہ ضمیر انہ کی طرف نزول عیسیٰ کے راجع ہے حالانکہ نزول عیسیٰ سابق میں کسی جگہ پر موجود نہیں تو ہم کہیں گے کہ مراد نزول سے اُسی بروزی طور پر نزول ہے جو محققین صوفیا کو مسلم ہے اور ان کے مسلمات سے بھی کما مر۔ اور عالم روحانی میں مسئلہ بروز اسی طرح پر جاری ہے جیساکہ عالم جسمانی میں آئینہ وغیرہ میں عکوس اشیاء پڑتے ہیں اور عکس پر وہی نام بولا جاتا ہے جو صاحب عکس کا نام ہوتا ہے اور حدیث امامکم منکم بھی اسی بروز پر دلالت کرتی ہے کیونکہ بجائے مضمر کے جو مظہر بولا گیا اُس کی یہی وجہ ہے کہ آنحضرت صلعم کو اس تغیر عبارت سے یہ منظور تھا کہ وہ مسیح موعود تم میں سے ایک امام ہوگا نہ وہ عیسیٰ بنی اسرائیلی کہ وہ تو فوت ہو چکا ہے اور ابو ہریرہ کی روایت میں جو وارد ہے کہ تکون ثلاث الاربعون اربع سنین یہ بھی مخالف ہے دوسری روایات کے جن میں ان اربعین کو اربع سنین نہیں فرمایا گیا اس کی توجیہ وجیہ بھی مؤلف پر بیان کرنی ضروری ہے کیونکہ دلیل کا بہمہ وجوہ

کامل ہونا نہایت ضروری ہے تاکہ مستلزم مدلول کو ہو ورنہ جو دلیل
بسبب وجود ایسے اختلافات کے مشکوک المقدمات ہوجائے تو
اُس سے ہے مدعا قطعی طور پر کیونکر ثابت ہو سکتا ہے مؤلف صاحب
کے مسلمات سے ہے کہ اجتماع شکوک سے یقین حاصل نہیں
ہوتا دیکھو صفحہ ۵۴ سطر ۱۲ پھر ایسی مشکوک روایتوں سے مدعا
یقینا کیونکر ثابت ہو سکتا ہے اور چونکہ ابوھریرہ مجاھد ابو عالیہ
ابو مالک عکرمہ حسن قتادہ ضحاک وغیرھم کے وقت میں
نزول مسیح موعود کی پیشین گوئی کا وقوع نہیں ہوا تھا لہذا ان
کے لئے کچھ ضروری نہیں تھا کہ پیشین گوئی کی تفاصیل اور جزئیات
کا پورا علم اُن کو دیا جاتا بلکہ اُنھوں نے تو مجملا نزول مسیح کی پیشین
گوئی کو بسبب اخبار مخبر صادق کے تسلیم کرلیا اور اگر بعض نے اپنے
خیال کے بموجب نزول مسیح کو بجسدہ العنصری سمجھا ہو تو اُس کا فہم
حجت شرعی بمقابلہ نصوص مخالفہ اُس کے فہم کے نہیں ہو سکتا پھر
آپ حسن ہی کی روایت سے یہ بیان کرتے ہیں وَإِنَّهُ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ
قال نزول عیسی اور حسن ہی کی روایت میں یوں لکھا ہے عن
الحسن البصری و سعید بن جبیر ان الضمیر فی انه عائد
علی القران پھر روایات متعارضہ اور اقوال رکیکہ کو محل استدلال
ایسے مسائل میں پیش کرنا باوجودیکہ وہ روایات اور اقوال مخالف
نصوص قرآنیہ کے ہوں آپ ہی کا کام ہے مصرعہ این کار از
تو آید و مرداں چنیں کنند ؛ اور وہ کونسی طرز دقیق ہے جس سے
معلوم ہو کہ ضمیر انہ کی طرف حضرت عیسی کے پھیرنی (باعتبار
زندہ کرنے اُن کے کے مردوں کو باحیاء برزخی و مثالی کے) غیر صحیح
ہے بیتوا توجروا اور آپ جو فرماتے ہیں کہ اب بہ خوبی واضح
ہوچکا کہ مرزا صاحب ازالہ اوہام میں جو انہ کی ضمیر کا مرجع قرآن
لکھتے ہیں غیر صحیح ہے انہی حضرت اقدس نے صرف اسی وجہ پر کب

قصر کیا ہے ہاں جیسا کہ آپ نے بھی حسن بصری اور سعید بن جبیر سے ایک روایت نقل کی کہ ان الضمیر فی انه عائد علی القرآن اسی طرح پر حضرت اقدس نے بھی آیت ذو الوجوہ کی ایک وجہ بیان فرمادی ہے اور آپ کے تو مسلمات سے ہے کہ لا یکون الرجل فقیہاً کل الفقه حتی یری للقرآن وجوهاً کثیرة تعجب ہے کہ حضرت اقدس ؑ پر آپ جو اعتراض کرتے ہیں وہ آپ ہی پر لوٹ کر آجاتا ہے و لنعم ما قیل شعر

حمله بر خود می کنی ای ساده مرد	همچو آن شیری که بر خود حمله کرد

اور پھر یہ گذارش ہے کہ انه لعلم للساعة کی ضمیر کو جو آپ نزول مسیح کی طرف عاید کرتے ہیں تو ان کے استدلال کے بموجب چاہئے کہ جس قدر ضمائر منه اور ام هو اور ان هو اور انعمنا علیه و جعلناه وغیرہ ہیں وہ سب نزول مسیح ہی کی طرف عائد ہوں تا کہ انتشار ضمائر لازم نہ آوے۔ اور قرآن مجید کی تحریف بھی بخوبی ہو جاوے جو آپ کا فرض منصب اور ڈیوٹی ہے۔

آٹھویں وجہ مَا اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَ مَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث صحیحہ سے ثابت ہو چکا کہ دجال نصاری میں سے ہوگا نہ یہود میں سے حدیث یکسر الصلیب اور یبعث الله یاجوج و ماجوج وهم من کل حدب ینسلون اور لا یبقی شیء من الارض الا وطئه وظهر علیه الا مکة و المدینة الحدیث اور فیقتل مسیح الضلالة وغیرہ وغیرہ جو مؤلف صاحب کے مسلمات سے ہیں دلیل ہیں نصاری کے دجال ہونے کی یا دجال کے نصاری میں سے ہونے کی کما بیّنا سابقاً اور جن روایات سے مفہوم ہوتا ہے کہ دجال یہود میں سے ہوگا وہ مأول ہیں بنا بر روایات صحیحہ دوسری مراد کے ساتھ کیونکہ وہ روایات مخالف ہیں نصوص قطعیہ قرآنیہ کے کما قال تعالے

ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَ الْمَسْكَنَةُ وَ بَاءُوْا بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ
وغیرہ من الآیت کما مر سابقا اور نیز آنحضرت صلعم نے مسیح بن
مریم کا ہلاک کرنا اس دجال کو جو فرمایا ہے وہ حجت و برہان سے
ہے نہ تیغ و سنان سے یضع الحرب وغیرہ کو یاد کرو اور نزول
بطور بروز کے ہے کما قال اماکم منکم پس بمقتضای آیت
مذکورہ کے ہم کو ایمان بما جاء به الرسول واجب ہے اور انکار اس
کا منجر بکفر ہے اور جو روایات کہ اس کی معارض ہیں وہ یا تو ماول
ہیں اور یا ساقط الاعتبار ہیں بسبب معارض ہوئے نصوص قطعیہ
قرآنیہ کے اور یہ خیال رکھنا چاہئے کہ رفع جسمی مسیح اور نزول جسمی
کا رد قرآن کریم اور احادیث صحیحہ سے نہایت واضح طرق پر ہو گیا
تو بعد اس کے مومن بما جاء به الرسول علیہ السلام کو ہرگز ہرگز متوجہ
ہونا دیگر روایات اناجیلی و اسرائیلی کی طرف جو کتب تفاسیر وغیرہ
میں لکھی ہیں ہرگز نہ چاہئے یا ان اقوال و خیالات بعض علماء کی طرف
خواہ متقدمین میں سے ہوں یا متاخرین میں سے التفات کرنا ہرگز جائز نہیں
جو بعض کتب اشراط الساعۃ میں وہ پائی جاتی ہیں سو باعث
دھوکا کھانے کے یہود اور نصاریٰ کے ہیں اور بعد شیوع اسلام
کے جو بعض یہود یا نصاریٰ داخل اسلام ہوئے ہیں اور اکثر اپنے
خیالات کو اپنے ساتھ لائے ہیں اور بسبب خلط ملط اہل اسلام
کے وہ خیالات اہل اسلام میں بھی شائع ذائع ہو گئے انکی طرف التفات
کرنا بھی جائز نہیں اسی دھوکا کھانے اور تشکیک کی وجہ سے مشہور
ہونا ان کا بھی عوام و خواص میں قابل اعتبار نہیں کیونکہ وہ سب ایسی
روایات یا اقوال ہیں جو مشکوک درمشکوک ہیں اور یہ قاعدہ مسلمہ
ہے کہ اجتماع شکوک سے یقین حاصل نہیں ہوتا اور نہ شک یقین
کا مقابلہ کرسکتا ہے واقعہ قتل اور صلیب مسیح جو بعض روایات اسرائیلی
میں مذکور ہے اور بڑی بڑی تفسیروں میں مثل معالم التنزیل وغیرہ کے بھی نقل

کیا گیا ہے اور ایسا ہی افترا یہود کا کہ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِیْحَ آہ کہتے تھے
انکی تکذیب نص وَ مَا قَتَلُوْہُ وَ مَا صَلَبُوْہُ وَلٰکِنْ شُبِّہَ لَهُمْ اور مَا
قَتَلُوْہُ یَقِیْنًا بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَیْهِ سے ہوچکی ہے جیسا کہ مسیح
بن مریم نے خود برنبا کو فرما دیا تھا کہ اے برنبا چونکہ حواری اور والدہ ہماری
دنیاوی محبت سے مجھے ابن اللہ کہتے تھے نہ اُن معنی سے جو کسی
کے لائق نہیں خداوند نے چاہا کہ قیامت کے دن مجھ پر ہنسی نہ ہو
تو دنیا میں مجھے بدنام کرنا چاہا لیکن یہ غلطی تا وقت تشریف آوری
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
کی ہوگی جب وہ تشریف لائیں گے تو اس غلطی کو دفع فرمائیں گے
انجیل برنبا اور یس کا قول نامہ یہودا میں اسی مضمون پر دال ہے کہ
لوگ صاحب یعنی مسیح پر ہنسیں گے اور جب محمدؐ رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہوں گے تب لوگوں کو سزا
دیں گے مطابق اس پیشین گوئی مسیح کے قرآن کریم نے برأت
مسیح کی تہمت قتل اور مصلوبیت سے کہ موجب ملعونیت ہی بیان
فرمائی اور اس کا ضد یعنی مرفوع الدرجات ہونا ثابت کیا نہ رفع
علی السماء کیونکہ رفع علی السماء میں کوئی نزاع ہی نہ تھا جھگڑا تو صرف
ملعون ہونے یا مرفوع الدرجات ہونے میں ہی تھا اسی واسطے
رفع الی اللہ فرمایا گیا نہ رفع علی السماء افسوس ہے اُن لوگوں کی
عقلوں پر جو رفع الی اللہ اور رفع علی السماء کو مترادف جانتے ہیں
کیا اُن کے نزدیک اللہ اور سما ایک چیز ہیں ٭

٭ اور میں دریافت کرتا ہوں کہ کیا مؤلف صاحب کا خدا دوسرے آسمان پر ہے
کیونکہ یہ امر تو مؤلف صاحب کو مسلم ہوگا کہ مسیح دوسرے آسمان پر ہی ہے
مگر اس سے لازم آتا ہے کہ دیگر انبیاء جو تیسرے یا چوتھے یا پانچویں
آسمان پر ہیں وہ خدا سے بھی اوپر ہوں و نعوذ باللہ منہا - منہ

الغرض کتب سابقہ میں جس مضمون کی تکذیب قرآن کریم یا احادیث صحیحہ سے ہو گئی ہو ہرگز قابل اعتبار نہیں اور جس مضمون کا مصدق قرآن کریم ہو اس کی نقل بطریق استشہاد لامن حیث الاعتضاد جائز ہو گی جیساکہ حدیث بخاری بلغوا عنی و لو اٰیۃً وحدثوا عن بنی اسرائیل و لا حرج آہ محل کی یہی صورت ہے اور فَاسْئَلُوْٓا اَھْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ بھی اسی کا مؤید ہے جیساکہ یوحنا کو بروزی ایلیا مانا گیا اور ہم اُس کو استشہاد میں پیش کرتے ہیں کیونکہ قرآن مجید مسئلہ بروز کا مصدق ہے اور جس کی تصدیق اور تکذیب دونوں سے قرآن کریم ساکت ہو اُس کے بارہ میں مطابق حدیث شریف لَا تصدقوھم و لا تکذبوھم کے نہ تصدیق اُس کی بطور قطع اور یقین کے کرے اور نہ تکذیب۔ تفسیر ابن کثیر ج ۲ صفحہ ۱۰
بنار علیہ جس مقام میں روایات اناجیلی نص قرآن مجید یا احادیث صحیحہ کے اگر مخالف ہوں تو نقل انکی جائز نہیں جیساکہ رسولوں کے اعمال پہلا باب ۹ ورس اور وہ یہ کہہ کے اُن کے دیکھتے ہوئے اوپر اُٹھایا گیا اور بدلی نے اُسے اُن کی نظر سے چھپا لیا ۱۰ اور اُس کے جاتے ہوئے جب وے آسمان کی طرف تک رہے تھے دیکھو دو مرد سفید پوشاک پہنے اُن کے پاس کھڑے تھے ۱۱ اور کہنے لگے اے جلیلی مردو تم کیوں کھڑے آسمان کی طرف دیکھتے ہو یہی یسوع جو تمھارے پاس سے آسمان پر اُٹھایا گیا ہے اسی طرح جس طرح تم نے اُسے آسمان کو جاتے دیکھا پھر آوے گا۔ کیونکہ یہ ورس مخالف ہیں نصوص قرآنیہ کے کما قال اَوْ تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ایضاً قال يَسْئَلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ فَقَدْ سَاَلُوْا مُوْسٰٓى اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ اس آیت میں تو العیاذ

نے فقط اتنی ہی درخواست پر کہ ایک کتاب لکھی ہوئی آسمان پر سے
اُتاری جاوے اہل کتاب کو زجر و توبیخ فرمایا چہ جائیکہ آسمان
پر چڑھ کر دو ہزار برس یا زیادہ مدت تک بغیر تبدل اور تغیر جسمی کے
وہاں پر سکونت کرنا اور پھر دو ہزار یا زیادہ برس کے بعد آسمان پر
سے بجسدہ العنصری اُترنا کہ یہ امر تو سراسر نصوص قرآنیہ کے مخالف
ہے ہاں البتہ اگر یہ واقعہ حواریوں کا کشف قرار دیا جاوے تو اُس
سے کوئی مخالفت ادلہ شرعیہ کے لازم نہیں آتی اور اناجیل سے بھی
یہی ثابت ہوتا ہے کہ یہ معاملہ حواریوں کا کشفی ہے کیونکہ اسی باب
کے ورس ۳ سے ثابت ہے کہ یہ قصہ مرنے کے بعد کا ہے ۲
اُن پر اُس نے اپنے مرنے کے پیچھے آپ کو بہت سی قوی دلیلوں
سے زندہ ثابت کیا کہ وہ چالیس دن تک اُنھیں نظر آتا رہا اور
خدا کی بادشاہت کی باتیں کہتا رہا۔ اس ورس سے ظاہر ہے کہ یہ
معاملہ کشفی ہے کیونکہ مرنے کے بعد جو موتی کسی کو نظر آدیں تو
بجز کشف و رویا کے اُس کی اور کیا صورت ہوسکتی ہے اور پھر
یہ فقرہ کہ آپ کو بہت سی قوی دلیلوں سے زندہ ثابت کیا صریح
دلالت کرتا ہے کہ یہ قصہ عالم کشف کا ہے کیونکہ اگر عالم شہادت
میں کوئی شخص زندہ بجسدہ العنصری موجود ہو تو اُس کو اپنی زندگی
عالم شہادت کی ثابت کرنے کی کیا ضرورت ہے اور پھر اس ثبوت کے
لئے قوی دلائل کے پیش کرنے کی کیا حاجت ہے کیا کوئی عاقل ایسا
بیہودہ کام کرسکتا ہے کہ اپنے مریدوں پر اپنی زندگی کا ثبوت قوی
دلائل سے پیش کرتا رہے اور پھر یہ فقرہ کہ ۴۰ دن تک اُنھیں
نظر آتا رہا صریح اس قصہ کے کشفی ہونے کو ثابت کرتا ہے
کیونکہ اگر یہ معاملہ عالم شہادت کا ہوتا تو نظر آنے کے کیا معنے
یوں کہنا چاہیئے تھا کہ چالیس دن تک وہ ہمارے پاس موجود رہا
اور اناجیل کے دوسرے مقاموں سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے

کہ یہ قصہ حواریوں کا کشف روحانی ہے نہ مشاہدہ جسمانی اور جب کہ
خود اناجیل سے بھی ثابت ہو گیا کہ یہ رفع رفع جسمانی نہیں بلکہ
روحانی ہی ہے تو اس کا نتیجہ یہی حاصل ہوا کہ مسیح کا نزول بھی بجسد
العنصری نہیں ہو گا بلکہ روحانی نزول ہے جس کو مسئلہ بروز کہتے ہیں
کیونکہ ورس ۱۱ میں یہ فقرہ موجود ہے (یہی یسوع جو تمہارے
پاس سے آسمان پر اٹھایا گیا ہے اسی طرح جس طرح تم نے اسے
آسمان کو جاتے دیکھا پھر آوے گا) وھو المطلوب پھر کہاں
مسیح کا بروزی طور پر پھر آنا اور کہاں آیت وَإِنْ مِّنْ أَهْلِ
الْكِتٰبِ إِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ مؤلف صاحب کے مدعا
اور اس کے استدلال کا وہی حال ہے جیسا کسی نے کہا ہے **شعر**

چہ خوش گفت ست سعدی در زلیخا ❊ الا یا ایہا الساقی ادر کاسا وناولہا

قولہ افقہ الناس ابن عباس کا فیصلہ ہم کو بسرو
چشم منظور ہے الی آخر الجواب ص ۵۵ تک ۔
اس جگہ پر مؤلف صاحب نے بڑے ہاتھ پیر مارے ہیں لیکن کیا
ممکن کہ ہمارے استدلال پر کوئی جرح اُن کی واقع ہو سکتی بلکہ وجہ ربع
میں ہمارے معنی کو مجبور ہو کر تسلیم کر لیا ہے کما سیاتی بیان اس کا مجملاً
یہ ہے کہ محاورہ **توفاہ اللہ** یا جو صیغ اس کی مانند ہوں یعنی توفیٰ
مسند ہو اللہ تعالیٰ کی طرف اور مفعول اُس کا ذی روح انسان واقع
ہو تو معنی اُس کے سوا، **قبض اللہ روحہ** کے اور کچھ نہیں
آتے تمام قرآن مجید میں جس جگہ پر اس قسم کا محاورہ آیا ہے وہاں
پر یہی معنے ہیں کہ **قبض اللہ روحہ** لاغیر اور **تمام احادیث**
میں جس جگہ پر ان الفاظ کا استعمال اس محاورہ اور نہج کذائی سے وارد
ہوا ہے وہاں پر بھی یہی معنے ہیں ۔ **تمام صحابہ** کرام کے محاورات
میں اس قسم کے جملہ کے یہی معنے ہیں کہ **قبض اللہ روحہ**
تمام لغات کی کتابوں میں یہی لکھتے ہیں کہ توفاہ اللہ ای

قبض الله روحہٗ دیکھو **لسان العرب** **تاج العروس** **صراح**
قاموس منتہی الارب صحاح جوہری مختار الصحاح اور قطر المحیط و بحر ما کو اگر
مؤلف صاحب **قرآن مجید** میں سے ایک آیت بھی سوار آیت متنازعہ
* فیہا کے بطور نظیر کے ایسی پیش کردیویں جس میں کسی **مفسر** نے
اس قسم کے محاورہ کے معنے سوار قبض الله روحہ کے لئے ہوں
جس طرح پر کہ ہم (۲۳) آیتیں قبض روح کے معنے میں پیش کرتے
ہیں یا کوئی ایسی ہی **حدیث** پیش کردیویں یا کسی **صحابی** کے بول چال
میں کوئی ایک ایسا قول بھی کتب آثار میں سے نکال دیویں کہ اُس نے یہ
محاورہ بول کر سوار قبض روح کے کوئی اور معنی مراد لئے ہوں یا کتب
لغات معتبرہ عرب میں سے کسی ایک کتاب سے بھی اس قسم کے
محاورہ کے معنے سوار قبض روح کے اور کچھہ نکال دیویں تو حضرت اقدس
مرزا صاحب **ایک ہزار روپیہ** دینے کو طیار ہیں جنکا **اشتہار** مدت ہوئی
کہ ازالہ میں مشتہر فرما چکے ہیں ناظرین پر واضح ہو کہ اس
مقام پر **مؤلف** صاحب ایسے گرے ہیں کہ معنی مراد ہمارے وجہ
رابع میں مؤلف صاحب نے بہ خوبی تسلیم کرلئے ہیں **شعر**

عدو شود سبب خیر گر خدا خواہد   خمیر مایہ دکان شیشہ گر سنگ است

چنانچہ ۵۳ میں عبارت آپ کی بلفظہ یہ ہے ۔ توفی نے جس کے
ساتھ تعلق پکڑا ہے دیکھا جاوے گا وہ کیا چیز ہے روح ہوگی یا غیر
روح اگر روح ہے تو پکڑنا روح کا پھر منقسم ہے دو قسموں پر ایک
تو اُس کا پکڑنا مع الامساک ہے یعنی پکڑ نے کے بعد نہ چھوڑنا اس

* آیت متنازعہ فیہا کو جو بعض مخالف پیش کر کر روایات رکیکہ اور اقوال
ضعیفہ مفسرین کے پیش کرتے ہیں وہ بیچارے یہ نہیں سمجھتے کہ یہ تو
مصادرہ علی المطلوب ہوا جاتا ہے جس سے مدعا ہرگز ثابت نہیں ہوسکتا
اگر وہی مدعا اور وہی دلیل تو مدعا کیونکر ثابت ہوسکتا ہے دیکھو کتب مناظرہ کو ۔ منہ

کا نام توموت ہے موت کے مفہوم میں دو امر توفی کے مفہوم سے
علاوہ اعتبار کیے گئے ایک روح دوسرا امساک دوسرا قسم توفی کا نیند
ہے جس کے مفہوم میں قید روح اور ارسال یعنی چھوڑ دینا ماخوذ ہے الحاصل
موت اور نیند دو نو فرد ہوے توفی کی تفسیر کبیر ابن کثیر شرح کرمانی
صحیح بخاری اور متعلق توفی کا اگر غیر روح ہو تو وہ بھی یا جسم مع
الروح ہو گا جیساکہ انی متوفیک (اقول فیہ نظر جسم مع الروح
کے قبض کرنے سے کیا مراد ہے اگر وہی قبض روح تو ہو المطلوب
اور اگر قبض روح کے ساتھ جسم کو بھی آسمان پر اُٹھا لینا تو اس کا ثبوت
کتب لغات سے یا دیگر نظائر قرآنیہ یا غیر قرآنیہ احادیث و اقوال
عرب عربا سے ضرور دینا چاہیئے یہاں پر جو ایک قسم کا دجل
کرکر قاموس کا حوالہ دیا گیا سو قاموس میں یہ ہرگز نہیں لکھا)
یا اور چیز ہو گا جیساکہ توفیت مالی ۔ قاموس ۔ بیان اس امر کا جو
مذکور ہو چکا ہے یعنی توفی کا معنی فقط کسی شے کا پورا لے لینا
ہے عام اس سے کہ وہ شے روح ہو یا غیر روح اور برتقدیر روح
ہونے کے مقید بارسال ہو یا بامساک نفس ہے بھی ثابت ہے
یعنی قرآن کریم کی اس آیت سے جس سے خداوند کریم کو اظہار تصرف
اور قدرت اپنی کا اسی پیرایہ میں منظور ہے کہ اللہ تعالی ارواح کو بعد
القبض کبھی تو بند کر رکھتا ہے اور کبھی چھوڑ دیتا ہے ؟ اللہ یتوفی
الانفس حین موتہا و التی لم تمت فی منامہا الخ اللہ تعالی قبض
فرماتا ہے ارواح کو حالت موت اور نیند میں فقط اتنا ہی فرق ہے کہ
موت میں امساک اور نیند میں ارسال ماخوذ ہے اس آیہ میں تو استعمال
لفظ توفی کا مشترک میں ظاہر ہے یعنی فقط + قبض الارواح مدلول

+ فیہ نظر کیونکہ توفی میں قبض بعینہ بروح ضروری ہے ہاں یہاں پر بقاعدہ تجرید کے جو کلام
عرب میں اکثر ملحوظ ہوا کرتا ہے فرمایا گیا ہے کہ یتوفی الانفس ورنہ تمام دوسرے

[illegible] قبض ۔ لفظ موجود [illegible]

ہے لفظ انفس کا اور آیت وھو الذی یتوفاکم باللیل الخ میں مستعمل ہے نیند میں جو فرد ہے معہوم توفی کا یعنی قبض کا اور آیت و الذین یتوفون منکم آہ وغیرہ آیات میں مدلول اُس کا موت ہے جو منجملہ افراد اُسی توفی کے ہے انتہی بلفظہ۔ خلاصہ اس جملہ عبارت مؤلف صاحب کا یہ ہے کہ اگر توفی متعلق کسی شے غیر ذی روح سے ہو تو اُس کے پورا بھر لینے کے لئے بھی توفی بول سکتے ہیں جیسا کہ توفیت مالی اور اگر ذی روح سے متعلق ہو تو توفی یا بمعنی موت کے مستعمل ہوگی یا بمعنی نیند کے لیکن آیت مُتَوَفِّيكَ اور فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي میں نیند کے معنے ہو نہیں سکتے اور نہ مؤلف صاحب نے اس جگہ پر ان دو نو آیتوں میں نیند کے معنے لئے ہیں جو اثر میں نظر کی جاتی تو بہر حال اُن دو نو آیتوں میں موت کے معنے ہی متعین رہے کیونکہ آیت ذیل بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ کو ہم دلائل یقینیہ ثابت کر چکے ہیں کہ اُس میں رفع روحانی مراد ہے نہ رفع جسمانی اور مؤلف صاحب نے صرف اسی آیت کو صارف عن معنی الموت قرار دیا تھا تو حسب اقرار مؤلف صاحب کے بھی توفی یہاں پر بمعنے موت ہی کے متعین رہے۔ اگر کوئی مخالف سوار مؤلف صاحب کے جو مدعا اور دلیل میں تمیز نہیں کر سکتا ہو وہ بطور مصادرہ علی المطلوب کے ان دونو آیتوں میں معنی توفی کے قبض روح جو یہاں پر بمعنی موت کے متعین ہے تسلیم نہ کرے تو اُس کو لازم ہے کہ قرآن مجید میں سے کسی ایک ہی ایسی آیت کو پیش کرے جس میں معنے توفی کے قبض روح کے نہویں یا اسی طرح پر کوئی ایسا محاورہ کتب لغات وغیرہ سے ثابت کرے جس میں توفاہ اللہ کے معنی قبض اللہ روحہ کے نہ ہوں اور معہ جسم آسمان پر اُٹھا لینے کے معنے ہوں اور توفیت مالی جس میں پورا بھر لینے کے معنے ہیں یہ محاورہ دوسرا ہے چنانچہ خود مؤلف صاحب کی عبارت

سے ثابت ہو چکا اور پھر اگر تسلیم بھی کیا جاوے کہ آیت متنا زعہ فیہا میں توفی کے معنے پورا قبض کر لینے کے ہیں تو اس معنی سے جسم کا رفع آسمان پر کیونکر لازم آیا کیونکہ اس جگہ پر پورا قبض کرلینا باعتبار نوم کے کہا جا سکتا ہے کیونکہ موت میں تو قبض تام ہوتا ہے اور نوم میں قبض ناقص جس کا مؤلف صاحب کو بھی اقرار ہے کہ موت میں قبض روح مع الامساک ہوا کرتا ہے اور نوم میں قبض روح بغیر امساک کے ۔ اب میں حسب قواعد تعادل و ترجیح ادلہ مندرجہ کتب اصول کے مؤلف صاحب کے اقوال کا رد و جواب تفصیلاً لکھتا ہوں بطور **قال اقول** کے ۔

قال ناظرین ازالہ اور **ایام الصلح** سے معلوم کرسکتے ہیں الی قولہ پھر اُس سے منحرف نہیں ہوئے۔

اقول قصہ عود ایلیا جو فیصلہ کیا ہوا خود حضرت عیسی علیہ السلام کا ہے اور کتاب اللہ مسئلہ بروز کی مثبت ہے اور محققین علماء اسلام اور اکابر صوفیا کرام اُس کے مصدق ہیں کما مر پھر ایسے مسئلہ مندرجہ کتاب سلاطین کو بطور استشہاد کے کیونکر بیان نہ کیا جاوے اور آپ کے تو مسلمات سے ہے کہ جس مضمون کا مصدق قرآن کریم ہو اُس کی نقل بطریق استشہاد لامن حیث الاعتضاد جائز ہو گی جیساکہ حدیث بخاری بلغوا عنی و لو اٰیۃ و حدثوا عن بنی اسرائیل و لا حرج آہ محل کی یہی صورت ہے ۔ آگے رہا صعود ایلیا جو سلاطین میں لکھا ہے سو وہاں پر خود قرائن قویہ موجود ہیں کہ صعود جسمانی نہیں تھا بلکہ وہی رفع روحانی تھا علاوہ ازیں قرآن کریم رفع جسمانی کا مکذب ہے کما مر بیانہ پھر ایسے مسئلہ سلاطین کو کیونکر قبول کیا جاوے جو خود یہ قضیہ آپ کے بھی مسلمات سے ہے کہ الغرض کتب سابقہ میں سے جس مضمون کی تکذیب قرآن کریم یا احادیث صحیحہ سے ہوگئی ہو ہرگز قابل اعتبا نہیں

انتہی بلفظہ۔

قال یا مسیح کے مصلوب ہونے میں پہلے اناجیل اربعہ سے کام لے کر الی قولہ محرف نہیں ہوئے۔

اقول لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ مسیح کے مقتول بالصلیب ہونے کا تو ہم رد ہی کر رہے ہیں ہمارے تمام رسائل میں اس کا رد موجود ہے اگر اناجیل کی ظاہر عبارت سے مقتول* بالصلیب ہوتا مسیح کا ثابت ہوتا ہے تو ہم اس کو مردود سمجھتے ہیں ہاں صلیب پر چڑھایا جانا مسیح کا اور پھر قتل بالصلیب سے محفوظ رہنا خود قرآن مجید سے ثابت ہوتا ہے دیکھو بحث حرف لاکن کی

---

* الصَلِیب و الصَلَب الصدید الذی یسیل من المیت و الصلب مصدر صلبہ یصلبہ صلباً و اصلہ من الصلیب و ھو الودک

و فی حدیث علی انہ استفتی فی استعمال صلیب الموتی فی الدلاء و السفن فابی علیہم و بہ سمی المصلوب لما یسیل من ودکہ و الصلب ھذہ القتلۃ المعروفۃ مشتق من ذلک لان ودکہ وصدیدہ یسیل و قد صلبہ یصلبہ صلباً وصلبہ شدد للتکثیر و فی التنزیل العزیز وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وفیہ وَلَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِیْ جُذُوْعِ النخل ای علی جذوع النخل والصلیب المصلوب

لسان العرب

صلبت القاتل من باب ضرب صلباً فھو مصلوب

مجمع البحرین و مطلع النیرین۔ منہ

جو واسطے دفع کرنے وہم ناشی عن الکلام السابق کے آتا ہے کما مر بیانہ مفصلاً آگے رہا رفع جسمانی مسیح کا سو خود اناجیل میں قرائن قویہ موجود ہیں اس امر پر کہ رفع مسیح کا روحانی تھا نہ جسمانی کما مر آنفاً پھر قرآن مجید اس رفع جسمانی کو رد فرما رہا ہے کما مر مراراً۔ معہذا پھر ہم رفع جسمانی سے کیونکر منحرف نہ ہوں۔

قولہ یا توفی کے معنے موت لینے میں ۔ الخ

اقول جب کہ قرآن مجید کی ۲۳ آیتوں سے اور تمام محاورات رسول مقبول صلے اللہ علیہ و سلم و صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے اور تمام کتب لغات سے ثابت ہوچکا اور خود آپ نے بھی تسلیم کر لیا کہ توفی بمعنی قبض روح ہی کے ہے موت میں قبض تام ہوتا ہے اور نوم میں قبض ناقص اور ما نحن فیہ میں نوم مراد ہو نہیں ہوسکتا کیونکہ اگر حضرت عیسی کی توفی بطور انامت کے واقع ہوئی ہوتی تو ضرور تھا کہ پہر دو پہر میں حد درجہ ایک دو دن میں جاگ اٹھتے یا اللہ تعالیٰ ہی بعد متوفیک کے خبر دیدیتا کہ ثم ضارب علی اذنیک علی السما الاف سنۃ اور آپ خود بھی مقر ہیں کہ آیت اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْأَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا میں دو ہی صورتیں مذکور ہیں لا ثالث لہما اور آیت يَا عِيْسٰى اِنِّيْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَيَّ میں اور ایسا ہی فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ میں بھی معنی موت کا مطابق نظائر قرآنیہ اور غیر قرآنیہ کے جیساکہ توفی اللہ زیداً توفی اللہ بکراً و عمرو و غیرہ کے متعین ہے دیکھو صلا و ۴۵ کو اور آیت بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ کی نسبت ہم ثابت کرچکے ہیں کہ اس میں رفع روحانی ہے نہ جسمانی اور مؤلف کے مسلمات سے ہے کہ تمام دار و مدار اس کے مذہب کا اس آیت پر ہے پس جب کہ آیت مؤلف کے مذہب کی نافی ہوئی چہ جائے کہ مثبت ہو پس بناء مذہب مؤلف ہی کے ۔ کل منہدم ہوگئی پھر مع ہذہ الدلائل القاطعہ وہ اثر افقہ الناس ابن عباس کا جو

صحیح بخاری میں مذکور ہے اور جس کی اسناد عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری میں حسب ذیل لکھے ہیں ثم ان تعلیق ابن عباس ھذا رواہ ابن ابی حاتم عن ابیہ حدثنا ابو صالح حدثنا معاویۃ عن علی بن ابی طلحۃ عن ابن عباس آہ کیونکر قبول نہ کیا جاوے اور حضرت ابن عباس اعلم بالقرآن کو کس طرح پر مقتدا نہ بنایا جاوے اور اُن کا اتباع کیوں نہ کیا جاوے باقی جو روایات ضعیفہ و مرویات رکیکہ تفاسیر آیت بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ اور ایسا ہی وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ اور ایسا ہی فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ اور ایسا ہی قَبْلَ مَوْتِهٖ کے معنی میں مذکور ہیں اور ایسا ہی وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ میں اسرائیلی روایات لکھی گئی ہیں جب تک وہ روایات علی شرط البخاری نہ ہوں اور دیگر نصوص قطعیہ کے بھی مخالف نہ ہوں اور باہم بھی متعارض نہ ہوں تب تک کیونکر اُن کو قبول کیا جاوے اگر آپ ایسی روایات رکیکہ و متعارضہ کی ترجیح چاہتے ہیں تو آپ پر لازم ہے کہ جملہ اپنی مرویات کے رواۃ کی توثیق و تعدیل علی شرط البخاری کیجئے اور بعد اُس کے وجوہ ترجیح کو بیان کیجئے پھر ہمیں قبول کرنے سے کیا انکار ہے آپ کے اقرارات اور مسلمات سے ہے کہ تصحیح احادیث رواۃ کو دیکھکر آج کل آپ اور ہم بغیر نقل جرح و تعدیل عن السلف نہیں کرسکتے ہم آپ سے اقرار کرتے ہیں کہ جب آپ یہ مرحلہ دشوار طے فرما چکیں گے تو تطبیق و توفیق بین المرویات کلہا ہمارا ذمہ ہے انشاء اللہ تعالے۔

قولہ یا اجماع امت مرحومہ۔ آہ

اقول یا پیشین گوئی کی حقیقت تفصیلی کا معلوم ہونا جب کہ خود حضرت خاتم النبیین صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے بھی ضروری نہیں پھر اُس پیشین گوئی کی حقیقت تفصیلی پر اجماع اُمت ہونا چہ معنی دارد العجب کل العجب کہ مؤلف صاحب ہنوز بھی

مقربین و المرء یؤخذ بافراده کہ ان احادیث پیشین گوئیوں میں اختلاف کمی بیشی کا بالضرور واقع ہے اور بعض حدیثوں میں کچھ بیان ہوا ہے اور بعض میں کچھ اور دیکھو صفحہ ۴۰ من سطر ۱۶ پس جب کہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کو مکاشفات و رویا میں احوال دجال اور مسیح موعود کبھی کم معلوم ہوے اور کبھی زیادہ اور نیز تمثلات اُن کے مختلف طور پر مختلف اوقات میں منکشف ہوے حتی کہ مسیح دجال خانہ کعبہ کا طواف کرتے ہوے متمثل ہوا جس کی تاویل یہ ہوئی کہ سافتہ تخریب اسلام کے اُس کا گرد پھرنا ماول ہے جیسا کہ چور واسطے چوری کرنے کے کسی گھر کا طواف کیا کرتا ہے تو اندریںصورت ناظرین سے انصاف طلب ہے کہ اگر اُمت ایسی پیشین گوئی کی حقیقت تفصیلی پر باظاہر الفاظ پر اجماع کرے تو یہ اجماع کورانہ نہیں تو اور کیا ہے اور مؤلف بیان کیے کہ مسیح کے رفع جسمانی پر کس وقت میں تمام مجتہدین امت نے اجماع * کیا ہے اور تفاسیر میں اس مسئلہ حیات عیسیٰ میں اس قدر اختلاف لکھا ہے کہ پ شد پریشاں خواب من از کثرت تعبیر کا مصداق ہے اور ہم نے تو رفع جسمانی مسیح کا رد ایسے دلائل قطعیہ سے کر دیا ہے کہ اُس کا جواب آج تک کوئی مخالف دے ہی نہیں سکا اگر رفع بجسدہ العنصری کسی بشر کے لیے آسمان پر جائز ہوتا تو مخفی در مخفی حضرت عیسیٰ کا رفع جسمی کیوں کیا جاتا تمام یہود کو

---

* بلکہ تمام صحابہ موجودین مدینہ طیبہ کا اجماع وقت وفات آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم کے بعد افہام و تفہیم صدیق اکبر کے اوپر وفات تمام مرسلین اور انبیاء سابقین خصوصاً حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات پر ہو گیا ہے دیکھو ہمارے رسائل القسطاس المستقیم وغیرہ کو ۔ منہ

اُس کا مشاہدہ کرادیا جاتا تاکہ وہ ایمان لے آتے اگر حضرت عیسیٰ کے لئے یہ کار روائی رفع جسمانی کی مخفی کی گئی تھی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کی معراج کے وقت یہ معجزہ عظیم الشان کفار کو دکھایا جاتا تاکہ پھر کفار معراج کا انکار بھی نہ کرتے اور جوق جوق اسلام میں داخل ہو جاتے * اور پھر مؤلف صاحب فرماویں کہ کونسی ایسی حدیث صحیح یا ضعیف ہے ایسی ہی جس میں مذکور ہو کہ حضرت عیسیٰ بجسدہ العنصری آسمان پر اُٹھائے گئے ہیں جب کہ سرے سے رفع جسمی ہی ندارد ہے تو پھر نزول بجسدہ العنصری من السماء کہاں سے ثابت ہوا ثبت العرش ثم انقش مثل مشہور ہے - افسوس کہ نام کے علماء اتنا بھی نہیں جانتے کہ محاورہ زبان عرب میں نزول سے مراد کسی مقام اور منزل میں ٹھیرنا ہوتا ہے دیکھو بخاری وغیرہ کتب احادیث کو باب **نزول** النبی صلی اللہ علیہ وسلم الحجا منعقد کیا ہے - نزول کے معنی عرب میں کسی مقام پر ٹھرنے اور اُترنے کے مسافرانہ طور پر اس قدر شائع اور ذائع ہوئے ہیں کہ زبان اردو میں بھی لفظ منزل کا اُسی جگہ کو بولتے ہیں جس جگہ لوگ ٹھیرا کرتے ہیں اور ہر ایک شخص خوانده ناخوانده باہم بھی گفتگو

---

* اور تعجب پر تعجب یہ ہے کہ معراج میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جو بجسدہ العنصری آسمان پر تشریف لے گئے تو اُس کا مشاہدہ نہ صدیق اکبر کو کرایا گیا نہ حضرت علی کو اور نہ کسی کافر ابو جہل وغیرہ کو اور کفار نے جو درخواست کی کہ اَوْ تَرْقٰی فِی السَّمَآءِ اُس کے جواب میں بھی نہ فرمایا گیا کہ معراج شریف میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو آسمان پر چڑھا تو دیا تھا بلکہ اس کے عوض یہ جواب ارشاد ہوا کہ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّیْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا مؤلف صاحب اس کا جواب کیا دیں گے - بینوا توجروا --- منہ

کرتے ہیں کہ ہم فلاں مقام پر اُترے ہوئے ہیں ۔ اور جو حدیث
ضعیف ہو وہ مقابلہ صحیح کا ہرگز نہیں کرسکتی پھر در صورت تعارض
احادیث ضعاف کے صحاح کو چھوڑ کر کیونکر ضعاف کو قبول کیا جاوے
اور صحاح کو ترک کیا جاوے آگئے قدر مشترک احادیث نزول مسیح کا سوائے مصداق
بالضرور حضرت اقدس ہیں اور قدر مشترک احادیث دجال کا مصداق
بالضرور پادریان نصاریٰ ہیں اور فلاسفران یورپ ہیں جیساکہ ہمارے
رسائل میں ثبوت اس کا موجود ہے ۔

قولہ اولاً تو یہ معروض ہے ۔ آہ ۔ ۱۰ وجہ اول

اقول ہم اولاً آپ سے صرف اسقدر مطالبہ کرتے ہیں کہ آپ اپنے متمسک
بہا مرویات کے کُل رواۃ کی توثیق و تعدیل علی شرط البخاری * کردیجئے
اور جو تعارض درمیان اُن کے اور درمیان ہمارے نصوص متمسک بہا
کے واقع ہے اُس کی توجیہ تطبیق بیان کردیجئے پھر ہم کو اُن کے
قبول کرنے میں کیا عذر ہے ۔ اور علی بن ابی طلحہ کی نسبت جو جرح
آپ نے تقریب وغیرہ سے نقل کی ہے ہم اُس میں ابھی کچھ کلام
نہیں کرتے آپ سے صرف اس قدر مطالبہ کرتے ہیں کہ جو معنی متوفی
کے آپ تجویز کریں اور قرار دیویں اُن کو کسی سے صحابہ میں سے ایسی
ہی اسناد کے ساتھ جیسی کہ ہماری اسناد ہے تحریر فرمادیجئے ہم
اُن معنی کو بالضرور قبول کرلیویں گے اور یہ ممیتک کے معنی ترک
کردیویں گے

قولہ ثانیاً بر تقدیر صحت کے ۔ آہ ۔ ۱۰ وجہ دوم

اقول مؤلف صاحب نے اس جگہ پر عجب طرح کا دجل کیا ہے
باوجودیکہ معنے متوفیک کے ممیتک ابن عباس تک اسناداً

---

* توثیق و تعدیل علی شرط البخاری اس واسطے طلب کی جاتی ہے کہ ہم نے جو احادیث
پیش کی ہیں وہ صحیح بخاری کی ہیں اور تعارض کے لئے تساوی شرط ہے ۔ منہ

صحیح مان لیئے اس خوف کے مارے کہ کوئی آپ کا حریف یہ نہ
کہے کہ صحیح بخاری اصح الکتب بعد کتاب اللہ کے رواۃ پر بھی جرح
کرنے لگے لیکن معہذا آپ فرماتے ہیں کہ احتمال ہے کہ یہ معنی منجملہ
مباحثات یومیہ صحابہ کرام کے بطریق بیان احتمال کے ہوں تاکہ
امتحان کریں کہ علماء عصر اس اشکال کے دفع میں کیا کہتے ہیں اور
مؤلف صاحب نے نظیر اس کی یہ پیش کی ہے کہ جیساکہ قول ابن
عباس کا لا اجد فی کتاب اللہ الا المسح لکنہم ابوا الا الغسل
کہ امتحاناً مباحثات یومیہ سے ہے اور اُن کا مذہب نہیں ہے
بلکہ مذہب اُن کا غسل قدمین ہے - اے مؤلف صاحب الیس منکم
رجل رشید اگر معنے متوفیک کے ممیتک حضرت ابن عباس نے
بطور مباحثات یومیہ کے فرمائے تھے اور یہ معنے اُن کا مذہب
نہیں تھے تو پھر دوسرے کوئی معنے بھی تو آپ نے ابن عباس سے
نقل فرمائے ہوتے جو اُن کا مذہب ہوتا کسی کتاب سے یہی عبارت
نقل کردی ہوتی کہ قال ابن عباس لا اجد فی کتاب اللہ الا
موت عیسی لکنھم ابوا الا الحیات ہم تو یہاں تک آپ کو
اجازت دیتے ہیں کہ اگر آپ حضرت ابن عباس سے کوئی روایت
معنی ممیتک کے سوا نہیں لاسکتے تو کسی دوسرے صحابہ ہی سے
کوئی روایت لائے جس میں متوفیک کے معنے سوار ممیتک کے
کچھ اور ہوں مگر آپ نے تو اپنی تمام کتاب میں متوفیک کے معنے
سوار ممیتک کے نہ ابن عباس سے نقل فرمائے اور نہ کسی اور سے
صحابہ میں سے اور نہ کسی کتاب لغت سے اور نہ محاورات عرب
سے اور مزید براں یہ کہ صـ۳ میں آپ نے تسلیم کرلیا کہ توفی کے
معنی قبض روح ہی کے ہیں اور سارا تاروپود اپنی کتاب کا اُدھیڑ
ڈالا تو پھر فرمائے کہ کیا یہی آپ کا ایمان و انصاف ہے کہ جن معنی
کے سوا نہ ابن عباس سے منقول ہے اور نہ کسی اور صحابہ سے اور

معنی متوفیک ممیتک قال ابن عباس رضی

نہ کسی کتاب لغت سے اُن معنی کو آپ اُن مباحثات * یومیہ سے قرار دیتے ہیں جو واسطے امتحان علمار عصر کے پیش کیئے جاتے ہیں اور اپنا مذہب نہیں ہوتے با وجودے کہ تمام قرآن مجید میں وہی معنے قبض روح کے ہیں تمام احادیث میں وہی معنی قبض روح کے ہیں تمام کتب لغات میں محاورہ توفاہ اللہ کے معنے وہی قبض اللہ روحہ ہیں مگر معہذا وہ معنی مذہب ابن عباس کا نہیں ہیں ولنعم ماقیل حبك الشئ یعمی و یصم۔ اور احادیث نزول سے جو آپ استدلال کرتے ہیں کہ جب ابن عباس نزول مسیح کے قائل ہیں اور نزول مسیح کی اُن سے فلاں فلاں روایت ہے تو بالضرور یہ معنی اُن کا مذہب نہ ہوگا اے مؤلف صاحب یہ قیاس تو آپ کا رجماً بالغیب ہے اور وہی بیہودہ کا سا خیال ہے جس کی نسبت اللہ تعالے فرماتا ہے مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ اور یہ امر تو آپ کے بھی مسلمات سے ہے کہ اجتماع شکوک سے یقین حاصل نہیں ہوسکتا دیکھئے نزول مسیح کے ہم بھی قائل ہیں معہذا ہمارا مذہب بھی ہے کہ مُتَوَفِّيكَ کے معنے مُمِيتُكَ ہیں اور عینی سے جو آپ نے حدیث نقل کی ہے اُس میں مدت اقامت مسیح کی دنیا میں تسعۃ عشر ۱۹ لکھے ہیں لیکن سابق آپ مدت مکث عیسی موعود کی خمس و اربعین وغیرہ تحریر فرما چکے ہیں دیکھو صفحہ ۳۹ سطر ۲۳ وغیرہ کو پھر اُن

---

* مؤلف صاحب نے مسئلہ مباحثات یومیہ کا ایک ایسا ایجاد کیا ہے جیسا کہ روافض نے مسئلہ تقیہ اختراع کیا ہے جب کوئی حجت نقلی آئمہ سے اہل سنت والجماعت اُن پر پیش کرتے ہیں اُس کا جواب روافض کی طرف سے یہ ہوتا ہے کہ آئمہ نے یہ مسئلہ از روئے تقیہ کہا تھا۔ منہ

[illegible]

اختلاف مدت کی بھی آپ کو کچھ خبر ہے ذرا توجہ فرما کر اس تعارض
کی بھی تو کچھ توفیق و تطبیق فرما دیجئے میں افسوس کرتا ہوں کہ آپ
ناحق اس مناظرہ میں شامل ہو کر دقت میں پڑ گئے ہیں **شعر**

نہ گفتہ ندارد کسے با تو کار ولیکن چو گفتی دلیلش بیار

آپ کو تو مناسب یہ ہی تھا کہ ان جھگڑوں اور بکھیڑوں میں نہ پڑتے
اور آپ کے مریدوں کے لئے جو علوم قرآنی سے نا آشنا ہیں کو
آپ کی گدی نشینی ہی کافی تھی اور اب آپ خوب جان گئے ہوں
گے کہ یہ راہ مناظرہ علیہ بہت دشوار گذار ہے **شعر**

فان کنت لا تدری فتلک مصیبۃ وان کنت تدری فالمصیبۃ اعظم

قولہ اگر ابن عباس کا مذہب بھی مانا جاوے ۔ الخ

اقول یہاں پر مؤلف صاحب نے بعد از تامل بسیار تسلیم کر لیا
کہ مذہب ابن عباس کا یہی تھا کہ متوفیک بمعنی ممیتک ہے **شعر**

ہرچہ دانا کند کند ناداں لیک بعد از تامل بسیار

مگر اب قرآن مجید میں اصلاح یوں فرماتے ہیں کہ اصل عبارت یوں
ہونی چاہیئے تھی یا عیسی انی رافعک الی ثم متوفیک مگر مؤلف
صاحب کو یہ خبر نہیں کہ مدعا اب بھی حاصل نہیں ہوا کیونکہ بعد رفع
کے بھی آسمان پر وفات حضرت عیسی کی ابھی تک نہیں ہوئی اور
نہ آسمان پر ان کی وفات ہو سکے کما قال اللہ تعالی فِیہَا تَحْیَوْنَ
وَفِیہَا تَمُوتُونَ ۔ اب ایک اور بڑی دشواری مؤلف صاحب پر یہ
پیش آئی کہ مضمون مُطَہِّرُکَ مِنَ الَّذِینَ کَفَرُوا ابھی
توفی کے قبل ہی ہے کیونکہ مؤلف صاحب کے مسلمات سے ہے
کہ بعد نزول قرآن مجید اور بعد تشریف آوری آنحضرت خاتم النبیین صلعم
کے حضرت عیسی کی تطہیر الزام یہود سے ہو چکی ہے دیکھو ص۱۱ س۱۹
کو اندریں صورت مؤلف صاحب کو کلمہ متوفیک بعد مطہرک من الذین
کفروا کے رکھنا پڑے گا مان مجھے اور خوب یاد آیا کہ ابھی تک

مؤلف صاحب کا پیچھا مشکلات نے نہیں چھوڑا کیونکہ مؤلف صاحب
کے مسلمات سے یہ بھی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم یا خلفائے
راشدین رضی اللہ عنہم قوم یہود مخالفین حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو
سزا بھی دے چکے اور ان پر غالب اور فوق ہو چکے اور پیشین
گوئی وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا
اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ واقع ہو چکی دیکھو وہی صفحہ ۵ ۴ سطر ۲۳
اورجب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہوں گے
تب لوگوں کو سزا دیں گے مطابق اس پیشین گوئی مسیح کے انتہی
موضع الحاجہ تو اندریں صورت وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا کا مضمون بھی متوفيك سے مقدم ہو گیا تو اب
مؤلف صاحب کے نزدیک نظم قرآنی یوں ہونی چاہئے کہ یا
عیسی انی رافعك الي و مطهرك مِنَ الذين كفروا
وجاعل الذين اتبعوك فوق الذين كفروا و متوفيك
الی یوم القيمة پھر اب مؤلف صاحب بیان فرماویں کہ
متوفیك الی یوم القيمة کے کیا معنے ہوں گے اور اگر الی یوم
القیامہ کو بھی متوفیك سے آپ مقدم کریں گے تو اب آپ کے
نزدیک حضرت عیسی کی وفات بعد قائم ہوتے قیامت کے
ہو گی ایہا الناظرین کیا ایسا ہی عقیدہ اجماعیہ اسلامیہ
ہوتا ہے جس میں اس قدر تحریفات قرآنی اور بے انتہا مفاسد
لازم آتے ہوں ولنعم ماقیل شعر

برہوا تاویل قرآن میکنی	پست و کج شد از تو معنی سنی

اے مؤلف صاحب قرآن مجید میں تو آپ اصلاح نہیں کر سکیں
گے قال اللہ تعالی قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ
عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ
كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا اس آیت سے ثابت ہے کہ اصلاح

کا تو ذکر ہی کیا ہے مثل قرآن بھی تمام جن و انس نہیں بنا سکتے بعد ابطال
تقدیم و تاخیر آیت متعلق ماتحن فیہ کے ہم کہتے ہیں کہ کل قرآن مجید کا
نظم جس ترتیب سے کہ واقع ہے اُس میں تقدیم و تاخیر اپنے خیال
کے بموجب ممکن ہی نہیں اور قول تقدیم و تاخیر کا بغیر اُن فوائد کے
جو مقتضاے اعجاز بلاغت ہیں محض غلط ہے کما قال اللہ تعالے
وَلَقَدْ وصلنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ علم بلاغت کی
رو سے قول موصل وہی ہے جس میں کوئی تقدیم و تاخیر بغیر فوائد علم
بلاغت کے متصور نہ ہو اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم
نے بہ ضمن ایک طویل حدیث کے حجۃ الوداع میں کہ احتمال نسخ
بھی باقی نہیں ثم خرج من الباب الی الصفا فلما دنی من
الصفا قرء اِنَّ الصَّفَا وَ الْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ ابدأ بما بدأ اللہ
بہ فبدأ بالصفا فرقی علیہ انتہی موضع الحاجۃ۔ وعن
جابر بن عبد اللہ فی صفۃ حج النبی صلی اللہ علیہ و سلم
ابدأوا بما بدأ اللہ بہ اخرجہ النسائی ھکذا بلفظ الامر و ھو عند
مسلم بلفظ الخبر بلوغ المرام اس سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلعم نے
صرف نظم قرآنی کی ترتیب سے ایک حکم حج کا استخراج فرمایا بلکہ
امت کے لیئے ایک راہ اجتہاد کی نکال دی کہ ترتیب نظم قرآنی سے
بھی احکام شرعیہ استخراج ہو سکتے ہیں اور اُمت میں سے کسی مجتہد
کو یہ اختیار حاصل نہیں ہے کہ جس کلمہ کو چاہا اُس کو مقدم سمجھ لیا
اور جس کو چاہا اُس کو مؤخر کر لیا بلکہ خود آنحضرت صلعم مکلف ہیں اس
امر کے کہ ترتیب نظم قرآنی کے بموجب عمل درآمد فرماویں کما قال
علیہ السلام ابدأ بما بدأ اللہ ھکذا فی الفصل الاول
من المشکوۃ حجۃ الوداع اور آپ جو فرماتے ہیں کہ یہ تقدیم و تاخیر
درمنثور وغیرہ میں مروی ہے اس کی نسبت یہ گذارش ہے کہ اول
تو آپ ان مرویات کی اسناد اور اُس کے رجال کی توثیق مثل اُس

اثر ابن عباس کے جو صحیح بخاری میں مندرج ہے علی شرط البخاری ثابت
کیجئے بعد اُس کے ہم سے اُس کا جواب لیجئے اور ہم نے تو توفیق
و تطبیق بین النصوص ایسی کردی ہے کہ کوئی حاجت نہیں رہی جو
تقدیم و تاخیر کا قول کیا جاوے جس سے طرح طرح کے مفاسد لازم
آتے ہیں اور تفسیر عباسی سے جو مؤلف صاحب نقل فرماتے ہیں
اُن کو خبر نہیں کہ تفسیر عباسی کی نسبت کبار آئمہ مفسرین کیا فرماتے
ہیں **مجمع البحار** میں لکھا ہے کہ تفسیر ابن عباس طریق الکلبی
عن ابی صالح عن ابن عباس فاذا ضم الیہ محمد بن مروان
السدی الصغیر فھی سلسلۃ الکذب۔ **اتقان** میں ہے و
رایت عن فضائل الامام الشافعی لابی عبد اللہ محمد بن
احمد ابن الشاکر القطان انہ اخرج بسندہ من طریق ابن
عبد الحکیم قال سمعت الشافعی یقول لم یثبت عن ابن عباس
فی التفسیر الا شبیہ بمأۃ حدیث اور **فوائد مجموعہ** میں لکھا ہے
ومن جملۃ التفاسیر التی لا یوثق بہا تفسیر ابن عباس فانہ
مروی من طریق الکذابین کالکلبی و السدی و مقاتل **محسل**
مصفی پس قرآن مجید کی ترتیب نظم میں تقدیم و تاخیر کو ایسی مرویات
کذابین سے ہم تسلیم نہیں کر سکتے چہ جائیکہ تقدیم و تاخیر کے ماننے
سے طرح طرح کے مفاسد لازم آتے ہوں جیسا کہ ہم آیت متوفیک
میں بیان کر چکے ہاں اگر کسی مقام پر آپ کسی ترتیب نظم قرآنی کو
خلاف کسی دوسری نص خواہ خود کتاب اللہ یا سنت صحیحہ مرفوعہ سے
ثابت کریں تب بعد اثبات کذائی کے ہم اُس میں نظر کریں گے کہ اس
مقام کذائی پر اس تغیر اسلوب میں جو مخالف دوسری ترتیب منصوصہ
کے ہے کون کون سے فوائد ہیں جن کی وجہ سے یہ تغیر اسلوب کیا
گیا ہے۔ **ایہا الناظرین** یہاں پر **دو امر** ہیں اوّل تو یہ کہ اپنے
خیالات کو مطابق اور موافق ترتیب نظم قرآنی کے کرنا دوّم نظم

قرآن کو اپنے خیالات کے ساتھ مطابق کرنا اول امر موجب ہدایت ہے اور امر ثانی باعث ضلالت وگمراہی ہے تمام فرق باطلہ کی ضلالت کا موجب امر دوم ہی ہے کیونکہ آنحضرت صلعم نے تو بہ موجب حدیث اصح الصحیح کے صرف ترتیب نظم قرآنی سے مسائل شرعیہ کا استخراج فرمایا ہے پس ترتیب نظم قرآنی کو پس پشت ڈال دینا حصہ کثیرہ مسائل اسلامیہ کا دروازہ بند کردینا ہے اور کلام الٰہی میں جس کی نسبت و لقد وصلنا لہم القول لعلہم یتذکرون وارد ہے اصلاح لگانا ہے۔ **قولہ** قول باری تعالیٰ فقالوا ارنا اللہ جہرۃ میں بھی ابن عباس سے تقدیم و تاخیر مروی ہے۔آہ **اقول** اول تو ہمارا یہی مطلب ہے کہ اس قول ابن عباس کی اسناد ایسی بیان فرمائی جاوے جیسا کہ اسناد اُس قول ابن عباس کی ہے جو صحیح بخاری میں مذکور ہے ثانیاً گذارش ہے کہ اس آیت میں کوئی عقلی مقتضی بھی موجود نہیں جو تقدیم و تاخیر کا باعث ہو کیونکہ جہرۃ از روئے لغت کے کچھ مخصوص قول ہی کے ساتھ نہیں ہے جو فقالوا جہرۃ ارنا اللہ کا قول کیا جاوے کیونکہ لفظ جہر کا از روئے لغت کے جو چیز کہ ظاہر اور عیاں ہو خواہ قول ہو یا غیر قول مستعمل ہوتا ہے دیکھو قاموس وغیرہ کتب لغت کو بلکہ آیت مذکورہ میں تقدیم و تاخیر کے ماننے سے ایک خوبی فوت ہوتی ہے اور تکرار بے سود لازم آتا ہے کیونکہ استعمال قول کا اکثر اور متبادر کلام جہری کے لئے بکا زبان عرب میں مستعمل ہے پس جب کہ معنی جہر کے قول میں متبادر ہوئے تو جہرۃ کے قول سے متعلق کرنے میں ایک قسم کا تکرار بے سود لازم آیا اور اللہ تعالیٰ کی رویت دو طرح پر ہے ایک بصیرۃ قلب سے جو بذریعہ انبیاء علیہم السلام کے اُس کی ہستی کی رویت حاصل ہوا ہی جاتی ہے وہ رویت تو بعض قوم موسیٰ کو بذریعہ حضرت موسیٰ کے حاصل ہی تھی جیسا کہ حضرت اقدس فرماتے ہیں شعر

قدرت سے اپنی ذات کا دیتا ہے حق ثبوت اُس بے نشاں کی چہرہ نمائی یہی تو ہے

جس بات کو کہی کہ کروں گا میں یہ ضرور　　ٹلتی نہیں وہ بات خدائی یہی تو ہے

اور دوسری رویت اللہ تعالیٰ کی عیاناً ہے جس کو یہ آنکھیں نہیں دیکھ سکتیں اور اُسی رویت عیاناً کا قوم موسیٰ نے سوال کیا تھا جس کی وجہ سے وہ گستاخ قرار دی گئی اور گستاخی کی سزا اُن کو ملی جو کچھ ملی پس ثابت ہوا کہ جھرۃً متعلق رویت کے ہی ہے یعنی اَرِنا اللہ رویۃ جھرۃ یعنی عیاناً دیکھو کتب لغات کو پس اس آیت میں تقدیم و تاخیر کے ماننے سے جو امر مطلوب البیان ہے وہ فوت ہوا جاتا ہے اور خلاف بلاغت لازم آتا ہے۔

قولہ اور ابن حاتم نے قتادہ سے قولہ تعالیٰ فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَ لَا اَوْلَادُهُمْ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا میں تقدیم و تاخیر روایت کی ہے الخ۔

اقول اول مطالبہ تو وہی ہے کہ اس قول کی سند کسی صحابہ تک ویسی ہی ثابت کی جاوے جیسا کہ سند قول ابن عباس مندرجہ صحیح بخاری کے ہم نے ثابت کی ہے ثانیاً یہ عرض ہے کہ اس آیت میں بھی کوئی تقدیم و تاخیر نہیں ہے کیونکہ اگر فی الحیوۃ الدنیا کو اموال و اولاد یا فلا تعجب کا ظرف قرار دیا جاوے تو کوئی لطف اور فائدہ بلاغت کا حاصل نہیں ہوتا بلکہ ایک زائد اور لغو کلام ہوا جاتا ہے جیسا کہ کہا گیا ہے۔

شعر

چشمان تو زیر ابرو انند　　دندان تو جملہ در دہانند

بہ خلاف اس کے کہ فی الحیوۃ الدنیا کو جیسا کہ نظم کلام الٰہی میں مذکور ہے ویسی ہی ظرف لیعذبہم کا ہی مانا جاوے تو ایک جدید معنی لطیف حاصل ہوتے ہیں اور نیز یہی فلا تعجب کے لئے ایک علت لطیف پیدا ہوتی ہے حاصل مطلب آیت کا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اُن کے اموال و اولاد تجھکو عجب میں نہ ڈالیں اور خوش نہ لگیں جو بظاہر نعمتیں معلوم ہوتی ہیں اور نعمتوں کی وہ قابلیت نہیں

رکھتے کیونکہ فی الحقیقت وہ اُن کے حق میں نعمتیں نہیں ہیں بلکہ اُن کے لئے وہ تمام اموال و اولاد حیات دنیا ہی میں موجب عذاب اور سبب نقمت الٰہی کے ہیں وجہ یہ کہ اُن کے تمام اموال تو اہل اسلام کے ہاتھوں سے غارت کئے جاویں گے اور اولاد اُن کی قید یا قتل کی جاوے گی جس کی وجہ سے اُن پر نہایت درجہ کا عذاب دنیا ہی میں واصل ہوگا۔ آگے رہا آخرت کا عذاب سو وہ تو ٹل ہی نہیں سکتا کیونکہ حال اُن کا یہ ہے کہ وہ تو مصداق ہیں وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ کے بس اس صورت میں نظم و ترتیب موجودہ کی رو سے ایک لطیف پیشین گوئی بھی حاصل ہوئی جو پورے طور پر واقع بھی ہوئی ہے لیکن درصورت قول تقدیم و تاخیر کے کلام الٰہی بالکل فصاحت اور بلاغت سے گرا جاتا ہے اور جو ایک پیشین گوئی لطیف کی طرف نظم موجودہ سے اشارہ حاصل ہوتا تھا وہ بھی فوت ہوا جاتا ہے و لنعم ما قیل شعر

آنکس ہست اہل بشارت کہ اشارت داند   نکتہا ہست بسے محرم اسرار کجا ست

قولہ اور مجاہد سے قولہ تعالیٰ انزل علیٰ عبدہ الکتٰب وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا قَيِّمًا میں الآیہ

اقول اول مطالبہ تو وہی ہے جو مذکور ہو چکا ثانیاً گذارش ہے کہ اس آیت میں بھی جو ترتیب نظم موجود ہے وہ مثل سلک جواہر کے مرتب اور منتظم ہے اور کوئی ضرورت نہیں جس کی وجہ سے آیت میں تقدیم و تاخیر مانی جاوے وجہ یہ ہے کہ جب کہ فرمایا گیا کہ اللہ تعالیٰ کی پاک ذات وہ ہے کہ اپنے بندہ پر بصفت انزال کتاب (جو جامع ہے تمام تجلیات شہودی کو) متجلی ہوا تو مخاطب کا ذہن بادی النظر میں علی الفور اس تجلی کی طرف گیا کہ شاید منزل علیہ الکلام میں صفت الوہیت آگئی ہو کما قیل۔

گرچہ قرآن از لب پیغمبر است   ہر کہ گوید حق نگفت او کافر است

لہذا ضرور ہوا کہ بفور ارشاد فرمایا جاوے کہ لم یجعل لہ عوجا کیونکہ جس

طرح پر وہ شبہ فوری پیدا ہوا تھا دفع بھی اُس کا فوری ہی کرنا چاہئے تھا تو بعد انزل علی عبدہ الکتاب کے حسب فوائد بلاغت کے لم یجعل لہ عوجا کا مقدم کرنا ضرور ہے اور چونکہ درجہ ترقی کا طبعاً بعد ہی کو ہوا کرتا ہے تو لم یجعل لہ عوجا کے بعد ترقی کی گئی کہ صرف یہی بات نہیں ہے کہ اس کتاب میں کسی طرح کی کجی نہ ہو بلکہ وہ ایسی کتاب ہے کہ تمام کجیوں کی دور کرنے والی ہے یعنی قیم اور مصلح ہے پس یہ مطلب ضروری البیان بجز اس عبارت کی اختصار کے ساتھ کسی اور عبارت سے ہرگز ادا ہو ہی نہیں سکتا اور قیما کو مقدم کرنے سے یہ مطلب فوت ہوتا ہے غرضکہ جو نظم اور ترتیب کلمات الٰہی میں موجود ہے اُس کی تقدیم و تاخیر کرنے سے اعجاز فصاحت و بلاغت قائم نہیں رہتا۔

قولہ اور قتادہ سے قولہ سبحانہ اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ اِلَیَّ میں انی رافعك الي و متوفيك مروی ہے

اقول ان کلمات میں تقدیم و تاخیر ماننے سے جو مفاسد بے انتہا لازم آتے ہیں اُن کا بیان اوپر گذر چکا اور واضح ہو کہ جو اقوال مفسرین کے نصوص کتاب یا احادیث صحیحہ کے مخالف ہیں اور اُن کی مخالفت ہم اس رسالہ میں بھی اور نیز دیگر رسائل میں بوضاحت تمام بیان کر چکے ہیں وہ اقوال ہم پر حجت نہیں ہو سکتے اور یہی تو اتخاذ ارباب ہی جو اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ میں مذکور ہے۔

قولہ اور عکرمہ سے قول باری عز اسمہ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ میں۔آہ

اقول اس آیت میں بھی تقدیم و تاخیر نظم کلمات کتاب الٰہیہ میں ہرگز نہیں ہو سکتی اور جو کلمات جس ترتیب سے کہ منظوم ہوئے ہیں وہی مقتضائے اعجاز بلاغت کا ہے مطلب آیت

کا یہ ہے کہ جو لوگ اللہ کی صراط مستقیم سے گمراہ ہو جاتے ہیں اور صراط مستقیم کو چھوڑ دیتے ہیں ان کو عام طور پر عذاب ہوتا ہے یعنی دنیا میں بھی بسبب و توزع کثرت آفات کے بوجہ ضلالت کے سبیل اللہ سے عذاب واقع ہوتا ہے اور آخرت میں بھی کیونکہ حذف ظروف وغیرہا کا یہ موجب اصول علم بلاغت کے عموم پر دلالت کرتا ہے اور اس آیت میں علت عذاب ضلالت عن سبیل اللہ ہے اور جو عموم ہم نے بیان کیا وہ تب ہی حاصل ہوتا ہے جب کہ عذاب شدید کا ظرف محذوف مانا جاوے و الا فلا اور اگر یوم الحساب کو مفعول نسوا کا قرار نہ دیا جاوے اور نسوا سے مقدم کیا جاوے تو عام نسیان موجب عذاب ہوا جاتا ہے حالانکہ بعض نسیان معاف بھی ہیں پس در صورت تقدیم و تاخیر کے جو مراد الٰہی ہے اُس کا عکس ہوا جاتا ہے یعنی عذاب شدید کا عام نہ ہوتا دنیا و آخرت میں حالانکہ جو لوگ سبیل اللہ سے گمراہ ہوتے ہیں اور سبیل اللہ کو چھوڑ دیتے ہیں وہ دنیوی عذاب میں بھی مبتلا ہوتے ہیں سارقین زانین اور ظالمین وغیرہم کا انجام دنیا ہی میں ملاحظہ کرو اور عام نسیان کا علت ہونا عذاب شدید کے لئے (در صورت تقدیم و تاخیر کے ماننا پڑے گا) حالانکہ بعض نسیان معاف بھی ہیں اور علت عذاب کا تکرار بھی لازم آتا ہے یعنی ایک علت تو ضلالت عن سبیل اللہ تھی ہی اور وہ کافی تھی اور دوسری علت عام نسیان جو فی الحقیقت اُس کی علت ہونے کے لئے یہی نقص کافی ہے کہ ہر ایک نسیان موجب عذاب شدید نہیں ہوتا بلکہ بعض نسیان معاف بھی ہیں پس اس آیت میں بھی تقدیم و تاخیر کا قول درست اور صحیح نہیں ہو سکتا۔

قولہ اگر زیادہ مرویات صحابہ کرام و تابعین وغیرہ در بارہ تقدیم و تاخیر دیکھنی منظور ہوں تو بالتفصیل تفسیر اتقان

ہے ملاحظہ فرما دیں۔

اقول جب تک کہ کوئی تقدیم و تاخیر خود کتاب اللہ سے یا حدیث صحیح مرفوع سے آپ ثابت نہ کریں تب تک کلام الٰہی میں جو مثل سلک جواہر کے منظم اور مسلسل ہے کوئی تقدیم و تاخیر کلمات کی مسلم نہیں ہو سکتی خصوصا جب کہ وہ تقدیم و تاخیر کسی غیر معصوم کا خیال ہو اور اُس خیال کے بہ موجب آپ نظم کلام الٰہی میں تقدیم و تاخیر کرنے لگیں تو ایسی تقدیم و تاخیر ہرگز مسلم نہ ہوگی جب تک کہ نصوص قطعیہ سے ثابت نہ ہو۔

قولہ و نیز فاطر السموات و الارض بدیع السموات و الارض۔ آہ۔

اقول اس آیت میں بھی قول تقدیم و تاخیر محض بیجا ہے کیونکہ اس میں شک نہیں کہ باعتبار بسط اور دحو کے ارض سماوات سے مؤخر ہے کما قال اللہ تعالٰی و الارض بعد ذلک دحٰھا پس اس اعتبار سے سماوات ارض سے یہاں پر مقدم ہیں علاوہ بریں جس قدر اسباب فیض ہیں اُن کا نزول اولاً سماوات سے ہی ہوتا ہے تو سماوات بمنزلہ مفیض اور فاعل کے ہیں اور ارض اُن فیوض سماوی سے مستفیض اور قابل ہے بس اس لحاظ سے بھی سماوات کو تقدیم ہے اور ارض کو تاخیر پس کیا ضرورت ہے کہ ان آیات میں تقدیم اور تاخیر کے قائل ہوں ہاں بعض اعتبارات سے زمین کو بھی تقدم ہے اور سما کو تاخر جیسا کہ بعض مقاموں پر نظم قرآنی میں ارض کو مقدم کیا گیا ہے اور سما کو مؤخر ولنعم ما قیل ع ہر سخن وقتے و ہر نکتہ مقامے دارد ؏ و لولا الاعتبارات لبطلت الحکمۃ اور آیت اَلَّذِیْ خَلَقَکُمْ وَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکُمْ میں جو مؤلف تقدیم و تاخیر قرار دیتا ہے وہ درایت کے بالکل خلاف ہے کیونکہ مقصود بالذات

اس آیت میں طلب عبادت ہے جس کو مخاطبین فراموش کر بیٹھے ہیں کما قال اللہ تعالیٰ یا ایہا الناس اعبدوا ربکم اور اسی واسطے لفظ ناس کا اختیار کیا گیا جو نسیان پر دلالت کرتا ہے یعنی ہم تعالیٰ کی نعمتوں کو نسیا منسیا کر کر اُس کی عبادت کو بھول گئے ہیں اب اُن نعمتوں کو یاد دلایا جاتا ہے جو خاص مخاطبین پر کی گئی ہیں اور سب سے بڑی نعمت اُن کا وجود ہے جو الذی خلقکم میں مذکور فرمایا گیا ہے پس اولاً اُس نعمت کا ذکر مقدم کرنا ضروری تھا جو خاص اُن پر کی گئی ہے تاکہ اس نعمت کے یاد کرنے سے جو خاص اُن پر کی گئی ہے وہ متاثر ہوں بعد اُس کے فرمایا گیا کہ تمھارے وجود کا جو موقوف علیہ تھا اُس کو بھی ہم نے ہی پیدا کیا ہے کما قال والذین من قبلکم پس اس آیت میں تقدیم و تاخیر کہاں ہے جو امر کہ جس ترتیب طبعی سے ضروری البیان تھا اُس کو بہ مقتضائے بلاغت بلا تقدیم و تاخیر اُسی طرح پر بیان کیا گیا۔

قولہ تعالیٰ کذٰلک یوحی الیک و الی الذین من قبلک۔ انا اوحینا الیک کما اوحینا الی نوح و النبیین من بعدہ آہ میں معطوف باعتبار تحقق خارجی کے معطوف علیہ سے مقدم ہے۔ آہ۔

اقول یہاں پر گفتگو تحقق خارجی میں نہیں ہے کہ جو امر خارج میں مقدم التحقق ہو اُس کو بیان میں مقدم کرنا ضروری ہو و الا فلا بلکہ گفتگو صرف یہ ہے کہ جس امر کی تقدیم بہ موجب قواعد و اصول علم بلاغت کے تقدیم کے لائق ہے وہ مقدم ہو اور جو امر تاخیر کے سزاوار ہو وہ مؤخر ہو اور نیز کسی امر کی تقدیم و تاخیر مخالف نصوص کتاب و سنت کے بھی واقع نہ ہو سو ایسی تقدیم و تاخیر کتاب اللہ میں ہرگز نہیں پائی جاتی اور ان آیات میں تو باعتبار تحقق کے بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مقدم ہیں کیا مؤلف صاحب خاتم النبیین

صلی اللہ علیہ وسلم کو جملہ انبیاؤں سے نبوت میں سابق بلکہ تمام
کمالات میں اول اور افضل نہیں جانتے تو وہ مطالعہ کرے باب
فضائل سید المرسلین صلے اللہ علیہ وسلم کو عن ابی ہریرۃ قال
قالوا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم متی وجبت لک النبوۃ
قال و ادم بین الروح و الجسد رواہ الترمذی وعن
العرباض بن ساریۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
قال انی عند اللہ مکتوب خاتم النبیین و ان ادم لمنجدل
فی طینتہ رواہ فی شرح السنۃ ان حدیثوں سے ثابت ہے کہ
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوۃ بلکہ ختم نبوۃ قبل پیدایش آدم
کے متحقق تھی پس نظم قرآن مجید میں وہ کیونکر مقدم نہ ہوتی اور آیت
انا اوحینا الیک آہ میں جو ترتیب نظم قرآنی میں مذکور ہے وہ
بھی اسی طرح پر وضع ہونی چاہیئے جس طرح پر کہ ہے کیونکہ مخاطبین
پر اس امر کی حجت قائم کرنی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وہی
نبی ہیں جنکی بشارت کو ہم انبیاء سابقین پر وحی کرچکے ہیں اور وحی
الٰہی جو کلام اللہ ہے وہی کلام الٰہی ہے جس کے نزول کی نسبت
پہلے انبیاء پیشین گوئی فرما چکے ہیں پس جب کہ تم انبیاء سابقین
پر اور نیز انکی کتابوں پر ایمان لائے ہو اور پھر آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم اور کتاب اللہ کو ویسا ہی پاتے ہو جیسا کہ پچھلی کتابوں
میں لکھا ہوا ہے تو بس ضرور ہوا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور
کتاب اللہ پر بھی ایمان لاؤ کیونکہ اِنَّا اَوْحَیْنَا اِلَیْکَ کَمَا اَوْحَیْنَا
اِلٰی نُوْحٍ وَّ النَّبِیّٖنَ مِنْ بَعْدِہٖ گویا یہ ایک علت آنحضرت صلی
اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے کے لئے بیان فرمائی گئی اور ہر جگہ پر
تقدم اور تاخر کو بحسب تحقق کے ضروری ہونا کون کہتا ہے ہاں
البتہ علم بلاغت کی رو سے اس ترتیب نظم کا مقدم ہونا جو مقتضائے
حال کے موافق ہو ضروری ہی جیسا کہ یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ میں ترتیب

موجودہ کا قائم رہنا ضروری ہے ورنہ طرح طرح کے مفاسد لازم آتے ہیں کما مر اور اس آیت میں آگے یوں ارشاد ہے وَ اَوْحَيْنَاۤ اِلٰۤى اِبْرٰهِيْمَ وَ اِسْمٰعِيْلَ وَ اِسْحٰقَ وَ يَعْقُوْبَ وَ الْاَسْبَاطِ وَ عِيْسٰى وَ اَيُّوْبَ وَ يُوْنُسَ وَ هٰرُوْنَ وَ سُلَيْمٰنَ وَ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا اس آیت میں جو باعتبار تحقق خارجی کے بعض انبیاء کا تقدم اور تاخر بظاہر معلوم ہوتا ہے وہ باعتبار وضع کے اسی ترتیب سے ہونا چاہئے تھا جس طرح پر کہ مثل سلک جواہر منظم کے بیان فرمایا گیا ہے کیونکہ اول آیت میں حضرت نوح کے بعد لفظ النّبین جمع کا صیغہ فرمایا گیا ہے اور اس جمع کی تفصیل بطور مثال کے بیان فرمانی منظور تھی اس کو یوں ارشاد فرمایا وَ اَوْحَيْنَاۤ اِلٰۤى اِبْرٰهِيْمَ وَ اِسْمٰعِيْلَ وَ اِسْحٰقَ وَ يَعْقُوْبَ وَ الْاَسْبَاطِ وَ عِيْسٰى خاتم الانبیاء بنی اسرائیل یعنی حضرت عیسی تک بیان فرمایا مگر چونکہ اس نجم آیت میں لفظ اسباط بھی صیغہ جمع کا آگیا ہے اور اس کو کسی قدر مفصل کرنا تھا تو اس کو تمثیلا یوں بیان فرمایا کہ وَ اَيُّوْبَ وَ يُوْنُسَ وَ هٰرُوْنَ وَ سُلَيْمٰنَ اور چونکہ حضرت داوٗد منجملہ اسباط کے مہتم بالشان نبی تھے کہ جن کو علاوہ وحی کے ایک کتاب زبور بھی منتقل اوپر امور حکمیہ و فصل الخطاب کے عطا کی گئی تھی لہذا ان کو اسباط سے بسبب مہتم بالشان ہونے کے منفصل کرکر ارشاد فرمایا کہ و اٰتینا داوٗد زبورا اب فرمائیے کہ جس متکلم کو صیغہ النبین کی تفصیل کسی قدر منظور ہو اور پھر اسباط میں سے بعد بیان کرنے نے خاتم الانبیاء بنی اسرائیل یعنی حضرت عیسی کے کسی قدر اسباط کی تفصیل بھی اور عظمت شان حضرت داوٗد خلیفۃ اللہ کی بیان کرنا مدنظر ہو تو اس کے بیان کا اسلوب سوار اس طرز بیان کے اور کون سا اسلوب بدیع یا بلیغ ہو سکتا ہے مؤلف صاحب ہی بیان کریں -

قولہ الغرض آپ کو قول ابن عباس کا الی قولہ اُلٹا بہتان صحابی پر باندھا۔

اقول مؤلف کو صفحہ ۳۰۵ سطر ۲ میں اقرار ہے کہ فی الواقع یوں ہے کہ توفی اور استیفا میں بجز پورا لینے کے اور کچھ ماخوذ نہیں الی آخرہ اور مؤلف نے اس تحریر میں پورا لینے کو درصورت متعلق ہونے کے روح کے ساتھ دو فردوں میں منحصر کیا ہے ایک نوم دوسرے موت پھر فلما توفیتنی کے تیسرے معنے رفعتنی کہاں سے پیدا ہو گئے اُن کو ثابت کیا جاوے کیونکہ کسی محاورہ قرآنی غیر قرآنی میں جسم مع الروح کا قبض ہرگز ہرگز ثابت نہیں ہوتا اور در منثور سے جو عبارت ابو الشیخ کی نقل کی ہے اُس میں کہیں مذکور نہیں کہ توفی کے معنے رفع کے ہیں صرف اپنے خیال غلط پر تفریع کر لیا کہ توفی کے معنے رفع کے ہیں یہ تو بنارِ فاسد علی الفاسد ہوئے ایسے قیاسات سے کہیں لغوی معنی ثابت ہو سکتے ہیں اور تفسیر عباسی کا حال معلوم ہو چکا کہ اُس کی روایات کذابین سے مروی ہیں اور ہمارا مطالبہ تو تفسیر عباسی سے بھی ہے کہ معنے توفی کے رفع کے زبان عرب میں کس جگہ پر آئے ہیں اُس کی نظیر قرآن مجید احادیث صحاح کتب لغات وغیرہ سے ثابت کیا جاوے اور ایسی خیالی باتوں سے کہیں معنے لغوی کا ثبوت ہو سکتا ہے کلا و حاشا و الانتقال من شاء ملی شاء اور امام بخاری نے آیت متوفیک کے معنی ممیتک تفسیر فلما توفیتنی کے ذیل میں لکھی ہیں حالانکہ کجا سورہ ال عمران جس میں متوفیک ہے اور کجا سورہ مائدہ جس میں فلما توفیتنی ہے چنانچہ اسی ضمن میں امام بخاری صاحب وہ حدیث بھی لائے ہیں جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بلا تغییر عبارت کے اُسی توفی کو جو حضرت عیسی پر وارد ہوئی اپنے

اوپر وارد کر کر فرمایا کہ اقول کما قال العبد الصالح کُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّادُمْتُ فِيْهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ العجب وما ادریك ما العجب کہ حضرت عیسیٰ کی توفی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی توفی میں بھی زمین اور آسمان کا فرق نکلا حضرت عیسیٰ کی توفی کی تو وہ شان کہ معہ جسم خاکی کے چوتھے آسمان پر چڑھائے جاویں اور آنحضرت خاتم النبیین سید المرسلین کی توفی کی وہ حالت کہ ایک گز ڈیڑھ گز زمین کے نیچے دفن کیے جاویں ہاں مجھے خوب یاد آیا یہ فرق کیونکر نہوتا کہاں حضرت عیسیٰ خدا کے اکلوتے بیٹے اور کہاں محمد رسول اللہ عبدہ ورسولہ ای مؤلف صاحب آپ کو امام بخاری کے اجتہادات کی بھی خبر نہیں کہ نہایت دقیق در دقیق اجتہاد سے وہ اپنا مذہب اور مسلک لکھ جاتے ہیں اور یہاں پر تو بڑے بڑے قوی قرائن موجود ہیں اس بات پر کہ اُن کا مذہب توفی کے بارہ میں یہی تھا کہ معنی اُس کے موت کے ہیں پس جب کہ ثابت ہوا کہ معنی توفی کے رفع کے ہرگز ہرگز ثابت نہیں ہو سکتے اور نوم کے معنے یہاں پر مؤلف صاحب نے خود نہیں لیئے تو بحکم المرء یوخذ باقرارہ موت کے معنے ہی متعین رہے اور یہی مسلک ابن عباس کا ثابت رہا تو اب اگر آپ کو ابن عباس کا مسلک لینا ضروری ہے تو قبول فرماویں یہ تو نہ ہو کہ تارک صلوۃ نے تمسک آیت ولا تقربوا الصلوۃ سے پکڑا دوسرے نے کہا میاں ابھی مضمون پورا نہیں ہوا و انتم سکاری کو بھی ساتھ ملاحظہ کرو جس کا مضمون یہ ٹھیرا کہ حالت نشہ میں نماز مت پڑھو تو متمسک نے کہا کہ ساری قرآن پر تمھارا باپ عمل کرتا ہوگا ہم سے اگر ایک آیت پر بھی عمل ہو تو بڑی بات ہے قول ابن عباس کا اگر قابل احتجاج ہے تو صحیح بخاری کو ملاحظہ فرماویں پھر دیکھیئے وفات عیسیٰ کی کس طرح کھلی کھلے

طور پر بشارت تفسیر ابن عباس ثابت ہوتی ہے اب ناظرین بالانصاف سمجھ چکے ہوں گے کہ تفسیر ابن عباس کا پیرو اور متبع کون ہے اور یہ بھی ظاہر ہو گیا ہوگا کہ مؤلف نے اتباع ابن عباس کا تو بجائے خود چھوڑا اور بذریعہ روایت کذابین کے اُلٹا بہتان صحابی پر باندھا جیسا کہ امام بخاری کے اوپر کہ وہ بھی حدیث نزول ابن مریم میں اصیل ابن مریم مراد لیتے ہیں بلکہ سب آئمہ سلف کا یہی اعتقاد تھا یعنی حیات مسیح بن مریم حاشا و کلا بلکہ **جملہ صحابہ** کرام کا **انفاق و اجماع** سکوتی ہی سہی **عیسیٰ** بن مریم کی **وفات** پر معلوم ہوتا ہے کیونکہ قول ابن عباس جو متوفیک ممیتک ہے اس قول کا انکار کسی صحابی سے منقول نہیں ہے اور جب کہ بعد وفات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضرت ابوبکر صدیق نے بمقابل حضرت عمر کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی موت پر آیت قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ سے استدلال کیا تو حضرت عمر اور جو اُن کے ہم زبان ہو گئے تھے انھوں نے اس قول سے رجوع کیا اور اُن کے اس قول میں یہ بھی مذکور ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا رفع ہوا ہے جیسا کہ حضرت عیسیٰ کا رفع ہوا تھا دیکھو ملل ونحل شہرستانی کو فوجم القوم الی قولہ اور نیز کتب احادیث میں بلکہ صحیح بخاری میں بھی یہ قصہ مفصل لکھا ہوا ہے دیکھو ہماری مسک العارف و القسطاس المستقیم لتمیز القول الصحیح من السقیم کو میں کہتا ہوں امام بخاری تو احادیث نزول کے تراجم میں آیات سورہ مریم اور آل عمران کو لاکر بعد ازاں بیان احادیث فرماتے ہیں اب ہر ایک منصف سمجھ سکتا ہے کہ جب امام بخاری کے نزدیک عیسیٰ بن مریم قطعی طور پر وفات پا چکے تو اگر آیات قرآنی میں ذکر نزول مسیح ابن مریم کا ہے جو نبی وقت تھے تو ان احادیث میں ان کا ذکر بطور مسئلہ بروز کے ہوگا کیونکہ موتی کی رجعت تو باطل ہے

کما قال تعالےٰ قَدْ سَبَقَ الْقَوْلُ مِنِّی اَنَّہُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ

قولہ حاشیہ صفحہ دوسری وجہ بہتان کی امام بخاری پر آہ

اقول جامع صحیح بخاری سے ثابت ہو چکا کہ مذہب امام بخاری کا حضرت عیسیٰ کے بارہ میں وفات کا تھا کیونکہ انھوں نے آیت یَا عِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ سورہ آل عمران کو آیت فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ سورہ مائدہ کے ساتھ ایک ہی جگہ جمع کر کر متوفیک کے معنے ممیتک لکھے اور حدیث کما قال العبد الصالح آہ بھی اُسی جگہ پر ذکر فرمائی جس سے ثابت ہوتا ہے کہ توفی حضرت عیسیٰ کی اور توفی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی ایک سی ہے اور چونکہ لفظ توفی موت کے معنوں میں محکمات سے ہے اور آپ کی تقریر مندرجہ صفحہ سے بھی توفی کے معنے موت اور قبض روح میں محکم ہونا معلوم ہوتا ہے پس بالضرور مذہب امام بخاری کا وہی ہے جو ہم کہتے ہیں ہاں آپ کا امام بخاری پر یہ بہتان ہے کہ امام بخاری کا مذہب حیات عیسیٰ تھا۔ اور تاریخ بخاری کی اس عبارت سے (کہ یدفن عیسی بن مریم مع رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم) امام بخاری کے نزدیک حیات مسیح آپ ثابت کرتے ہیں اُس سے حیات مسیح کا ثبوت ہرگز نہیں ہو سکتا اور نہ یہ ثابت ہو سکتا ہے کہ مذہب امام بخاری کا عیسیٰ بن مریم کی حیات کا تھا اول تو آپ نسخہ تاریخ بخاری کا مصححہ آئمہ حدیث پیش کیجئے بعد اُس کے یہ گذارش ہے کہ جملہ (یدفن عیسی بن مریم مع رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم) ذو الوجوہ ہے مراد اُس سے معیت برزخی بھی ہو سکتی ہے کما مر اور نیز معارض ہے دوسری حدیث کے جس میں ا د [illegible] ذ [illegible] مذکور ہے تو کیا آپ کے نزدیک روضہ منورہ آنحضرت [illegible] حضرت عیسیٰ کا موضع فراش ہوگا اور [illegible] کریئے ان سب مراحل کے یہ پیشین گوئی تو بعد وفات مسیح موعود [illegible] [illegible] اس سے [illegible]

روایات ضعیفہ کا پیش کرنا قبل از مرگ واویلا کا مصداق ہے وبس
قولہ حاشیہ صنہ تیسری وجہ بہتان کی۔
اقول ۔ امام بخاری کی اکثر عادت یہی ہے کہ اپنے
مذہب کو استعارہ و اشارہ کے طور پر بیان فرمایا کرتے ہیں اور
یہاں پر تو **متوفیک** کے معنے **ممیتک** لکھدے اور ساتھ
ہی اوس کے **توفیتنی** کے ذیل میں لکھے اور پھر علاوہ اُس
پر **حدیث** اقول کما قال العبد الصالح بھی وہیں مذکور فرمائی
اس سے بڑھ کر اور کیا وضاحت ہوگی مجھے بڑا تعجب ہے کہ اگر
آپ نے صحیح بخاری پڑھی ہے تو پھر اس کہنے کے کیا معنے ہوے
کہ استعارہ کے طور پر بیان نہ کرنا بلکہ تصریح بمذہب خود ضروری
تھی اور اگر نہیں پڑھی تو البتہ آپ معذور ہیں مگر پھر ایسی بحث
معرکۃ العلما میں آپ کو داخل ہونا نہیں چاہئے تھا۔ میں نہایت
متعجب ہوں الی آخر ما قال ایسی خانہ زاد اصول کے ایسے ہی
نتائج ہوتے ہیں

اقول اس قول میں مؤلف صاحب کے
اقرارات سے ہے کہ جملہ یکسر الصلیب اور یقتل الخنزیر میں تعذر
حقیقت دلیل ہے ارادہ مجاز کی انتہی بلفظہ اس ایک اقرار سے
بحکم المرء یوخذ باقرارہ کے تمام کتاب مؤلف کی رد ہوئی جاتی ہے
کیونکہ یکسر الصلیب اور یقتل الخنزیر میں جو مؤلف کے نزدیک معنی
حقیقی مراد نہیں بلکہ معنی مجازی بوجہ تعذر حقیقت مراد ہیں حالانکہ ان
جملوں میں معنی حقیقی کے لئے جانے سے کوئی بڑا فساد بھی لازم نہیں
اور کوئی ایسا بڑا تعذر نہیں کیونکہ شریعت اسلام میں صلیب کا توڑ ڈالنا
یا خنزیر کا قتل کرنا کچھ ممتنع نہیں ہے لیکن چونکہ ان معنوں حقیقی
میں کوئی لطف پیدا نہیں ہوتا صرف اسی وجہ سے مؤلف صاحب
مقر ہیں کہ یہاں پر معنے حقیقی متعذر ہیں اور معنی مجازی مراد ہیں

لیکن عیسی بن مریم کے حقیقی معنی مراد لینے سے اس قدر مفاسد شرعیہ لازم آتے ہیں کہ اُن کا شمار بھی اس تحریر مختصر میں گنجایش نہیں رکھتا۔ مثلاً حضرت عیسی کا رفع جسمانی جو آیت حَتّٰی تَرْقٰی فِی السَّمَآءِ آه کے مخالف ہے۔ حضرت عیسیٰؑ کا آسمان پر کئی ہزار برس تک رہنا جو آیۃ فِیْهَا تَحْیَوْنَ وَ فِیْهَا تَمُوْتُوْنَ کے خلاف ہے۔ حضرت عیسی کے جسم میں کسی طرح کا تغیر شیبی وغیرہ نہ ہونا جو آیت وَ مَنْ نُعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِی الْخَلْقِ کے مضاد ہے۔ حضرت عیسیٰ کو بھوک پیاس کا نہ لگنا جو آیت وَ مَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا یَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ کے معارض ہے اور نیز كَانَا یَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ کے مناقض ہے۔ حضرت عیسی کا نزول جسمانی آسمان سے جو آیۃ حَتّٰی تُنَزِّلَ عَلَیْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ اور یَسْـَٔلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ عَلَیْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ فَقَدْ سَاَلُوْا مُوْسٰۤى اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ کے خلاف ہے وغیر ذلک من المفاسد الکثیرۃ یہ مفاسد تو بطور مثال کے مفاسد نقلیہ ہیں اور جو مفاسد عقلیہ اس مذہب پر لازم آتے ہیں وہ بھی کثرۃ سے ہیں پس جبکہ ابن مریم موعود مندرجہ احادیث سے عیسی بنی نبی اسرائیلی مراد لینے سے اس قدر مفاسد لازم آتے ہیں تو پھر مسیح ابن مریم کا نزول بروزی طور پر کیونکر نہ مانا جاوے جس کے نظائر کتب سابقہ میں بھی پائے جاتے ہیں اور کتاب و سنت میں بھی موجود ہیں اور علمار کبار محققین مسئلہ بروز کے قائل ہیں اور اُس کے ماننے میں کسی طرح کا تعذر اور فساد بھی لازم نہیں آتا بلکہ یہاں پر تو کل مفاسد جو مسئلہ بروز کے نہ ماننے سے لازم آتے ہیں دور ہو جاتے ہیں اور تمام تعارضات بھی رفع ہو جاتے ہیں پس جو روایت شب معراج کی لقیت لیلۃ اسری بی ابراھیم و موسی و عیسی آخر تک آپ نے لکھی اُس میں بھی بسبب انھیں تعذرات کے حضرت

عیسی کا دو بارہ آنا بروزی طور پر مراد ہے۔ آگے رہی **تفسیر ابن عباس** کی سو اُس کا حال آپ کو معلوم ہو چکا کہ اُس کی روایات مرویات **کذابین** کی ہیں اور جب کہ اکثر حصہ حدیث کا آپ کے نزدیک بھی ماول ہے تو پھر ایک لفظ ابن مریم کو ماول کرنے سے جس سے تمام مفاسد شرعیہ دور ہو جاتے ہیں کیا معذور شرعی لازم آتا ہے اور وہ مناسبت جس کی وجہ سے اس مجدد کا نام عیسی بن مریم رکھا گیا یہ ہے۔

شعر

چوں مرا نوری پئے قوم مسیحی دادہ اند مصلحت را ابن مریم نام من بنہادہ اند

ایضاً رباعی قال

کیا شک ہی ماننے میں تمھیں اُس مسیح کے جس کی مماثلت کو خدا نے بتا دیا

حاذق طبیب پاتے ہیں تم سے یہی خطاب خوبوں کو بھی تو تم نے مسیحا بنا دیا

پس عیسی بن مریم موعود مندرجہ احادیث سے مراد وہی مجدد ہے جس کو خود آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے تصریح کر کر فرما دیا کہ اِمَامُکُمْ مِّنْکُمْ و اَمَّکُمْ مِّنْکُمْ کیونکہ تعذر در حقیقت دلیل ہے ارادہ مجاز کی خصوصاً جب کہ خود آنحضرت خاتم النبیین صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے کلام میں تصریح اُس کی کردی ہو کہ اِمَامُکُمْ مِّنْکُمْ **قولہ** اور رابعاً تطبیق ہیں الایات میں الی قولہ ورنہ توفی سے معنی موت ہی کا لینے میں ایسے مستحکم نہ ہوتے۔

اقول* فی الواقع یوں ہے کہ توفی اور استیفا میں بجز پورا

جواب صفحہ ۵۲-۵۳ ۔ کہ توفی کے معنی پورا لینے ... مؤلف کا اقرار

---

* چونکہ مؤلف صاحب نے اپنے تمام قول مندرجہ صـ۵۲ کو بلکہ کل بحث مندرجہ رسالہ کو صـ۵۳ میں اپنے ہی قول سے رد کر دیا ہے لہذا ہم اُنھیں کے قول کو نقل کر دینا کافی سمجھتے ہیں زیادہ بیان کی کوئی ضرورت نہیں المرء یؤخذ باقرارہ ہاں جو کسی قدر مؤلف نے اس قول میں غلطی کی ہے ہم اُس پر ناظرین کو خطوط وحدانی میں ادنا عبارت سے متنبہ کر دیویں گے انشاء اللہ

لینے کے اور کچھ ماخوذ نہیں ۔ توفی نے جس کے ساتھ تعلق پکڑا ہی
دیکھا جائے گا وہ کیا چیز ہے روح ہوگی یا غیر روح اگر روح ہے
تو پکڑنا روح کا پھر منقسم ہے دو قسموں پر ایک تو اُس کا پکڑنا مع
الامساک ہے یعنی پکڑ لینے کے بعد نہ چھوڑنا **اس کا نام توموت**
ہے موت کے مفہوم میں دو امر توفی کے مفہوم سے علاوہ اعتبار کئے
گئے ایک روح دوسرا امساک دوسرا قسم توفی کا نیند ہے جس کے
مفہوم میں قید روح اور ارسال یعنی چھوڑ دینا ماخوذ ہے الحاصل موت
اور نیند دو نو فرد ہوے توفی کے تفسیر کبیر ابن کثیر شرح کرمانی صحیح
بخاری اور متعلق توفی کا اگر غیر روح ہو تو وہ بھی یا جسم مع الروح
ہوگا (یہ سر تاپا غلط ہے ورنہ کوئی نظیر اُس کی قرآن مجید احادیث
محاورات صحابہ کتب لغات سے بیان کی جاوے یہ مؤلف صاحب کا
دجل ہے جو حق کو باطل کے ساتھ ملتبس کیا گیا ہے) جیساکہ انی
متوفیک (اس کے معنے ممیتک ہیں خود مؤلف صاحب نے
تسلیم کر لئے ہیں ۔) یا اور چیز جیساکہ توفیت مالی قاموس بیان اس امر
کا جو مذکور ہو چکا ہے یعنی توفی کا معنی فقط کسی شئے کا پورا لینا ہے
عام اس سے کہ وہ شئے روح ہو یا غیر روح اور بر تقدیر روح ہونے
کے مقید بارسال ہو یا بامساک نص سے بھی ثابت ہے یعنی قرآن کریم
کی اُس آیت سے جس سے خداوند کریم کو اظہار تصرف اور قدرت
اپنی کا اسی پیرایہ میں منظور ہے کہ اللہ تعالےٰ ارواح کو بعد القبض
کبھی تو بند کر رکھتا ہے اور کبھی چھوڑ دیتا ہے اَللّٰہُ یَتَوَفَّی الْاَنْفُسَ
حِیْنَ مَوْتِہَا وَالَّتِیْ لَمْ تَمُتْ فِیْ مَنَامِہَا آہ اللہ تعالےٰ قبض فرماتا
ہے ارواح کو حالت موت اور نیند میں فقط اتنا ہی فرق ہے کہ موت
میں امساک اور نیند میں ارسال ماخوذ ہے اس آیۃ میں تو استعمال لفظ
توفی کا مشترک میں ظاہر ہے یعنی فقط قبض (معنی توفی کے قبض روح
ہی کے ہیں ہاں یہاں پر بطور قاعدہ تجرید کے جو اکثر محاورات میں پایا

پایا جاتا ہے النفس کا لفظ لایا گیا ہے) اور ارواح مدلول ہے لفظ نفس کا اور آیت و ھو الذی یتوفاکم باللیل آہ میں مستعمل ہے نیند میں جو فرد ہے مفہوم توفی کا یعنی قبض کا (بلکہ قبض روح کا ایک فرد ہے کیونکہ یہاں پر لفظ نفس موجود نہیں ہے اور مذہب مؤلف صاحب پر لازم آتا ہے کہ رات کو تمام نائمین مع جسم کے آسمان پر اٹھائے جاتے ہوں و ہو باطل۔) اور آیت وَ الَّذِیْنَ یتوفون مِنْکُمْ آہ و غیرہ آیات میں مدلول اس کا موت ہے جو منجملہ افراد اسی توفی کے ہے (اور ٭ مؤلف صاحب کے مذہب پر لازم آتا ہے کہ تمام موتیٰ آسمان پر اٹھا لئے جاتے ہوں کیونکہ لفظ نفس یہاں پر موجود نہیں) یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَ رَافِعُکَ اِلَیَّ میں اور ایسا ہی فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ میں بھی معنی موت کا مطابق نظائر قرآنیہ اور غیر قرآنیہ کے جیساکہ توفی اللہ زیدًا توفی اللہ عمروًا توفی اللہ بکرًا و غیرہ و غیرہ لیا جاتا (اس جگہ پر مؤلف نے اقرار کرلیا کہ آیت اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ اور فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ میں معنی موت ہی کے متعین ہیں)

قولہ الغرض بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَیْهِ کے رفع جسمی مسیح بن مریم پر شہادت نہ دینے جیساکہ لکھ چکا ہوں۔

اقول جو کچھ مؤلف نے اس آیت کے ذیل میں لکھا تھا وہ سب بادلہ قاطعہ مردود ہو چکا اور یہ امر ثابت ہو چکا کہ رَفَعَهُ اللّٰهُ اِلَیْهِ میں رفع جسمانی کا مراد ہونا بلحاظ سباق و سیاق آیت

٭ **تنبیہ** ہم ناظرین سے مکرر عرض کرتے ہیں کہ وقت ملاحظہ ہمارے رسالہ کے رسالہ مردودہ کو بھی مطالعہ کرتے جاویں تاکہ پورا لطف حاصل ہو ورنہ لطف پورا حاصل نہ ہوگا معارضہ میں ضروری ہے کہ مردود سامنے موجود ہو منہ

کے ہرگز ہرگز صحیح نہیں ہو سکتی اور نیز آیات وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ آہ اور وَ اِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ اور احادیث صحیحہ جو دال ہیں اُسی رفع روحانی پر استلزاماً نہ ہوتیں کیونکہ جب ایک شخص کا بخصوصہ نص سے حکم معلوم ہو جاوے تو عموم آیت و احادیث میں جو برخلاف اس حکم کے ہوں داخل نہیں ہوتا۔

قولہ اور نہ وہ لفظ جو مستعمل اس کے بارہ میں ہے محمول ہوتا ہے اپنے نظائر پر الی قولہ حسب محاورہ قرآن کریم ہوئے

اقول قیاس کرنا لفظ توفی کا جو محاورہ توفاہ اللہ میں مذکور ہے اوپر خلق اللہ زیداً کے محض قیاس مع الفارق ہے کیونکہ معنی لفظ خلق میں نہ من تراب داخل ہے اور نہ من ماء مہین بخلاف محاورہ توفی اللہ زیداً کے کہ اُس میں حسب اقرار مؤلف کے بھی روح کا قبض ہے نہ مطلق قبض پس خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ میں مقید کرنا خلقہ کا ساتھ مِنْ تُرَابٍ ضروری ہوا اور اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ کو مقید کرنا ساتھ قید من ماء مہین کے اور جب کہ آدم کی پیدائش کا حال نص قطعی سے معلوم ہو گیا ہے کہ وہ مٹی سے پیدا کیا گیا ہے اور بنی آدم کا حال نص قطعی عقلی و نقلی سے معلوم ہو گیا کہ ماء مہین سے پیدا کیے گئے ہیں تو پھر کوئی بے وقوف خلق اللہ آدم کو کیونکر تصور کرے گا کہ آدم ماء مہین سے پیدا کیا گیا ہے لیکن مانحن فیہ میں کہاں فرمایا گیا ہے کہ یا عیسی انی قابضک مع جسمک علی السماء بلکہ جس طرح پر تمام انسانوں کی نسبت لفظ توفی موت کے معنوں میں استعمال کیا گیا ہے اُسی طرح پر بعینہٖ بلا تغیر و تبدیل حضرت عیسی کی نسبت اطلاق کیا گیا ہے پھر عام انسانوں کی نسبت حتی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت تو لفظ توفی کا موت کے معنوں میں مستعمل ہو اور صرف حضرت عیسی کی نسبت معنی اس کے مع الجسم آسمان پر اٹھا لینے کے ہوں اس کے کیا معنی تلک اذاً قسمۃ

ضیزی اور پھر اندریں صورت لفظ رَافِعُکَ اِلَیَّ بالکل زائد اور لغو ہوا جاتا ہے اور نص بَل رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَیْهِ ہرگز ہرگز قرینہ صارفہ معنی موت سے نہیں ہو سکتے کیونکہ سباق اور سیاق آیۃ سے یقینا ثابت ہو چکا کہ مراد اُس سے رفع روحانی ہے کما مر بیانہ مفصلا۔ اب ہر ایک صاحب فہم اور منصف پر ظاہر ہو گیا ہو گا کہ یٰعِیْسٰۤی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَ رَافِعُكَ اِلَیَّ اور ایسا ہی فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ میں توفی سے معنی موت کا لے کر تقدیم و تاخیر مانحر اصلاح کلام الٰہی کی کرنا اور معنی موت کے ارادہ پر شہادت نظائر تعدادی ۲۳ مثل وَ الَّذِیْنَ یُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وغیرہ وغیرہ کو ہٹ دھرمی سے نہ ماننا منشا اس کا بغیر از جہالت اور کیا قرار دیا جاوے تعجب پر تعجب یہ ہے کہ مؤلف صاحب استعمال لفظ توفی کو حسب محاورہ قرآن کریم اور غیر قرآن کریم کے معنی موت اور نوم میں منحصر کرتے ہیں اور نیز اُس کے موضوع لہ کو صرف دو فردوں میں محصور قرار دیتے ہیں دیکھو ص۳۳۵ پھر معہذا انی متوفیک اور فلما توفیتنی میں وہ معنی لیتے ہیں کہ نہ * تو وہ موضوع لہ ہیں اور نہ موضوع لہ کی فرد ہیں ان ھذا لشیء عجیب ایک تو صریح دھوکا غیر موضوع لہ کو عین موضوع لہ سمجھنے کا کہایا دوسرا دھوکا یہ کہایا کہ کسی غیر موضوع لہ کی فرد کو موضوع لہ کی فرد سمجھ لیا الغرض آیت یا عیسی انی متوفیک میں معنی موت کا لے کر تقدیم و تاخیر کا قائل ہونا مستلزم مفاسد کثیرہ کو ہے کما مر بیانہ اور پھر باوجود یکہ متوفیک بہ معنی ممیتک کے تسلیم کر لیا جاوے معہذا فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ میں معنی رفع کا لینا آدھا تیتر آدھی بٹیر کا مصداق بنتا ہے اگر کاش لفظ توفی موت اور رفع دونوں میں مشترک ہوتا تو بھی کسی قدر گنجایش ہوتی اور جب کہ بہ موجب اقرار خود مؤلف کے لفظ توفی کا موضوع لہ دو ہی فردوں یعنی موت اور نوم میں منحصر ہے تو پھر رفع کے معنے لینا کیسا اور پھر تیسرا تعجب یہ ہے کہ مؤلف کہتا ہے کہ یا ہر دو جگہ معنی قبض کا لیویں گے یہ وہی مثل ہے

شعر

* بوقت مطالعہ مقام اس رد کے مردود کو ضرور دیکھو

چہ خوش گفت ست سعدی در زلیخا   الا یا ایہا الساقی" اور کا سًا وناولہا
اور مکرر عرض میں جو کچھ تحریر کیا ہے وہ بالکل ہباءً منثورًا ہو گیا کیونکہ
ہرگاہ دلائل یقینیہ سے آیت بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ میں ہم رفع روحانی
ثابت کر چکے اور آیت مُتَوَفِّيْكَ اور فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ خود آپ کے
اقرار کے بہ موجب موت عیسیٰ بن مریم پر دلالت یقینی کرتی ہے پھر
جو بعض احادیث موہم حیات عیسیٰ بن مریم پائی جاتی ہیں اُن میں تعذر
حقیقت دلیل ارادہ معنی مجازی کی موجود ہے کیونکہ جب ۲۳ آیات
سے وفات عیسیٰ بن مریم ثابت ہے تو اس سے بڑھ کر اور کیا تعذر
ہو گا کما مر پس عیسیٰ بن مریم سے مراد بروزی طور پر مجدد اس صدی
چودھویں کا ہے اور تشریح آیات کی حسب محاورہ قرآن کریم کے بشہادت
سباق سیاق جس سے ابطال عقیدہ خیالیہ وہمیہ کا کامل طور پر ہو گیا
ہے لکھ چکا ہوں پس بعد تعذر معنی حقیقی کے بلکہ ممتنع الارادہ ٹھہرنے
اُس کے کے دیگر نظائر و شواہد و قوع استعارات کی بھی دلیل ارادۂ
مجاز کے لئے یہاں پر موجود ہیں اور تعجب ہے مؤلف سے کہ یکسر
الصلیب اور یقتل الخنزیر کے معنی ص ۵۲ س ۲ میں مجازی
تسلیم کر چکا ہے اور قائل ہے کہ ان جملوں میں تعذر حقیقت دلیل
ہے ارادہ مجاز کی اور پھر کہتا ہے نہایت حیرت انگیز تو یہ امر ہے
کہ آج تک مسیح موعود یعنی آپ نے الی آخرہ اور نہیں دیکھتا کہ مذہب
نصاریٰ یعنی کفارہ اور صلیب اور تثلیث وغیرہ کو حضرت امام الزمان
کس کس رنگ سے باطل کر چکے ہیں حجج قاہرہ اور دلائل باہرہ علوم
ظاہری بھی ایک عالم میں شائع ہو چکیں اور روحانی تائیدوں سے بھی
ہلاک ملت عیسائی ہوتا چلا جاتا ہے

قولہ عدم ذکر بخاری دلیل عدم صحت کی نہیں ہو سکتی۔ آہ

اقول ہمارا استدلال صرف اثر ابن عباس سے ہی نہیں ہے بلکہ اولاً
قرآن مجید کی ۳۰ آیات سے جو آپ نے بھی اول کتاب

۲۳ آیات سے توفی عیسیٰ بن مریم ثابت ہوتی ہے اور ۳۰ آیات سے انکی موت ثابت ہوتی ہے

ہیں بعض اُن آیات کو درج کیا ہے ثانیاً بعد از کتاب اللہ اصح الکتب صحیح البخاری کی احادیث جنمیں اقول کما قال العبد الصالح مندرج ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم نے اُس میں توفی عیسیٰ بن مریم کو اپنی توفی کے ساتھ بلا تغییر و تبدیل محاورہ کے یکساں فرمایا ہے ثالثاً اثر ابن عباس جو متوفیك کے معنی ممیتك لکھا ہو رابعًا تمام محاورات مندرجہ احادیث و اقوال صحابہ جو مثل توفاہ اللہ کے اُن کے کلاموں میں پائے جاتے ہیں جیساکہ اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ۔ خامسًا تمام کتب لغات عرب عربار جن میں محاورہ توفاہ اللہ کو بہ معنی قَبَضَ الله روحه لکھا ہے لا غیر۔ سادسًا وہ احادیث جو سوا بخاری کے اور کتب حدیث میں مندرج ہیں جیساکہ لَا الْمَهْدِيُّ اِلَّا عِيْسَى بْنُ مَرْيَمَ وغیرہ وغیرہ سابعًا اقوال بعض آئمہ محققین مثل امام مالک وابن حزم وغیرہما کے چنانچہ حاشیہ جلالین میں لکھا ہے و تمسك ابن حزم بظاهر الاية و قال بموته اور امام مالک کا قول مجمع البحار مین مندرج ہے ثامنًا ادلہ عقلیہ جو رفع جسمانی علی السماء و نزول جسمانی من السماء کو رد کرتی ہیں۔ تاسعًا اناجیل وغیرہ جس میں خود حضرت عیسیٰ کے قول سے قصہ عود ایلیا کو بروزی طور پر منفصل کیا گیا ہے۔ کما مر۔ عاشرًا وقوع مجازات و استعارات احادیث پیشین گوئیوں میں فریقین کے نزدیک جیساکہ طواف کرنا دجال کا خانہ کعبہ کے لئے جو بالاتفاق مُاَوّل ہے اور یکسر الصلیب و یقتل الخنزیر جو خود مؤلف کے نزدیک بھی ماول ہے اور علاوہ پیشین گوئیوں عیسیٰ بن مریم اور دجال کے دوسری پیشین گوئیوں میں بھی کثرت سے مجازو استعارات پائے جاتے ہیں دیکھو شواہد عشرہ مندرجہ اعلام الناس حصہ اول کو اور نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارات

خلاصہ مضمون

تفصیل بعض ادلہ وفات عیسیٰ ابن مریم

جوکتب مقدسہ میں اب تک پائی جاتی ہیں اُن میں بھی مجاز و استعارات کثرت سے ہیں اور علماء اسلام قدیم سے آجتک اُن سے استدلال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت پر کرتے چلے آئے ہیں باوجودیکہ اُن میں مجاز و استعارات کثرت سے موجود ہیں۔ پھر اگر بعض پیشین گوئیوں مسیح موعود اور مہدی معہود میں بھی حسب قواعد علم معانی و بیان کے تاویل مجاز و استعارہ وغیرہ کی مانی جاوے تو پھر کون سا استبعاد ہے کہ قدیم سے سنت الٰہیہ ہے کہ پیشین گوئیوں میں استعمال مجاز واستعارہ وغیرہ کا رہا ہے۔ الحاصل ہمارا تمسک صرف اثر ابن عباس سے ہی نہیں ہے۔ اور تفسیر کشاف معالم تفسیر رازی ابن کثیر مدارک اور فتح البیان کے حوالے ہمارے رسائل میں جو دیئے گئے ہیں وہ صرف مخالفین کے الزام اور افحام کے لئے تاکہ خود اُن کے مسلمات سے اُنپر ہماری حجت قائم ہو جیسا کہ ہم نے آپ کے رسالہ کا رد آپ ہی کے مسلمات مندرجہ رسالہ سے کیا ہے نہ اس لئے کہ ہمارے نزدیک ان مفسرین کے اقوال بہ مقابلہ نصوص قطعیہ کے حجت ہوں اور جو اقوال اُن کے نصوص قطعیہ کے مخالف ہوں ہم اُن کو بھی تسلیم کرلیویں حاشا و کلا لاطاعۃ لمخلوق فی معصیۃ الخالق ہاں خوب یاد آیا آپ اسجگہ پر اتنا ہی کریں کہ جو روایات آپ نے ابن کثیر سے نقل کی ہیں مہربانی فرماکر ان کے تمام روایات کی توثیق و تعدیل علم اسماء الرجال سے فرمادیویں اور ہم کو کچھ ضرورت نہیں ہے کہ روایات متمسک بہا کے رجال کی توثیق و تعدیل کرتے پھریں کیونکہ ہمارے متمسکات اول تو نصوص قرآنیہ سے ہیں ثانیاً صحیح بخاری سے جو اصح الکتب بعد کتاب اللہ مسلم فریقین ہے سوائے ان نصوص کے جو ادلہ پیش کی جاتی ہیں وہ تائیداً یا آپ پر حجت قائم کرنے کے لئے وبس۔

قولہ میںنے پہلے بھی عرض کیا تھا الخ الی آخرہ۔

اقول ہم نے اتباع قرآن مجید اور احادیث صحیحہ اور نیز اثر ابن عباس
مندرجہ صحیح بخاری و غیرہا کا کیا ہے باقی جو روایات کہ ہمارے مذہب کی
مخالف ہیں وہ اس وجہ سے کہ نصوص قرآن مجید کے بھی مخالف ہیں احادیث
صحیح بخاری کے معارض ہیں اور نیز اثر ابن عباس مندرجہ صحیح بخاری
کے مناقض ہیں اگر اُن کو ماؤل کر کر مطابق کتاب وسنت صحیحہ مرفوعہ کے
نہ کیا جاوے تو وہ سب ساقط الاعتبار ہیں دیکھو قواعد تعادل اور ترجیح
ادلہ کو جو علم اصول میں منضبط ہیں اور اسی طرح پر اقوال مندرجہ تفاسیر
جن میں سب طرح کے اقوال رطب و یابس کا ذخیرہ ہوتا ہے اور وہ
خود بھی باہم متعارض اور مختلف ہیں پس وہ کیونکر قابل اعتبار ہو سکتے
ہیں اور مسیح موعود جو باتفاق فریقین حکم عدل ہے ان سب روایات
متضادہ اور اقوال متخالفہ کو کیونکر تسلیم کر سکتا ہے اُس کا تو فرض منصب
یہی ہے کہ بلحاظ حکم ہونے کے تمام اختلافات کو مٹا دیوے اور
جب کہ وہ اختلافات کا مٹانے والا ہوا تو بالضرور وہ ایک ایسے
قول یا روایت کو اختیار کرے گا جو سب سے زیادہ اقوی ہو اور قرآن
مجید کے مطابق ہو دیکھو درمیان دو نقطوں کے خط مستقیم تو ایک ہی تو
ہے باقی جس قدر خطوط اُس کے ارد گرد واقع ہوتے ہیں وہ خطوط غیر
مستقیم کہلاتے ہیں پھر کیونکر ممکن ہے کہ مسیح موعود باوجود حکم عدل
ہونے کے ایسے متعارضات کو جو مصداق ہیں سند پریشاں خواب
من از کثرت تعبیرہا سب کو قبول کرلے اور جملہ فرقہائے متخالفہ سنی
شیعہ رافضی خارجی حنفی شافعی مالکی حنبلی مقلد غیر مقلد و وہابی بدعتی وغیرہم
سب کو راضی کر دیوے یہ امر تو عقلاً بھی ممتنع ہے کہ **الضدان
لا یجتمعان** اور یہی وجہ ہے اس بات کی کہ بعض روایات میں
آیا ہے کہ مہدی کی تکفیر علماء وقت سے واقع ہوگی کما بیناہ فی
رسالتنا **مسلک العارف** اور واضح ہو کہ حقیقت پیشین
گوئی کی قبل از وقوع پورے طور پر کسی کو معلوم نہیں ہو سکتی

حتی کہ خود ملہم کو بھی اُس کی حقیقت مالہ وما علیہا مع تفصیل جزئیات کے محقق طور پر منکشف نہیں ہوتی ہے پھر ایسی پیشین گوئی میں اجماع کے کیا معنے اگر کسی صحابہ سے یا تابعی سے یا دیگر علمار سے کسی پیشین گوئی کی نسبت بحکم فَذَهَبَ وَهْلِي الى انها اليمامة او هجر کے کوئی خیال خلاف واقع مروی ہو اور بعد تحقیق اور تنقیح کے اُس کا خلاف ہونا نصوص شرعیہ سے ثابت ہو جاوے تو پھر اُس خیال خلاف واقع کی پیروی کرنا اور اُسی خیال کی پیروی کرکر قرآن مجید میں بہ تقدیم و تاخیر کلمات منظومہ اصلاح لگانا یہ تحریف و الحاد نہیں تو اور کیا ہے مثلاً اس مقام میں ہم آپ سے دریافت کرتے ہیں کہ معنی توفی کے جو آپ رفع کے لیتے ہیں یا کسی مفسر نے واسطے مطابقت اپنے خیال کے توفی کے معنے رفع کے لئے ہیں اُس کا ثبوت آپ کہاں سے دے سکتے ہیں قرآن مجید میں کہیں اُس کی نظیر نہیں جہاں دیکھو قبض روح کے معنے ہیں محاورات احادیث میں کہیں اُس کا پتہ اور نشان نہیں ملتا وہی معنے موت کے اللهم من احييته منا فاحيه على الاسلام ومن توفيته منا فتوفه على الايمان وغیرہ محاورات صحابہ اور دیگر عرب عربا کے محاورات اور بول چال میں اُس کا کھوج نہیں ملتا جس کتاب لغت کو دیکھو اُس میں یہی لکھا ہوا ہے توفاه الله اى قبض الله روحه پھر آپ ہی ایمان و انصاف سے فرمادیں کہ توفی کے معنی جو کسی تفسیر میں رفع کے لکھے ہوں تو ہم اُنکو کیونکر قبول کریں اب آپ ہی غور کرو کہ ایسے معنے پر اصرار کرنا الحاد تحریف لغو اور بے اصل نہیں تو اور کیا ہے۔ اور پھر دیکھو کتب صحیحہ اسماء الرجال کو کہ اُس میں ہزاروں جگہ توفی اور اُس کے مشتقات کے معنی بجز موت کے اور کچھ نہیں آتے ومن ادعى فعليه البيان۔ اور پھر آپ کا یہ اقرار ہے کہ توفی بمعنی قبض کے حسب متعلق روح سے ہو اُس

کے دو ہی فرد ہیں ایک موت دوم نوم اور مانحن فیہ میں نوم کے
معنی آپ نے بھی نہیں لئے تو پھر لفظ توفی مانحن فیہ میں موت کے
معنوں میں متعین ہوا یا نہیں اور بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ کو ہم دلائل
قطعیہ سے ثابت کر آئے ہیں کہ اُس سے مراد رفع روحانی ہے نہ
رفع جسمانی پھر کیا دلیل آپ کے پاس ہے جس سے معنی توفی کے
رفع کے لئے جاویں اور چونکہ آپ اس مسئلہ حیات مسیح میں دعوی اجماع کا
کیا کرتے ہیں. لہذا آپ سے دریافت کیا جاتا ہے کہ کس وقت میں
اجماع ہوا اور کس قدر مجتہدین نے اس مسئلہ پر اجماع کیا اول تو
آپ کی یہ بڑی غلطی ہے کہ ایسی وہمی اور خیالی باتوں کو جو بہ موجب
فذهب وهلي انها اليمامة او هجر کی پیشین گوئی کی نسبت
متخیل ہو جاتی ہیں اُس کو اجماع قرار دے لیا ہے علاوہ اُس پر یہ
کہ قبل از وقوع پیشین گوئی کے اُس کی حقیقت پر معہ تفصیل جزئیات
کے اجماع کیسا پھر ارد و خوانوں اور عوام کو مغالطہ میں ڈالنا اور
دھوکا دینا اور اُس پر اصرار کرنا اور اہل حق کی تکفیر کرنی ع این کار
از تو آید مرداں چنیں کنند اور ہم سے جو آپ اجماع دریافت کرتے
ہیں یہ اور طرفہ تر ہے اور این گل دیگر شگفت کا مصداق ہے قرآن
مجید کو ہم پیش کرتے ہیں احادیث صحیحہ ہمارے رسائل میں ہماری
اشتہارات میں لکھی ہوئی ہیں تمام کتب لغات کے حوالجات ہمارے
رسائل میں موجود وغیرہ وغیرہ پھر اُس پر اجماع طلب کرنا چہ معنے دارد
اچھا اجماع بھی لیجئے اول آپ تعداد اُن صحابہ کی جو حضرت صلعم
کی وفات کے وقت معہ حضرت عمر کے خطبہ حضرت صدیق اکبر
کے جلسہ میں حاضر و شریک تھے بیان فرماویں بعد ازاں گذارش یہ
ہے کہ جب کہ حضرت صدیق اکبرؓ نے آیت مَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ
قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ وغیرہ آیات کو پڑھا اُن سب
صحابہ نے اس استدلال صدیقی پر کوئی جرح نہیں کیا خود حضرت عمرؓ

۱۵ جنوری [illegible]

نے بھی تسلیم کر لیا اب فرمائے کہ الرُّسُل میں حضرت عیسی داخل ہیں یا نہیں بشق ثانی کیا وجہ کہ صحابہ اہل لسان نے اُس پر جرح نہیں کیا اور بشق اول مدعا ہمارا ثابت ہوا اور یہ تو ظاہر ہے کہ انحضرت صلے اللہ علیہ و سلم خاتم النبین ہیں پس جس قدر تعداد صحابہ کرام مذکورین کی آپ بیان فرماویں گے اُن سب کا اجماع اور اتفاق مسئلہ وفات عیسی بن مریم پر ثابت ہوگا دیکھو ملل ونحل شہرستانی کو فزجر القوم الی قولہ آگے یہی بحث خلاکی وہ آگے آتی ہے فانتظرہ -

قولہ مسیح ابن مریم کی دشمن میں آہ

اقول یہاں پر مؤلف صاحب نے علم بلاغت کی بڑی داد دی ہے فرماتے ہیں کہ بلاغت کا مقتضی یہی ہے کہ حسب حال مخاطب کے القاء الکلام کیا جاوے لہٰذا انی متوفیک کو مقدم فرمایا گیا مگر یہاں مؤلف صاحب سے یہ دریافت کیا جاتا ہے کہ حضرت عیسی کو اپنی موت کا اس قدر ہراس اور خوف کیوں ہوا جو موجب قلق و اضطراب ہوگیا اور موت بھی ایسی جو فی سبیل اللہ واقع ہو جو مقربین الٰہی کی آرزو ہوا کرتی ہے کما قال فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ او مؤلف صاحب کیا آپ کے نزدیک بھی مقتضائے شان نبوت عیسوی ہے اور پھر صفت امانت میں جو حسب اقرار مندرجہ تحریر مؤلف کے مختص بذات باری ہے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کفار یہود کو شریک سمجھنا جو آپ کی تحریر سے لازم آتا ہے آیا یہی توحید شان رسالت عیسوی کی ہے اور یہی حال حضرت عیسی کی توحید کا آپ کے نزدیک ہے جس مقتضائے حال کے بہ موجب اللہ تعالےٰ نے متوفیك کو واسطے اطمینان دہی او رفع قلق و اضطراب حضرت عیسی کے مقدم کیا گیا اور پھر وہ حضرت عیسی جو صفات مختصہ الوہیت میں کفار یہود کو شریک سمجھ رہے

تھے واہ حضرت آپ نے خوب کلام اللہ کی داد بلاغت دی کہ ایک
خاتم انبیاء بنی اسرائیل کو مشرک قرار دے دیا و نعوذ باللہ
الکرایم من ہذا الشرک العظیم حاشا و کلا انبیاء علی نبینا
و علیہم السلام کی ذوات مقدسہ ایسے عقاید شرکیہ سے پاک ہیں
اور آپ کا یہ عقیدہ شرکیہ حضرت عیسیٰ کی طرف منسوب کرنا محض
افترا ہے - ای حضرت تقدیم متوفیک کی ہرگز ہرگز اس واسطے
نہیں ہے جو آپ کے خیال فاسد میں ہے بلکہ جیسا کہ ہم سابق میں
ثابت کر آئے ہیں وہ یہ خوف تھا کہ کہیں میں صلیب سے قتل
نہ کیا جاؤں کیونکہ ایسا قتل صلیبی موجب ملعونیت ہے اور یہ خیال
حضرت عیسیٰ کو بہ مقتضائے بشریت اس واسطے آیا کہ یہود مردود
نے ان کے قتل بالصلیب کرنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نکیا
تھا حتیٰ کہ صلیب پر بھی چڑھا ہی دیا تھا اور اس قسم کی دعا کا
مانگنا سنن انبیاء علیہم السلام سے کچھ بھی منافی شان نبوت کے
نہیں ہے دیکھو ادعیہ مندرجہ قرآن مجید کو تَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ وَ
تَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ وغیرہ وغیرہ کو حتیٰ کہ نماز جنازہ میں بھی اسی قسم کی دعا
مروی ہے من احییتہ منا فاحیہ علی الاسلام ومن
توفیتہ منا فتوفہ علی الایمان پس ایسی دعاء عیسوی اور حال
مذکور کے بموجب اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ سے ان کے مقتضائے
حال کے بموجب فرمایا کہ یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَ رَافِعُکَ
اِلَیَّ کما مر بیانہ سابقا پس جو دعاء حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے
جناب باری میں کی تھی وہی قبول فرمائی گئی لیکن یہ بات نہ قرآن
مجید سے ثابت ہو سکتی ہے اور نہ انجیل سے کہ حضرت عیسیٰ نے
آسمان پر چڑھ جانے کے لیے دعا کی تھی اور نہ نظم کلام الٰہی مقتضی
اجابت دعاء سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ آسمان پر چڑھائے گئے
صرف ان کی موت طبعی حتف انف کے طور پر اور الی اللہ مرفوع ہونا

خلاف مزعوم یہود مردود کے البتہ ثابت ہوتا ہے ہاں اگر اجابت
دعا میں یہ جملہ ہوتا اِنِّیْ رَافِعُكَ اِلَی السَّمَآءِ بِجَسَدِكَ الْعُنْصُرِیِّ
تو البتہ گنجایش تھی کہ حضرت عیسی نے خود بھی یہ دعا کی ہوگی کہ یا
اللہ مجھکو جسد عنصری کے ساتھ آسمان پر اُٹھا لے وابن ھذا من ذالک
اور یہ جو آپ فرماتے ہیں کہ علی ہذا القیاس معنی قبض کے لیے
حسب تقریر مذکور خیال فرماویں اگر مراد آپ کی اس سے قبض روح
بطور وفات ہے تو فبہا اور اگر قبض روح مع جسد ہے جس کو آپ
آسمان پر اُٹھا لینا سمجھ رہے ہیں تو اس محاورہ کا ثبوت آپ کی
ذمہ ہے جو کبھی قیامت تک بھی آپ ثابت نہ کرسکیں گے۔ اور آپ
جو ازالہ اوہام پر بیجا نکتہ چینی کرتے ہیں کہ اُس میں مناط تردید نسبت
صدوری کو لکھا ہے حالانکہ آیت میں مناط تردید نسبت وقوعی
ہے۔ آپ کی خوش فہمی اس نکتہ چینی سے ناظرین کو معلوم ہو گئی
ہوگی۔ اس وقت میرے پاس ازالہ موجود نہیں ہے جو اُس کی
طرف مراجعت کرتا مگر یہ عرض ہے کہ جب کہ نسبت صدوری اور
نسبت وقوعی فعل متعدی ہیں مثلاً قتل و صلب میں باہم تلازم ہے
تو پھر کون سا اعتراض ازالہ پر وارد ہوسکتا ہے کیونکہ متلازمین میں
ایک کا ذکر ایسے محل پر دوسرے کے ذکر سے مستغنی کر دیتا ہے
اور آپ نے ہمارے رسائل کو نہیں دیکھا جو اناجیل سے بعض اقوال
کے پیش کرنے پر آپ ایراد کرتے ہیں اے حضرت آیات مذکورہ کی
تفسیر میں اول ہم نے سیاق و سباق قرآن مجید کو لیا ہے اور بحکم یفسر
بعضہ بعضاً کے دیگر آیات بینات اور نصوص قطعیہ سے استدلال
کیا ہے۔ اور ثالثاً احادیث اصح الصحاح صحیح بخاری سے تمسک
کیا ہے اور رابعاً دیگر احادیث کو جو اُن احادیث صحیحہ کی مؤید ہیں
بھی اخذ کیا ہے وغیرہ وغیرہ اور روایات اناجیلی کو بھی اسلئے
تائید اور اسکات و افحام مخالفین بیرونی اسلام یعنی عیسائیوں کے

نمبر اخیر پر لے یا ہے اور قضیہ حدثوا عن بنی اسرائیل
ولا حرج آپ کے مسلمات سے ہے کما مر مفصلاً پھر فرمائے
کہ اس میں کیا حرج ہے عرض کہ آپ اس بحث معرکۃ العلا میں
داخل ہو کر عجیب مصیبت میں پڑ گئے ہیں نہ مذہب باطل کو ترک
کیا جاتا ہے کہ مرید برگشتہ ہو جاویں گے یا ان کے اوپر آپ کو
ذلت جہالت کی واصل ہو گی اور نہ باطل کا احقاق ہو سکتا ہے
کہ مضمون جَآءَ الْحَقُّ وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ
زَهُوْقًا۔ ہماری طرف سے برابر پہونچ رہا ہے ہر دو مشکل
فان کنت لا تدری فتلك مصیبة وان کنت تدری فالمصیبة اعظم
افسوس جہالت ایسی مرض ہے کہ ہزاروں اردو خوانوں سادہ لوحوں
کی مہلک ہو رہی ہے۔ نہ تو مثل صحابہ کے مہارت لسانی اور اشراق
نوری ہے کہ راہ راست پر فہم مراد میں چلیں اور نہ استعداد علمی کہ
فصاحت اور بلاغت اور سیاق اور مقتضی حال کے ملاحظہ کرنے کے
بعد معنی مراد کو سمجھیں لفظ مشعل راہ ایک شخص عوزلہ کو جس کا مصداق برعکس
نہند نام زنگی کا فور کے ہے بنا رکھا ہے اللہ ہدایت
کرے اس عوزلہ کی ماہیت واقفی سمجھنی ہو تو رسالہ فارسی کے رد
کو دیکھو گے تب معلوم ہو گی۔

قولہ یہ استشہاد اُن کا ویسا ہی ہے جیسا کہ ابن عباس کی
قول سے پکڑا تھا۔ آہ۔

اقول ہاں یہ استشہاد ہمارا ویسا ہی ہے اور بموجب
قواعد تعادل اور ترجیح ادلہ کے جو علم اصول میں مندرج ہیں یوں
ہی ہونا چاہیے تھا کیونکہ یہ قضیہ مشہور اور مسلمہ ہے کہ خذ
ما صفا ودع ما کدر ہم اس جگہ پر چند قواعد علم اصول کے
ایسے تحریر کرتے ہیں کہ ناظرین منصفین کے لئے ان مسائل متنازعہ
فیہا کے فیصلہ میں کام آویں وہی ہذہ ۔ اما الترجیح فھو تقویۃ

بیان تعادل و ترجیح ۵۹ صفحہ جواب

احد الطرفین علی الاخر فیعلم الاقوی فیعمل به و یطرح الاخر
و القصد منه تصحیح الصحیح و ابطال الباطل و للترجیح
شروط الاول التساوی فی الثبوت فلا تعارض بین الکتاب
و خبر الواحد الا من حیث الدلالة - الثانی التساوی فی القوة
فلا تعارض بین المتواتر والاحاد بل یقدم المتواتر بالاتفاق
کما نقله الجوینی - ومن نظر فی احوال الصحابة و التابعین
و تابعیهم و من بعدهم وجدهم متفقین علی العمل
بالراجح و ترک المرجوح و الترجیح قد یکون باعتبار الاسناد
و قد یکون باعتبار المتن و قد یکون باعتبار المدلول و قد
یکون باعتبار امر خارج - و یرجح ما کانت الوسائط فیه
قلیلة و ذلک بان یکون اسناده عالیا - و ترجح روایة
من کان فقیها علی من لم یکن کذلک لانه اعرف بمدلولات
الالفاظ - و ترجح روایة من کان عالما باللغة العربیة
لانه اعرف بالمعنی ممن لم یکن کذلک و یقدم ما دل
علی المراد بغیر واسطة علی ما دل علیه بواسطة - تقدم
الاحادیث التی فی الصحیحین علی الاحادیث الخارجة
عنهما هکذا فی حصول المامول من علم الاصول نقلت
منها منتخبا للقواعد التی یحتاج الیها جو شخص ان قواعد کی رعایت
کرے گا وہ ان مسائل متنازعہ فیہا میں فیصلہ حقہ کر سکتا ہے مثلاً وہ
اثر ابن عباس کا جو صحیح بخاری میں مذکور ہے کہ متوفیک ممیتک
یا وہ حدیث جو اسی اثر کے ذیل میں باسناد بخاری منقول ہے کہ
فاقول کما قال العبد الصالح آہ جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم نے اپنی توفی اور حضرت عیسی کی توفی کو بلا تغیر و تبدیل
الفاظ کے یکساں ارشاد فرمایا ہے وہ برعایت تمام قواعد عشرہ مذکورہ
کے واجب الاخذ ہے اور جو قول ابن عباس یا کسی تابعی کا یا مفسر

صفحہ ۹۵ سطر ۱۰

کا کائنا من کان تفسیر عباسی یا کسی دوسری تفسیر میں مندرج ہو درصورت تعارض کے وہ واجب الترک ہے نظر اور غور کرو قواعد عشرہ پر علی ہذا القیاس ہر ایک بحث میں مسائل متنازعہ فیہا کے ان قواعد عشرہ کی رعایت سے حق واضح ہو جاوے گا و تلك عشرة کاملة ۔ مؤلف صاحب نے اس جگہ پر ایک اور اپنا کمال ظاہر کیا ہے اور وہ یہ ہے کہ صاحب کشاف کی عبارت جو مؤلف نے نقل فرمائی ہے اُس میں متوفیک کے معنی ممیتک دو جگہ لکھی ہیں اول ممیتك حتف انفك لا قتلا بایدیہم اور دوسرے قیل ممیتك فی وقتك بعد النزول من السماء و رافعك الان اس پر مؤلف صاحب فرماتے ہیں کہ صاحب کشاف نے متوفیک کے معنے جو ممیتک لکھے ہیں اس معنی کو بسبب لانے صیغہ تمریض کے خود ضعیف کر دیا ہے ایہا الناظرون دیکھو یہ کس قدر دجل عظیم مؤلف صاحب کا ہے کیونکہ صاحب کشاف نے جو قیل کے تحت میں ممیتک لکھا ہے اُس کو بقیود فی وقتک بعد النزول من السماء سے تو ہی مقید کر دیا ہے پس وہ ممیتک جو مقید ہو بقیود فی وقتک بعد النزول من السماء آہ وہ قول صاحب کشاف کے نزدیک مرجوح ہے نہ وہ ممیتک جو مقید ہو بقید حتف انفک لا قتلا بایدیہم کے کیونکہ یہ قول تو اول نمبر پر لکھا گیا ہے اور قیل کے تحت میں نہیں ہے اور شاید اسی خیال سے کہ یہ دجل ادنی تامل سے اہل انصاف پر واضح ہو جاوے گا مؤلف صاحب صفحہ ۶۰ کے حاشیہ میں باوجود متمسک ہوا گردا نتنے عبارت تفسیر کشاف کے فرماتے ہیں کہ اس تحقیق سے غرض ہماری بیان کرنا مقصود صاحب کشاف کا ہے اور غلطی مرزا صاحب کی نہ کہ یہ مسلک مختار ہمارا ہے انتہی بلفظہ۔

اور ناظرین پر واضح ہو گیا ہو گا کہ جن وجوہ

ثمانیہ * سے مؤلف نے ہمارے مذہب حقہ پر جرح کیا ہے اُس کا رد ہم ادلہ قاہرہ سے کر چکے ہیں اور مسلمات مؤلف ہی سے کالشمس فی نصف النہار واضح ہو چکا ہے اور حتی الوسع توفیق و تطبیق بین المتعارضات بھی ایسی کردی ہے جو مخالفین کے مذہب کے بموجب قیامت تک ہرگز ہرگز نہ ہو سکے گی و للہ الحجۃ البالغۃ۔

اور یہ بھی ظاہر ہو چکا کہ جس طرح پر آیت یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ حسب اقرار مؤلف کے درصورت بطلان اُن معنی خیالی مؤلف کے جو آیت بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَیْهِ کے تصور کئے ہیں منافی مذہب مؤلف کے ہے اسیطرح یہ آیت بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَیْهِ اور وان من اہل الکتاب بھی مخالف مذہب مؤلف کے ہے اور آیت وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ کوئی تعلق مذہب مخالفین سے نہیں ہے کیونکہ سیاق وسباق آیت میں نزول عیسیٰ بن مریم کا کہیں پتہ اور نشان نہیں ہے اور اس بارہ میں جو مفسرین روایات لکھتے وہ صرف اپنے خیال کے بموجب جو ہم پر حجت نہیں اور احادیث صحیحہ بھی منافی مذہب مخالفین کے ہیں آگے

---

* وجوہ ثمانیہ مولف کے یہ ہیں وجہ اوّل بطلان مذہب اہل حق بشہادت کلمہ بل وجہ دوّم اتحاد مرجع ضمیر ما قتلوہ و بل رفعہ اللہ الیہ وجہ سوّم اللہ تعالےٰ کا حکایت فرمانا افترا اور بہتان یہود کو اور قتل بالصلیب کی نفی کرنی اور رفع جسمی از روایت ہائے کثیرہ وجہ چہارم دلالت آیت وان من اہل الکتٰب الا لیؤمنن بہ قبل موتہ و یوم القیمۃ یکون علیہم شہیدًا وجہ پنجم وعدہ فرمانا اللہ تعالیٰ کا مسیح بن مریم سے کہ میں تم کو یہود کے ہاتھ سے بچاؤں گا وجہ ششم اتصال رفع کا ساتھ کلمہ بل کے یعنی بل رفعہ اللہ الیہ ساتویں وجہ وانہ لعلم للساعۃ (۸) ما اٰتاکم الرسول فخذوہ وما نہاکم عنہ فانتہوا۔ ان جملہ وجوہ ثمانیہ کا ابطال بجوابہائے شافی وکافی ہم ایسا لکھ چکے ہیں کہ باقی رسالہ کے جواب کی کچھ حاجت نہ تھی لاکن تبرعًا ہم نے کل لغویات کا جواب دیا ہے۔ منہ

رہیں وہ روایات رکیکہ و متعارضہ متمسک بہا مخالفین کے سو وہ حسب قواعد عشرہ مذکورہ کے ساقط عن الاعتبار ہیں پس ہم کو کونسی ضرورت پڑی ہے کہ ہم قرآن مجید کی آیت یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَ رَافِعُکَ اِلَیَّ میں تقدیم و تاخیر مان کر اصلاح کلام الٰہی کی کریں جس سے انواع انواع کے فساد لازم آتے ہیں کما مر بیانہ و نعوذ باللہ منہا اور مؤلف نے * جو آخر عبارت میں وجہ تضعیف معنی ممیتک کی بیان کی ہے وہ بھی قابل دیدنی ہے کیونکہ جبکہ ثابت ہو چکا کہ متوفیک کے معنے ممیتک ہی ہیں پھر وہ ضعیف کیونکر ہو سکتے ہیں کما ثبت سابقاً اور مؤلف صاحب وجہ اس کی تضعیف کی تو صرف یہی ہے کہ اس میں محض اپنی طرف سے بلاکسی قرینہ اور دلیل کے انضمام قیود خارجہ عن المدلول یعنی الآن اور بعد النزول کا کیا گیا ہے و بس اور حاشیہ ص۵۹ میں جو مؤلف القول الجمیل پر ایراد کر کر پھر ازالہ اوہام پر اعتراض کرتا ہے وہ بھی اس کی خوش فہمی ہے القول الجمیل ہمارے پاس نہیں اور نہ ازالہ اوہام موجود ہے جو انکی طرف مراجعت کی جاوے مگر یہ تو ظاہر ہے کہ جیسا کہ حضرت اقدس ع توفی کے معنے موت کے اس جگہ لیتے ہیں صاحب کشاف کی عبارت سے صاف ثابت ہے کہ اس کے نزدیک بھی صحیح بلکہ اصح معنے توفی کے موت کے ہی ہیں پس عبارت کشاف کی بالضرور شاہد ہے واسطے لینے معنی توفی کے

جواب صو ۲۰ و ۲۱

---

* وقت مطالعہ رد کے مردود کو بالضرور پیش نظر رکھو کہ لطف کامل حاصل ہو تعرف الاشیاء باضدادھا قضیہ مسلمہ ہے۔ منہ

موت کے لئے اور مؤلف جو ایراد کرتا ہے کہ ایام الصلح کے اخیر
میں انکار فرشتوں کا کیا گیا ہے اُس کا جواب صرف یہ ہے کہ لعنۃ
اللّٰہِ عَلَی الْکٰذِبِیْن حیا بھی نہیں آتی خود پھسلنا اور دوسرے پر
ہنسی اور تمسخر کرنا بلکہ کافر کہنا کیا صوفیاء گدی نشینوں کی یہی شان ہے
نعوذ باللہ من اناس تشیخوا قبل ان یشیخوا

قولہ پہلے بھی لکھ چکا ہوں کہ نص بَلْ رَّفَعَہُ
اللّٰہُ اِلَیْہِ کی قطعی طور پر دلیل صارف ہے آہ

اقول سابق میں ہم ادلہ یقینیہ سے ثابت کر چکے ہیں کہ آیت
بَلْ رَّفَعَہُ اللّٰہُ اِلَیْہِ سے مراد رفع روحانی ہے نہ رفع جسمانی
اور مؤلف خود اپنی کتاب میں جو شمس الہدایت علی حیات المسیح ہے
یا شمس الہدایت فی وفات المسیح ہے لکھ چکا ہے کہ اہل تحقیق کے
نزدیک حضرت عیسی کا رفع برزخی یعنی روحانی ہوا ہے اور رفع
برزخی کے لئے ضروری ہے کہ بعد الموت ہو پھر آیت بَلْ رَّفَعَہُ
اللّٰہُ اِلَیْہِ کیونکر دلیل صارف ہو سکتی ہے اس امر کے لئے کہ اصلی
معنی مراد متوفیک یا توفیتنی کے چھوڑ دیے جاویں اور معنی بھی
وہ کہ تمام **قرآن** مجید میں تمام **احادیث** میں تمام **محاورات**
عرب میں تمام کتب **لغات** میں اُس محاورہ کے وہی معنی مراد اہل
لسان کے ہیں لاغیر۔ یا بلا فوائد مقتضائی علم فصاحت و بلاغت
کے تقدیم و تاخیر نظم کلام الٰہی میں کی جاوے جس سے طرح طرح کے
مفاسد لازم آتے ہیں کما مر بیانہ مفصلاً۔ آگے رہا اثر ابن عباس
کا جس میں اقسام اقسام کے تعارضات سابق میں ہم بیان کر چکے ہیں
سو اُس کا اسرائیلیات سے ہونا اور اہل کتاب سے منقول ہونا
ظاہر ہے کیونکہ رفع جسمانی اور نزول جسمانی کا مسئلہ اہل کتاب ہی
کے یہاں تھا اور اسلام نے تو اُس کو بڑے شد و مد سے نفی کیا ہے
اب دیکھو کہ یہود تو اب تک بھی اعتقاد رکھتے ہیں کہ ایلیا نبی جسم

عنصری کے ساتھ آسمان پر اُٹھائے گئے ہیں اور اُن کے نزول کو
بھی جسمانی اعتقاد کر رہے ہیں اسی لئے اُنھوں نے عیسی بن مریم کو
اب تک نبی نہیں مانا کیونکہ اُن کے اعتقاد کے بموجب جس کا متمسک
یہ توراۃ ہے ایلیا نبی کا نزول جسمانی آسمان سے اب تک نہیں
ہوا آگے رہا مذہب نصاری کا سو وہ بھی رفع جسمانی مسیح اور نزول
جسمانی مسیح کے معتقد ہیں آپ خود صفحہ ۴۶ میں رسولوں کے
اعمال پہلے باب سے اس کو مشرح لکھ چکے ہیں اور قرآن مجید نے
بھی اس مسئلہ کو اہل کتاب کی طرف منسوب کر کر نفی اور رد کیا ہے
دیکھو آیت اَوْ تَرْقٰی فِی السَّمَآءِ کو وَیَسْئَلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ
اَنْ تُنَزِّلَ عَلَیْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ وغیرہا کو پس ثابت ہوا
کہ یہ مسئلہ مخترعہ رفع اور نزول جسمانی کا مختص باعتقادات باطلہ اہل
کتاب ہے جس کی نفی اور رد اسلام بڑے زور و شور کر رہا ہے
حتی کہ آپ نے بھی اقرار کرلیا ہے کہ اہل تحقیق کا مذہب رفع جسم
برزخی کا ہی ہے یعنی رفع روحانی ہے پس نزول بھی روحانی ہوگا
آگے آپ جو یہ کہتے ہیں کہ ابن عباس اپنی رائے سے بھی نہیں فرماتے
اس کی نسبت یہ گذارش ہے کہ پیشین گوئیوں میں قبل از وقوع
اکثر ایسا وہم خلاف واقع اہل علم کے خیالوں میں بھی پیدا ہوجاتا
ہے بلکہ ملہم کی رائے بھی خلاف نفس الامر کی طرف مائل ہو جاتی
ہے مگر قبل از وقوع کے ہے نہ بعد از وقوع یاد کرو **فذھب**
وھلی کو اور اگرچہ اہل کتاب قبل از واقعہ صلیب مرفوع بجسم
عنصری ہونے مسیح کے قائل نہیں لیکن ابن عباس نے شاید اس
کو اُن کی غلطی خیال کرکر یہ وہم کیا کہ صحیح یوں ہے کہ یہ قصہ رفع
کا قبل از واقع صلیب واقع ہوا ہے اور یہ سب تاویلات اثر ابن
عباس کی ہم برعایت تمھارے کرتے ہیں ورنہ ہم اس اثر کو بسبب
تعارضات مندرجہ اُس کے متن کے اور نیز بوجہ تعارض نصوص قطعیہ

کے ساقط الاعتبار سمجھتے ہیں نظر کرو قواعد عشرہ مذکورہ پر۔ اور پھر یہ عرض ہے کہ اگر اس اثر کو ابن عباس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سماع فرماتے تو کسی نہ کسی حدیث مرفوع صحیح یا ضعیف میں اس کا نشان اور پتہ ضرور ملتا کیونکہ اللہ تعالے کے ایک عجائبات قدرت میں سے تھا اور ایک معجزہ عظیم الشان تھا بلکہ قرآن مجید میں بھی اس کا ذکر بالضرور ہونا چاہئے تھا برعکس اس کے قرآن مجید جا بجا ایسے خرق عادت کی نفی فرما رہا ہے اور علاوہ ان سب کے خود اُسی اثر میں تین وہ مذاہب بیان کئے گئے ہیں جو اہل کتاب سابق کے ہی ہیں نہ اہل اسلام کے پس جب کہ اس قدر قرائن موجود ہیں تو پھر اُس اثر کے اسرائیلیات ہونے میں کیا شک باقی رہا اور جو کچھ وجہ دوم میں مؤلف نے لکھا ہے سو پہلے ہم ثابت کر چکے ہیں کہ جو معنی وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ کے مخالفین کرتے ہیں وہ محض غلط ہیں کیونکہ ان معنی کے لینے میں حرف لکن کا تمام نظم و نسق کلام الٰہی میں فوت ہو جاوے گا جیسا کہ سابق میں ہم اس بحث لکن کو مفصل کر کر لکھ چکے ہیں فلیرجع الیہا۔

اعجاز صفحہ ۹۴

قولہ تیسری وجہ۔ آہ۔

اقول اگرچہ اس وجہ کا رد کافی و جواب شافی سابق میں ہم مسلمات مؤلف اور دلالت سباق و سیاق آیت سے کر چکے ہیں مگر لحاظ غبی ہونے مخاطب کے پھر دو بارہ ایک مختصر تقریر اور تفسیر آیت کی حسب دلالت سباق و سیاق نظم کلام الٰہی کے اور نیز حسب مسلمات مؤلف کے یہاں پر بھی کئے دیتے ہیں واضح ہو کہ آیت مَا قَتَلُوْهُ وَ مَا صَلَبُوْهُ سے ثابت ہے کہ یہود کے قول میں جو قتل مسیح بن مریم واقع ہے اُس سے مراد قتل صلیبی ہے کیونکہ یہود کا مقصود حضرت عیسی کے قتل سے نفس قتل نہ تھا بلکہ مقصود اُن کا قتل بالصلیب تھا اور مؤلف کو بھی اس کا چند جگہ

اقرار ہے اور سراس میں یہ تھا کہ حسب توریت اور اعتقاد اُن کے
کے یہی قتل صلیبی موجب ملعونیت تھا توریت میں اب تک یہ مسئلہ
مندرج ہے کہ قتل صلیبی موجب لعنت کا ہے اور اعتقاد یہود کا
بھی اب تک یہی ہے کہ قتل صلیبی موجب لعنتی موت کا ہے پس
اسی قتل صلیبی کو متعدد وجوہ سے اللہ تعالے نے نفی فرمایا ہے
کیونکہ کلام بلیغ مقتضائے حال کے موافق ہونا چاہیئے اور حال
یہود کا یہ تھا کہ اُنھوں نے اپنے قول کو چند تاکیدات کے ساتھ
مؤکد کیا تھا اور کہا تھا کہ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى بْنَ مَرْيَمَ
رَسُوْلَ اللّٰهِ حرف ان اور تکرار ضمیر متکلم مع الغیر وغیرہ علۃ تاکید
ہیں اور لفظ رسول اللہ کا جو استہزاءً کہا گیا ہے اُس سے یہود
کا یہ مقصود ہے کہ اگر عیسی بن مریم رسول اللہ ہوتا تو مقتول
بالصلیب جو موجب ملعونیت ہے کیوں ہوتا غرض کہ اس سے
مقصود یہود کا یہ تھا کہ مسیح عیسی بن مریم نعوذ باللہ مردود اور ملعون
رہیں جس کا رد اللہ تعالی نے بہ چند وجوہ فرمایا ہے لہذا اللہ تعالٰی
نے اولاً فرمایا کہ ما قتلوہ وما صلبوہ چونکہ مسئلہ رسالت عندہم
ایک مسئلہ عظیم الشان ہے لہذا واسطے اثبات رسالت عیسی بن
مریم کے اللہ تعالے نے اس قتل بالصلیب کی اولا محض نفی فرمائی
اور ارشاد ہوا کہ قتل بالصلیب واقع ہی نہیں ہوا لیکن اب اس کلام
سے یہ وہم پیدا ہوا کہ قتل بالصلیب مطلقا جب واقع نہیں ہوا
تو پھر اس کی کیا وجہ کہ ہر دو فریق یہود و نصاریٰ باتفاق قتل صلیبی
کے معتقد ہیں سو اس وہم ناشی عن السابق کو بحرف لکن جو استدراک
کے لیئے آتا ہے دفع کیا گیا اس طرح پر کہ حضرت عیسی یہود کے لئے
مقتول بالصلیب کے ساتھ مشابہ کیئے گئے یا قتل حضرت عیسی کا
قتل صلیبی سے مشابہ کیا گیا اور صورت واقعہ یہ ہوئی تھی کہ اول تو
صلیب اُس وقت کی ایسی نہ تھی کہ مصلوب اُس پر معًا فوت ہو جاوے

دوسرے دو ایک ساعت میں حضرت عیسی صلیب پر سے اُتار لئے گئے کیونکہ واقعۂ صلیب وقت شام جمعہ کا دن تھا جیسا کہ مؤلف کو بھی اس کا اقرار ہے اور یہود کے یہاں بسبب تعظیم یوم السبت کے لیلۃ السبت اور یوم السبت کو کوئی مصلوب صلیب پر چڑھا نہ رہتا تھا اور چونکہ حضرت عیسی بسبب مصائب حوالات اور شدائد صلیبی کے ناتوان اور ضعیف ہو گئے تھے اور نیز بے ہوشی بھی وارد ہوگئی لہٰذا بسبب بے ہوشی کے مشابہ مقتول بالصلیب کے یہود کے لئے کئے گئے اور پھر اُسی کی تائید فرمائی جاتی ہے کہ جن لوگوں نے حضرت عیسی کے مقتول ہونے میں اختلاف کیا ہے وہ اسی قتل کے بارہ میں شک میں پڑے ہوئے ہیں اور علم یقینی اس واقعہ کا اُن کو کچھ بھی حاصل نہیں ہے اور جو کچھ اُنھوں نے کہا ہے اٹکل اور تخمین سے کہا ہے اور یقیناً اُنھوں نے قتل نہیں کیا یعنی قتل بالصلیب نہیں کیا جس کے سبب وہ مصلوب ملعون ہوجاتا ہے بلکہ اللہ تعالے نے اُس کو اپنا مقرب اور مرفوع کیا ہے اور مرفوع و مقرب کیونکر نہ کرتا کہ وہ عزت والا اور صاحب حکمت ہے یعنی اپنے رسولوں کو لعنتی موت سے محفوظ رکھتا ہے جو اُس کی عزت کا مقتضا ہے اور کسی کو رسول کرکر لعنتی موت سے نہیں مارتا یہ اُس کی حکمت کا تقاضا ہے اور جتنے اہل کتاب ہیں سب کے سب اس مضمون بالا پر یعنی اپنے شاک اور متردد ہونے میں قتل بالصلیب سے پیشتر موت سے ہی ایمان و یقین رکھتے ہیں اور ایسا ہونا ہی ضروری ہے کیونکہ جب اول ہی سے کسی واقعہ کے وقوع میں شک اور تردد پڑ جاتا ہے تو پھر متاخرین اُس واقعہ کو متیقن الوقوع نہیں گردان سکتے اور قیامت کے دن خود حضرت عیسی اہل کتاب پر اُن کے اُن افعال شنیعہ کی جو اُن کے ساتھ کئے گئے گواہی دیویں گے کہ باوجود ان تمام منصوبوں کے یہود ناکام رہے اور حضرت عیسی کامیاب ہو گئے کہ قتل صلیبی سے بچ نکلے پس یہود کی رسوائی دنیا میں بھی ہوئی

اور آخرت میں بھی ذلت اور رسوائی اُن کی گواہی سے اُن کو ملے گی اب ناظرین پر واضح ہو گیا ہوگا کہ یہ تاکیدات واسطے نفی قتل کے جو مکرر سہ کرر کی گئیں ہیں اس کا سِرّ یہی ہے کہ حضرت عیسیٰ ملعون نہیں ہیں بلکہ رسول اور نبی برحق اور مرفوع الدرجات ہیں اور نیز مسئلہ کفارہ عیسائیوں کا سرتاپا غلط ہوگیا اب مؤلف کے قاعدہ قصر قلب کو اُسی پر قلب کرتے ہیں کہ آیت مَا قَتَلُوْهُ وَ مَا صَلَبُوْهُ از قبیل قصر قلب منجملہ اقسام قصر الموصوف علی الصفۃ کے ہے اور تنافی الوصفین اگرچہ بنابر تحقیق شرط نہیں قصر قلب کے لئے مگر احد الوصفین کا ملزوم نہ ہونا دوسرے وصف کے لئے بالاتفاق ضروری ہے تاکہ مخاطب کا اعتقاد برعکس ما یذکرہ المتکلم منصور ہو اور ظاہر ہے کہ ما نحن فیہ میں رفع عزت منافی ہے قتل صلیبی کو اور قتل صلیبی منافی ہے رفع عزت کو اور بہ موجب احکام توریت اور عقائد یہود کے مقربین مقتول بالصلیب نہیں ہو سکتے اور جب کہ معنی رفع کے تقریب کے ہیں دیکھو مفردات راغب اصفہانی وغیرہ میں لکھا ہے کہ الرفع التقریب اور تقریب عام ہے خواہ بعد موت کے ہو یا قبل اُس کے تو ارادہ رفع روح کا یعنی مقرب الی اللہ ہونا کب مستلزم ہے جمع بین الحقیقت و المجاز کو کیونکہ ہم ثابت کر چکے ہیں کہ درصورت ہونے کلمہ الی کے صلہ رفع کا اپنے حقیقی معنوں میں رفع مستعمل ہوا ہے نہ مجازی معنوں میں اور نہ مقتضی ہے وقوع کذب کو آیت مذکورہ میں کیونکہ ہم یہ بھی ثابت کر چکے ہیں کہ محکی عنہ یعنی مرفوع الدرجات ہونا حضرت عیسیٰ کا قبل واقعہ صلیب کے بھی موجود ہے بعد ملاحظہ ماضویت * اضافیہ کے اور مخاطب بکلام قصری چونکہ اعتقاد اُس کا صواب اور خطا سے ملا ہوا ہوتا ہے اور غرض متکلم کی اثبات صواب اور نفی خطا کے ہوتی

* ہم کب کہتے ہیں کہ ما بعد بل کے ماضویت بالاضافۃ الی زمان النزول ہے جو محل فصاحت ہو۔ منہ

ہے اور بالخصوص قصر بطریق العطف وجوبا نص علی المثبت و المنفی کا
مقتضی ہوتا ہے بنا برً علیہ آیت میں واسطے ابطال ملعونیت مسیح
کے جو مزعوم یہود کا تھی تصریح رفع روحانی کی ضروری تھی جو کی
گئی اور موت طبعی کا ذکر متوفیک کے ضمن میں آ گیا ہے دیکھو
عبارت صاحب کشاف کی جو خود ممیز صفحہ ۵۹ میں نقل کی ہے بس
بے محل عبارت بل بقی حیًا ثم توفہ اللہ و رفعہ الیہ کا زیادہ
کرنا فصاحت و بلاغت قرآن کریم کو جو اعلیٰ مرتبہ اعجاز کا ہے مخل ہے
یہاں تک تو کلام بر تقدیر عاطفہ ہونے کلمہ بل کے ہے جیسا کہ مذہب
صحیح ہے اور اگر اس کو حرف ابتدا کا کہا جاوے تو بھی ارادہ معنی
رفع جسمی کا مخل ہوگا فصاحت بلاغت میں کیونکہ متکلم پر وقت تمیز خطا
وصواب اور دھوکا نکالنے کے تصریح بہ مثبت و منفی ضروری ہے
اس تقریر سے ظاہر ہوا بطلان قول نحاۃ کا جو قائل ہیں بانحصار کلمہ
بل کے معنے انتقال ہی میں جس وقت مابعد اس کے جملہ ہو کیونکہ
آیۂ مذکورہ منجملہ افراد قصر قلب کے ہے جس میں متکلم کو مزعوم
مخاطب کا ابطال مقصود ہوتا ہے پس ثابت ہوا کہ ہماری طرف
سے جو شہادت نظائر لفظ توفی کے ارادہ معنی موت کے لئے پیش
کی جاتی ہیں بعد مؤید ہونے نص مذکور کے ارادہ موت کے لئے
واجب السماعت ہیں بلکہ میں عرض کرتا ہوں بالفرض اگر نص مذکور
مؤید بھی نہ ہوتی تاہم شہادت مذکورہ علت موجبہ ارادہ معنی موت
کے لئے متوفیک اور فلما توفیتنی سے بالضرور تھی کیونکہ لفظ توفی جگہ
ہزاروں جگہ اسی ایک قبض روح کے معنوں میں محاورہ توفاہ اللہ
میں مستعمل ہوا ہے لاغیر چنانچہ مؤلف صفحہ ۵۳ میں خود اس کا مقر
ہو چکا ہے و المرأ یؤخذ باقرارہ تو معنی مزعوم مخالفین کے نہ
جب کہ قرآن مجید میں آئے ہیں نہ احادیث میں نہ محاورات عرب میں
نہ کتب لغات میں تو پھر اس کے کیا معنے کہ بعد قیام قرینہ صارفہ کے

اُس سے اور معنی مغائر اُس معنی اول کے لے سکتے ہیں کیونکہ اور معنی تو اُس قسم کے محاورہ کے کہیں آئے ہی نہیں اور یہ تو مخالفین کی بڑی جہالت اور سفاہت ہے کہ صرف وہی اقوال جو متعلق معنی مخترعہ لفظ متنازعہ فیہ کے ہیں اُن کو اپنے استدلال میں پیش کرنا کیونکہ یہ تو مصادرہ علی المطلوب ہے جو ہرگز جائز نہیں ایسے محل پر واسطے اجتناب کرنے مصادرہ علی المطلوب سے دیگر نظائر کا پیش کرنا ضروری ہے جو نہ آج تک مؤلف صاحب نے اور نہ اور کسی نے پیش کیا ہے اور ایسے معنی مخترعہ کے سلئے نہ وہ حدیث جو اُن معنی پر دال نہ ہو قرینہ ہو سکتی ہے نہ اور کچھ۔

قولہ ذرا غور سے ملاحظہ کیجئے الی قولہ اور پھر رسالہ فارسی ملاحظہ فرمادیں۔

اقول اس قول میں جو مؤلف صاحب نے اغلاط کئے ہیں بسبب طول کلام کے ہم اُس میں گفتگو نہیں کر سکتے صرف اس قدر ناظرین کو متنبہ کئے دیتے ہیں کہ جو الفاظ بطور نظیر کے توفی کے لئے مثل لعل اسف مصباح صلوٰۃ کنز قنوت اور بروج کے لکھے ہیں اُن کو دوسرے معنے خواہ لغوی ہوں یا مجاز کے طور پر کلام عرب میں مستعمل ہوے ہیں بہ خلاف محاورہ توفاہ اللہ کے کہ سوا ے قبض اللہ روحہ کے اور کسی معنوں میں مستعمل ہی نہیں ہوا پس قیاس کرنا محاورہ توفاہ اللہ کا اوپر لفظ لعل وغیرہ کے کیسا قیاس مع الفارق ہے ورنہ مؤلف ثابت کرے کہ سوا ے متوفیك اور فلما توفیتنی کے جو متنازعہ فیہ ہے کلام عرب میں کون سی ایسی نظیر توفی کی ہے جس سے معنے توفیتنی کے اقبضتنی یا رفعتنی یا اخذتنی وافیا مراد ہو اور بل رفعه الله الیه کا مؤید ہو تا واسطے لینے معنی موت کے متوفیك اور توفیتنی متعدد جگہ پر ثابت ہوچکا پس یہ آیت غیر معنی موت کے لئے کیونکر قرینہ ہو سکتی ہے جب

کہ کسی جگہ پر معنی توفاہ اللہ کے سوار قبض اللہ روحہ کے
آئے ہی نہیں اور جو نص قرآنی آپ نے پیش کی تھی وہ تو حسب
قرائن سیاق و سباق کے ہماری مراد میں یعنی رفع روحانی و تقرب الی
اللہ میں ہی محکم ہوگئی اور احادیث صحیحہ عرفاً بھی ہمارے مذہب کی ہی
مؤید رہیں اور کشف محی الدین بن عربی وغیرہ کا چونکہ کشف کا
کشف ہے ہم کو مضر نہیں تھا سیاق فانتظرہ پس جب کہ مسیح بن مریم
کی وفات ادلہ قطعیہ سے ثابت ہو چکی اور آیت بل رفعہ اللہ
الیہ سے رفع جسمانی مراد لینا ممتنع ثابت ہوا پس در صورت
تعذر حقیقت کے مسیح بن مریم سے مراد بالضرور وہی بروز عیسیٰ بن
مریم نہیں تو اور کیا مراد ہو سکتا ہے

تنبیہ

یہ تو ظاہر ہے کہ بعض احادیث متفق علیہ در بارہ نزول مسیح بن مریم
کے ساتھ قید منکم وارد ہیں چنانچہ اماً مکم منکم اور صحیح مسلم میں
یہ بھی ہے کہ فامکم منکم یعنی امکم بکتاب اللہ و سنت
رسولہ پس جس قدر احادیث کہ اس قید سے مطلق آئی ہیں خواہ صدہا
ہی ہوں وہ جملہ احادیث مطلقہ اس مقید پر محمول کی جاویں گی کیونکہ
قاعدہ متفق علیہا علم اصول کا ہے کہ مطلق مقید پر محمول ہوا کرتا ہے
ارشاد الفحول میں لکھا ہے الثانی ان یتفقا فی السبب والحکم
فیحمل احدھما علی الآخر اتفاقاً و به قال ابوحنیفة وا
رجح ابن الحاجب وغیرہ ان ھذا الحمل ھو بیان للمطلق
ای دال علی ان المراد بالمطلق ھو المقید وقیل انه یکون
نسخاً و الاول اولی وظاھر اطلاقھم عدم الفرق بین ان
یکون المطلق متقدما او متاخرا او جھل السابق فانه یتعین
الحمل الحاصل خود مخبر صادق حضرت خاتم النبیین صلے اللہ علیہ وسلم
نے مراد اپنے ابن مریم سے صاف طور پر بیان فرما دی ہے کہ وہ مسیح بن

مریم موعود ایک امام کتاب و سنت کا ہوگا تمھیں میں سے اگر مراد آپ کی یہ نہ ہوتی تو پھر قید امامکم منکم یا امکم منکم کا کونسا فائدہ معتد بہا کلام متکلم بلیغ میں ہو سکتا ہے بینوا توجروا باقی رہی یہ بات کہ ابن مریم سے مثیل ابن مریم مراد لینا کس قاعدہ سے ہے سو علم معانی و بیان کا مطالعہ کرو جس سے ثابت ہوگا کہ یہ محاورہ کلام عرب بلکہ دیگر السنہ میں بھی اس قدر کثرت سے پایا جاتا ہے کہ اگر اس کے شواہد نقل کئے جاویں تو ایک دفتر طویل ہو جاوے دیکھو تفسیر کبیر میں لکھا ہے کہ اطلاق اسم الشئی علی ما یشابھہ فی اکثر خواصہ وصفاتہ جائز حسن تفسیر کبیر صفحہ ۶۸۹ اور ہم نے اپنے رسائل مؤلفہ میں اس کے شواہد قرآن مجید اور احادیث صحیحہ سے بھی لکھے ہیں افسوس کہ مخالفین وہی اپنی پرانی باتیں کئے جاتے ہیں جن کا ہم جواب شافی و کافی دے چکے ہیں

جواب صفحہ ۱۴ سطر ۴۸

قولہ اب حدیث مندرجہ فتوحات شیخ اکبر کی جس میں تاویل بہ مثیل عیسی ممکن نہیں بیان کی جاتی ہے الی آخر الترجمہ یعنی الی قولہ مگر ہم صاحب کشف والوں کے نزدیک یہ حدیث صحیح ہے۔

اقول جیسا کہ شیخ اکبر کو اس قصہ کی صحت کشف معلوم ہوئی ہے ایسا ہی اگر نضلہ بن معاویہ انصاری کا بھی یہ واقعہ کشفی ہی ہے تو ہم کو مسلم ہے اور ہمارے واسطے کچھ مضر نہیں اور اگر جیسا کہ آپ کے خیال میں ہے ویسے ہی عالم شہادت میں محمول علی الظاہر واقع ہوا ہے تو بہ چند وجوہ فاسد ہے۔ اما اولا انکہ پتھر کے اندرون کسی انسان کا سکونت کرنا بالکل غیر ممکن ہے کیونکہ اندرون پتھر کے سنۃ ضروریہ اور دیگر حوائج انسانیہ کیونکر پورے ہو سکتے ہیں کما قال اللہ تعالی وَمَا جَعَلْنَاهُمْ جَسَدًا لَّا يَأْكُلُونَ الطَّعَامَ و غیر ذلک من الضروریات یہ حواری تو حضرت عیسی سے بھی

اول وجوہ فساد

قصہ زریب بن برتملا

بڑھ گیا حضرت عیسی تو آسمان چہارم کی فضا میں ہی سکونت پذیر تھے مگر یہ حواری اندروں پتھر کے سکونت پذیر ہوا - ثانیاً پتھر پھٹ کر کسی انسان کا اس میں سے نکل آنا حضرت آدم کے وقت سے لے کر اس وقت تک کوئی نظیر اس کی نہیں ملتی العجب ایسے عجیب و غریب معجزہ کو ایک لشکر صحابہ کا معائنہ کرے اور پھر تعجب یہ ہے کہ محدثین اس کی تضعیف کریں اور پھر شیخ اکبر کو اس کی تصحیح کشف سے کرنی پڑے ان ہذا لشئ عجیب اگر ایسا معجزہ عالم شہادت میں واقع ہوتا تو درجہ تواتر کو پہونچ جاتا خصوصاً جب کہ ایک لشکر صحابہ نے معائنہ کیا تھا - ثالثاً کسی انسان کا سر مثل چکی کے پاٹ کے ہو نا محض غیر معتاد اور غیر مشاہد ہے ہاں جنات کی نسبت ایسی تمثلات سننے میں آیا کرتے ہیں مگر کسی انسان کا سر مثل چکی کے پاٹ کے کبھی نہیں سنا گیا اگر کہا جاوے کہ اللہ تعالیٰ کو تو سب طرح کی قدرت ہے تو کہا جاوے گا کہ ہر کہ شک آرد کافر گردد اس کی قدرت میں کس کو کلام ہے یہاں تو ایسے قصہ کے وقوع میں کلام ہے کہ آیا واقع بھی ہوا ہے یا نہیں اللہ تعالیٰ کو بالضرور سب طرح کی قدرت ہے اور یہ بھی قدرت ہے کہ مثلاً مخالفین کے سر یا مہر شاہ صاحب کا سر مثل چکی کے پاٹ کے ہو جاوے تو کیا مخالفین کے سر مثل چکی کے پاٹ کے ہو بھی گئے ہیں جواب اس کا یہی ہوگا کہ قدرت کسی امر پر اور چیز ہے اور وقوع اس امر کا اور چیز ہے ہاں اگر یہ قصہ نضلہ بن معاویہ انصاری کا ایک کشف ہو تو یہ سب کچھ ہو سکتا ہے مثلاً زریب بن برتملا کو حضرت عیسی نے پیشتر اپنی روانگی کے طرف ہندوستان و کشمیر و تبت وغیرہ کے روانہ کر کر حلوان عراق میں (جو ہندوستان اور ملک شام کے راستہ میں پڑتا ہے) مقیم رہنے کو تا نزول اپنے کے اس مقام میں فرما دیا ہو اور بعد نزول حضرت عیسی کے اس پہاڑ میں اس کا انتقال ہو گیا ہو اللہ اس کو اسی جگہ پر حضرت عیسی نے دفن کر دیا ہو اور جو

کچھ فتوحات میں مذکور ہے یہ سب قصہ نضلہ بن معاویہ انصاری کو کشف میں معلوم ہوا ہو تو اس میں کوئی فساد لازم نہیں آتا کہ عالم کشف میں اس قسم کے اسرار مشاہد ہوا ہی کرتے ہیں۔ اور اگر نزول عیسی بن مریم کو زریب بن برتملا کے بیان کے موافق آخر زمانہ میں بھی مانا جاوے تو خود حضرت عیسی نے اپنے دوبارہ آنے کا فیصلہ نزول ایلیا کے قصہ میں فرمادیا ہے اور یوحنا کو فوت اور طبیعت ایلیا میں مان کر یوحنا کو بروزی ایلیا قرار دیا ہے پھر اسی فیصلہ کے بموجب اپنا دوبارہ آنا حواریوں سے بروزی طور پر بیان فرمایا کما حررنا کا سابقاً ورنہ پھر آپ ہی فرماویں کہ جب کہ انکی نبوت کے ثبوت کے لئے بموجب پچھلی کتابوں کے نزول ایلیا کو ایک بڑی علامت گردانا گیا تھا اگر ایلیا بروزی طور پر بصورت یوحنا نہیں نازل ہوا تو پھر حضرت عیسی کی نبوت بموجب اناجیل کے کیونکر ثابت ہوسکتی ہے اور یہود پر کون سی حجت قائم ہوسکتی ہیں اور دیکھئے کہ یہود نے اسی مسئلہ بروزی کو جب تسلیم نہ کیا تو حضرت عیسی کی نبوت سے منکر رہے اوراب تک مکذب ہیں اور جو جو علامات آخر زمانہ کی زریب بن برتملا نے بیان کیں ہیں وہ سب اب موجود ہیں پھر اب نزول عیسی کا کیونکر نہ مانا جاوے اور ہمارا تو مذہب یہ ہے کہ ہر ایک صدی میں جو مجدد آتا ہے وہ اپنے وقت کا مسیحا ہی ہوتا ہے۔ شعر

ابن مددنا در اسلام چو خورشید عیاں کہ بہر دور مسیحا نفسے مے آید

نواحی حلوان جس وقت میں فتح ہوا اُس کا فاتح بھی ایک قسم کا مسیحا ہی تھا اور اُس کا مقابل جو سردار نصاریٰ کا تھا وہ ایک قسم کا دجال تھا ہاں اس زمانہ کا دجال بھی دجال اکبر ہے اور مسیح بن مریم بھی بڑا عظیم الشان مجدد ہے۔ رابعاً نضلہ بن معاویہ انصاری کا یہ کہنا کہ غَابَ عَنَّا یعنی پھر زریب ہم سے بالکل غائب ہوگیا یہ جملہ بھی صریح

دلالت کرتا ہے کہ یہ سب معاملہ کشفی ہے ورنہ پھر غیبوبت دفعۃً کیسی
خاصّتاً جب کہ بہ موجب حکم حضرت عمر کے سعد بن ابی وقاص ۴۰۰۰
مہاجرین اور انصار کے ساتھ ۴۰ روز تک دو بارہ اُسی مقام میں واسطے
ملاقات زریب بن برتملا کے مقیم رہے اور وہاں پر اُس کو چار ہزار
مہاجرین اور انصار جستجو اور تلاش کرتے رہے اگر زریب بن برتملا
اُسی عالم شہادت میں زندہ تھا تو پھر اُن کو کیوں نہ ملا اور اگر کہا جاوے
کہ اُس مقام سے کسی دوسرے مقام کو چلا گیا ہوگا تو کہا جاوے گا
کہ با وجود وصیت حضرت عیسی کے جو اُس کو واسطے سکونت رکھنے اُس جگہ کے
کی تھی تو پھر اُس نے خلاف وصیت کیوں کیا اور پھر وہ وصی کیونکر
رہا اور پھر ایسی مسافت بعیدہ پر کیوں چلا گیا کہ پھر اُس کا پتہ اور نشان
چار ہزار مہاجرین اور انصار کو کہیں نہ ملا۔ اے مؤلف صاحب یہ سب
اس قسم کے فقیحات بعنوان اُمت کے خیالات ہیں جنھوں نے کشفی
امور کو عالم شہادت کا لباس پہنا دیا ہے مگر تمام رویا اور کشف
کو محمول علی الظاہر کرنا خلاف تعلیم اسلام کے ہے و بس۔ اور مؤلف
صاحب سے استفسار ہے کہ سعد بن ابی وقاص کی نسبت لفظ حتی
تنزل بہذا الجبل موجود ہے اور زریب بن برتملا کے ہے نزل بہذا
الجبل جملہ موجود ہے اور پھر مکرر سعد بن ابی وقاص کے لئے فنزل
سعد اس حدیث میں لکھا ہوا ہے تو یہ لوگ کہاں سے نازل ہوئے
تھے جو حضرت مسیح موعود بن مریم کی نسبت فقط ایک لفظ نزول سے
چو تھے آسمان سے اُن کو اُتارا جاتا ہے۔ افسوس کہ ان مخالفین کو
ایک لفظ نزول کی تحقیق بھی نہیں ہے جس کے معنے ایک جگہ سے
دوسرے مقام پر اُترنے کو کہتے ہیں و بس اور بڑا تعجب یہ ہے
کہ یا نو نضلہ بن معاویہ انصاری بسبب قریب غروب ہونے آفتاب
کے اور خوف فوت ہو جانے نماز عصر کے گھبرا گئے اور واسطے نماز
عصر کے اذان دینے لگے اور پھر بعد اذان کے نماز عصر کا بھی کچھ خیال

نہ کیا اور ایک مدت تک وصی عیسی سے گفتگو کرنے لگے یہ گفتگو نضلہ اور وصی عیسی کی اس حدیث میں مذکور ہے قریب دو گھنٹے سے کم میں نہیں ہو سکتی ہیں اُن کو یہ جملہ بھی لکھنا باد نہ رہا کہ حتی زھقت بہم العصر و کادت الشمس تغرب فالجاء نضلہ السبی و الغنیمۃ الی سفح الجبل ہاں اگر یہ قصہ کشفی قرار دیا جاوے تو اس صورت میں کسی طرح کا استبعاد معلوم نہیں ہوتا ایک مدت دراز عالم کشف میں آناً فاناً طے ہو سکتی ہے عجائبات عالم کشف کی نظیر ہمارے واسطے عالم رویا موجود ہے فقس علیہ۔

حلوان عراق جس کا اس روایت میں مذکور ہے وہ ایک بلدہ ہے متصل بلاد جبال کے مراصد الاطلاع میں لکھا ہے منھا حلوان العراق وہی اخر حدود السواد مما یلی الجبال الے قولہ وہی بقرب الجبل و لیس للعراق بقرب الجبل غیرھا۔

قولہ اور پھر شیخ نے ۳۶۰ باب میں حدیث نواس بن سمعان کی ذکر فرمائی ہے جس میں ینزل عیسی بن مریم بالمنارۃ البیضاء شرقی دمشق آو ہے

اقول ہم بڑے افسوس سے ناظرین کی خدمت میں عرض کرتے ہیں کہ جن باتوں کا جواب شافی و کافی ہم دے چکے ہیں انھیں باتوں کو بغیر جواب دیئے مخالفین نقل کر دیتے ہیں چاہیئے یہ تھا کہ ہمارے جوابوں کو رد کر کر اُن باتوں کا اعادہ کیا جاتا نہ یہ کہ بغیر جواب دیئے انھیں پرانی باتوں کا تذکرہ کیا جاتا ہے چنانچہ حدیث نواس بن سمعان کا جواب شافی و کافی ہم رسالہ **تحذیر المؤمنین عن اکفار المسلمین** میں دے چکے ہیں لہذا اس جگہ پر اُس کا اعادہ موجب طوالت پر ملالت سمجھا گیا ناظرین اگر چاہیں تو تحذیر المؤمنین کا مطالعہ فرمائیں و بس۔

قولہ اب ہم بعد پیش کرتے حدیث کشفی محی الدین بن عربی

صاحب کے جو باسناد لکھی گئی۔ آہ

اقول اے مؤلف صاحب ہم ثابت کرچکے ہیں کہ یہ قصہ
نضلہ بن معاویہ انصاری کا سب کشفی ہے اندریںصورت زریب بن برثملا
حواری جو فوت شدوں میں داخل ہے عالم شہادت میں کیونکر آسکتا ہے
وہ تو چار ہزار مہاجرین و انصار کو بھی نہ ملا باوجودیکہ چالیس دن تک
وہ لشکر چہار ہزار مہاجرین و انصار کا اُس کی تلاش اور جستجو کرتا رہا
مگر کہیں اُس کا پتہ نہ لگا پھر جب کہ حضرت عمر اور مہاجرین و انصار کو
نہ ملا تو اب اُس کے ملنے کا مطالبہ بیجا مسیح موعود سے کس طرح پر کرتے
ہیں۔ اور شب معراج میں بھی جو معراج ہوا تھا ہم اُس کو بھی اپنے
رسائل میں ثابت کرچکے ہیں کہ وہ ایک عظیم الشان کشف تھا پھر
عالم ارواح میں جو مذاکرہ ہوا ہے آپ ان کانوں سے کیونکر سُن سکتے
ہیں کہ نہ بہ موجب آپ کے اقرار کے آپ کو وہ اشراق نوری اور انشراح
صدری حاصل ہے جو ایسے عالم روحانی کی باتیں آپ سُن سکیں اگر
یہ سُننے کے لئے تو اور ہی کان ہوتے ہیں۔ **شعر**

گوش خر بفروش دیگر گوش خر ۔ کیں سخن را در نیاید گوش خر

بھلا آپ کو وہ مذاکرہ بھی یاد ہے جو آیات ذیل میں ہوا ہے قال اللہ
تعالیٰ وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِيْ آدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ
وَأَشْهَدَهُمْ عَلٰى أَنْفُسِهِمْ أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰى شَهِدْنَا
أَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ إِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ أَوْ
تَقُوْلُوْا إِنَّمَا أَشْرَكَ آبَاؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِنْ
بَعْدِهِمْ أَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ
الْآيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ اور جب آپ اس مذاکرہ کا یاد
ہونا ثابت کر دکھا وینگے تو ہمارے مسیح موعود اس آپ کے مذاکرہ
مطلوبہ کا واقع ہونا بطور بروز کے ثابت کر دکھا وینگے۔

قولہ اس کے بعد ہم ایک اور حدیث۔ آہ۔

اقول یہ قول محض خلاف ادلہ عقلیہ و نقلیہ کے ہے کما مرّ بیانہ مفصلاً انہ من مسلماتکم اور اگر معنی توفی کے ماتحن فیہ میں انامت کے تسلیم بھی کئے جاویں تو پھر بھی مدعا آپ کا فوت ہے کیونکہ اگر حضرت عیسیٰ کی توفی بطور انامت کے واقع ہوئی ہوتی تو بالضرور پھر دو پہر میں حد درجہ ایک دو دن میں جاگ اُٹھتے اور فیرسل الاخری کا مضمون پیدا ہو جاتا یہ کیسی انامت ہوئی کہ دو ہزار برس گذر گئے ابھی تک فیرسل الاخری کا مضمون واقع نہیں ہوا اس سے صاف ثابت ہوا کہ فیمسك التی قضی علیہا الموت کا مضمون ہی واقع ہوا ہے کیونکہ آیت میں بموجب آپ کے اقرار مندرجہ صفحہ ۵۳ کے دو ہی صورتیں مذکور ہیں ایک ارسال دوسری امساک در صورت انامت کے ارسال واقع ہوتا ہے اور در صورت موت کے امساک جب ہم دیکھتے ہیں کہ قریب دو ہزار برس سے امساک ہی امساک ہے اور ارسال نہیں ہے تو بالضرور ماننا پڑے گا اُسی صورت کو جس میں امساک ہوتا ہے اور وہ موت ہے نہ انامت اور سورہ انعام کی آیت هو الذی یتوفاکم باللیل و یعلم ما جرحتم بالنهار ثم یبعثکم فیه لیقضی اجل مسمی میں جو توفی بمعنی انامت کے ہے وہ بھی رات بھر تک ہوتی ہے نہ دو ہزار برس تک بلکہ اس میں تو تصریح ہے کہ اللہ تعالے رات میں سُلا دیتا ہے اور دن میں اٹھا دیتا ہے حواشی بیضاوی میں لکھا ہے قال الزهري انا قلا عن الامام النفس الانسانية جوهر مشرق روحانی اذا تعلق بالبدن حصل ضوءه فی جمیع الاعضاء و هو الحیوة ففی وقت الوفات ینقطع ضوءه عن ظاهر البدن و باطنه و ذلك هو الموت واما فی وقت النوم فینقطع ضوءه عن ظاهر البدان من بعض الوجوه ولا ینقطع عن باطنه فثبت ان النوم و الموت من جنس واحد

لکن الموت انقطاع تام و النوم انقطاع ناقص انتہیٰ
پس اگر انقطاع ناقص ہوتا تو ضرور بحکم فیرسل الاخرٰی کے حضرت
عیسیٰ جاگ اُٹھتے اور جب کہ دو ہزار برس سے ابھی تک نہیں
جاگے تو معلوم ہوا کہ فیمسک التی قضٰی علیہا الموت کے
مصداق ہو گئے ہیں وبس۔ اور آیت فلما توفیتنی نے تمام نزاع کا
کا فیصلہ کر دیا پس مؤلف صاحب کا ادھر اُدھر ہاتھ پیر مارنا
کچھ مفید مدعا نہ ہو گا صفحہ ۶۹ و ۷۰ میں جو مؤلف نے بحث ارسال
وغیرہ کی عبث اور فضول کی ہے اُس کا کوئی نتیجہ حاصل نہیں
ہو سکتا اگر تسلیم بھی کیا جاوے کہ مرسل حدیث حجت ہے تو اُسی
صورت میں ہے کہ معارض قرآن مجید کے نہ ہو نیز مخالف احادیث
مرفوعہ صحیحہ کے نہ ہو مگر در صورت تعارض کذائی کے مرسل کیونکر
حجت ہو سکتی ہے اور جب کہ در صورت عدم تعارض کے بھی اُس
کا یہ حال ہے کہ فذھب الجمھور الی ضعفہ و عدم قیام
الحجۃ بہ تو در صورت تعارض کذائی کے کون اُس کو تسلیم کر سکتا ہے
لہذا ہم اُن اغلاط کا اظہار اس جگہ نہیں کرتے جو مؤلف نے
بہ صفحہ ۶۹ و ۷۰ بحث ارسال میں کیں ہیں۔ الغرض حدیث کہو
یا قول حسن بصری کا جو ابن کثیر میں ہے یعنی ان عیسیٰ لم یمت و
انہ راجع الیکم جو نص بل رفعہ اللہ الیہ کے مخالف ہے ہرگز
ہرگز حجت نہیں ہو سکتا اور آیت و ان من اھل الکتٰب
اور وانہ لعلم للساعۃ میں کوئی دلالت نزول جسمی مسیح
بن مریم پر نہیں ناظرین کو بہ خوبی معلوم ہو چکا ہے کہ عقیدہ
خیالیہ مخالفین کا نصوص قرآنیہ کے مخالف اور تفسیر القرآن بالاحادیث
الصحیحہ کے بھی معارض ہے و ماذا بعد الحق الا الضلال
قولہ ناظرین انصاف فرماویں کہ مضارع مؤکد بہ لام اور
نون تاکید الی قولہ ایک جگہ بھی بمعنے حال یا ماضی کے نہیں آیا

نظائر لیؤمنن کی قرآن کریم سے ملاحظہ فرماویں۔

اقول اس جگہ پر مؤلف نے اپنے جہلا مریدوں کے لئے نظائر لیؤمنن کی بہت کثرت سے لکھکر فرمایا ہے کہ آپ ایک جگہ بھی قرآن کریم سے نہ سہی اہل لسان کے کلام میں ہی دکھلائیں کہ مضارع مؤکد بہ لام و نون ثقیلہ یا خفیفہ معنی حال یا ماضی میں مستعمل ہو۔ افسوس کہ وہی پرانی باتیں مولوی محمد بشیر کے رسالہ سے لکھدی ہیں اور یہ خبر نہیں کہ ہم نے ان تمام نظائر کے معنے جو صحیح ہیں اپنے رسائل میں مشرح اور مفصل کر کر لکھدے ہیں جنسے مؤلف کے اعتراض کا جواب کافی و شافی حاصل ہو جاتا ہے چنانچہ السید السند حواشی مطول میں فرماتے ہیں قد یقصد بالمضارع الاستمرار علی سبیل التجدد و التقضی بحسب المقامات و وجه المناسبة ان الزمان المستقبل مستمر یتجدد شیئاً فشیئاً ان یراد بالفعل الدال علیه معنی یتجدد علی نحوه بخلاف الماضی لانقطاعه و الحال لسرعة زواله الی اخر العبارة یعنی مضارع سے قصد استمرار کا علی سبیل التجدد اور تقضی کے بحسب مقامات کے قصد کیا جاتا ہے اور صیغہ مضارع کا جو واسطے دلالت کرنے کے اوپر استمرار کے خاص کیا گیا اور ماضی و حال کو استمرار کے لئے مقرر نہ کیا اس کی یہ وجہ ہے کہ زمانہ مستقبل ایک ایسی شے مستمر ہے جو چیزے چیزے متجدد ہوتی رہتی ہے پس جو فعل کہ اس زمانہ متجدد پر دلالت کرے اسی کو دوام تجددی کے واسطے مقرر کیا گیا اور یہی مناسب تھا بہ خلاف ماضی کے کہ وہ منقطع ہو چکا اور زمانہ حال سریع الزوال ہے لہذا صیغہ حال دوام تجددی کے لئے مقرر نہ ہوا۔ اور نیز دوسری جگہ وہی السید السند لکھتے ہیں و قد یقصد فی المضارع الدوام التجددی و قد سبق تحقیقه ایضا قال کما ان المضارع المثبت یفید استمرار الثبوت

یجوز ان یفید المنفی استمرار النفی و غیر ذلک من العبارات الصحیحۃ پھر اس صیغہ مستقبل کے دوام تجددی کے واسطے جیسا کہ حضرت اقدس مرزا صاحب فرماتے ہیں مستعمل ہونے میں کسی خلاف بھی نہیں معلوم ہوتا بلکہ ایک مسئلہ اتفاقیہ علم بلاغت کا ہے اور ظاہر ہے کہ جب صیغہ مستقبل سے استمرار مراد ہوا تو پھر ازمنہ ثلاثہ بھی اسمیں شامل ہوگئے مثلاً آیت وَالَّذِیْنَ جَاھَدُوْا فِیْنَا لَنَھْدِیَنَّھُمْ سُبُلَنَا میں لام تاکید اور نون تاکید موجود ہے لیکن اس جگہ پر مجرد استقبال مراد لیا جاوے تو معنے فاسد ہوجاتے ہیں کیونکہ یہ وعدہ صرف زمانہ آیندہ کے لئے ہوا جاتا ہے اور حال میں جو لوگ مجاہدہ میں مشغول ہیں یا پہلے مجاہدات بجا لاچکے ہیں وہ خدا تعالیٰ کی راہوں سے بے نصیب رہیں پس یہ معنے ہرگز مراد الٰہی نہیں ہیں بلکہ اس آیت میں عادت مستمرہ جاریہ دائرہ بین الازمنۃ الثلاثہ کا بیان ہے جس کا حاصل مطلب یہی ہے کہ ہماری یہی عادت ہے کہ مجاہدہ کرنے والوں کو اپنی راہیں دکھلا دیا کرتے ہیں کسی زمانہ کی خصوصیت نہیں بلکہ سنت مستمرہ دائرہ سائرہ کا بیان کیا گیا ہے جس کے اثر سے کوئی زمانہ باہر نہیں۔ اور مثلاً کَتَبَ اللّٰہُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَ رُسُلِیْ میں صیغہ لاغلبن لام تاکید اور نون تاکید کے ساتھ ہی فرمایا گیا ہے یہاں پر بھی یہ آیت ہر ایک زمانہ میں سنت دائرہ اور عادت مستمرہ الٰہیہ کا بیان کر رہی ہے یہ نہیں کہ آیندہ رسول پیدا ہوں گے اور خدا انھیں غالب کرے گا بلکہ مطلب کلام بلیغ الٰہی کا یہ ہے کہ کوئی زمانہ ہو حال یا استقبال یا گذشتہ سنت اللہ یہی ہے کہ رسول آخر کار غالب ہی ہو جاتے ہیں۔ یا مثلاً مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَکَرٍ اَوْ اُنْثٰی وَھُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْیِیَنَّہٗ حَیٰوۃً طَیِّبَۃً وَلَنَجْزِیَنَّھُمْ بِاَحْسَنِ مَا کَانُوْا

يَعْمَلُوْنَ میں بھی لام تاکید اور نون تاکید ثقیلہ موجود ہے اگر اس آیت کو صرف زمانہ مستقبلہ سے متعلق کردیا جاوے تو یہ معنی ہوے جاتے ہیں کہ گذشتہ اور حال میں تو نہیں مگر آیندہ کوئی نیک عمل کرے تو اُس کو یہ جزا دی جاوے گی اس معنی سے یہ ماننا پڑیگا کہ خدائیتعالی نے آیت کے نزول کے وقت تک کسی کو حیات طیبہ عنایت نہیں کی تھی فقط یہ آیندہ کے لئے وعدہ تھا لیکن جس قدر ان معنوں میں فساد ہے وہ کسی عقلمند پر مخفی نہیں اور مثلاً آیت ولینصرن الله من ینصره ان الله لقوی عزیز میں لفظ لینصرن کے آخر میں بھی نون ثقیلہ موجود ہے لیکن اگر اس آیت کے یہ معنی کریں کہ آیندہ کسی زمانہ میں اگر کوئی ہماری مدد کرے گا تو ہم اُس کی مدد کریں گے تو یہ معنی محض فاسد اور خلاف سنت مستمرہ الٰہیہ کے ہیں کیونکہ الله جل شانہ کی تو قدیم سے یہ سنت مستمرہ چلی آئی ہے کہ وہ اُس کے دین کی مدد کرنے والوں کی مدد ہمیشہ کیا کرتا ہے یہ کیونکر کہا جا سکتا ہے کہ پہلے تو نہیں مگر آیندہ کسی نامعلوم زمانہ میں اس قاعدہ کا پابند ہو جاوے گا وبس۔ اور مثلاً آیت وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصّٰلِحِيْنَ میں ذرا غور کی جاوے اگر اس جگہ آپ کے طرز پر معنے کیے جاویں تو اس قدر فساد لازم آتا ہے جو کسی پر پوشیدہ نہیں کیونکہ اس صورت میں ماننا پڑتا ہے کہ یہ قاعدہ آیندہ کے لئے باندھا گیا ہے اور اب تک کوئی شخص نیک اعمال بجا لاکر صلحا میں داخل نہیں کیا گیا گویا آیندہ کے لئے گنہگار لوگوں کی توبہ منظور ہے اور پہلے اس سے یہ دروازہ بند رہا ہے۔ اے پیر صاحب میں کہاں تک اس کی نظائر قرآن مجید سے پیش کروں کہ رسالہ طویل ہو جاوے گا اور مجھکو تاکید اختصار کی ہے آپ کو اگر شرح و بسط سے اس لام تاکید اور نون تاکید ثقیلہ کی بحث

دیکھنی منظور ہو تو ہمارے رسائل اعلام الناس حصہ سوم وغیرہ کو ملاحظہ فرماؤ
تب حقیقت حال نون ثقیلہ کا آپ کو پتہ لگے گا۔

قولہ دوسرا **قبل موتہ** کا جو آپ نے معنی کیا ہے الخ

اقول اولاً یہ گذارش ہے کہ آیت وَاِنْ مِّنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ الخ میں فی وقت نزول عیسیٰ بن مریم فی آخر الزمان جو قید بڑھاتے ہیں آیت میں اس قدر عبارت کہاں مذکور ہے اور اگر محذوف ہے تو اُس کے حذف کا کون سا قرینہ آیت میں موجود ہے اگر کہو کہ حضرت ابو ہریرہ کا بر وقت روایت کرنے حدیث نزول مسیح موعود کے اس آیت کا پڑھنا ہی قرینہ ہے اس قدر عبارت کے محذوف ماننے کا تو ثانیاً یہ عرض ہے کہ ابو ہریرہ کے قول میں یہ عبارت کب مذکور ہوئی ہے وہ حدیث کو روایت کرکر صرف یہ فرماتے ہیں کہ فَاقْرَؤُا اِنْ شِئْتُمْ وَاِنْ مِّنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ الخ اس قول سے البتہ اسقدر معلوم ہوتا ہے کہ زمانہ نزول عیسیٰ مریم کا اس آیت کے مضمون کے ساتھ مناسبت رکھتا ہے جس مناسبت کی وجہ سے اُنھوں نے اس آیت کو پڑھا اور فرمایا کہ فاقرءوا۔ ان شئتم وان من اھل الکتب الخ اور وہ مناسبت یہی ہے کہ تمام اہل کتاب کا استمراراً اور دواماً یقین اور اذعان کرنا مضمون ماقبل آیت پر جو قبل موت مسیح کے واقع ہوا ہے جس سے کسر صلیب لازم آتا ہے زمانہ مسیح موعود کے ساتھ زیادہ تر مناسبت رکھتا ہے یعنی یہ مضمون آیت کا مسیح موعود کے نزول کے وقت زیادہ تر منکشف ہو جاوے گا کیونکہ اُس کے وقت میں قتل صلیبی کی نفی دلائل واضحہ سے کی جاوے گی گویا ابو ہریرہ کے ذہن میں یکسر الصلیب اور یقتل الخنزیر کا مطلب اور وَاِنْ مِّنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ اِلَّا لَیُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ سے مراد دونوں باہم یکساں اور قریب قریب ہیں اس واسطے ابو ہریرہ نے یکسر الصلیب اور یقتل الخنزیر جن سے مراد ابطال دین نصرانیہ کا ہی روایت فرما کر اس بات کی طرف اشارہ کیا کہ وَاِنْ مِّنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ الخ سے بھی قریب قریب یہی مطلب معلوم ہوتا ہے

کیونکہ جب قتل صلیبی سے حضرت عیسیٰ کو محفوظ و مصئون مانا جاوے تو پھر نہ صلیب پرستی باقی رہتی ہے اور نہ کفارہ اور نہ ابنیت عیسیٰ بن مریم کی اور نہ یہود کا اعتقاد نسبت ملعونیت حضرت عیسیٰ کے قائم رہ سکتا ہے کیونکہ ملعونیت حضرت عیسیٰ کی موقوف ہے قتل صلیبی پر اور جب کہ قتل صلیبی واقع ہی نہیں ہوا بلکہ رفع روحانی بحسب الدرجات ہوا ہے تو پھر رسالت اور نبوت بھی اُن کی ثابت رہی اور یہ سب امور عیسیٰ بن مریم موعود کے زمانہ میں حجت و برہان سے واقع ہوں گی جیساکہ مضمون مُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا کا آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کے وقت میں واقع ہوا لاکن ناظرین کو معلوم ہے کہ حضرت عیسیٰ کی تطہیر جو بموجب اقرار مؤلف کے آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کی تشریف آوری کے بعد واقع ہوئی اُس کی یہ شان تو نہیں تھی کہ تمام یہود اور نصاری حضرت عیسیٰ کی تطہیر پر ایمان شرعی لے آئے ہوں بلکہ یہ تطہیر جس طرح پر حجت و برہان سے واقع ہوئی ہے اُسی طرح پر کسر صلیب اور قتل خنزیر یعنی ابطال دین نصرانیت اُس مسیح موعود کے وقت میں واقع ہوگا جس کا ذکر نزول حدیث مرویہ ابو ہریرہ میں واقع ہوا ہے گویا کسر صلیب کی شہادت کے لئے حضرت ابو ہریرہ نے اس آیت کو پڑھا اور فرمایا کہ فَاقْرَأُوا اِنْ شِئْتُمْ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ پس ناظرین کو معلوم ہوگیا ہوگا کہ حدیث مرویہ ابو ہریرہ کی روایت کے بعد اس آیت کا پڑھنا اس بات کا قرینہ نہیں ہے کہ مضمون عام آیت کو جو اِنْ اور اِلَّا کے ساتھ بیان کیا گیا ہے اُسکو مقید بقید فی وقت نزول المسیح الموعود فی آخر الزمان کیا جاوے کیونکہ صحابہ کرام کی اکثر عادت تھی کہ جس کسی مسئلہ کو یا حدیث کو کسی آیت سے مناسبت ہوتی تھی بعد بیان کرنے اُس مسئلہ کے یا بعد روایت کرنے اُس حدیث کے اُس آیت کو بھی صرف* واسطے اظہار مناسبت کے

* حاشیہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کے کلام میں اس قسم کا استشہاد

پڑھ دیا کرتے تھے یہ مراد اُن کی نہیں ہوتی تھی کہ مضمون عام آیت کا صرف اسی مسئلہ پر یا حدیث خاص کے ساتھ مقید ہے بلکہ وہ آیت اپنے عموم پر باقی رہتی تھی کیونکہ العبارۃ لعموم اللفظ لا لخصوص السبب قضیہ مسلمہ ہے و بس - اور یہ جو مؤلف کہتا ہے کہ لفظ قبل مضاف اور موتہ مضاف الیہ کے درمیان مقدر ہو نے لفظ ایمان کی نظیر دکھلاؤ - یہ مؤلف کی بڑی جہالت قواعد اضافت سے ہے ادنیٰ درجہ کے طلبہ بھی جانتے ہیں کہ اضافت ادنیٰ ملابست جائز ہوجاتی ہے پس جب کہ ایک مضاف ایسا ہی کہ اس کو مضاف الیہ سے بواسطہ کسی دوسری شے کے ملابست ہو تو درمیان ایسے مضاف اور مضاف الیہ کے وہ شے محذوف مان سکتے ہیں کما قال اللہ تعالیٰ لِئَلَّا يَكُونَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ بعد الرسل دیکھو یہاں پر لفظ بعد الرسل کی طرف مضاف ہے اور الرسل مضاف الیہ ہے اور ان دونوں کے درمیان لفظ ارسال محذوف مان سکتے ہیں تقدیر عبارت یوں ہو گی کہ بعد ارسال الرسل ایضًا قال تعالیٰ یخصفان علیہما من ورق الجنۃ لفظ ورق مضاف ہے اور الجنۃ مضاف الیہ ہے اس مضاف اور مضاف الیہ کے مابین لفظ اشجار محذوف مان سکتے ہیں یعنی من ورق

موجود ہے عن علی رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما منکم من احد الا وقد کتب مقعدہ من النار و مقعدہ من الجنۃ قالوا یا رسول اللہ افلا نتکل علی کتابنا و ندع العمل قال اعملوا فکل میسر لما خلق لہ اما من کان من اھل السعادۃ فسییسر لعمل السعادۃ و اما من کان من اھل الشقاوۃ فسییسر لعمل الشقاوۃ ثم قرء فَأَمَّا مَنْ أَعْطَىٰ وَاتَّقَىٰ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَىٰ الایۃ متفق علیہ

اشجار الجنۃ ایضًا تلک القریٰ نقص من انبآئھا مابین انبار مضاف اور ضمیر یا مضاف الیہ کے لفظ اہل محذوف مان سکتے ہیں تو علیٰ ہذا القیاس بقرینہ لفظ لیؤمنن کے مابین قبل اور موتہ کے لفظ الایمان کو مقدر مانکر قبل الایمان بموتہ مقدر کر سکتے ہیں اس میں کونسا محذور نحوی لازم آتا ہے مؤلف بیان کرے

قولہ یہ تقریر مرزا صاحب کی چونکہ الہامی ہے لہذا مؤلف رسالہ اعلام الناس فاضل امروہی صاحب کو بھی بمجبوری تسلیم کرنی ہوگی۔

اقول کیا آپ کے نزدیک الہام * حجت نہیں ہے اگر نہیں ہے تو ہمارے ان ادلہ شرعیہ یقینیہ کا نقض کیا جاوے جو اعلام الناس حصہ دوم وغیرہ میں مندرج ہیں اور جنکا جواب مخالفین سے آج تک نہیں ہو سکا اور بٹالوی نے بھی اُن کے مقابلہ میں آج تک سکوت ہی اختیار کیا ہے باوجودیکہ یہ حصہ دوم خاص بٹالوی کے رد میں لکھا گیا ہے اور چونکہ آپ کے مسلمات سے ہے کہ لا یکون الرجل فقیہا کل الفقہ حتی یری للقرآن وجوھا کثیرۃ دیکھو صفحہ ۵ کو تو پھر یہ قول آپ کا ناشی جہالت سے نہیں تو پھر اور کیا ہے کہ فاضل امروہی صاحب کو تو جناب مرزا صاحب نے اور ان کو محاورہ قرآنیہ نے صاف جواب دے دیا۔ اب ناظرین پر بطلان تقریر مؤلف صاحب کا بشہادت قرآن کریم ظاہر ہوگیا ہوگا معنی آیۃ کا وہی ہے جو حسب محاورہ قرآن مجید بھی ہو اور عبارت طویلہ کا اُس میں اپنی طرف سے مقدر کرنا پڑے اور قول ابوہریرہ سے بھی موافق و مناسب ہو جاوے اور قول ابن عباس متوفیک ممیتک کے بھی مطابق رہے اور خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اپنی توفی اور حضرت عیسیٰ ؑ کی

* یعنی الہام متحدیانہ اُس ملہم کا جس کی ملہمیت بدلائل یقینیہ ثابت ہوچکی ہو نہ ہر کس و ناکس کا الہام کہ وہ تو ہمارے نزدیک بھی حجت نہیں ہے ۔ منہ

توفی کو یکساں بلاکسی تفاوت کے اصح الصحیح بعد کتاب اللہ میں بیان فرمایا ہے
اُس سے بھی متوافق ہو جاوے۔

قولہ لیؤمنن کے مستقبل ہونے میں تو سب متفق ہیں
مگر ارجاع ضمائر میں اختلاف رکھتے ہیں۔

اقول مجھکو مخالفین کی بیچارگی پر بڑا رحم آتا ہے سب طرح سے
ہاتھ پیر ایدھر اودھر مارتے ہیں لیکن محض بے سود اول مولوی بشیر نے
آیت لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ کو نزول مسیح پر فی اخر الزمان قطعی الدلالۃ
قرار دیا تھا جب تار و پود اُس کے استدلال کا ہم نے حصہ سوم اعلام
الناس میں اُدھیڑ کر پھینک دیا جس کا جواب آج تک مولوی بشیر سے
نہیں ہو سکا تو اب مؤلف صاحب نے اس آیت کو قطعی الدلالت نہ رکھا بلکہ
ظنی الدلالت ہونے کے قائل ہوئے اور بعوض اس کے آیت بَلْ رَّفَعَهُ
اللّٰهُ اِلَيْهِ کو قطعی الدلالت ہونے کا قول کیا مگر ناظرین کو معلوم ہو گیا ہوگا
کہ آیت وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ میں
تو کوئی دلالت نزول مسیح موعود فی آخر الزمان پر ہے ہی نہیں نہ دلالت مطابقی
ہے نہ دلالت تضمنی نہ دلالت التزامی صرف مخالفین کا خیال ہی خیال ہے اور
آیت بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ کی جو تفسیر حسب سیاق وسباق و رعایت قواعد
نحو و بلاغت وغیرہ کے ہم نے کی ہے وہ رفع روحانی مسیح پر دلالت
قطعی کرتی ہے اور رفع جسمی کی نفی کرتی ہے۔

اب مؤلف صاحب کی خدمت میں یہ عرض ہے کہ ارجاع ضمائر میں جو
مفسرین کا اختلاف تھا اُس کا فیصلہ تو ہم نے بہ دلائل کتاب و سنت کردیا
اور آیت بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ کا قطعی الدلالت ہونا رفع روحانی
پر ثابت ہو چکا اور یہ برکات فہم علوم قرآن کے اُسی مسیح کے نزول کے
طفیل سے نازل ہو رہے ہیں جس کی نسبت مخبر صادق نے فرمایا تھا کہ
امامکم منکم اور شرح اس جملہ کی شارحین حدیث یہ لکھ گئے تھے کہ امّکم
بکتاب ربکم و سنت نبیکم لہذا اب حسب فیصلہ اس امام کتاب

ازالہ صفحہ ۶۴۳ و ۶۴۴

و سنت کے آپ پر فرض ہے کہ آیات متنازعہ فیہا پر ایمان لے آویں ورنہ ممکن نہیں ہے کہ آپ ہمارے ادلہ قطعیہ یقینیہ کو منقوض کر سکیں کیونکہ وما ذا بعد الحق الا الضلال۔

قولہ اور ثبوت ایک شے کا دوسری چیز کے لئے چاہتا ہے کہ مثبت لہ یعنی وہ دوسری چیز پہلے موجود ہو۔

اقول وقت نزول مسیح کا تو آیت میں کہیں ذکر ہی نہیں ہے جو ضرور وہی اہل کتاب مراد ہوں جو نزول مسیح کے وقت میں موجود ہوں گے پس اقل درجہ اس قدر تو ضروری ہے کہ وقت نزول آیت سے جس قدر اہل کتاب ہیں وہ سب کے سب ایمان لاویں کیونکہ آیت میں الا بعد نفی کے واقع ہوا ہے یعنی ان و ان من اھل الکتب میں بہ معنی نفی ہے اور الا اس کے بعد تو بنا بر قاعدہ مسلمہ کہ استثنا منفی سے مفید اثبات ہوتا ہے آیت مذکورہ بھی کلام ایجابی ہوگئی اور ثبوت ایک شے کا دوسری چیز کے لئے چاہتا ہے کہ مثبت لہ یعنی وہ دوسری چیز پہلے موجود ہو اب مطابق قاعدہ مسلمہ آیت مذکورہ میں ایمان لانا ان تمام اہل کتاب کے لئے ہوا جو اقل درجہ وقت نزول آیت سے موجود ہوں پھر وہی کذب کا کذب لازم آگیا جو حضرت اقدس نے ازالہ میں علما پر وارد کیا تھا اور یہ اعتراض بھی قائم رہا کہ احادیث صحیحہ بتلا رہی ہیں کہ مسیح کے دم سے اس کے منکر خواہ اہل کتاب ہوں یا غیر اہل کتاب کفر کی حالت میں مریں گے تب یہ حصر جو نفی اور اثبات سے معلوم ہوتا ہے نزول مسیح کے وقت کے تمام اہل کتاب کے لئے درست نہ ہوا۔

قولہ اس فقرہ حدیث صحیح کو بوجہ عدم قبول تاویل کے حسب مطلب اپنے کے آپ کاٹنا چاہتے ہیں۔ اھ

اقول اے مؤلف صاحب آپ کی تاویلات رکیکہ سے کیا ہوتا ہے نصوص قطعیہ قرآن مجید کی باواز بلند کہہ رہی ہیں کہ سلسلہ کفر کا بھی قیامت تک باقی رہے گا خواہ مغلوب ہو کر ہی ہو کما قال تعالیٰ وَجَاعِلُ

الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ایضًا کما قال تعالیٰ وَ اَغْرَیْنَا بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ان آیتوں سے بطور منصوص کے ثابت ہوا کہ ایسا زمانہ قیامت تک کبھی نہیں آسکتا کہ بسیط الارض پر کوئی فرقہ کفرہ فجرہ کا باقی نہ رہے ہاں البتہ غلبہ اہل اسلام اور اسلام کا کبھی جسمانی طور پر اور کبھی روحانی طور پر اور کبھی دونوں طرز پر بالضرور ہوگا جیسا کہ هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ کا منطوق ہے اور یہی ہے تمام ادیان باطلہ کا ہلاک ہونا مسیح موعود کے وقت میں چنانچہ مفسرین نے اس آیت کو زمانہ مسیح موعود کے واسطے لکھا ہے لیکن جمیع من فی الارض کی ہدایت تو مشیۃ الٰہیہ کے محض خلاف ہے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَ لَوْ شِئْنَا لَاٰتَیْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَ لٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّیْ لَاَمْلَــٴَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ اَجْمَعِیْنَ۔ ایضًا قال تعالیٰ وَ لَوْ شَآءَ رَبُّكَ لجعل الناس امة واحدة ولا یزالون مختلفین الا من رحم ربك و لذالك خلقهم و تمت کلمة ربك لاملئن جهنم من الجنة و الناس اجمعین۔ و غیر ذلك من الایات الکثیرة اس آیہ اخیرہ میں مؤلف کہتا ہے کہ استثنا الا من رحم ربك موجود ہے۔ اور استثنا زمانیات کا مستلزم ہے استثنار زمان کو لہذا مسیح کے وقت سب کا مرحوم ہونا اور سب کا متفق ہونا ملۃ واحدہ پر ممکن ہوگا انتہی ایها الناظرون یہ قاعدہ مخترعہ مؤلف کا قابل غور ہے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن مجید میں جس جگہ اور جس آیت میں ایسا استثنا الا کے ساتھ آیا ہے وہ آیت مؤلف کے نزدیک زمانہ مسیح کے ساتھ ہی مخصوص ہے مثلاً فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَ الْعَصْرِ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ تَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَ تَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ۔ اس سورہ کو مسیح کے زمانہ کے ساتھ مؤلف کے نزدیک اسوجہ سے خصوصیت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کے وقت سے لے کر بلکہ حضرت آدم

مسیح کے وقت سے لے کر اس دم تک ایسا زمانہ کوئی نہیں آیا کہ تمام انسان
مومن صالح الایمان وغیرہ ہو جاویں اور استثنا زمانیات کا مستلزم ہے استغراق
زمان کو لہذا مسیح کے وقت سب کا مومن صالح الاعمال وغیرہ ہونا ممکن
ہوگا۔ ایضًا فرمایا اللہ تعالی نے ثُمَّ رَدَدْنَاهُ اَسْفَلَ سَافِلِيْنَ
اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ۔ یہ آیۃ
بھی مؤلف صاحب کے نزدیک زمانہ مسیح سے ہی مخصوص ہوگی کیونکہ
اس میں بھی وہی قاعدہ موجود ہے کہ استثنا زمانیات کا مستلزم ہے
استغراق زمان کو لہذا مسیح کے وقت سب کا مومن صالح الاعمال ہونا ممکن
ہوگا ایضًا فرمایا اللہ تعالے نے سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى اِلَّا مَا شَاءَ
اللّٰهُ چونکہ اس آیت میں بھی اِلَّا حرف استثنا کا موجود ہے اور استثنا زمانیات
کا مستلزم ہے استغراق زمان کو لہذا آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کے
زمانہ میں ایک ایسا زمانہ بھی مؤلف صاحب کے نزدیک ضرور آیا ہو
گا کہ جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے نعوذ باللہ تمام قرآن
مجید کو نسیًا منسیًا کردیا ہوگا ثم نعوذ باللہ منہ مجکو مؤلف صاحب کے
علم پر افسوس آتا ہے کہ مؤلف ابھی تک استثنا کو بھی نہیں سمجھا اُس نے
حقیقت استثنا یہ سمجھ رکھی ہے کہ مستثنی منہ حرف استثنا کے لانے سے کل مستثنی ہو جاتا ہے
حالانکہ مستثنی منہ ایک ایسی شے عام ہوتی ہے جو مستثنی اور غیر مستثنی کو
شامل ہوتا کہ بذریعہ حرف اِلَّا اُس شے عام میں سے مستثنی کو نکالا جاوے
یہ ہرگز ممکن نہیں کہ کل مستثنی منہ کو حرف اِلَّا سے مستثنی کر لیا جاوے
کہ یہ استثنا تو بالکل باطل ہے کیونکہ مَا جَاءَنِی الْقَوْمُ اِلَّا الْقَوْمَ ایک
کلام محض لغو اور بیہودہ ہے جو کسی طرح پر صحیح اور درست نہیں ہو سکتا
پس لَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ عام اور شامل ہے من رحم اور غیر من
رحم کو جب بذریعہ اِلَّا کے اُس میں سے من رحم کو نکال لیا تو غیر مرحوم
باقی رہ گئے جو وہی مختلفین ہیں اور غیر مرحوم ہیں پس وہی کافر ہیں
اور جب کہ استثنا کل زمانیات کا محض باطل ہوا تو استثنا زمانہ کا بھی باطل

ہو گیا اور اگر مؤلف کہے کہ یہاں پر استثنا منقطع ہے کہ جس میں مستثنیٰ مستثنیٰ منہ میں داخل نہیں ہوتا اندریں صورت مستثنیٰ منہ ایک ایسی شئے عام نہ ہوئی جو شامل ہو مستثنیٰ اور غیر مستثنیٰ کو تو بھی ہماں آش در کاسہ ہے بلکہ زیادہ تر فساد لازم آتا ہے کیونکہ اللہ تعالےٰ یہاں پر نوع انسان اور جن کی لئے فرماتا ہے کہ لَا یَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِیْنَ اور ایک تیسری نوع مثلاً ملک کو بذریعہ حرف اِلَّا کے مستثنیٰ فرماتا ہے بطور استثنا منقطع کے اندریں صورت ایک بڑی قباحت یہ لازم آتی ہے کہ نوع جن و انس میں کسی زمانہ میں کوئی فرد بھی مرحوم ہو سکے مختلفین سے برآمد نہیں ہو سکتی اور بالکل معنی فاسد ہوسے جاتے ہیں ایہا النّاظرون نصوص قطعیہ کا رد کرنا اور جن احادیث کے معنی صحیح اور درست موافق نصوص ہو سکتے ہیں اُن معنی کو تسلیم نہ کرنا اور طرح طرح کے مفاسد تعلیم اسلام میں شامل رکھنا کس قدر الحاد اور زندقہ ہے جس حدیث میں وارد ہے کہ زمانہ مسیح میں کل ملل باطلہ ہلاک ہو جاویں گے سوائے اسلام کے اور کوئی ملۃ نہ رہے گی اس سے مراد یہی ہے کہ حجت اور برہان سے دین اسلام کل ملتوں پر غالب ہو جاوے گا اور باقی ملل مردہ اور ہلاک ہو جاویں گے یہی مضمون بعینہ قرآن مجید میں موجود ہے لیظہرہ علی الدین کلہ اور نیز فرمایا لیہلک من ھلک عن بینۃ و یحیی من حی عن بینۃ ان معنی کو چھوڑ کر ایسے فاسد معنی کرنا جس کو عقل بھی قطعی رد کرتی ہے اور نصوص قطعیہ قرآن مجید کے اُس کو رد کرتے ہیں یہی تو شیوہ یہود کا تھا جو آپ جیسے علمار امت نے اختیار کیا ہے۔

قولہ پس وہم امروہی صاحب کا اعلام الناس میں مرزا صاحب کے حلیہ کے بارہ میں جو بخاری کی حدیث سے ثابت کرتے ہیں اس تطبیق سے دفع ہو گیا۔

اقول مؤلف اختلاف بیّن بین الحلیتین کی یہ تاویل کرتا ہے کہ سُرخ رنگ سے مراد ایسی سرخی ہے جو کم ہو اور گندمی رنگ بھی

اُسے کہہ سکیں اور گھونگر والے بال سے کم گھونگر وال ہوتا ہے جس کو سیدھے بال والا کہہ سکیں لہذا یہ دو حلیے جو بظاہر مختلف دو شخصوں کی معلوم ہوتے ہیں ایک ہی شخص یعنی مسیح بن مریم بنی اسرائیلی کا ہی حلیہ ہے نہ دو شخصوں کا اس تاویل بعید اور سخیف کا رد خود حدیث متفق علیہ میں موجود ہے عن عبد اللہ بن عمران رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم قال رائیتنی اللیلۃ عند الکعبۃ فرایت رجلا ادم کاحسن ما انت راء من ادم الرجال الحدیث جس کے معنی ہیں نہایت عمدہ گندمی رنگ آدمی ظاہر ہے کہ سرخ رنگ والے کو عمدہ گندمی رنگ نہیں کہا جا سکتا علی ہذالقیاس لفظ سبط کا جعد پر ہرگز ہرگز اطلاق نہیں ہوسکتا کیونکہ لفظ سبط جس کے معنی سیدھے بال والے کے ہیں جعد کا نقیض ہے کما فی القاموس السبط و یحرک و ککتف نقیض الجعد اور ظاہر ہے کہ ایک نقیض کا اطلاق دوسرے نقیض پر ہرگز نہیں ہو سکتا یہ حلیہ تو مسیح موعود کا ہے جو بروزی طور پر عیسی بن مریم ہے اور خاص عیسی بن مریم کا حلیہ یہ ہے فاما عیسے فاحمر جعد کما یعنی الصلوٰۃ ہے پس از روے لغت عرب کے ظاہر ہے کہ پہلا حلیہ دوسرے حلیہ پر اطلاق نہیں کیا جا سکتا اور دوسری روایت بھی اس تاویل رکیک کو باطل کرتی ہے اور وہ یہ ہے عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ و سلم ورایت عیسے رجلا مربوع الخلق الی الحمرۃ و البیاض ظاہر ہے کہ جو رنگ گندمی ایسا ہو کہ مائل ہو سرخی اور سپیدی کی طرف اس کو بھی احمر یا سرخ رنگ نہیں کہا جا سکتا اور جب کہ ظاہر اور بین طور پر حلیتین کا اختلاف خود الفاظ حدیث سے ثابت ہو گیا تو لا محالہ صاحب حلیہ بھی دو شخص ہوے وھو للمدعا اس حدیث اخیر میں جو لفظ مربوع کا ہے وہ بھی حضرت اقدس مرزا صاحب پر صادق ہے کیونکہ حضرت اقدس نہ طویل القامت ہیں اور نہ قصیر القامت اور نہ فربہ اور سمین ہیں اور نہ دبلے لاغر قد آپ کا سب طرح سے

درجہ اعتدال پر واقع ہوا ہے اور اسی کو مربوع الخلق یا راجہ کہتے ہیں ۔ اب
ہم بموجب علم جغرافیہ کے ثابت کرتے ہیں کہ حضرت عیسی نبی اسرائیلی کا
احمر ہونا ہی ضروری ہے اور مسیح موعود کا ادم اور اسمر اللون ہونا لابد
ہے وجہ یہ ہے کہ رنگ شامیوں کا اکثر احمر ہی ہوتا ہے بشرطیکہ دیگر
اسباب بوجہ تغیر لون کے پیدا نہ ہوئے ہوں و علیٰ ھذا القیاس رنگ اہل
ہندوستان کا باعتبار آب و ہوا و بہ لحاظ حر و برد کے آدم یعنی گندمی
رنگ ہوتا ہے ۔ بشرطیکہ اور اسباب سماوی یا ارضی باعث تغیر لون کے
پیدا نہ ہوئے ہوں اور آدم ابو البشر کو جو آدم کہا گیا اس کی وجہ یہی
ہے کہ وہ گندمی رنگ تھے اور گندمی رنگ اسی وجہ سے ہے کہ ان
کا ہبوط ارض ہند میں ہوا تھا کما فی تفسیر ابن کثیر و قال السدی
قال اللہ تعالیٰ اِهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا فھبطوا و نزل ادم بالھند
معہ الحجر الاسود الی اخرہ و قال عمر ان ابن عیینۃ عن
عطا بن السائب عن سعید بن جبیر عن ابن عباس فاھبط
ادم بدحنا ارض بالھند الی قولہ و عن الحسن البصری قال اھبط
ادم بالھند و حوا بجداۃ اور یہ تو ظاہر ہے کہ رنگ تابع حر و برد کے
ہوا کرتا ہے چونکہ جانب جنوب میں باعتبار وضع قرب آفتاب کے گرمی
زیادہ ہوتی ہے لہذا جنوبی آدمیوں کا رنگ جو حبش وغیرہ ہیں سیاہ
ہوتا ہے اور شمال میں چونکہ سردی زیادہ ہوتی ہے لہذا شمالی لوگوں کا
رنگ سفید ہوتا ہے اور مابین ان دونوں طرفوں کے جس قدر متجاوز ہوتے
جاویں اسی قدر سپیدی یا سیاہی متدرج ہوتی چلی جاتی ہے اور یہ بھی
علم جغرافیہ قدیم میں ثابت شدہ مسئلہ ہے کہ اقلیم رابع وسط میں واقع
ہوئی ہے لہذا وہ اعدل الاقالیم ہے اور اقلیم رابع سے ایدھر ادھر
کی طرف جو اقلیم ثالث اور [illegible] ہیں وہ قریب باعتدال ہیں اور
ثانی اور سادس بعید از اعتدال اور اول اور سابع ابعد از اعتدال
ہیں کیونکہ قرب و بعد آفتاب کے لحاظ سے ہوا کے حار و بارد

ہونے میں بڑا تفاوت پڑ جاتا ہے اور چونکہ ملک شام اقالیم معتدلہ میں واقع ہے لہذا رنگ اُن لوگوں کا سرخ واقع ہوا ہے کیونکہ نضج کامل جو حرارت معتدلہ سے ہوتا ہے وہ حمرت کو مقتضی ہے نظر کرو اخلاط اربعہ کی طرف اور دیکھو انؑ کے الوان کو جو بہ سبب تفاوت درجات حرارت اور برودت کے سرخ سپید سیاہ اور زرد ہو جاتے ہیں اور اہل ہند چونکہ اعدل الاقالیم سے کسی قدر جنوب کو متجاوز ہیں لہذا رنگ اُن کا بہ لحاظ حر و برد کے مائل بہ گندمی ہوا اگر دیگر اسباب بالغہ حادث نہ ہوں خلاصہ کلام یہ ہے کہ حضرت آدم کا نام جو آدم ہوا وہ یہیں وجہ کہ آدم انسان گندم گوں کو کہتے ہیں اور حضرت عیسےٰ چونکہ شامی ہیں لہذا اُن کو احمر کہا گیا۔ گویا حدیث صحیح نے اس بات کی طرف بھی ایک اشارہ لطیف کیا کہ مسیح موعود ہندوستان میں ہوگا تو عیسیٰ موعود کو آدم کہنا اُس کے ہندی ہونے کی طرف اشارہ ہے اور عیسیٰ اسرائیلی جو بزنگ احمر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو رویا میں دکھایا گیا وہ اشارہ تھا کہ یہ شخص شامی ہے ایک اور نکتہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ احادیث صحیح بخاری میں جس مسیح بن مریم کا حلیہ آدم اور سبط الشعر لکھا گیا ہے اُس کے ساتھ ہی ساتھ دجال کا بھی ذکر ہوا ہے اور جس عیسیٰ بن مریم کا حلیہ احمر جعد الشعر لکھا ہے اُس کی بابت دجال مذکور نہیں ہے و بس۔ اور ابن عمر کا حلف کرنا نفی حمرۃ پر صاف دلالت کرتا ہے اور اختلاف حلیتین کے کیونکہ ابن عمر کو صرف ایک روایت مسیح موعود کے گندمی رنگ ہونے کے پہونچی ہے اور ابن عباس کی روایت میں جو احمر جعد عریض الصدر وارد ہے وہ عیسیٰ بن مریم اسرائیلی ہے اور نیز چونکہ عالم کشف اور رویا میں ایسے اشتباہ واقع ہو جاتے ہیں اگر ابن عمر اور ابن عباس کو اتحاد ہر دو مسیح کا اشتباہ روایت کرنے میں بھی ہو گیا تو کیا حرج ہے اب واقعات نے اس اشتباہ کا فیصلہ پورے طور پر کردیا جیسا کہ اکثر پیشین گوئیوں کا تحقیق

فیصلہ بر وقت وقوع کے ہی ہوا کرتا ہے۔
قولہ اور آمنیں عیسے کو بہ نص محکم بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ کے الی قولہ دو بارہ نازل ماننے رہے ہیں پس وہم امروہی صاحب کا اعلام الناس میں مرزا صاحب کے حلیہ کے بارہ میں جو بخاری کی حدیث سے ثابت کرتے ہیں اس تطبیق سے دفع ہو گیا۔
اقول یہ بھی کوئی وجہ تطبیق کی ہے کہ معنی احمر کے جو بہ معنی سرخ رنگ کے ہیں گندم گوں لئے جاویں اور معنی سبط الشعر کے جو سیدھے بال والے کے ہیں گھونگر والے لیئے جاویں اجتماع تناقضین سے کہیں تطبیق ہو سکتی ہے اور پھر اُس حلیہ کی نسبت کیا کہو گے جو ابی سعید سے بروایت حاکم مشکوۃ شریف میں وارد ہے کہ المھدی منی اجلی الجبهة اقنی الانف الحدیث یعنی روشن پیشانی والا اونچی ناک والا ہے آخر حدیث تک چونکہ یہ مہدی صدی چہاردہم کا مصداق لا مھدي الا عیسیٰ کا ہے لہذا حلیہ اس مہدی کا جو اس حدیث میں مذکور ہے حضرت اقدس میں موجود ہے اور پھر ایک حلیہ ہی تو دلیل مہدویت نہیں بکثرت احادیث صحیحہ ایسی موجود ہیں جن سے مکذبین کو مفر نہیں مل سکتا مثلاً **حدیث** ان الله یبعث لهذه الامة علی راس کل مائة سنة من یجدد لها دینها رواہ ابو داؤد و رواہ الحاکم فی المستدرک دیکھو سر صدی موجود ہے جس میں سے ۱۷ برس گذر چکے اگر یہ مدعی جس نے اپنے دعوی پر صدہا نشان آسمانی دکھائے مجدد اس صدی کا نہیں ہے تو پھر وہ حدیث جس کو تمام محدثین اور شراح حدیث قرنا بعد قرن تصدیق و تسلیم کرتے چلے آئے ہیں نعوذ باللہ غلط ہوئی جاتی ہے یا **حدیث** تقوم الساعة و الروم اکثر الناس رواہ احمد و ابو داؤد جمع الغایة فی البدر والنہایہ میں لکھا ہے و از انجملہ کثرت حکومت نصاری ست مسلم از مستورد روایت کردہ کہ فرمود رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم برپا شود قیا و

باشند روم بیشتر از ہمہ کس مراد به روم- در این جا نصرانیاں یند که قریب زمانہ قیامت بسیار شوند و حاکم اکثر روے زمین گردند۔ و مصداق اینجر از مدت یک صد سال بلکہ زیادہ در عالم موجود و مشہور ست در رسالہ حشریہ نوشتہ چوں جملہ علامات حاصل شود قوم نصارٰے غلبہ کنند و بر ملک ہائے بسیار متصرف شوند انتہی- **حدیث** یکسر الصلیب اور یقتل الخنزیر بھی اسی بات پر دلالت کرتی ہے کہ مسیح موعود کے وقت میں غلبہ دین نصرانیت کا ہوگا کیونکہ کسر صلیب مراد آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کا کیونکر متحقق ہوسکتا ہے جب تک کہ صلیب پرستی کثرت سے نہ ہو۔ **حدیث** اجتماع خسوف و کسوف کے ماہ رمضان شریف میں واسطے تصدیق دعوی مہدویت مہدی موعود کے جو ابتدای خلقت زمین و آسمان سے کبھی نہیں ہوا تھا وہ واقع ہوا یا **حدیث** عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ و سلم و رایت عیسی رجلا مربوع الخلق الی الحمرۃ و البیاض سبط الشعر متفق علیہ کذا فی المشکوۃ میں حدیث میں بھی عیسی موعود کا حلیہ مذکور ہوا ہے اور یہ حلیہ حضرت اقدس پر صادق ہے کیونکہ آپ نہ طویل القامت ہیں اور نہ قصیر القامت اور نہ فربہ اور سمین ہیں اور نہ دبلے اور لاغر قد آپ کا سب طرح سے درجہ اعتدال پر واقع ہوا ہے اور اسی کو مربوع الخلق یا ربعہ کہتے ہیں اور الی الحمرۃ و البیاض جو فرمایا گیا اس کے معنے صاف ظاہر ہیں کہ اسمر اللون یعنی گندم گوں ہیں کیونکہ جب کوئی رنگ مائل بہ سرخی و سفیدی ہوتا ہے اسی کو ادم یا اسمر اللون کہتے ہیں آگے رہا سبط الشعر سو آپ ٹھیک سبط الشعر یعنے سیدھے بال والے ہیں نہ گھونگر بال والے۔ اور **حدیث** عن ابن مسعود لا تقوم الساعۃ حتی لا یحج البیت رواہ ابو یعلی و الحاکم ھکذا فی منتخب کنز العمال صفحہ ۱۳ جلد ۶

اس حدیث کا مصداق بھی واقع ہو چکا چنانچہ ملاحظہ اخبارات سے اور
نیز شہرت عامہ سے ثابت ہے یہاں تک کہ حضرت سلطان روم بھی دول
یوروپ کے ساتھ متفق ہو کر ہر ملک و بلاد کے حجاج کو روک دینے
پر رضامند ہو گئے تھے اسپر کابل شاہ ایران خدیو مصر سلطان شام وغیرہم
نے اپنے اپنے ملک کے حجاج کو روک دیا غرضیکہ لا یحج البیت کا
مصداق پورا واقع ہوا اور اغلب ہے کہ مراد کعب احبار کی انہ یقع فی
زمن عیسیٰ سے اسی حدیث مذکورہ کا مصداق زمانہ عیسی میں واقع
ہونا مطلوب تھا جس کو بعض شراح نے سمجھا کہ ہدم کعبہ زمانہ عیسیٰ
موعود میں ہوگا و ھو غلط فاحش کما بیننا فی رسائلنا۔ اور
حدیث لا تقوم الساعۃ حتی تخرج نار من رکوبۃ تضئ
اعناق الابل ببصری رواہ ابو عوانہ عن ابی الطفیل عن
حذیفۃ بن اسید یعنی نہیں قائم ہوگی قیامت جب تک کہ ظاہر نہ
ہولے سواری میں سے آگ کہ روشن کردیوے اعناق الابل بصری
کو جو ایک قریہ ہے ملک شام میں۔ شارحین حدیث اعناق الابل کے
دو معنے لکھتے ہیں اول تو اونٹ کی گردنیں میرے نزدیک یہ معنی صحیح
نہیں ہیں دوسرے ملک شام میں کچھ پہاڑیاں ہیں جنکا نام اعناق
الابل ہے اس حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ریل
گاڑی اور نیز دخانی جہاز کی نسبت پیشین گوئی فرمائی ہے کہ قریب
قیامت کے ایک سواری نکلے گی جس کی رفتار کی علت آگ ہوگی اور بعض
احادیث صحیحہ میں جو دجال کے بارہ میں ہیں یہ بھی فرمایا گیا ہے کہ معہ
ماء و نار دیکھو تمام کلیں جو اس قوم دجال نے ایجاد کیں ہیں اُن
سب کی کار روائی پانی اور آگ سے ہے لا غبر علی ھذا القیاس
ریل گاڑی بھی علت رفتار آگ اور پانی ہی ہیں مگر چونکہ ریل گاڑی میں
ہر وقت دور و نزدیک سے آگ کا مشاہدہ شب و روز ہر ایک شخص
کو ہوتا رہتا ہے اور اُس کی حالت رفتار میں ہروقت دھواں نکلتا رہتا ہے

جو بہ دلالت عقلی دلیل ہے آگ پر لہذا یہاں پر صرف ایک جزو سبب یعنی
آگ کو بیان فرمایا اور بصری ایک موضع ہے مواضعات ملک شام سے
مطلب حدیث کا یہ ہے کہ ملک شام میں ریل گاڑی یا دخانی جہاز جاری
ہوں گے اور روشنی اُن کی سے پہاڑیاں ملک شام کی جن کا نام اعناق
الابل ہے اُس آگ کی روشنی سے روشن ہوں گی چنانچہ یہ پیشین گوئی واقع
ہوچکی ملک شام میں ریلوے بھی جاری ہے اور جو خلیج یا دریا وسمندر
ملک شام کے متعلق ہیں اُن میں دخانی جہاز بھی چل رہے ہیں اور پھر
دفعتاً فوقتاً اس آگ گاڑی کی ترقی بھی ہوتی جاتی ہے اب واضح ہو کہ
چونکہ اس حدیث میں آگ مقید ہے ساتھ اُس قید کے کہ وہ آگ ایک
سواری سے نکلے گی لہذا جس حدیث میں مطلق آگ کا ذکر فرمایا گیا ہے
اور پھر یہی صفات اُس کی بیان کی گئیں ہیں اُس سے مراد وہی مقید
آگ ہے جو گاڑی سے پیدا ہوگی کیونکہ علم اصول کا قاعدہ ہے کہ مطلق
مقید پر محمول ہوا کرتا ہے اور دیکھو دخانی جہاز کو اُس کو جو دخانی کہتے
ہیں وہ اسی واسطے کہ دخان اُس سے ہر وقت مشاہدہ ہوتا رہتا ہے
حالانکہ اُس کی کل بھی پانی اور آگ سے خالی نہیں اور ریل کو آگ گاڑی
بھی اکثر لوگ بولتے ہیں غرضکہ حاصل کلام یہ ہے کہ اشراط الساعۃ
جو مہدی اور مسیح موعود کی امارات اور علامات ہیں وہ اب سب موجود
ہیں اگر شرح ان اشراط الساعۃ کی بہ تفصیل دیکھنی منظور ہو تو دیکھو
ہمارے رسائل مسک العارف وغیرہ کو جتنے اہل بصیرت کو آنحضرت
خاتم النبیین صلے اللہ علیہ وسلم کی نبوت اور رسالت کے
لئے شواہد النبوت اور دلائل الرسالت ہیں۔

قولہ اور نسب مرزا صاحب کا صحیح مسلم وغیرہ میں لکھا
ہوا فرماتے ہیں صلعم لو کان العلم معلقاً بالثریا لنالہ رجل
من ابناء الفارس

اقول اس حدیث کو مؤلف صاحب نے چپکا

وجہ سے رد کیا ہے **اول** وجہ یہ ہے کہ اس حدیث کا مصداق آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے خود سلمان فارسی ہی کو فرمایا ہے نہ غیر کو

اقول شرم شرم شرم یہاں سے ناظرین کو معلوم ہو گیا ہو گا کہ مؤلف صاحب کو علم تفسیر اور علم حدیث میں بھی بڑا کمال ہے جیسا کہ علوم آلیہ میں کمال رکھتے ہیں مختصر اظہار اس کا کیا جاتا ہے کہ یہ حدیث متفق علیہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے تفسیر میں سورہ جمعہ کی اس آیت کے ذیل میں ارشاد فرمائی ہے وَّ اٰخَرِیْنَ مِنْهُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِهِمْ چنانچہ ہم **مشکوۃ شریف** سے نقل کرتے ہیں **عن** ابی هريرة قال كنا جلوسا عند النبی صلی اللہ علیہ و سلم فنزلت علیہ سورة الجمعة فلما نزلت وَّ اٰخَرِیْنَ مِنْهُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِهِمْ قالوا من هؤلاء یا رسول اللہ قال وفینا سلمان الفارسی قال فوضع النبی صلی اللہ علیہ و سلم یدہ علی سلمان ثم قال لو كان الايمان عند الثريا لناله رجال من هؤلاء متفق علیہ - اور یہ تو ظاہر ہے کہ حضرت سلمان صحابی تھے پس یہ ہرگز ہرگز نہیں ہو سکتا کہ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِهِمْ کے وہ مصداق ہو سکیں - اور دوسرے لفظ من هؤلاء کا جو حدیث میں موجود ہے اگر هؤلاء کا مشار الیہ باوجودیکہ وہ صیغہ جمع کا ہے نہ مفرد کا بتاویل بعید حضرت سلمان کو قرار دیا جاوے تو رجال من هؤلاء یا رجال من هؤلاء حضرت سلمان کیونکر ہو سکتے ہیں پھر تقابل اٰخَرِیْنَ مِنْهُمْ کا یہ چاہتا ہے کہ آخرین کا زمانہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کے زمانہ سے متاخر ہو - **وجہ ثانی** میں آپ فرماتے ہیں جناب مرزا صاحب نے تو ازالہ التصحیح میں اپنا سمرقندی الاصل ہونا ثابت کیا ہے اور سمرقند خراسان ہے نہ فارس سے جن کو کچھ بھی مہارت جغرافیہ وغیرہ کی ہے ان پر ظاہر ہے

اقول ما شاء اللہ پیر صاحب علوم جغرافیہ سے بھی بہت بہرہ

دافع البلاء ۲۶

ہیں اس قول میں جو پیر صاحب نے غلطی کی ہے وہ ادنیٰ درجہ کے طلبہ
مدرسہ پر واضح ہو ہی گی ہم اُس غلطی کو ابھی نہیں بتاتے مگر چونکہ پیرصاحب
کے مسلمات سے ہم جواب دیتے ہیں لہذا عرض ہے ای مؤلف صاحب
تمام نقشجات اور جغرافیوں میں خراسان فارس کا ایک صوبہ لکھا ہے جب
کہ خراسان فارس کا ایک صوبہ ہوا اور سمرقند خراسان میں ہوا تو فرمائیے
سمرقند فارس میں ہوا یا نہیں اس مقام پر پیرصاحب پر وہ مثل صادق
آتی ہے کہ ایک بادشاہ نے اپنے شہزادہ کو کسی رمال سے علم رمل پڑھوایا
بعد فراغ تحصیل علم کے جلسہ امتحان شہزادہ کا منعقد ہوا بادشاہ نے مدور
نگینہ انگشتری کا اپنی مٹھی میں چھپاکر دریافت کیا کہ ہماری مٹھی میں کیا ہے
شہزادہ نے جواب دیا کہ گول گول کوئی پتھر ہے فرمایا اُس کو متعین کرکر
نام لو جواب دیا کہ اسے قبلہ دکھیہ آپ کی مٹھی میں ایک چکّی کا پاٹ ہے
اُس جلسہ شاہانہ میں اُستاد کو خفت تو ہوئی مگر اُس نے یہ معذرت کی
کہ حضور والا یہ علم کا قصور نہیں ہے بلکہ عقل کا قصور ہے یک من علم را
دہ من عقل می باید مثل مشہور ہے ای پیر صاحب کیا آپ کو ابھی تک
خبر نہیں کہ خراسان فارس میں ہے اور سمرقند آپ خراسان سے فرماتے
ای آہیا تو اب سمرقند فارس میں ہوا یا آپ کے گولڑہ میں **تیسری وجہ**
میں آپ لکھتے ہیں کہ مراد العلم معرف باللام سے علم مطابق کتاب و
سنت کے ہے نہ مخالف اُن کے۔ **اقول** اعلیحضرت یوں فرمایا ہوتا
کہ العلم سے مراد وہ علم ہے جو میری رائے کے مطابق ہو کیونکہ حضرت
اقدس کا علم تو سب مطابق کتاب وسُنت کے ہے یا ماخوذ از کتاب وسنت
ہے یا حقائق و معارف کتاب وسنت کے ہیں چنانچہ ناظرین رسالہ ہذا
کو معلوم ہو گیا ہو گا ورنہ آپ کسی ایک مسئلہ حضرت اقدس کو بتاویں
کہ وہ کتاب وسنت سے کیا مخالفت رکھتا ہے **چوتھی وجہ** میں
آپ فرماتے ہیں کہ مانا ہم نے کہ علم و ایمان کو وہ رجل حاصل
کرے گا مگر وہ شخص مسیح موعود کیونکر ہوگیا **اقول** ای مؤلف صاحب

حصول علم کو مسیح کے ساتھ منافات ہونے کے تو آپ بھی قائل نہ ہوں گے کیونکہ نبی مسلم ہیں اندریں صورت وہ شخص جو علم اور ایمان کو بوقت معدوم ہونے کے بسیط الارض سے ثریا سے آکر لاوے وہ دعوٰی کرتا ہے کہ مسیح موعود میں ہی ہوں اور اصل مسیح بن مریم فوت ہو چکے اس دعوی پر کتاب اللہ پیش کرتا ہے سنت صحیحہ پیش کرتا ہے رویا اور مکاشفات صالحین امت کے پیش کرتا ہے آسمان وزمین اُس کے دعوی کی تصدیق کر رہے ہیں کما بینا فی رسائلنا پھر کیا وجہ کہ وہ مسیح موعود نہ ہو سکے +

قولہ پھر امروہی صاحب صفحہ مذکور میں منجملہ علامات مسیح موعود کے جو مرزا صاحب میں موجود ہیں ابطال دین نصرانیت اور اُس کے آثار کا مٹادینا ذکر کرتے ہیں الی اخر الجواب۔

اقول حضور کی خدمت میں بدلائل قاطعہ کتاب و سنت پہلے ثابت کرچکا ہوں کہ دین نصرانیت بالکل مٹنے کا نہیں بلکہ اُس کا ہلاک حسب قول اللہ تعالے کے اس طرح پر ہوگا لِيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْ بَيِّنَةٍ وَيَحْيَىٰ مَنْ حَيَّ عَنْ بَيِّنَةٍ ایضًا دین اسلام کا غلبہ حجت و برہان سے اُس طرز سے ہوگا جیسا کہ فرمایا اللہ تعالی نے لیظھرہ علی الدین کلہ اور نیز اس طرح پر ہوگا کہ کفی باللہ شھیدا یعنی اللہ تعالی کی طرف سے نشانات اور تائیدات بہ مقابل مخالفین کے اُس کے شامل حال ہوں گے چنانچہ یہ سب امور وقت دعوی مجددی سے اب تک واقع ہورہے ہیں مگر جن صاحبوں نے اپنی آنکھوں کو بند کر لیا ہے تو پھر اس کا کیا علاج ہے ؎

آنکھیں اگر مُندی ہیں تو پھر دن بھی رات ہے ۔ اسمیں قصور کیا ہے بھلا آفتاب کا

+ جس صاحب کو اس حدیث منفق علیہ مذکورہ کی شرح مع مالہ و ما علیہ دیکھنی ہو وہ ہمارے رسالہ **مسک العارف** کو مطالعہ فرماوے ۔ منہ

قولہ پھر امروہی صاحب موصوف صفحہ (۵۵) پر اس حدیث کے ٹکڑہ یعنی لیدعون الی المال فلا یقبلہ احد سے مصداق مرزا صاحب کو ٹھہراتے ہیں الی اخرہ۔

اقول حتی تکون السجدۃ الواحدۃ خیرا من الدنیا وما فیہا کے یہ معنی ہرگز نہیں ہو سکتے کہ تمام دنیا کے انسان ایسے عابد و زاہد ہو جاویں گے کہ سب کے سب دنیا کو ترک کر دیویں گے لہذا اُن سب کو رغبت عبادت کی بغایت درجہ ہوگی کیونکہ یہ معنے نصوص قطعیہ کے مخالف ہیں کما مر مرارا پس جب کہ مخالفین اسلام باقی رہے اگرچہ اُن کا مذہب بسبب نہ ہونے حجت اور برہان کے اُن کے پاس ہلاک ہوگیا تو پھر جو معنے ہم نے کیئے ہیں کہ مخالفین اسلام کو بمقابلہ اظہار حقیت اسلام کے بذریعہ اشتہارات روپیہ دینے کا وعدہ دیا جاوے گا اس میں کون سا حرج ہے بینوا توجروا۔ اور چونکہ آپ خود فرماتے ہیں کہ مسیح کے زمانہ میں رغبت عبادت کی بغایت درجہ ہوگی لہذا یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ خزائن معارف علمیہ اور اموال حقائق دینیہ وہ مسیح موعود اس قدر تقسیم کرے گا کہ اُس کے مستفیدین و مستفیضین سیراب ہو جاویں گے تو بھی ہو سکتا ہے کیونکہ معنی مال کے ما یمیل الیہ الطبع کے ہیں ہاں مخالفین اس کو قبول نہ کریں گے جیسا کہ فلا یقبلہ احد کا مصداق آپ پر صادق ہے۔

اور **مؤلف** یہ جو کہتا ہے کہ اسلام کی حقیت زید و عمر کی طرف محتاج نہیں جیسا کہ فقرہ حدیث مسلم (ظاہرین الی یوم القیامۃ) اس پر شاہد ہے۔

اقول یہ تو ظاہر ہے کہ لفظ ظاہرین صفۃ واقع ہوئی ہے طائفۃ مؤمنین کی اور نیز حسب الحکم حسبک اللہ ومن اتبعک من المؤمنین کے ظہور اور غلبہ اسلام کا بذریعہ مؤمنین کے ہی ہو سکتا ہے لاغیر اور یہ امر بھی مسلمات سے ہے کہ مہدی

جواب ص ۶۶ - ۶۶

اور مسیح بھی دونوں مومن ہی ہوں گے بلکہ مجدد ہوں گے اندریں صورت
یہ قضیہ کہ (ہر ایک شخص بیان کنندہ حقیت اسلام بالبراہین و الحج مسیح موعود
نہیں ہو سکتا) اگر سالبہ کلیہ ہے تو محض غلط ہے کیونکہ بعض مومن
بیان کنندہ حقیت اسلام بالبراہین و الحج حسب مقدمات مذکورہ کے مہدی
اور مسیح بھی تو ہو سکتا ہے اور اگر سالبہ جزئیہ ہے تو مفید مدعای مؤلف
نہیں ہو سکتا معاینہ کرو اُن **امارات و علامات مسیح موعود**
اور مہدی معہود کو جو حسب پیشین گوئی مخبر صادق واقع ہو گئیں اور صدی
میں سے ۱۷ برس گذر گئے اور **کسوف و خسوف** جو خاص **مہدی
موعود** کا نشان تھا وہ بھی ۱۳۱۱ھ ہجری میں واقع ہو چکا اور پھر دیکھو
دعوی مدعی مہدویت کو کس قدر ادلہ یقینیہ سے ثابت ہو چکا وغیرہ و
غیرہ معہذا پھر یہ **مدعی** کیونکر **مہدی موعود اور مسیح مسعود**
نہ ہو گا کہ اس صورت میں تمام آثار و اخبار مخبر صادق کے **نعوذ باللہ**
کاذب ہو جاویں گے اور ادلہ شرعیہ کا اہمال لازم آوے گا۔ و اللازم
باطل فالملزوم مثلہ۔

قولہ آیت **سبحان ربی** الخ جو جواب میں قول کفا
کے واقع ہوئی ہے اگر دلالت کرتی ہے امتناع صعود اور نزول جسمی
پر جیساکہ جناب نے سمجھا ہے تو چاہیئے کہ جتنے امور قول کفار میں
مذکور ہیں اُن سب کے ممتنع ہونے پر دال ہو سلے الخ ما قال

اقول ای مؤلف صاحب ہم کب کہتے ہیں کہ آیت ما نحن
فیہا میں جو امور مذکور ہیں وہ سب بہ نسبت قدرت قادر مطلق کے
ممتنع ہیں حاشا وکلا و نعوذ باللہ منہا بلکہ فقط ہمارا قول بھی
وہی ہے جو آپ نے ص۲۹ سطر ۲ میں خود لکھا ہے و ھو ھذا عدم ایقاع
ان امور کا بہ لحاظ اس کے ہے کہ کفار بعد ایقاع بھی بوجہ عناد اور
مکابرہ کے ایمان نہ لاویں گے جیساکہ آیت و لو نزلنا علیک کتٰبا
فی قرطاس فلمسوہ بایدیہم قال تعالی الذین کفروا ان ھذا الا

رسُولًا مُّبِيْنٌ میں ہے۔ پس جب کہ ان جملہ امور مندرجہ آیت کا عدم ایقاع آپ کے مسلمات سے ہے تو اب ہم کو کچھ ضرورت اس کی باقی نہیں رہی کہ تَرقٰی فِی السَّمَاءِ کو ممتنع لذاتہ قرار دیویں مقصود ہمارا وہی ہے جو آپ کے مسلمات سے ہے کہ یہ جملہ امور مندرجہ آیت واقع نہیں ہوے کوئی امر کسی مصلحت الٰہی کی وجہ سے وقوع میں نہیں آیا اور کوئی امر کسی دوسری حکمت الٰہیہ کی وجہ سے واقع نہیں ہوا امتناع اور امکان میں ہم نے کب بحث کی تھی جو آپ امتناع اور امکان کو لے بیٹھے صرف عدم وقوع میں بحث تھی جو آپ کو بھی مسلم ہے اور پھر آپ کے قول کو ہم مکرر لکھتے ہیں کہ مقصود آیت سے یہ ہے کہ حق سبحانہ و تعالیٰ بزرگ اور برتر ہے اس سے کہ کوئی اس کے امور سلطنت اور انتظام ملکی میں دخل دیوے یا حق سبحانہ و تعالیٰ حسب اقتضائے کفار کے جس وقت وہ جیسا کہ چاہیں نشان ظاہر کرے خصوصًا وہ نشان جو متمم حجت ہونے کے لئے موجب ہلاک ہو وہ فعال لما یریدا ہے اگر چاہے اجابت مسؤل تمہاری کی فرما دے ورنہ کچھ محل جبر اور شکایت نہیں میرا کام فقط تبلیغ اور رسالت ہے مجھکو اسی میں مشغول رہنا چاہیئے اور مسؤ لہ کی طرف متوجہ ہونا اپنے منصب سے گویا باہر جانا ہے انتہی بلفظہ۔

اب ناظرین پر ظاہر ہو چکا ہو گا کہ مضمون ہذا جو حسب اقرار مؤلف مدلول آیت کا ہے یہ کہاں اور وقوع امور مذکورہ کہاں پس جب کہ اللہ تعالیٰ اپنی کسی مصلحت یا کسی حکمت کی وجہ سے آسمان پر کسی رسول و نبی کا چڑھا دینا خلاف حکمت اور مخالف مصلحت قرار دیتا ہے خصوصًا بوقت اصرار و سوال کفار کے حضرت سید المرسلین حبیب رب العلمین کے لئے بھی اس تاکید بلیغ سے اس کا عدم وقوع ارشاد فرماتا ہے کہ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّیْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا تو پھر حضرت علیسی کا رفع بجسدہ العنصری آسمان پر بغیر کسی نص قطعی کے کیونکر تسلیم کیا جاتا ہے کیا وہ بشر رسول سے بڑھکر ابن اللہ تھے یا خدا

ہی تھے جو اُن کے لئے تو یہ رفع بجسدہ العنصری تسلیم کیا جاوے اور سید الاولین و الآخرین کے لئے اُس کا خلاف حکمت اور مصلحت کے ہونا مانا جاوے۔ ای مؤلف صاحب تم کو ہمارے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حبیب ربّ العلمین سے کیا عداوت اور دشمنی ہے جو ایسی تفریق ناقص اور تقسیم بھونڈی کی جاتی ہے تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى

قولہ صـ۹۰ و ۸۰ ھل ینظرون سے او کسبت فی ایمانھا خیرا تک ذکر ہے یوم حشر کا اور بعض اشراط ساعت کا الے اخر الجواب۔

اقول ای مؤلف صاحب ہم کب کہتے ہیں کہ زمین پر کوئی فرشتہ متمثل بصورت بشری نہیں ہوا جو آپ ہم پہ یہ نقض وارد کرتے ہیں کہ یہ شخص متمثل بصورت بشری مریم کے نزدیک آنے والا وغیرہ وغیرہ آیا یہ سب ارواح کواکب تھے بلکہ ہم قائل ہیں اس کے کہ تمثل ملائکہ بصور بشری کتاب اللہ وسنت نبوی سے ثابت ہے مگر اس تمثل میں التباس و اشتباہ بھی ضرور رہتا ہے چنانچہ تفسیر آیۃ ولو جعلناہ ملکا لجعلناہ رجلا وللبسنا علیہم ما یلبسون میں آپ خود بھی تحریر فرماتے ہیں کہ مطلب اس سے یہ ہے کہ رسول ملکی اگر بھیجیں تو بالضرور برعایت انتفاع اور استفادہ کے بصورت بشری نازل ہوگا اور اگر ایسا ہوا تو پھر بھی مقصود یعنی دفع اشتباہ حاصل نہ ہوگا انتہی بلفظہ پس یہ تمثل ملائکہ کا جو بصور بشری کتاب و سنت میں وارد ہوا ہے وہ التباس اور اشتباہ سے کفار کے لئے کب خالی ہے جس کو ایمان بالغیب کی حکمت مقتضی ہے یہاں تو گفتگو ملائکہ کے اُس نزول من السماء ما نحن فیہ میں ہے جس میں کسی طرح کا التباس اور اشتباہ باقی نہ رہے جس کو آپ بھی حسب اقرار خود مخصوص بروز قیامت فرماتے ہیں و ھو ھذا جس وقت ایمان لانا نافع نہ ہوگا یعنی نزول ملائکہ بعد پھٹ جانے آسمان کے اور حق سبحانہ و تعالے کا [illegible] کے

سایوں میں جو یوم الحشر میں متحقق ہو گا بہ دلیل یوم تشقق السماء بالغمام و نزل الملٰئکۃ تنزیلا انتہی بلفظہ پس اگر نزول مسیح ملائکہ کے کندھوں پر ہتھیلی رکھے ہوئے اس عالم میں مانا جاوے تو فرمائیے کہ پھر اس صورت میں کون سا التباس یا اشتباہ باقی رہے گا جب کہ آپ خود فرماتے ہیں کہ دفع اشتباہ اس عالم میں حاصل نہ ہو گا پھر آسمان پر سے مسیح کا نزول بجسدہ العنصری اگر دو فرشتوں کے کندھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے تسلیم کیا جاوے تو پھر آپ اپنے اقرار کے بہ موجب فرمائیے کہ حدیث دمشقی میں نزول مسیح ملائکہ کے کندھے پر ہتھیلی رکھے ہوئے جو مذکور ہے اس کو آیات مذکورہ تکذیب کر رہے ہیں یا نہیں ہلیئوا توجروا ای حضرت قرآن کریم کو کسی سمجھ والے سے پڑھنا چاہئے تاکہ ایک آیت کو حسب زعم اپنے کے معنی مفیدِ مطلب پر دال ٹھیرا کر آیات اور احادیث میں تناقض پیدا نہ کریں حاصل کلام یہ ہے کہ نزول مسیح کے معنے ملائکہ کے کندھوں پر جو آسمان پر سے خیال کئے گئے ہیں وہ مخالف ہیں نصوص بینہ قرآنیہ کے اور ایسا خرق عادت جو کفار کو ایمان کی طرف مجبور کردے حکمت ایمان بالغیب کے بالکل مخالف ہے اور آپ کا انتظار وہی انتظار کفار کا ہے جو آیات ذیل میں فرمایا گیا ہے کہ ھل ینظرون الا ان یاتیھم اللہ فی ظلل من الغمام والملائکۃ وقضی الامر ایضًا ھل ینظرون الا ان یاتیھم الملائکۃ او یاتی ربک او یاتی بعض ایات ربک یوم یاتی بعض ایات ربک لا ینفع نفسًا ایمانھا لم تکن امنت من قبل او کسبت فی ایمانھا خیرا ایضًا و قالوا لو لا انزل علیہ ملک و لو انزلنا ملکا لقضی الامر ثم لا ینظرون و غیرہ و غیرہ ۔ الحضرت آپ نے کیوں ایسا انتظار مسیح کے لئے کر رکھا ہے جو کفار کا سا انتظار ہے اس عالم میں تو آپ کا یہ خیال ہرگز واقع نہ ہو گا اگر نزول مسیح و ملائکہ آپ کے اقرار کے بموجب بھی واقع ہو گا تو اسی طور سے ہو گا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے

و لو جعلناہ ملکا لجعلناہ رجلا و للبسنا علیہم ما یلبسون

اسی آیت کی تفسیر میں آپ خود ہی فرماتے ہیں اگر فرشتہ زمین پر اُترے بھی اور زمین پر چلے پھرے اور مشہود خواص و عوام ہو جیسے تو بالضرور خواص اللہ لوازم آدمیوں کے اُس میں ہونے چاہئیں جب ایسا ہوا تو پھر وہی لبس اور اشتباہ بحال خود باقی رہے گا اور اصل بات تو یہ معلوم ہوتی ہے کہ آپ عالم ملائکہ کے بالکل منکر ہیں کیونکہ کواکب اور اجرام علویہ کے لئے آپ کے نزدیک ملائکہ کا توسط نہیں ہے حال آنکہ یہ امر تمام نصوص قرآنیہ اور حدیثیہ کے بالکل مخالف ہے دیکھو فصل الخطاب المؤمنین وغیرہ کو جس میں ہم نے بدلائل یقینیہ توسط ملائکہ کا ہر ایک عالم علوی اور سفلی کے لئے ثابت کیا ہے پھر فرشتوں کا خود تو انکار کرنا اور دوسروں پر انکار کا افترا کرنا خدا را ترسے و مصطفی را جلئے۔

قولہ اسی اور نوے سال کی قید جو آپ نے لگائی ہے یہ کوں سے کلمہ قرآنی کا مدلول ہے برائے خدا تحریف کلام الٰہی سے باز آویں لئے

اخر الجواب۔

اقول یہاں پر مؤلف صاحب نے اپنی تاریخ دانی ایسی ہی ثابت فرمائی ہے جیسا کہ کسی شیعہ نے کہا تھا کہ سید عبد القادر جیلانی نے بھی حضرت امام حسین کی بغاوت کے فتوے پر مہر کی تھی بھلا آپ سے استفسار ہے کہ اگر حضرت نوح کی عمر ۱۴۰۰ برس کی اور حضرت آدم کی عمر ۹۳۰ سال کی ہوئی وکذا و کذا تو اس سے یہ کب لازم آتا ہے کہ حضرت عیسی کی عمر بھی دو ہزار برس یا زائد کی ہوگی یہ آپ کا قیاس ایسا ہے جیسا کسی ظریف نے کہا ہے **شعر**

چہ خوش گفت سعدی در زلیخا ۔۔۔ الا یا ایہا الساقی ادر کاسا و ناولہا

پھر علاوہ اس پر آپ یہ فرماتے ہیں کہ اسّی نوّے سال کی قید جو آپ نے لگائی ہے

یہ کون سے کلمہ قرآنی کا مدلول ہے ۔ اے حضرت آپ کو باوجود تاریخ دانی کے اس قدر بھی نہیں معلوم کہ حضرت عیسی کے زمانہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ تک بنی آدم کی اکثر عمریں قریب سو برس تک کے ہوئی ہیں اور آپ کسی ایسے شخص کا پتہ زمانہ حضرت عیسی میں نہیں دے سکتے جس کی عمر دو ہزار برس کی ہوئی ہو ومن ادعی فعلیہ الاظہار و البیان اور یہ بات تو اظہر من الشمس ہے کہ جس عہد اور زمانہ کے لوگوں کی عمریں اکثر سو برس کی ہوتی ہوں ان لوگوں میں بعمر اسی یا نوے سال کی بالضرور نکوس اور واژگونی عارض ہو جاوے گی اور اب تو اکثر لوگوں کی عمریں جو حسب پیشین گوئی مخبر صادق صلے اللہ علیہ وسلم کے درمیان ساٹھ ستر کی ہوتی ہیں اُس میں تو نکوس اور کوز پشتی بعمر شصت سال ہے آجاتی ہے یہ بقولہ زباں زد خلائق ہو رہا ہے کہ شعر

چو شصت آمد نشست آمد پدیدار چو ہفتاد آمد افتاد از کار

پس اگر فرض کیا جاوے کہ حضرت نوح کی عمر ۱۴۰۰ برس کی ہوئی تو اُن کے لئے اسی یا نوے سال میں کوئی اہل عقل کیونکر نکوس کا مجوز ہو سکتا ہے علی ہذا القیاس جس زمانہ کے لوگوں کی عمریں سو برس تک کی ہوویں تو ہر ایک اہل عقل اور سمجھ والا یہ بھی سمجھ لیوے گا کہ اسی یا نوے سال میں نکوس اور واژگونی ان کو پیدا ہو جاوے گی غرض کہ طول اور قصر عمر کے بموجب نکوس اور کوز پشتی کا عارض ہونا ایک بدیہی امر ہے جس کو ہر ایک انسان ذی عقل سمجھ سکتا ہے اللہ تعالی کا کلام اور خطاب انسان ذی عقل

سے ہے نہ لایعقل سے پس قرآن مجید کو کیا ضرورت پڑی تھی کہ اُن
امور کو بھی سمجھاوے اور بیان کرے جس کو ہر ایک انسان ذی عقل
وقت خطاب کے سمجھ سکتا ہے اور حضرت عیسی کی عمر تو حدیث صحیح
سے ثابت ہو چکی ہے کہ ایک سو بیس برس کی تھی کما بینا سابقا
پس ہر گاہ کہ ہم حدیث صحیح سے حضرت عیسی کی عمر ایک سو بیس برس
کی ثابت کرچکے ہیں تو آپ کی تفصیل اعمار بعض انبیا کی جو تواریخ بلا
سند سے لکھی ہے آپ کو کیا فائدہ پہونچا سکتی ہے کجا اعمار دیگر انبیا
کی جو زمین میں رہے اور کجا حضرت عیسی جو دوسرے آسمان پر آپ
کے خیال کے بہ موجب بلا تغیر وتبدل بیٹھے ہوے ہیں نہ اُن کو حاجت
اکل و شرب کی ہے اور نہ کوئی بال اُن کا سفید ہوتا ہے اور الآن
کما کان کے مصداق ہیں اور وہ صفت حیاۃ کی جو خاص اللہ تعالی
کے واسطے ہے کہ لا یزول و لا یحول وہی حضرت عیسی کے واسطے
تجویز کی جاتی ہے یہ تو زمین و آسمان کا تفاوت ہے ؎ بہ بیں تفاوت
راہ از کجا ست تا بہ کجا ۔ اور مؤلف صاحب نے جو اصحاب کہف
کے لئے تین سو نو برس تک کی عمر آیت و لبثوا فی کھفھم ثلث
مائۃ سنین سے قطعی طور پر مقرر فرمائی ہے کیا مؤلف صاحب نے
آیت و اللہ اعلم بما لبثوا قرآن مجید میں نہیں دیکھی۔ اگر یہی
فلا تمار فیھم الا مراء ظاھرا وارد نہ ہوتی تو میں اس مدت
لبث اصحاب کہف میں گفتگو کرتا مگر چونکہ اصحاب کہف کے لبث
سے خواہ وہ کسی قدر مدت تک ہو عمر مزعوم حضرت عیسی کی ثابت
نہیں ہو سکتی تو پھر ایک امر میں جو محول بعلم الٰہی ہے گفتگو کرنا محض

ازالہ صفحہ ۱۲

عبث ہے

قولہ مسیح بن مریم اس آیت کے دو شق میں سے وَ
منکم من یرد الی ارذل العمر میں داخل ہے الی آخر الجواب

اقول اس جواب میں مؤلف صاحب نے حضرت عیسیٰ کو آسمان
سے اُتار نے اتارتے زمین پر گراہی دیا اسے حضرت جب کہ حضرت
عیسیٰ آپ کے نزدیک اب ارذل عمر میں داخل ہیں تو بالضرور لِکَیْلَا
یَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَیْئًا کے مصداق ہو گئے ہوں گے پھر اگر فرض
بھی کیا جاوے کہ زندہ بھی ہوں تو در صورتے کہ تمام حواس خمسہ
ظاہری اور نیز باطنی اُن کے ایسے ارذل اور ضعیف ہو گئے کہ
لِکَیْلَا یَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَیْئًا کے مصداق بن گئے تو وہ اب
اُتر کر آسمان سے علوم شرعیہ کی تجدید نہ ہی تعلیم ہی بھی کیونکر
انجام دیویں گے اور شیخ اکبر کا کشف اُن کے لئے کیا مفید ہوگا۔
باقی رہا مسیح کا آسمان پر چڑھ جانا اور وہاں پر بلا تغیر و تبدل
و بغیر اکل و شرب کے مدت تخمیناً دو ہزار برس تک سکونت پذیر
ہونا اور پھر بجسدہ العنصری اُترنا وغیرہ وغیرہ اگرچہ آپ کے نزدیک
حالات متوسطہ میں سے ہے لیکن قادر مطلق کے ایک بڑے عجائبات
قدرت اور اعجب العجاب سے بالضرور ہے لہذا ضرور تھا کہ واسطے
اظہار قدرت اُس قادر مطلق کے قرآن مجید میں مذکور کیا جاتا کیوں
کہ اظہار قدرت قادر مطلق کا ایک مقصود اعظم مقاصد عظیمہ
قرآن مجید میں سے ہے۔ اس جگہ پر پیر صاحب نے تسلیم کر لیا ہے
کہ آسمان پر جانے کا حال چونکہ حالات متوسطہ میں سے ہے لہذا

اس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے نہیں فرمایا یہاں پر پیر صاحب نے آیت
بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ کو بالکل نسیا منسیا کر دیا و نعم ما قیل دروغ
گو را حافظہ نباشد اور ای حضرت واقعہ صلیب کا ذکر جب کہ اللہ تعالیٰ
آیت وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ میں فرما چکا
ہے کما مر بیانہ سابقاً تو اس مقام پر اس کے ذکر کرنے کی کیا
حاجت تھی جو ذکر فرماتا اس مقام پر تو اللہ تعالیٰ نے انسان کی
حالت عمری کو دو صورتوں میں منحصر فرمایا ہے اول قبل آنے ارذل
عمر کے وفات پا جانا دوم حالت ارذل عمر کو پہونچ جانا جس میں یہ
حالت عارض ہو جاتی ہے کہ لِكَيْلَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْئًا

قولہ طعام کے معنی ما یطعم کے ہیں یعنی جو طعم اور
غذا ہو کر مایہ حیات بنے طعام کا معنی گیہوں جو وغیرہ نہیں الی
قولہ اور قیامت تک ایسے لوگ ہوں گے جنکا مایہ حیات ذکر الٰہی
ہے اور ہو گا

اقول اے مؤلف صاحب حدیث وایکم مثلی
انی ابیت عند ربی یطعمنی و یسقینی یا فکیف بالمؤمنین
یومئذ فقال یجزیہم ما یجزی اہل السماء من التسبیح و
التقدیس کی دلالت اگر آپ کے خیال مزعوم پر ہے تو پھر کسی نبی
یا رسول بشر کی کوئی ایسی نظیر پیش فرمائی جاوے جس نے بالکلیہ
طعام عمر بھر نہ کھایا ہو یا تخمیناً مدت دو ہزار برس تک طعام
حقیقی و معروف کی اس کو کچھ حاجت نہ ہوئی ہو اس کا کون انکار
کرتا ہے کہ انبیا علیہم السلام اور مقربین الٰہی کو حقیقی طعام معروف

کی حاجت بہ نسبت عوام کے اکل قلیل ہوتی ہے یہاں تو بحث اس امر میں ہے کہ حضرت عیسیٰ جو دو ہزار برس سے آسمان پر بیٹھے ہوئے ہیں اور اجناس غلہ گندم و جو وغیرہ طعام حقیقی کے کھانے کی اُن کو آج تک مطلق حاجت نہیں ہوئی آیا یہ بات قانون قدرت مقررہ قرآنی کے موافق ہے یا مخالف سو قرآن مجید کا قانون مقررہ ارشاد فرماتا ہے کہ وما جعلنا ھم جسدًا لا یاکلون الطعام و ما کانوا خالدین اور کانا یاکلان الطعام حاصل مطلب آیات الٰہی کا یہی ہے کہ کوئی رسول بشر ایسا نہیں ہوا جس کو عمر بھر مطلق حاجت اکل و شرب حقیقی طعام معروف کی نہ ہوئی ہو ہاں یہ بات جدی ہے کہ ان مقربین کی غذا ذکر تقدیس و تسبیح بھی طعام مجازی مددگار ہو جاتا ہے مگر یہ نہیں کہ عمر بھر تک غذا معروف اور طعام حقیقی وغیرہ کی اُن کو حاجت نہ ہوتی ہو ورنہ پھر آپ ہی فرماویں کہ آیات مذکورہ اور احادیث بالا میں کیا توفیق و تطبیق ہوگی بینوا توجروا۔ پھر دیکھو صراح میں لکھا ہے طعام بالفتح خوردنی وگندم پس حقیقی معنے طعام کے یہی ٹھیرے اور صرف حقیقت سے طرف مجاز کے بلا قرینہ جائز نہیں پس آیت میں آپ کیوں کر معنے مجازی بلا قرینہ مراد لے سکتے ہیں۔

اور یہ جو آپ لکھتے ہیں کہ اصحاب کہف کا قصہ زیر لحاظ رکھیں اُن کو کس طرح حکیم مطلق نے بغیر طعام اور شراب مالوف کے اتنی مدت دراز تک زندہ رکھا۔ اس سے آپ کی تفسیر دانی معلوم ہوئی ای حضرت ذرا اس کا پتہ و نشان تو دیجئے کہ اللہ تعالےٰ

نے اپنے پاک کلام میں کس جگہ فرمایا ہے کہ اصحاب کہف بغیر اکل و شرب کے تین سو نو برس تک زندہ رہے وہ آیت کون سی ہے بلکہ قرآن مجید سے تو اُن کی حاجت ضرورت طرف طعام کے ہی معلوم ہوتی ہے قال اللہ تعالی فابعثوا احدکم بورقکم ھذہ الی المدینۃ فلینظر ایھا ازکی طعاما فلیاتکم برزق منہ و لیتلطف اور خود اصحاب کہف نے عرض کیا کہ و اذا اعتزلتموھم وما تعبدون الا اللہ فاووا الی الکھف ینشر لکم ربکم من رحمتہ و یھیئ لکم من امرکم مرفقا ظاہر اور متبادر اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ مراد رحمت آلہیہ سے یہی ہے کہ بغیر کسب اور سعی کے اسباب اکل و شرب کے مہیا ہو جاویں اور لفظ مرفق سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ مراد اُس سے اکل و شرب کے فوائد اور منافع ہیں دیکھو صراح میں لکھا ہے مرفق انچہ بوے نفع یا بند از کارے و منہ قولہ تعالی و یھیئ لکم من امرکم مرفقا الی قولہ و مرافق الدار جائے آب و برف انداختن و مانند آن انتہی۔ اور پھر یہ گذارش ہے کہ اصحاب کہف کے حالات مرویہ بنی اسرائیل اگر تسلیم بھی کیئے جاویں تو اُن کی تسلیم سے حضرت عیسی کے حالات آسمانی مخترعہ آپ کے کیونکر ثابت ہو سکتے ہیں بینوا توجروا۔ افسوس ہے کہ مؤلف صاحب کو اس قدر تمیز بھی حاصل نہیں کہ کلمات قرآنی کے معنے حقیقی اور مجازی میں فرق کر سکیں انا للہ و انا الیہ راجعون اور واضح ہو کہ عدم اکل و شرب کوئی کمال نہیں ہے دیکھو جمادات کو کہ اُن میں اکل و شرب مطلق نہیں پایا جاتا

ہے فلہذا جمادات نباتات سے مفضول ہیں اور چونکہ حیوانات میں بہ نسبت نباتات
سے اکل و شرب زیادہ پایا جاتا ہے لہذا حیوانات نباتات سے افضل
ہیں ہاں چونکہ حیوان لایعقل ہیں تمیز اکل و شرب کے اونہیں نہیں ہے لہذا
انسان سے حیوان مفضول ہے خلاصہ یہ کہ عدم اکل و شرب کچھ کمالات
میں سے نہیں ہے۔ ہاں یہ ضروری ہے کہ اعتدال مرعی رہے کلوا واشربوا
ولا تسرفوا۔ **قولہ** حضرت عیسیٰ تو دنیا میں بھی بباعث زہد و فقر
کے مالک نصاب نہیں ہوئے ادای زکوۃ میں تو نصاب کا ہونا شرط
ہے الی آخر الجواب۔

اقول ای مؤلف صاحب حضرت عیسیٰ کا فقیر و محتاج
ہونا حتیٰ کہ صاحب نصاب بھی نہ ہوئے ہوں آپ نے کہاں سے
ثابت کیا قرآن مجید سے تو اُن کا مالدار ہونا ثابت ہوتا ہے دیکھو
فرمایا اللہ تعالیٰ نے **وجعلنی مبارکا اینما کنت** لفظ عام مبارک
صریح دلالت کرتا ہے کہ آپ کثیر الخیرات تھے اور پھر اینما کنت
بھی عام طور پر دلیل ہے اُن کے مالدار ہونے کی پھر اسی پر تفریع
کرکر عبادت بدنی تو **اوصانی بالصلوٰۃ** میں مذکور فرمائی گئی اور عبادت
مالی **اوصانی بالزکوٰۃ** میں ارشاد ہوئی۔ اب اگر قرآن مجید سے
آپ کی تسکین نہ ہو تو پھر دیکھو تواریخ انجیل کو جس سے حضرت عیسیٰ
کا مالدار ہونا ثابت ہوتا ہے اور آپ نے جو ازالہ اوہام کے ص ۳۰۹
کی عبارت پر اعتراض کیا ہے اُس کا جواب ہمارے رسائل میں مفصلا
لکھا ہوا ہے افسوس کہ آپ اُنھیں پرانے اعتراضوں کو اعادہ کیئے
جاتے ہیں اور ہمارے جوابہائے شافی پر ایک ذرہ بھر توجہ نہیں کرتے

تواریخ ص ۳۰۹

جواب نمبر ۲۴

ہم اُن کا اعادہ کہاں تک کیئے جاویں اس جگہ آپ سے صرف یہ استفسار کیا جاتا ہے کہ آپ کے نزدیک تصویر جانوروں کا بنانا جیساکہ آیت و اذ تخلق من الطین کھیئۃ الطیر باذنی میں مذکور ہے مکروہ ہے یا نہیں بشق اول آپ کو وہی بات اختیار کرنی پڑی جو ازالہ میں مذکور ہے اور بشق ثانی کے آپ قائل نہیں فاین المفر اور انکار معجزات جو ہماری طرف آپ منسوب کرتے ہیں اس کا جواب سوای اس کے اور کیا عرض کیا جاوے کہ لعنۃ اللہ علی الکذبین خواہ ہم ہوں یا آپ۔

قولہ نزول آیت کے وقت اگر مرجانا اُن کا ضروری ہو تو چاہیئے کہ آپ صلے اللہ علیہ وسلم بھی وقت نزول آیت داخل اموات ہو گئے ہوں۔

اقول خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیق نے جس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کی وفات پر ان آیات سے استدلال فرمایا جیساکہ بخاری اور شروح میں لکھا ہوا ہے کما بیناہ سابقاً استفسار یہ ہے کہ یہ استدلال اُن کا صحیح تھا یا غلط بشق اول مدعا ہمارا ثابت ہے اور آپ کی ہمہ دانی علوم منطقیہ سب عنقا ربود ہو گئی اور بشق ثانی اس کی کیا وجہ کہ تمام صحابہ حاضرین نے اُس کو تسلیم کرلیا اور کوئی نکتہ چینی حضرت صدیق اکبر کے استدلال میں کسی ایک صحابی نے بھی نہیں کی اور آنحضرت صلے اللہ علیہ و سلم اور تمام رسولوں کی وفات پر جن میں حضرت عیسیٰ بھی داخل ہیں تمام صحابہ [illegible] اجماع ہوگیا پھر آپ کے پاس اپنے [illegible] [illegible] [illegible]

کی کیا وجہ ہے اور پھر دو بارہ آپ کی منطق کی خبر لی جاتی ہے کہ ان قضایا کو دائمہ مطلقہ کون کہتا ہے اُن کو تو ہم مطلقہ عامہ ہی کہتے ہیں لیکن جب کہ قضیہ مطلقہ عامہ میں تحقق نسبت محمولی کا موضوع کے لئے ازمنہ ثلاثہ میں سے کوئی ایک زمانہ ہوتا ہے تو پھر بحکم آیۃ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي کے زمانہ ماضی میں تحقق موت کا حضرت عیسیٰ بن مریم کے لئے واقع ہوگیا تو اب مطلقہ عامہ مؤید اور مثبت ہمارے مذہب کے لئے ہوا یا تمہارے مذہب کے لئے بینوا توجروا۔

اور جب کہ حضرت عیسیٰ کے لئے مضمون قضیہ کا بحکم فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي کے واقع ہوگیا تو قیام سبراً بھی بموجب آپ کے اقرار کے ثابت ہوا و ھو المطلوب

قولہ یہ آیت سورہ نحل کی ہے الی قولہ فی الجواب الآخر تو بہ حکم آیت مذکورہ روح القدس بھی مرگیا ہوگا الخ

اقول مؤلف صاحب تسلیم کیا کہ قضیہ اموات غیر احیاء مطلقہ عامہ کے رنگ میں ہے لیکن گذارش یہ ہے کہ آپ کے علم منطق کی رو سے کیا مطلقہ عامہ میں بزمانہ ماضی تحقق فعلیت نسبت کا محال ہے جو حضرت عیسیٰ کی نسبت بحکم فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي کے تحقق فعلیت نسبت کا انکار کیا جاتا ہے۔ والعجب و ما ادراك ما العجب کہ مؤلف صاحب تفسیر آیت و الذین یدعون من دون اللہ الآیہ میں فرماتے ہیں کہ جس قدر ضمائر ذوی العقول کی اس آیت میں مذکور ہیں اُن سے تحکما اصنام غیر ذوی العقول مراد ہیں اور اُس کی دلیل ذلیل یہ ارشاد ہوتی ہے کہ سورہ نحل مکہ معظمہ میں نازل ہوئی ہے تا حصل

جواب صفحہ ۵۵

آپ کی تقریر کا یہ معلوم ہوتا ہے کہ جس قدر قرآن مجید مکہ میں نازل ہوا ہے با وجود موجود ہونے الفاظ من دون اللہ اور متبادر ذوی العقول وغیرہ کے اُس میں اُن مشرکین کا رد نہیں ہے جو ذوی العقول مثل حضرت عیسیٰ وغیرہ کو معبود مانتے تھے بلکہ جو مشرکین صرف اصنام و احجار کو معبود مانتے تھے اُنھیں کا رد کیا گیا ہے گویا تا ہجرت مدینہ طیبہ کے یہ شرک جائز تھا اور اس کی ممانعت تا ہجرت قرآن مجید میں نازل نہیں ہوئی و نعوذ باللہ من هذا القول مثل البول کبرت کلمۃ تخرج من افواههم ۔ اور مؤلف صاحب جو ملائکہ اور روح القدس سے آیت پر نقض وارد کرتے ہیں اُس سے بھی کمال خوش فہمی اُن کی ظاہر ہوتی ہے اگر ملائکہ اور روح القدس کو وقت نزول آیت کے احیاء غیر اموات مانا جاوے تو رد شرک میں کیا نقض لازم آتا ہے کیوں کہ اللہ تعالےٰ اس آیت میں تمام معبودات باطلہ من دون اللہ کی معبودیت کو خواہ ذوی العقول ہوں یا غیر ذوی العقول ہوں چند طرح پر باطل فرماتا ہے ۔

اوّلاً یہ کہ الٰہ کے لیئے صفت خالقیت ضروری ہے اگر صفت خالقیت معتبر نہ ہو تو عدم مخلوقیت تو نہایت ہی ضروری ہے لیکن ملائکہ اور روح القدس میں یہ دونوں صفتیں موجود نہیں ہیں پس وہ الٰہ کیونکر ہو سکتے ہیں بنا برعلیہ ملائکہ اور روح القدس تو لفظ من دون اللہ اور لا یخلقون شیئاً و هم یخلقون سے اول ہی خارج ہو گئے اور لفظ اموات غیر احیاء الآیہ سے تمام مرسلین بشر جن کو انسانوں نے معبود قرار دے رکھا ہے وہ سب ہی خارج

ہو گئے پس اگر ملائکہ اور روح القدس کے لئے مغلیت نسبت موت کے
کسی زمانہ آئندہ ہی میں تسلیم کی جاوے نہ فی الحال کما قال اللہ تعالیٰ
کل شئ ھالک الا وجہہ تو وہ معبود کیونکر قرار دئے جا سکتے
ہیں۔ افسوس صد افسوس کہ ایک حضرت عیسیٰ کی نجات کے لئے پیر
جی صاحب پر کس قدر مصیبتیں پڑی ہیں کہ کسی وقت ان کو ان مصیبتوں
سے چھٹکارا نہیں حاصل ہوتا انا للہ و انا الیہ راجعون۔

قولہ اگر ایسا ہے تو آیت سنت اللہ التی قد خلت اور
دوسری آیت و لن تجد لسنۃ اللہ تبدیلا۔ میں صریح تناقض
ہو گا آہ۔

اقول ای مؤلف صاحب تناقض تو آپ کے ذہن
میں ہے نہ قرآن مجید میں جو سنت اللہ کہ گذر چکی وہی سنت اللہ پھر
بحکم قادر مطلق اعادہ کی جاتی ہے اس میں کیا تناقض لازم آتا ہے
یا یہ کہ جو حکم الٰہی کسی قوم کے ہلاک و عذاب کے لئے صادر ہو چکا
اس حکم کے لئے کوئی تبدیل کرنے والا نہیں سباق و سیاق آیت کو
دیکھو فلما رأو باسنا قالوا امنا باللہ وحدہ و کفرنا بما کنا
بہ مشرکین فلم یک ینفعہم ایمانہم لما رأو باسنا
سنت اللہ التی قد خلت فی عبادہ و خسر ھنالک
المبطلون مطلب آیت کا ظاہر ہے کہ وقت رویت عذاب کے ایمان
نفع نہیں دے سکتا یہ امر اللہ تعالےٰ کی سنت ہے اور پہلے سے
یہ امر ہو چکا ہے لہذا اس حکم کے لئے کوئی تبدیل کرنے والا نہیں ہے
بلکہ وقت مجیئت عذاب اور باس کے جو لوگ کافر رہتے ہیں وہ ہلاک

ہی ہو جاتے ہیں کما قال و خسر ھنالك المبطلون۔

قولہ محاورہ فلاں حاکم شہر میں تحصیلدار ہو گذرا ہے یہ ہردو صورۃ میں صادق ہے اگر مرگیا ہو جب بھی اور اگر ملازمت صیغہ تحصیلداری سے علحدہ ہو کر زندہ موجود ہو جب بھی۔

اقول یہاں پر مؤلف صاحب نے حضرت عیسیٰ کی حیات ثابت کرنے کرنے رسالت اور نبوت سے بھی اُن کو معزول کر دیا اور اب جو وہ آسمان سے اُتریں گے معزول عن عہدۃ النبوۃ و الرسالت نازل ہوں گے مگر کوئی قصور حضرت عیسی کا جس کی وجہ سے وہ عہدۂ رسالت سے معزول کیئے گئے ہیں بیان نہیں کیا گیا ای مؤلف صاحب آپ نے جو مثال تحصیل دار معزول شدہ پر قیاس کیا ہے ای حضرت کوئی عہدہ دار بلا صدور جرم اور قصور کے اپنے عہدہ سے معزول نہیں کیا جاتا پھر حضرت عیسیٰ سے کون سا جرم صادر ہوا جو اپنے عہدہ نبوت اور رسالت سے وہ معزول کیئے گئے بینوا توجروا۔

آپ نے کیا اچھی دوستی اور محبت حضرت عیسی سے کی ہے سچ کہا ہے کسی نے نادان کی دوستی اور جی کا زیان۔ کیا آپ نے قرآن مجید کی یہ آیت بھی نہیں پڑھی کہ ان اللہ لا یغیر ما بقوم حتی یغیروا ما بانفسہم۔

ایہا الناظرین مؤلف صاحب کا یہاں پر یہ بھی اقرار ہے کہ خلوا جس سے خلت مشتق ہے صفت زمانہ کی بالذات ہوتی ہے کہتے ہیں کہ سال گذشتہ اور قرون خالیہ اور زمانیات کا بالعرض یعنی جو اشیا کہ زمانہ میں موجود ہیں اُن کو بھی بعلاقہ ظرفیت اور مظروفیت

کے موصوف کیا جاتا ہے اور اُس کو دو صورتوں میں آپ نے منحصر
کیا ہے ایک موت دوسری معزولی عن العہدہ پھر جب کہ آپ کوئی
جرم حضرت عیسیٰ کا ثابت نہیں کر سکتے اور نیز اُن کا رسول بھی ہونا
اب تک قرآن مجید میں مذکور ہے چنانچہ اسی آیت میں قد خلت
من قبله الرسل موجود ہے پس لا محالہ اگر بحکم فلما توفیتنی
کے ان دو شقوں میں سے آپ ان کی موت ہی کے قائل ہو جاویں تو
ان سب مفاسد سے آپ کو چھٹکارا ہو جاوے گا پھر اس صورت
میں آپ یاد رکھیں کہ مسیح موعود اسی امت میں سے ایک امام آپ
کو ماننا پڑے گا کیونکہ لفظ خلت میں بہ نسبت موت کے ایک اور
امر زائد ملحوظ ہے اور وہ یہ ہے کہ جس طرح پر زمانہ اور وقت
دوبارہ لوٹ کر نہیں آسکتا ہے گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں بنابر
علیہ حضرت عیسیٰ جو وہ بھی قد خلت میں داخل ہو گئے ہیں خواہ آپ
کے اقرار کے بموجب بالعرض ہی دخول سہی دوبارہ لوٹ کر نہیں
آ سکتے بحث قد خلت من قبله الرسل کی ہم اپنے رسائل مسک
العارف وغیرہ میں مفصلاً لکھ چکے ہیں جس کو تفصیلی بحث دیکھنی منظور
ہو وہ ہمارے رسائل کی طرف رجوع کرے۔

قولہ حاشیہ صفحہ ۸۵ و ۸۶ عیسیٰ بن مریم کا مستثنیٰ
ہونا اثبات مدعا میں مخل نہیں کیونکہ واقعہ احد اور حادثہ وفات
شریف دونوں میں مزعوم مخاطب کا برات ہے آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کی وفات سے اور ظاہر ہے کہ دفع مزعوم مذکور میں
جو سالبہ کلیہ ہے یعنی لا شئ من الرسل بہالك فقط ایجاب جزئی

جو نقیض صریح ہے سلب کلی کے لئے کفایت کرتی ہے جس سے اظہار اس امر کا مقصود ہے کہ رسالت منافی موت کے نہیں۔ آہ

اقول ای طلبار علم منطق اب بھی پیرجی کی منطق آپ کو معلوم ہوئی اگر معلوم نہ ہوئی ہو تو کسی قدر میں اوس کو واضح کرتا ہوں بگوش ہوش بشنوید پیرجی فرماتے ہیں کہ واقعہ احد اور حادثہ وفات شریف دونوں میں مزعوم مخاطب کا برارت ہے آں حضرت کی وفات سے۔ پس اس سے صاف ظاہر ہے کہ مزعوم مخاطب سالبہ شخصیہ ہے مگر آگے اس کے فرماتے ہیں کہ ظاہر ہے کہ دفع مزعوم مذکور میں جو سالبہ کلیہ ہے یعنی لا شئ من الرسل بهالك الخ سچ ہے دروغگو را حافظہ نباشد۔ ایہا الناظرون کیسی فاش غلطی اور جہالت ہے کہ ایک ہی مزعوم کو۴ سالبہ کلیہ قرار دیا گیا اب تک بھی پیرجی صاحب آپ کے نزدیک اس خاکسار کے مخاطب صیح ہو سکتے ہیں کلا و حاشا۔ اب واضح ہو کہ جب کہ مزعوم مخاطب کا سالبہ کلیہ نہ ہوا تو طرز استدلال ہی باطل ہو گیا۔

قولہ حاشیہ صفحہ ۸۵ صورت استدلال نزول آیت کے لحاظ سے یہ ہے الموت لیس بمناف للرسالۃ لانہ لو کان منافیا لما توفی احد من الرسل لکنہ الخ

اقول ایہا الناظرون برائے خدا آپ سے انصاف طلب ہے کہ شکل اول پر تو یہ اعتراض کہ قیام ہیئت نہیں لیکن جو پیرجی صاحب نے قیاس بنایا ہے اوس میں قیام ہیئت تو درکنار مادہ قیاس ہی قائم نہیں کیا کوئی ادات شرط آیت میں مذکور ہے

۴ سالبہ شخصیہ بیان کیا اور پھر اوسی محل پر اوسی مزعوم کو

یا مستنبط ہو سکتا ہے اور کیا یہ مقدمہ شرطیہ (کہ اگر منافی ہوتی تو پہلے آپ کے کوئی رسول رسولوں میں سے وفات نہ پاتا) مذکور ہے۔ کیا کلمہ لاکن جو ادات استثنا ہے وہ مذکور ہے پھر طرفہ یہ کہ پیرجی صاحب نے اپنی طرف سے بہت سے لفظ یا آیت میں درج کردئے اور ما محمد الا رسول جو آیت کریمہ میں مذکور تھا اُن کو دلیل سے خارج کر دیا اور پھر جو اعتراض آپ شکل اول پر کرتے ہیں وہ بھی اُن کی تقریر پر وارد ہوتا ہے کیونکہ رفع منافات بین الرسالت والموت اسی وقت یعنی وقت خطبہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ تو قائم نہیں ہوا بلکہ وقت وفات سے پہلے بھی یہ منافات مرفوع ہے پس چاہئے کہ حضرت پہلے ہی سے فوت ہو جاتے

قولہ الغرض مقصود کلام سے ابطال مزعوم مخاطبین کا بھی یا اثبات نقیض مزعوم کے جنھوں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو بلحاظ رسالت کے موت سے بری خیال کیا ہوا تھا آہ

اقول یہاں پر پیرجی صاحب نے مزعوم مخاطبین کا منشا منافات بین الموت و الرسالت قرار دیا ہے مگر اولاً تو یہ منشا صحابہ کرام کی طرف نسبت کرنا محض غلط ہے یہ کیوں کر ہو سکتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات تک صحابہ کرام نے اس مسئلہ بدیہی مات الناس حتی الا نبیا کو بھی نہ سمجھا ہو۔ علاوہ یہ کہ احادیث صحاح سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ مخاطبین صحابہ کا یہ گمان تھا کہ ابھی تک بہت سی پیشین گوئیاں پوری ہونی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات میں باقی رہی ہیں مثلاً

تمیز بین الخبیث و الطیب ابھی تک واقع نہیں ہوئی ہے پس جب تک منافقوں کا صفایا نہ ہو تب تک حضرت صلی اللہ علیہ و سلم وفات نہ پاویں گے پس ان مخاطبین کی نسبت منافات کا خیال ہو ہی نہیں سکتا۔

قولہ لفظ کئی رسول اس لئے کہتا ہوں کہ آیت بل رفعہ اللہ الیہ کی مخصص ہے عموم کے لئے۔آہ

اقول ہم پہلے ثابت کر چکے ہیں کہ آیت بل رفعہ اللہ الیہ سے حیات مسیح علی الصورۃ الکذائیۃ بالکل مردود ہے پس الرسل اپنے عموم پر باقی رہا۔ اور ثابت ہوا کہ پیر صاحب کی تقریب ناتمام ہے کیوں کہ صحابہ کرام میں کوئی صاحب ایسے نہیں معلوم ہوتے جو منافات کے قائل ہوں پس جب کہ پیر صاحب کے قیاس استثنائی کا یہ حال ہے تو پیر صاحب کے قیاس استثنائی کو جس سے بلا قرینہ قرآن مجید میں بہت سی عبارات محذوف ماننی پڑتی ہیں کون مسلمان تسلیم کر سکتا ہے اور پھر بھی باوجود تقدیر اس قدر عبارات کے مدعا کے لئے غیر مثبت اب گذارش یہ ہے کہ جب آپ کے قیاس استثنائی کے لئے نہ تو قوام ہیئت ہے نہ مادہ قیاس موجود ہے اور معہذا مدعا کے لئے بھی غیر مثبت نہیں تو بہر شکل اول ہی بنا لیجئے و ہو ہذا عیسی بن مریم ایک رسول تھا جو محمد صلے اللہ علیہ وسلم سے پہلے پیدا ہوا اور کل رسول جو محمد صلے اللہ علیہ وسلم سے پہلے پیدا ہوئے وہ اس دنیا سے سب گذر گئے نتیجہ یہ ہوا کہ عیسی بن مریم بھی موت سے گذر گیا صغری

اس شکل کا یوں ثابت ہے دیکھو آیت مبشرا برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد کو۔ اور کبری اس شکل کا یوں ثابت ہے و ما محمد الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل اور اس آیت کی تفسیر میں اُس حدیث کو بھی ملحوظ رکھو جو ہم بخاری شریف سے مسک العارف و غیرہ میں معہ شرح و بسط کے درج کرچکے ہیں اور تمام صحابہ حاضرین کا اجماع اور اتفاق کل رسولوں کی وفات پر ثابت کرچکے ہیں فتذکر و لا تکن من الغافلین۔

قولہ حاشیہ صفحہ صاحب قول الجمیل نے امت مرحومہ کو بعد انتساب اعتقاد ہذا ناحق مشرک ٹھہرایا دیکھو صفحہ ۹۵ قول جمیل بعد اظہار مقصود اس آیت کے ناظرین اُس دھوکہ سے جو مسک العارف میں متعلق آیت ہذا کے مذکور ہے بچ سکتے ہیں۔

اقول ای پیر صاحب اب تو آپ کی منطق دانی صغری کبری پڑھنے والوں پر بھی واضح ہو چکے پس نہ بمقابلہ ادلہ حقہ یقینیہ کے آپ کے ان مغالطات سے کیا ہو سکتا ہے اور آپ کو نہیں معلوم کہ صاحب القول الجمیل وہ فاضل جلیل القدر ہے کہ اگر آپ اُس سے علوم منطق و ادب و غیرہ تمام عمر پڑھیں تو معہذا آپ کے علوم محصلہ کو اُس کے علم کے روبرو وہ نسبت ہو جو قطرہ کو دریا سے ہے اگر آپ کو اس میں کچھ شک ہے یا تردد کسی قدر ہے تو چند سطور کشف الدجی سے نقل کی جاتی ہیں تاکہ آپ کو حقیقت علیہ ہمارے سلسلہ کے علما کی معلوم ہو و ہو ہذا۔

(۱) مسیح الملتانی ہے اور ہر ایک الشان لوازم اور خواص

انسانیہ سے مخصوص ہے (نتیجہ) پس مسیح لوازم اور خواص انسانیہ سے مخصوص ہے۔ صغریٰ مسلم ہے اور کبریٰ بھی مسلم قرآن سے ثابت ہے کہ عیسیٰ کی مثال آدم کی مثال ہے یعنی عیسیٰ بھی ایک آدمی ہے جو آدم والے تمام عوارض اور خواص اپنے اندر رکھتا ہے پس حد اوسط کے گرانے سے جو نتیجہ پیدا ہوا وہ صحیح اور مسلم ہے (۲) مسیح بشر ہے اور کوئی بشر تغیرات بشریہ سے خالی نہیں نتیجہ پس مسیح تغیرات بشریہ سے خالی نہیں۔ صغریٰ مسلم ہے اور کبریٰ بھی مسلم قرآن سے ثابت ہے کہ انسانی ہستی کے لئے تغیرات جسمانی یعنی (عوارض اور خواص انسانی) لازم حال ہیں کبھی صحت کبھی مرض کبھی جوانی کبھی بڑھاپا کبھی زندگی کبھی موت آیات ذیل پر غور کرو (۱) ومن نعمرہ ننکسہ فی الخلق الآیہ یعنی جس کو ہم لمبی عمر دیتے ہیں اس کی پیدائش الٹا دیتے ہیں یعنی قویٰ بیکار کر دیتے ہیں (۲) و منکم من یتوفیٰ و منکم من یرد الی ارذل العمر لکی لا یعلم بعد علم شیئاً یعنی بعض تم میں سے ابتدائے عمر میں فوت کئے جاتے ہیں اور بعض ارذل عمر (یعنی غایت درجہ کے بڑھاپے) کی طرف رو کیئے جاتے ہیں پھر دانا ہونے کے بعد نادان ہو جاتے ہیں (۳) اللہ الذی خلقکم من ضعف ثم جعل من بعد ضعف قوۃ ثم جعل من بعد قوۃ ضعفاً و شیبۃ یعنی اللہ وہ اللہ ہے جس نے تم کو ضعف سے پیدا کیا پھر ضعف کے بعد قوت دی اور پھر قوت کے بعد ضعف اور پیرانہ سالی

وارد کی (۲) ثم انکم بعد ذلك لميتون پھر اس کے پیچھے تم مرنے والے ہو پس جو نتیجہ ظاہر ہوا وہ بھی صحیح ہے (۳) مسیح بشر ہے اور کوئی بشر بغیر غذا کے زندہ نہیں رہ سکتا (نتیجہ) پس مسیح بغیر غذا کے زندہ نہیں رہ سکتا۔ صغریٰ مسلم ہے اور کبریٰ بھی مسلم۔ قرآن کریم سے ثابت ہے کہ کوئی ایسا جسم نہیں بنایا گیا کہ بغیر غذا کے زندہ رہ سکے دیکھو آیت کریمہ وما جعلناهم جسدا لا یاکلون الطعام وما کانوا خالدین۔ یعنی ہم نے ایسا جسم کوئی نہیں بنایا کہ زندہ تو ہو مگر کھانا نہ کھاتا ہو اور نہ ان کے لئے ہمیشہ کی زندگی ٹھہرائی ہے کہ وہ ہمیشہ زندہ رہ سکیں پس (نتیجہ) بھی صحیح ہے۔ (۴) مسیح بشر ہے اور کسی بشر کے لئے خلد یعنی عمر غیر طبعی نہیں دی گئی دیکھو آیت وما جعلنا لبشر من قبلك الخلد افان مت فهم الخالدون یعنی ہم نے کسی بشر کے لئے تجھ سے پہلے ہمیشہ کی زندگی یعنی عمر غیر طبعی نہیں ٹھہرائی پس جو نتیجہ پیدا ہوا وہ بھی مسلم ہے (۵) مسیح انسان ہے اور ہر ایک انسان کے لئے زمین جائے قرار ہے (نتیجہ) پس مسیح کے لئے زمین جائے قرار ہے۔ صغریٰ مسلم ہے اور کبریٰ بھی مسلم قرآن شریف سے ثابت ہے کہ ہر ایک انسان زمین سے پیدا کیا گیا ہے اور جو زمین سے پیدا کیا گیا ہے اُس کے لئے زمین ہی جائے قرار ہے اس طرح سے کہ وہ زندگی اور موت دونوں حالتوں میں اُس سے علیحدہ نہیں ہو سکتا دیکھو آیات ذیل (۱) و لکم

فی الارض مستقر و متاع الی حین یعنی تمھارے لئے
زمین ہی جائے قرار ہے اور اپنے ایام زندگی کو پورا کرنے تک
اُس میں رہ کر فایدہ اُٹھانا (۲) فیہا تحیون و فیہا تموتون
و منہا تخرجون یعنی تم زندگی کی حالت میں اس زمین میں رہو گے
اور پھر آخر اسی میں مروگے اور پھر اسی سے نکالے جاؤ گے۔
(۳) منہا خلقناکم و فیہا نعیدکم و منہا نخرجکم
تارۃ اخریٰ یعنی ہم نے اسی زمین سے تم کو پیدا کیا اور آخر اسی
زمین میں تم کو واپس لے جاویں گے اور اسی سے پھر نکالیں گے
(۶) مسیح مخلوق ہے اور جو مخلوق ہے وہ فانی ہے (نتیجہ)
پس مسیح فانی ہے صغریٰ مسلم اور کبریٰ بھی مسلم قرآن کریم سے
ثابت ہے کہ ہر ایک چیز جو زمین پر موجود ہے وہ زمین سے مخلوق
ہے اور وہ زمین سے الگ نہیں ہوسکتی اور اُس کا استقرار زمین
کے ساتھ لازم غیر منفک کی طرح ہے وہ فنا ہوتی ہے دیکھو آیت
کل من علیہا فان یعنی ہر ایک وہ مخلوق جو زمین پر ہے
وہ معدوم ہونے والی ہے پس نتیجہ بھی صحیح اور مسلم ہے۔
(۷) مسیح صرف ایک رسول تھا اور ہر ایک رسول اُس سے پہلے گذرچکا
ہے (نتیجہ) پس مسیح بھی گذر چکا ہے صغریٰ مسلم ہے اور
کبریٰ بھی مسلم قرآن شریف سے ثابت ہے کہ حضرت مسیح صرف
ایک رسول تھے کچھ اور نہ تھے اور اُن سے پہلے اُن کے جنس
سے سب رسول عالم فانی سے رحلت کر گئے دیکھو آیت ما
المسیح ابن مریم الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل الآیۃ

یعنی مسیح بن مریم صرف ایک رسول تھا اور کچھ نہیں اُس سے پہلے سب رسول گذر چکے ہیں اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے قیاس استقرائیؔ سے جو ادلہ یقینیہ میں سے ہے حضرت مسیح ابن مریم کی الوہیت کے باطل اور مشرکانہ عقیدہ کو رد کیا ہے اور حضرت مسیح کی بشریت اور موت پر قیاس استقرائی کو دلیل ٹھیرایا ہے یعنی یہ فرمایا ہے کہ دیکھو مسیح سے پہلے اُس کی جنس کے بہت رسول گذر چکے ہیں اُن میں اُن سے بڑھ کر کوئی بات نہیں اور نہ اُس کے لئے کوئی مابہ الامتیاز قائم ہے پس اسی بشریت کے سلسلہ میں آکر وہ بھی عالم فانی سے گذر چکا ہے اور بشریت اور موت اس کی الوہیت کے منافی ہے پس جو نتیجہ پیدا ہوا وہ بھی صحیح اور مسلم ہے۔

(۸) مسیح ابن مریم معبود من دون اللہ قرار دیا گیا اور ہر ایک شخص جو من دون اللہ معبود قرار دیا گیا وہ مردہ ہے (نتیجہ) پس مسیح ابن مریم مردہ ہے صغریٰ مسلم ہے دیکھو آیت واذ قال اللہ یا عیسی ءأنت قلت للناس اتخذونی و امی الٰھین من دون اللہ الآیہ جب کہا اللہ تعالیٰ نے ای عیسی کیا تو نے لوگوں سے کہا تھا کہ مجھے اور میری والدہ کو تم خدا تعالے کے سوا دو خدا بنالو کبریٰ بھی مسلم ہے دیکھو آیت و الذین یدعون من دون اللہ لا یخلقون شیئا و ھم یخلقون اموات غیر احیاء و ما یشعرون ایان یبعثون یعنی جو لوگ بغیر اللہ تعالے کے پرستش کئے جاتے ہیں اور پکارے جاتے ہیں کوئی چیز پیدا نہیں کرسکتے بلکہ خود پیدا کئے گئے ہیں مرچکے ہیں زندہ نہیں

اور نہیں جانتے کہ قبروں سے کب اُٹھائے جاویں گے پس جو نتیجہ پیدا ہوا وہ بھی مسلم ہے ۔ (۹) مسیح مطابق نصوص بینہ قرآنیہ کے فوت ہو گیا ہے اور کوئی فوت شدہ دوبارہ نہیں آسکتا (نتیجہ) پس مسیح بھی دوبارہ نہیں آسکتا صغریٰ مسلم ہے دیکھو آیات ذیل (۱) یٰعیسیٰ انی متوفیک و رافعک الی یعنی اے عیسیٰ میں تجھے وفات دوں گا اور اپنی طرف اُٹھاؤں گا (۲) فلما توفیتنی کنت انت الرقیب علیہم و انت علی کل شئ شہید۔ یعنی اے اللہ جب تو نے مجھے وفات دیدی تو تو ہی اُن کا نگہبان تھا اور تو ہر چیز پر حاضر ناظر ہے۔ (۳) بل رفعہ اللہ الیہ بلکہ اللہ تعالیٰ نے عزت کی موت دے کر اُسے اپنی طرف اُٹھا لیا اور دیکھو حدیث شریف جو بخاری کی کتاب التفسیر میں مروی ہے

فاقول کما قال العبد الصالح و کنت علیہم شہیدا مادمت فیہم فلما توفیتنی کنت انت الرقیب علیہم

(ترجمہ بطور حاصل مطلب) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میں بھی اپنے نافرمان اور بدعتی امتیوں کے حق میں جب کہ وہ قیامت کے دن آگ کی طرف لائے جاویں گے ویسا ہی کہوں گا جیسا کہ عبد صالح حضرت مسیح ابن مریم نے زبانی بازپرس کے وقت کہا تھا اور وہ یہ ہے یا اللہ میں اُن کا نگہبان تھا جب تک کہ میں اُن میں تھا پس جب تو نے مجھے فوت کر لیا تو تو ہی اُن کا نگہبان تھا یہ حدیث اُن دونو آیتوں کی تفسیر ہے جو حضرت مسیح کے وفات کے بارہ میں آئی ہیں اور امام بخاری نے تظاہر آیتین کی غرض سے اس حدیث مرفوع اور حضرت

ابن عباس کے قول متوفیك ممیتك کو اپنی صیح کی کتاب التفسیر میں بطور تفسیر کے روایت فرمایا ہے جس سے لفظ توفی کے معنی (اماتت) کی قطعیت ثابت ہے ۔ کبری بھی مسلم ہے قرآن شریف سے ثابت ہے کہ فوت شدہ انسان دو بارہ دنیا میں نہیں آیا کرتے اور نہ اس کی کوئی نظیر قائم ہے دیکھو آیات مندرجہ ذیل۔ (۱) فیمسك التی قضی علیها الموت یعنی جس پر موت وارد ہوگئی خدا تعالی اُسے دنیا میں آنے سے روک دیتا ہے ۔ (۲) وحرام علی قریة اهلکناها انهم لا یرجعون یعنی وہ قریہ جس کو ہم نے ہلاک کر دیا یعنی حقیقی موت اُن پر وارد کردی اُن کا دنیا میں دوبارہ آنا حرام ہے۔ (۳) حتی اذا جاء احدهم الموت قال رب ارجعون لعلی اعمل صالحا فیما ترکت کلا انها کلمة هو قائلها ومن وراءهم برزخ الی یوم یبعثون یعنی جب کافروں میں سے ایک کو موت آتی ہے تو وہ کہتا ہے ای میرے رب مجھکو پھر دنیا میں بھیج دے کہ میں نیک عمل کروں اور تدارک مافات مجھسے ہو سکے تو اُس کو کہا جاتا ہے کہ یہ ہرگز نہیں ہوگا یہ صرف اُس کا قول ہے یعنی خدا تعالی کی طرف سے ابتدا سے کوئی بھی وعدہ نہیں کہ مردہ کو دنیا میں پھر بھیجے اور پھر آگے فرمایا کہ جو لوگ مر چکے ہیں اُن میں اور دنیا میں ایک پردہ ہے جس کی وجہ سے وہ قیامت تک دنیا کی طرف رجوع نہیں کر سکتے ۔ (۴) وقال الذین اتبعوا لو ان لنا کرة فنتبرأ منهم کما تبرأوا منا کذالك یریهم الله اعمالهم حسرات علیهم وما هم بخارجین من النار یعنی دوزخی لوگ دوزخ

کریں گے کہ ایک دفعہ ہم دنیا میں جائیں تاہم اپنے باطل معبودوں سے ایسے بیزار ہو جاویں جیسے وہ ہم سے بیزار ہیں لیکن وہ دوزخ سے نہیں نکلیں گے ۔ (۵) ثم انکم یوم القیمة تبعثون یعنی پھر تم قیامت کے دن قبروں سے اُٹھائے جاؤ گے ۔ (۶) و ما ھم بخارجین یعنی وہ اُس سے نکالے نہیں جائیں گے۔ (۷) یریدون ان یخرجو من النار و ما ھم بخارجین منہا و لہم عذاب مقیم یعنی وہ چاہتے ہیں کہ آگ سے نکل جائیں پر وہ اُس سے نکل نہیں سکتے اور اُن کے لئے دائمی عذاب ہے۔ (۸) فلا یستطیعون توصیة و لا الی اھلہم یرجعون یعنی وہ وصیت کرنے کی قدرت نہ پاویں گے اور نہ اپنے اہل و عیال کی طرف واپس ہو سکیں گے۔ (۹) اولئك اصحاب الجنة هم فيها خالدون یعنی وہ لوگ جنتی ہیں اور اُس میں ہمیشہ رہیں گے۔ ایسا ہی وہ تمام آیتیں دیکھو جس کے بعد لفظ خالدون یا خالدین آتا ہے (۱۰) لا یذوقون فیہا الموت الا الموتة الاولی وہ صرف ایک ہی موت چکھیں گے یعنی دوبارہ دنیا میں نہیں بھیجے جاویں گے کہ پھر مریں ۔ اور دیکھو وہ حدیث جابر بن عبداللہ کی جو مشکوٰۃ شریف میں مروی ہے اور وہ یہ ہے وعن جابر رضی الله عنه قال لقینی رسول الله صلی الله علیه و سلم فقال یا جابر مالی اراك منكسرا قلت استشهدابی و ترك عیالا و دینا قال افلا ابشرك لما لقی الله به اباك قلت بلی یارسول الله قال ما كلم الله احدا قط الا من وراء حجاب و احیی اباك فكلمه

کفاحا قال یا عبدی تمن علی اعطك قال تحیینی فاقتل
فیك ثانیة قال الرب تبارك وتعالی انه قد سبق منی
انهم لا یرجعون رواه الترمذی یعنی جابر رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مجھکو ملے اور فرمایا
ای جابر کیا سبب ہے کہ میں تجھے غمناک دیکھتا ہوں میں نے کہا
یارسول اللہ میرا باپ شہید ہو گیا اور میرے سر پر عیال اور قرض
کا بوجھ چھوڑ گیا آپ نے فرمایا کہ میں تجھے اس بات کی خوش خبری
نہ دوں جس طور سے اللہ جل شانہ نے تیرے باپ سے ملا میں نے
عرض کیا کہ ہاں یارسول اللہ مجھے بتلائیے تو آپ نے فرمایا کہ اللہ
جل شانہ کسی کے ساتھ بغیر حجاب کے بات نہیں کرتا مگر تیرے
باپ کو اس نے زندہ کیا اور بالمواجہ گفتگو کی اور کوئی درمیان حجاب
نہ تھا اور پھر اس نے تیرے باپ کو کہا اے میرے بندہ کچھ
مجھ سے مانگ کہ میں تجھے دوں گا تب تیرے باپ نے عرض
کیا کہ ای میرے رب مجھ کو زندہ کرکے پھر دنیا میں بھیج دے
تا تیری راہ میں دوبارہ دنیا میں شہید کیا جاؤں تب اللہ تبارک وتعالے
نے فرمایا کہ ایسا نہیں ہوگا کیونکہ میں ابدی طور پر عہد کر چکا ہوں
کہ جو لوگ فوت ہو جاویں پھر وہ دنیا میں بھیجے نہیں جاویں گے
انہم لا یرجعون قرآن کریم کی آیت ہے یہ وہ حدیث ہے جو ترمذی
میں روایت کی گئی ہے اور اس کے ہم مضمون ایک صحیح بخاری میں
حدیث ہے جو بوجہ طوالت درج نہیں کی گئی پس اس شکل کا نتیجہ صحیح
اور مسلم ہے (۱۰) مسیح ایک رسول تھا جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم

سے پہلے پیدا ہوا اور ہر ایک رسول جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے پیدا ہوا وہ عالم فانی سے گذر گیا ہے نتیجہ پس مسیح بھی عالم فانی سے گذر گیا ہے ۔ صغری مسلم ہے دیکھو آیت مبشرا برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد یعنی حضرت عیسی نے کہا میں ایک رسول کی بشارت دیتا ہوں جو میرے بعد آئے گا اور اس کا نام احمد ہوگا صلے اللہ علیہ وسلم ۔ کبری بھی مسلم ہے دیکھو آیت و ما محمد الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل الآیہ یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم صرف ایک رسول ہیں کچھ اور نہیں ان سے پہلے سب رسول اس عالم فانی سے گذر چکے ہیں اور دیکھو اس آیت کی تفسیر میں وہ حدیث جو حضرت امام بخاری نے اپنی صحیح بخاری میں در بارہ استدلال حضرت صدیق اکبر بنسبت وفات آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم و جمیع انبیاء علیہم السلام روایت فرمائی ہے اور اس استدلال پر صحابہ کا اجماع اور اتفاق ثابت ہے ہم نے اس روایت کو اپنے رسالہ الدلیل الصریح علی وفات المسیح میں معہ ترجمہ نقل کیا ہے ۔ پس نتیجہ بھی مسلم اور صحیح ہے (۱۱) مسیح ایک بشر رسول تھا اور کوئی بشر رسول جسم عنصری کے ساتھ آسمان پر نہیں جا سکتا نتیجہ پس مسیح بھی جسم عنصری کے ساتھ آسمان پر نہیں جا سکتا ۔ صغری بھی مسلم ہے اور کبری بھی مسلم دیکھو آیت کریمہ او ترقی فی السماء ولن نؤمن لرقیک حتی تنزل علینا کتابا نقرءہ قل سبحان ربی ھل کنت الا بشرا رسولا یعنی کفار کہتے ہیں کہ ای محمد صلعم ہمارے سامنے تو آسمان پر چڑھ جا اور ہم تیرا چڑھنا ہرگز نہیں مانیں گے جب تک کہ تو ہمارے سامنے اوپر سے کتاب لے کر نہ لاوے اور

ہم اُسے پڑھ بھی لیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ای رسول تو اُنھیں جواب دو کہ میں ایک بشر رسول ہوں میں آسمان پر چڑھ نہیں سکتا اور نہ بشر کا کام آسمان پر چڑھنا ہے پس جو نتیجہ پیدا ہوا وہ صحیح اور مسلم ہے۔

قیاس استثنائی (۱۲) اگر مسیح زندہ ہے تو وہ نماز پڑھتا ہے اور زکوٰۃ دیتا ہے لیکن مسیح کا نماز پڑھنا اور زکوٰۃ دینا ثابت نہیں (نتیجہ) پس مسیح کا زندہ ہونا بھی ثابت نہیں۔ صغریٰ مسلم ہے دیکھو آیت وَ اَوصانی بالصلوٰۃ و الزکوٰۃ ما دمت حیا الآیہ یعنی خدا تعالیٰ نے جب تک کہ میں زندہ رہوں مجھے نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے کا حکم دیا ہے۔ کبریٰ بھی مسلم ہے کیونکہ آیت اور حدیث سے حضرت مسیح کا بر طبق مفہوم آیت مادمت حیا ان کے مرفوع الی اللہ ہونے کے بعد نماز پڑھنا اور زکوٰۃ دینا ثابت نہیں پس حد اوسط کے گرانے سے جو نتیجہ پیدا ہوا وہ صحیح اور مسلم ہے (۱۳) اگر حضرت مسیح زندہ ہیں تو ان کی اُمت کا اعتقاد درست ہے لیکن اُمت کا اعتقاد تو درست نہیں نتیجہ پس حضرت مسیح بھی زندہ نہیں۔ صغریٰ مسلم ہے کیونکہ قرآن کریم سے ثابت ہے کہ حضرت مسیح کی اُمت یعنی نصاریٰ اعتقاداً و عملاً دونوں طرف سے حضرت مسیح کی وفات تک نہیں بگڑے دیکھو آیت وَ کُنْتُ علیہم شہیدًا ما دمت فیہم یعنی میں اُن کا نگہبان تھا جب تک کہ اُن میں موجود تھا اور کبریٰ بھی مسلم ہے دیکھو آیات مندرجہ ذیل۔ (۱) وَ اِذْ قال اللہ یا عیسی بن مریم ءانت قلت للناس اتخذونی و امی الٰہین من دون اللہ الآیہ جب کہا اللہ نے ای عیسی مریم کے بیٹے کیا تو نے کہا تھا کہ مجھے

اور میری ماکو اللہ تعالےٰ کے سوا دو خدا بنالو۔ (۲) لقد کفر الذین قالوا ان الله ھو المسیح ابن مریم یعنی البتہ کافروں نے کہا کہ بے شک اللہ تین میں کا تیسرا ہے یعنی اقانیم ثلثہ میں سے ایک اقنوم اللہ تعالیٰ ہے۔ ان آیات سے صاف ظاہر ہے کہ نصاریٰ کا اعتقاد ٹھیک نہیں بلکہ نہایت ہی بد اور مشرکانہ اعتقاد ہے جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اپنے پاک کلام میں انھیں کافر کہا ہے اور یہ ثابت شدہ اور مسلم امر ہے کہ نصاریٰ اب گشتہ شہادت حضرت مسیح نہیں کیوں کہ اگر حضرت مسیح زندہ ہوتے تو نصاریٰ بالضرور ان کے تحت شہادت ہوتے اور نہ وہ بگڑتے لیکن چوں کہ وہ بوجہ عدم شہادت حضرت مسیح کے بگڑ چکے ہیں اس لئے حضرت مسیح باری تعالیٰ کی حضور میں اپنی موت اور عدم شہادت کا اقرار کرکے صاف بری ہوتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ میری امت کے لوگ میرے مرنے کے بعد بگڑے ہیں اور جب تک میں ان میں تھا بیں ان کا نگہبان تھا لہذا میں ان کا ذمہ وار نہیں اب ای مالک رب العزت تو ہی ان کا ذمہ وار اور نگہبان ہے کیوں کہ اب وہ تیری رقابت کے ماتحت ہیں نہ میری شہادت کے نیچے پس اندریں صورت میں بری الذمہ ہوں اور اس میں شک نہیں کہ یہ عذر حضرت مسیح کا مقبول بارگاہ الٰہی ہو چکا ہے جیساکہ اس کی طرف بخاری شریف کی مندرجہ بالا حدیث جو آیت فلما توفیتنی کی تفسیر واقع ہے اشارہ کر رہی ہے پس اس بیان سے صاف ثابت ہوا کہ حضرت مسیح فوت ہو چکے ہیں اور یہی مقصود تھا پس جو نتیجہ پیدا ہوا وہ مسلم ہے (۱۴) اگر حضرت مسیح زندہ ہیں تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

پیدا نہیں ہوئے لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہو چکے ہیں نتیجہ
پس حضرت مسیح زندہ نہیں صغریٰ مسلم ہے قرآن شریف سے ثابت ہے
کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت مسیح کے بعد آئیں گے دیکھو آیۃ
و مبشرا برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد یعنی حضرت عیسیٰ
فرماتے ہیں کہ ای بنی اسرائیل میں تمھاری طرف اللہ کا بھیجا ہوا ایک
رسول تورات کی تعلیم کو سچا کرنے والا اور اس رسول کی جو میرے
بعد احمد کے نام سے آئے گا بشارت دینے والا ہوں اور کبریٰ بھی
مسلم ہے کیوں کہ بلاریب آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم بر طبق اس
پیشین گوئی کے دنیا میں تشریف لائے اور انتقال بھی فرما گئے پس
جو نتیجہ پیدا ہوا وہ مسلم ہے اس مقام پر یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ
بعض نادان مخالف بعد کے لفظ پر اڑتے ہیں اور کہتے ہیں کہ بعد
کے لفظ سے حضرت مسیح کی وفات ثابت نہیں ہوتی۔ یہ ان کی سراسر
غلطی ہے دیکھو قرآن میں یہی لفظ حضرت موسیٰ کے حق میں وارد ہے
قال اللہ تعالےٰ۔ ولقد اتینا موسی الکتب و قفینا من
بعدہ بالرسل الآیہ اور یہی لفظ حضرت یعقوب کے حق میں ہے قال
اللہ تعالےٰ۔ ما تعبدون من بعدی اور یہی لفظ حضرت خاتم
النبیین صلوات اللہ وسلامہ علیہ نے حدیث لا نبی بعدی میں
اپنے حق میں فرمایا ہے پس اس لفظ کے جو معنی بلحاظ محل اور موقع کے
ان اولو العزم نبیوں کے حق میں مراد ہوں گے وہی حضرت مسیح کے حق
میں بھی مراد ہوں گے کیا عجب ہے کہ حضرت موسیٰ علی نبینا و علیہ السلام
اور حضرت یعقوب اور آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں تو اس

لفظ کے معنے موت اور عالم فانی سے گذر جانے کے ہوں اور حضرت مسیح کے حق میں زندگی کے ہیں ایک ہی محل میں دو مختلف معنی یہی اجتماع نقیضین ہے اور وہ باطل ہے۔ (۱۵) اگر حضرت مسیح دوبارہ دنیا میں آئے تو آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نہیں لیکن آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین ہیں نتیجہ پس حضرت مسیح نبی اسرائیلی رسول اللہ دوبارہ دنیا میں آنے والے نہیں۔ صغری مسلم ہے کیوں کہ سب سے پیچھے نبی ہو کر آنے والا ہی خاتم النبین ہو سکتا ہے اور کبری بھی مسلم ہے کیوں کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خاتم النبین ہونا نصوص قطعیہ قرآنیہ اور حدیثیہ سے ثابت ہے دیکھو آیت ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین الآیہ اور دیکھو حدیث لا نبی بعدی آیت کے یہ معنی ہیں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی آنے والا نہیں۔ حدیث میں لا واسطے نفی جنس کے ہی یعنی آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد جنس نبوت تشریعی منقطع ہو چکی ہے یعنی کوئی ایسا شخص جو موصوف بصفت نبوت تشریعی کے ہو بعد آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے دنیا میں آنے والا نہیں خلاصہ مطلب یہ ہوا کہ بعد نبوت خاتم النبین کے کوئی نیا پرانا نبی جو صاحب نبوت حقیقی اور تشریعی کا ہو دنیا میں نہیں آسکتا پس جو نتیجہ پیدا ہوا وہ صحیح اور مسلم ہے انتہیٰ۔

اور پھر پیر صاحب کی منطق کی خبر اسی رسالہ میں دوسری طرز پر یوں لی گئی ہے۔ وہو ہذا۔

(۱) مسیح رسول اللہ بجسم عنصری موجود ہے اور ہر موجود بجسم عنصری

زندہ ہے نتیجہ پس مسیح زندہ ہے صغریٰ غیر مسلم ہے کیوں کہ قرآن کریم اور احادیث صحیحہ سے ثابت نہیں کہ مسیح بن مریم رسول اللہ بجسم عنصری اب تک موجود ہے بلکہ اُس کا خلاف ثابت ہے۔ کبریٰ بھی غیر مسلم ہے کیوں کہ بہت چیزیں جسم عنصری کے ساتھ موجود ہیں مگر زندہ نہیں جیسے حجر شجر لوہا وغیرہ اشیاء۔

(۲) مسیح رسول اللہ بجسم عنصری آسمان سے نازل ہوگا اور ہرایک نازل بجسم عنصری زندہ ہے نتیجہ پس مسیح زندہ ہے۔ صغریٰ غیر مسلم ہے کیوں کہ قرآن کریم اور احادیث صحیحہ سے ثابت نہیں کہ مسیح بجسم عنصری آسمان سے نازل ہوگا۔ کبریٰ بھی غیر مسلم ہے کیونکہ نزول مستلزم زندگی نہیں قرآن کریم سے ثابت ہے کہ بہت سی چیزیں نازل ہیں مگر زندہ نہیں جیسا لوہا لباس پانی وغیرہ دیکھو آیات مندرجہ ذیل۔ (۱) و انزلنا الحدید فیه باس شدید (۲) و انزلنا علیکم لباسا یواری سوآتکم و ریشا (۳) و انزل من السماء ماء (۴) و ان من شئ الا عندنا خزائنه و ما ننزله الا بقدر معلوم (۱) ہم نے لوہا اُتارا جس میں ازحد خوف ہے (۲) ہم نے تمہیں لباس اُتارا جو تمہاری شرمگاہوں کے لئے ستر اور تمہارے لئے موجب زینت ہے (۳) اللہ نے آسمان سے پانی نازل کیا۔ (۴) ہر ایک چیز کے ہمارے پاس خزانے ہیں اور ہم انہیں بقدر معین نازل فرماتے ہیں۔ پس حد اوسط کے وضع کرنے سے جو نتیجہ پیدا ہوا وہ بھی غلط ہے۔

(۳) مسیح رسول اللہ بجسم عنصری آسمان پر زندہ موجود ہے اور ہرایک وہ شخص

جو جسم عنصری آسمان پر زندہ موجود ہے آسمان سے نازل ہوگا نتیجہ پس مسیح آسمان سے نازل ہوگا۔ صغریٰ غیر مسلم ہے کسی آیت اور حدیث صحیح میں یہ تصریح نہیں کہ مسیح آسمان پر زندہ موجود ہے اور وہاں سے ہی نازل ہوگا۔ کبریٰ بھی غیر مسلم ہے کیوں کہ آسمان پر کسی جسم عنصری کا جانا غیر ممکن اور محال عادی یعنی خلاف سنت اللہ ہے پس کوئی شخص جسم عنصری کے ساتھ آسمان پر جا نہیں سکتا دیکھو آیت کریمہ قل سبحان ربی ھل کنت الا بشرا رسولا یعنی تو کہدے یارسول اللہ کہ میں آسمان پر چڑھ نہیں سکتا کیوں کہ میں صرف ایک بشر رسول ہوں پس نتیجہ بھی غیر مسلم ہے۔

(۴) مسیح دو فرشتوں کے کاندھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے نازل ہوگا اور جو نازل ہو وہ آسمان ہی سے نازل ہوتا ہے نتیجہ پس مسیح بھی آسمان سے نازل ہوگا۔ صغریٰ مسلم ہے بصورت نزول بروزی جیسا کہ اکابر اولیا کا مذہب ہے دیکھو تفسیر محی الدین ابن عربی ص۲۶۲ کبریٰ غیر مسلم کیوں کہ قرآن شریف سے ثابت ہے کہ بہت سی چیزیں نازل ہوئیں مگر کسی نے آسمان سے اترتے نہیں دیکھا جیسے نشان چار پائے لوہا وغیرہ پس نتیجہ بھی غیر مسلم ہے۔

(۵) مسیح آسمان سے نازل ہوگا اور ہر ایک چیز جو نازل ہو وہ صاعد ہے نتیجہ پس مسیح صاعد ہے صغریٰ غیر مسلم ہے کیوں کہ یہ ثابت نہیں کہ مسیح آسمان سے نازل ہوگا کسی حدیث صحیح میں آسمان کا لفظ نہیں کبریٰ بھی غیر مسلم ہے کیوں کہ بہت سی چیزیں نازل ہیں اور صاعد نہیں جیسا کہ اوپر کی آیات سے ثابت ہے۔ (۶)

مسیح بجسم عنصری آسمان پر مرفوع ہوا اور جو مرفوع ہوا وہ زندہ ہے نتیجہ پس مسیح بھی زندہ ہے صغریٰ غیر مسلم ہے کیوں کہ جسم عنصری کے ساتھ مسیح کا مرفوع ہونا قرآن و حدیث سے ثابت نہیں ۔ کبریٰ بھی غیر مسلم ہے قرآن شریف سے ثابت ہے کہ حضرت ادریس مرفوع ہوئے اور وہ زندہ نہیں کیوں کہ قرآن شریف سے اُن کی جسمانی زندگی ثابت نہیں اور نہ مفسرین میں سے کوئی اُن کی زندگی کا قائل ہے پس نتیجہ بھی غیر مسلم ہے ۔

اور مؤلف حاشیہ میں یہ جو کہتا ہے کہ دفع استعجاب مخاطبین میں قد خلت من قبلہ الرسل کا کلیہ ہونا بلحاظ قبلیت کے ضرور نہیں ۔ الخ ۔

افسوس کہ مؤلف قد خلت من قبلہ الرسل کو قضیہ کلیہ تو مانتا ہے مگر بلحاظ قبلیت کے اُس کو کلیہ نہیں مانتا جب کہ قد خلت صیغہ بھی ماضی کا ہے اور لفظ قبل بھی اُس کا ظرف واقع ہوا ہے جس نے بطور عبارت النص کے مخصوص زمانہ ماضی کے ساتھ کر دیا ہے پھر اس کے کیا معنی کہ بلحاظ قبلیت کے وہ کلیہ نہ ہو ۔ ان ھذا لشیء عجاب علاوہ یہ کہ جب کہ دیگر انبیا جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے پیشتر ہوئے وہ تو قد خلت میں داخل ہو کر وفات پا چکے اور مسیح باوجودیکہ قد خلت من قبلہ الرسل میں داخل ہے اُس نے وفات نہیں پائی تلک اذا قسمۃ ضیزیٰ ۔

واضح خاطر عاطر ناظرین ہو کہ مؤلف کو صحت استدلال صدیقی مسلم ہے اور اندریں صورت کلیت قد خلت من قبلہ الرسل

کی بھی مسلم ہے پس جب کہ ہم تخصیص عیسی بن مریم کی قد خلت من قبلہ الرسل سے بہ دلائل قاطعہ باطل کر چکے کما مر بیانہ مفصلا ہیں جو کچھ ہم مسک العارف یا حصہ سوم اعلام الناس میں شکل اول بدیہی الانتاج سے موت مسیح بن مریم کی آیت قد خلت من قبلہ الرسل سے بیان کر چکے ہیں وہ ثابت اور حق ہے اور مؤلف کے مغالطات اور دھوکہ محض مثل سراب کے ہیں جو کسی اہل عقل کے نزدیک لائق قبول کرنے کے نہیں ہیں۔

قولہ افائن مات چونکہ بہ مقابلہ او قتل کے واقع ہوا ہے لہذا مات سے مراد موت حتف انفہ ہوگی۔

اقول ای مؤلف صاحب قد خلت کے آگے تو مات بھی ہے اور قتل بھی موجود ہے پھر آپ کیوں کر فرماتے ہیں کہ الغرض قد خلت سے بھی موت حتف انفہ مراد ہوگی ہاں مجھکو خوب یاد آیا کہ آپ نے اس اپنے جواب کو حاشیہ میں و فیہ ما فیہ من وجہین سے مردود فرما دیا ہے

قولہ اور اگر خلت سے معنی مطلق موت کا لیا جاوے تو آیت رفع مخصص ہوگی عموم اس آیت اور اس کے نظائر کی۔

اقول ای حضرت آیت بل رفعہ اللہ الیہ کا تو ہمارے واسطے دلیل یقینی ہونا ثابت ہوگیا فاین المفر اور آیات الم نخلقکم من ماء مھین یا خلق من ماء دافق وغیرہ جو مخصوص البعض ہیں تو ان کا مخصص قطعی بھی قرآن کریم میں موجود ہے یعنی خلقہ من تراب مگر ما نحن فیہ میں کون سا مخصص موجود ہے کیا قرآن مجید کی

کوئی آیت ایسی بھی آپ کے نزدیک نازل ہوئی ہے کہ رفعہ اللہ بجسدہ العنصری حیا الی السماء ثم ینزل بجسدہ العنصری علی الارض ھکذا۔

اور اعجب العجاب یہ ہے کہ آپ اپنے اس جواب کی بنسبت فرماتے ہیں کہ (جواب تحقیقی یہی ہے) ایں کار از تو آید و مرداں چنیں کنند ؎۔

تنبیہ

آیت قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَاِئنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ کے متعلق ایک سوال ہے جس کا جواب دینا ہم اس مقام پر ضروری سمجھتے ہیں وھو ہذا۔

سوال

معیار صدق و کذب نبی کا بموجب آیت لو تقول علینا بعض الاقاویل لاخذنا منہ بالیمین ثم لقطعنا منہ الوتین فما منکم من احد عنہ حاجزین کے عدم مقتول ہونا درصورت صدق اور مقتول ہونا درصورت کذب و افترا قرار دیا گیا ہے۔ اور آیت ما محمد الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل افائن مات او قتل انقلبتم علی اعقابکم سے ثابت ہوتا ہے کہ نبی صادق کا مقتول و شہید ہو جانا کفار کے ہاتھ سے ممکن ہے بلکہ دوسری آیات سے انبیاء علیہم السلام کی بنسبت وقوع قتل اور تحقق قتل کا بھی ثابت ہوتا ہے چہ جائے امکان کی کما قال اللہ تعالے وقتلھم الانبیاء بغیر حق۔ و یقتلون الانبیاء بغیر

بیان جزاء المفتری علی اللہ کا خواہ قتل سے ہو یا غیر قتل سے

حق - پس اس معیار اور ان آیات میں وجہ توفیق و تطبیق کیا ہوسکتی ہے

الجواب

آیت اول میں جو افان مات او قتل واقع ہے اُس سے مراد وہ موت اور قتل نہیں ہے جو موجب ناکامی اور نامرادی ہو اور یہ مراد خود سیاق و سباق آیت سے واضح ہوتی ہے چنانچہ فرمایا اللہ تعالےٰ نے ومن ینقلب علی عقبیہ فلن یضروا اللہ شیئاً یعنی جس دین اسلام کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی جانب سے لائے ہیں اگر بفرض تسلیم اس واقعہ احد کے وقت آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم وفات بھی پاجاویں حتیٰ کہ قتل بھی ہو جاویں تب بھی دین اسلام کو کوئی باطل نہ کر سکے گا اور ہرگز ہرگز کچھ ضرر نہ پہونچا سکے گا بلکہ اللہ تعالےٰ نعمت اسلام کی شاکرین کو دنیا اور آخرت میں نصرت اور غلبہ اور ثواب اور رضوان کے ساتھ جزا دیوے گا کما قال تعالےٰ وسیجزی اللہ الشاکرین ماحصل آیت کا یہ ہے کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی موت اور نیز قتل یعنی شہادت تو فرضاً ہرگز ہرگز ناکامیابی اور نامرادی کے ساتھ نہ ہوگی اور کیوں کر ہو سکتی ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کتب اللہ لاغلبن انا و رسلی - ان شانئک ھوالابتر - الا ان حزب اللہ ھم الغالبون - والعاقبۃ للمتقین - انا لننصر رسلنا و الذین امنوا فی الحیوۃ الدنیا و یوم یقوم الاشہاد - سیہزم الجمع و یولون الدبر - و قال الذین کفروا لرسلہم لنخرجنکم من ارضنا او لتعودن فی ملتنا فاوحی الیہم ربہم لنہلکن الظلمین و لنسکننکم

الارض من بعدهم ـ ثم صدقناهم الوعد فانجیناهم و من یشاء و اهلکنا المسرفین ـ و الیوم اکملت لکم دینکم و اتممت علیکم نعمتی و رضیت لکم الاسلام دیناو الله یعصمك من الناس و غیرہ و غیرہ یہ سب آیات بطور عبارۃ النص کے دلالت کرتی ہیں کہ جملہ رسول اور انبیا اور مامور من اللہ اور مومنین کاملین و صادقین ہی بالآخر غالب اور کامیاب ہو جاتے ہیں اور اُن کے مخالف قتل یا ہلاک اور تباہ ہو جاتے ہیں ہاں جو موت اور قتل اور ناکامی کے ساتھ ہو وہ بالضرور منافی نبوت صادقہ کے ہے نہ نفس قتل فی سبیل اللہ کہ اُس سے تو وہ درجہ شہادت کا حاصل ہوتا ہے جس کی نسبت اللہ تعالیٰ فرماتا ہے و لا تقولوا لمن یقتل فی سبیل الله اموات الآیہ پس اگر تسلیم کیا جاوے کہ بعض انبیا مقتول و شہید ہوئے ہیں تو اس تسلیم سے ناکامی اُن کی ثابت نہیں ہوتی یہ مامور من اللہ دنیا میں جب آتے ہیں جب اُن کی سخت ضرورت ہوتی ہے اور دنیا سے جب جاتے ہیں جب پورے کامیاب ہو چکتے ہیں اور جن جن اصلاحوں کے لئے وہ مبعوث ہوتے ہیں وہ سب اغراض اصلاح کی اُن کی حیات میں پوری ہو جاتی ہیں اور بذریعہ اُن کے نائبوں کے وقتاً فوقتاً تکمیل و تجدید ہوتی رہتی ہے کما قال الله تعالٰی انا نحن نزلنا الذکر و انا له لحفظون سوال میں صرف اس قدر غلطی کی ہے کہ سائل نے قتل فی سبیل اللہ کو جو کامیابی کے ساتھ ہو اُسکو بھی منافی رسالت اور نبوت کے سمجھا ہے ـ ہاں دوسری طرف یہ امر بالضرور ثابت شدہ صداقت ہے کہ مفتری علی اللہ جو مدعی مامور من اللہ ہونیکا ہو وہ بالطرد نکلا اور تباہ کیا جاتا ہے خواہ کسی سبب سے ہو

قتل سے یا غیر قتل سے فرمایا اللہ تعالے نے ولو تقول علینا بعض الاقاویل لاخذنا منہ بالیمین ثم لقطعنا منہ الوتین ۔ لسان العرب میں لکھا ہے کہ وتین اُس رگ قلب کو کہتے ہیں کہ جب وہ منقطع ہو جاتی ہے تو انسان مرجاتا ہے اور اگر وتین اُن رگوں کو بھی تسلیم کرلیں جو قلب سے منوط ہیں جس کو نیاط قلب کہتے ہیں اُن کے قطع سے بھی تحرک لسان بند ہو جاتا ہے اور جب کہ حرکت زبان کی ہی بند ہوگئی اگرچہ قتل نہ ہو تو پھر ایسے شخص کو کیا کامیابی حاصل ہوسکتی ہے کیوں کہ کار خاتم نبوت کا مدار و مدار تو فصاحت اور بلاغت ہی پر ہے اور بیان معارف الٰہیہ اور حقائق قرآنیہ ہی پر موقوف ہے پس بموجب بیان مذکورکے معیار صدق وکذب مامورمن اللہ کا یہ ہوا کہ مفتری علی اللہ جو اللہ تعالے پر تقول کرے وہ یا قتل ہو جاوے گا یا ایسا تباہ اور ہلاک ہوگا جو اُس کو کسی طرح کی کامیابی ہرگز ہرگز حاصل نہ ہوگی اور جو مامورمن اللہ صادق ہے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مؤید ہوتا چلا جاوے گا اگر بالفرض بعد تکمیل ضروریات بعثت کے وہ مرجاوے یا قتل فی سبیل اللہ بھی ہو جاوے تب بھی کامیاب ہوگا اور بذریعہ اُس کے نائبوں کے وقتاً فوقتاً اُس کا مذہب جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے لایا ہے ترقی کرتا چلا جاوے گا دیکھو خلفاء ثلثہ با وجود شہید ہو جانے کے کیسے کامیاب دارین ہوئے کہ تمام اقطار دنیا میں دین اسلام کو شائع کرگئے اور نیز بنیاد خلافت اور سلطنت کی اہل اسلام کے لئے قیامت تک کو قائم کر گئے اور یہ خیال کرنا کہ وہ مامورمن اللہ نہ تھے غلط ہے اُن کی حق میں اللہ تعالے فرماتا ہے وعد اللہ الذین امنوا منکم و

عملوا الصلحت لیستخلفنهم فی الارض کما استخلف الذین
من قبلهم و لیمکنن لهم دینهم الذی ارتضی لهم و
لیبدلنهم من بعد خوفهم امنا یعبدوننی لا یشرکون بی
شیئا و من کفر بعد ذلك فاولئك هم الفسقون۔ پھر باوجو
ان صفات مندرجہ آیت کے یہ خلفاء نبی کیونکر مامور من اللہ نہ ہوں گے
خلاصہ سب کلام کا یہ ہوا کہ مامور من اللہ کامیابی کے ساتھ درجہ شہادت
بھی حاصل کر سکتا ہے اور مفتری علی اللہ جو مدعی نبوت یا رسالت کا ہو
وہ قتل یا غیر قتل سے ہلاک اور تباہ ہو جاتا ہے پس توفیق و تطبیق
بین الآیات بخوبی حاصل ہو گئی اور کوئی اعتراض تعارض کا باقی نہ رہا
اور جو معنی آیات کے ہم نے لکھے ہیں وہی معنی محققین مفسرین نے بھی
تحریر فرمائے ہیں چنانچہ تفسیر رحمانی میں لکھا ہے ولو تقول ای
افتری علینا بقوۃ فصاحته و بلاغته بعض الاقاویل
مع ظهور ان لا یتاتی الاعجاز للفصحاء و البلغاء فی جمیع
اقاویلهم لاخذنا منه قوۃ الفصاحة و البلاغة بالیمین
ای بقوتنا ثم لقطعنا منه الوتین ای نیاط قلبه الذی به
یتحرك لسانه فنجعل کلامه ضحکة للناظرین و هزأة للساخرین
کترهات مسلیمه و ابی العلاء المعری و غیرهما فما منکم
من احد عنه ای عن سلب بلاغته و فصاحته حاجزین
ای مانعین فانکم و ان اعنتموه حینئذ لم یاتت مثله
کلام بلیغ فضلا عن المعجز و ذلك لانه یفضی الی تلبیس
لا یمکن دفعه و هو منافٍ للحکمة و کیف یکون افتراً

و انہ لتذکرۃ للمتقین فانہم بتصفیتہم للبواطن یتذکرون بہا علوما تفیدہم فی الدارین من غیر انتہاء لہا ولا شئ من المفتری کذالک اور اسی تفسیر رحمانی میں لکھا ہے ثم اشار الی ان قتل محمد صلی اللہ علیہ و سلم و موتہ لیس من اسباب الضعف بل ھو کالفخر فقال وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ و الرسل منہم من مات و منہم من قتل فلا منافاۃ بین الرسالۃ والقتل و الموت اذ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ بل الضعف عن الجہاد حینئذ مشعر بالردۃ أ تؤمنون بہ فی حال حیوتہ. فَاِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ ای ارتددتم کانکم انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْـًٔا بابطال دینہ فانہ سیظہرہ علی یدی من ینکرہ وَسَيَجْزِي اللّٰهُ بالنصر و الغلبۃ فی الدنیا والثواب و الرضوان فی الاخرۃ الشّٰكِرِيْنَ نعمۃ الاسلام بالجہاد فیہ۔

اور یہ بات بدیہی ہے کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے درجہ شہادت کا دینا مقتضای حکمت الٰہیہ کا نہ تھا اور خاص آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے فرمایا گیا کہ و اللہ یعصمک من الناس کیونکہ ما نحن فیہ میں گفتگو صرف منافاۃ میں ہے جو ما بین نبوۃ صادقہ و درجہ شہادت کے ہو وہ کسی نص کتاب و سنت سے ثابت نہیں ہو و ھو المطلوب اور اگر کہا جاوے کہ آیت افان مات او قتل میں حرف ان جو آیا ہے وہ بطور فرض محال کے ہے جیسا کہ قتل

ان کان للرحمن ولد فانا اول العابدین میں ہے تو یہ شبہ بادنیٰ تامل زائل ہو جاتا ہے کیونکہ اگر حرف اِنْ اس جگہ پر بطور فرض محال کے ہو نا تو چاہیئے تھا کہ موت نبی کی بھی ممتنع اور محال ہوتی و ھو خلاف بھی جو حال مات معطوف علیہ کا ہے وہی حال قتل معطوف کا ماننا پڑے گا یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ جاء فی ۔۔۔ و عمرو بین زید کی محبیت نو جائز مانی جاوے اور عمرو کی محبیت محال کہی جاوے علاوہ یہ کہ اس مقام میں اللہ تعالیٰ انقلاب اور ارتداد کی ممانعت شدید فرماتا ہے اور جب کہ نفس قتل کو وجوداً اور عدماً معیار صدق اور کذب کا ضروری قرار دیا جاوے تو پھر انقلاب اور ارتداد کی ممانعت کے کیا معنے جو انقلبتم علی اعقابکم میں بڑے شد و مد کے ساتھ بیان فرمائی گئی ہے کیوں کہ بنا ر علی ہذا المعیار در صورت قتل بالضرور ہم کو اس نبی سے انقلاب اور ارتداد واجب ہو جاوے گا کیوں کہ حسب حکم معیار قرار دادہ کے وہ کاذب ثابت ہوا پھر ممانعت انقلاب کے کیا معنی اور پھر اس پر یہ بھی فرمانا کہ و من ینقلب علی عقبیہ فلن یضروا اللہ شیئا ۔ ھذا ما الغی فی ۔۔۔ و اللہ اعلم بالصواب و الیہ المرجع و المآب ۔

قولہ کرۂ ارضی کا مستقر اور مستودع ہو نا بطریق اصالت یہ منافی نہیں اس کے کہ بعض افراد بشری کو عارضی طور پر کسی اور کرہ میں رکھا جاوے الی آخرہ ۔

اقول مؤلف اکثر مقاموں پہ اپنے خیالات فاسدہ کو مصطلحات علوم کا لباس پہنا کر اُن کے فساد کو دور کرنا چاہتا ہے چنانچہ

اس مقام پر جعل تکوینی اور مجعول و مجعول الیہ اور عارض غیر لازم کی
بحث شروع کر دی اگر خوف طول کلام نہ ہوتا تو ان سب الفاظ مصطلحات
میں مؤلف نے جو غلطیاں کی ہیں ہم اُن کو بیان کرتے مگر جب کہ ان
الفاظ مصطلحات سے یہاں پر کوئی تعلق ہی نہیں تو پھر ان میں بحث
کرنا بھی لغو اور فضول ہے یہاں پر صرف یہ عرض کیا جاتا ہے کہ فیہا
تحیون و فیہا تموتون میں جعل تکوینی وغیرہ کہاں موجود ہیں
یہاں پر اللہ تعالیٰ نے تقدیم ظرف سے حیات اور موت انسانی کو مختص
فی الارض فرمایا ہے اگر حضرت عیسیٰ اس اختصاص سے مستثنیٰ ہیں تو
اُن کا استثنا دلیل نقلی قطعی سے بیان کیا جاوے اور پھر علاوہ اس پر
لطف یہ ہے کہ مقیس علیہ کا صعود ابلیس بعد الہبوط تحریر کیا گیا ہے
ان ھذا لشیٔ عجاب ای حضرت ثبت العرش ثم انقش اول
آپ حضرت آدم کا آسمان پر پیدا ہونا ثابت فرمائے بعد اس کے شیطان
کا صعود آسمان پر واسطے ڈالنے وسواس کے ثابت کیجئے تب اس کو
مقیس علیہ گردانیئے اللہ تعالیٰ تو فرماتا ہے انی جاعل فی
الارض خلیفۃ و غیر ذلک من الآیات پھر آپ کس طرح
پر فرماتے ہیں کہ حضرت آدم آسمان پر پیدا ہوئے تھے اور سلنا کہ جعلنا
اللیل لباسا و جعلنا النہار معاشا میں مجعول الیہ عارض غیر
لازم ہے لیکن فیہا تحیون و فیہا تموتون یا ولکم
فی الارض مستقر و متاع میں بطور اختصاص کے جو اللہ تعالیٰ
اپنے پاک کلام میں جملہ بنی آدم کے لئے جو خبر دیتا ہے اُس میں کیونکر
سوا خرق کے کذب متصور ہو سکتا ہے و تعالی اللہ عن ذلک

علوا کبیرا۔

قولہ بعد نزول در رنگ احاد امت ہی اُتریں گے۔

اقول جب کہ وفات عیسی بن مریم بدلائل قطعیہ نقلیہ کے ثابت ہوچکی تو بموجب آپ کے اقرار کے مسیح موعود در رنگ احاد امت اپنے وقت پر اُتر آیا اب انتظار کس کا ہے۔

قولہ مسیح ابن مریم کی بلکہ کل انبیا کی نبوت اور رسالت چونکہ محدودہ بعد ظہور نبی پچھلے کے ہوتی ہے۔

اقول انبیا ع کا مرتبہ اور رسالت اور نبوت سے معزول ہونا محض باطل ہے کما مرا سابقا۔

قولہ عود ایلیا اگر صحیح بھی مانا جاوے تو آخر کار نظیر ہی ہے علت مثبتہ تو نہ ٹھیرے گا۔

اقول جب کہ آپ نے قصہ عود ایلیا کو نظیر تسلیم کرلیا اور ہم نے نزول بروزی مسیح کا درصورت حضرت اقدس کے دلائل قاطعہ سے ثابت کر دیا تو پھر علت مثبتہ کے موجود ہونے میں اب کیا کلام رہا مگر کلام تو اس میں ہے کہ جو خیالات درباره صعود و نزول مسیح بن مریم کے آپ کے اذہان میں ہیں ان کی نظیر بھی کہیں دنیا میں پائی گئی ہے کلا و حاشا۔

قولہ دیکھو آدم اور حوا اور عیسی علیہم السلام اس حکم سے خارج ہیں۔

اقول آدم اور حوا اور عیسی علیہم السلام کا بغیر طریق معہود کے پیدا ہونا ظواہر نصوص سے ثابت ہے بخلاف صعود عیسی

علیہ السلام کے جو الی السما بجسدہ العنصری ہو اور نزول کنایۂ وغیرہ
کے جس کو نصوص قطعیہ رد فرما رہی ہیں کما مر بیانہ۔

قولہ کیا ضرورت ہے کہ کیفیت نزول ایلیا اور نزول مسیح ابن
مریم من جمیع الوجوہ ایک ہی ہو الخ

اقول اگر ضرورت نہیں ہے تو ممتنع بھی تو نہیں بلکہ
یہ نزول بروزی واقع ہو گیا جیسا کہ ہم نے ثابت کر دیا۔

قولہ پھر سہ بارہ میں عرض کرتا ہوں کہ انجیل متی کے گیارہ باب میں
موجود ہے۔ الخ

اقول اس جگہ پر مؤلف صاحب نے قوم یہود کو جو مکذبین نبوۃ
حضرت عیسی بن مریم کے ہیں معذور قرار دے دیا اور سابق تو حضرت
عیسی کو عہدہ نبوت سے ہی معزول کر دیا تھا لیکن یہاں پر سرے سے
حضرت عیسی کی نبوت کے قائل نہ رہے کیوں کہ یہود تو مقابلہ حضرت
عیسی کے بموجب حکم توراۃ یہی حجت پیش کرتے تھے کہ جب تک ایلیا
آسمان سے نازل نہ ہوگا مسیح مدعی نبوت کا صادق نہیں ہو سکتا
اور مؤلف نے حضرت عیسی کی حجت کو ساقط عن الاعتبار کر دیا کہ ایلیا
کا نزول بروزی نہیں مانا جیسا کہ یہود نے نہیں مانا تھا بس حضرت
عیسی کی نبوت مؤلف کے نزدیک ثابت نہ ہوئی و**ھو خلاف**
تعلیم الاسلام اور اگر مؤلف کہے کہ ہم نے حضرت عیسی کی نبوۃ
قرآن مجید کی رو سے تسلیم کی ہے نہ توراۃ اور انجیل کی رو سے تو پھر یہ
گذارش ہے کہ کیا تا نزول قرآن مجید نبوت حضرت عیسی کی ثابت نہ تھی
اندریں صورت یہود کا کیا قصور ہے وہ تو بموجب تقریر مؤلف کے تکذ

حضرت عیسی میں معذور تھے کہ جو ایک عظیم الشان نشان بموجب توزات کے واسطے ثبوت نبوت حضرت عیسی کے قرار دیا گیا تھا وہ تو موجود ہے نہیں پھر وہ نبی کیونکر مانے جاتے اور قصہ عود ایلیا کی نظیر جو ہم پیش کرتے ہیں وہ صرف اسلئے ہے کہ عیسائیوں پر بھی حجت قائم ہو اور اندرونی مخالفوں پر بدیں نہج حجت پوری ہو کہ فاسئلوا اھل الذکر ان کنتم لا تعلمون ورنہ اہل اسلام کو بعد ازاں کہ ایک بات قرآن مجید سے بشہادت سیاق وسباق و تفسیر ابن عباس افقہ الناس کے اور احادیث اصح الصحاح سے معلوم ہو چکی ہو اور خصوصا وہ مقام جو خود منصف اور فیصلہ دہندہ اور دافع شکوک پہلوں کا ہو اور خصوص در خصوص جب کہ علاوہ کتاب اللہ قرآن مجید اور کتاب الرسول اور اقوال آئمہ امت کے توریت اور انجیل بھی اُسی کی مصداق ہوں تو پھر کیونکر اُس کو تسلیم نہ کیا جاوے۔

اور قصہ عود ایلیا میں تحریف و تبدیل کرنے کی نہ یہود کو ضرورت تھی اور نہ نصاری کو یہود کو تو اس قصہ کے وضع کرنے کی اس واسطے ضرورت نہ تھی کہ مخالف اُن کے مذہب کے ہی اور نصاری اس قصہ کو کیونکر وضع کرسکتے تھے کہ جس سے حضرت عیسی کا دعویٰ حیز التباس واشتباہ میں واقع ہوتا ہے بتدیل وتحریف تو آدمی اُسی مقام میں کرتا ہے جہاں پر کہ مفید مدعا ہوتی ہے نہ ایسی جگہ پر جو مضر مدعا ہو۔

قولہ رہا نبوت عیسی علیہ السلام کی جو واقعی اور بغیر عناد مسلمہ جانبین ہے اگر انجیلوں سے ثابت کرنا چاہیں تو مشکل پڑے گی۔

اقول ہاں ای مؤلف صاحب اثبات نبوت کوئی امر بدیہی تو نہیں

ہے جو مشکل نہ ہو نبوت کے اثبات میں قویٰ علمیہ وعقلیہ کا استعمال نہایت ضروری ہے اور بغیر استعمال قوای علمیہ وعقلیہ کے تو اثبات نبوت مشکل نہیں تو اور کیا ہے اور ارمیا کی وحی میں جو لکھا ہے کہ یواقیم بن یوشیا کی اولاد میں سے کوئی داؤد کی کرسی پر نہ بیٹھے گا اگر یہود جملہ امور اور حالات صادقہ عیسوی پر نظر ڈالتے تو اس فقرہ کے بیدھے اور صاف تاویل کرسکتے تھے کہ مسیح کو ظاہری سلطنت نہیں ملنے کی ۔

قولہ زندہ اُٹھنا مسیح کا قبر سے اور ایسا ہی واقعہ صلیب اس میں جو اختلافات واقع ہیں آپ بخوبی جانتے ہوں گے ۔ الخ

اقول ان اختلافات کا رفع دفع بھی بعد نظر اور غور کے ہو سکتا ہے کیوں کہ بعد موت حقیقی کے دنیا میں پھر زندہ ہوکر نہ آنا ایک ایسی صداقت ہے جو کتاب ایوب سے ثابت ہے جیسا کہ آپ نے نقل کیا اور قول عیسائیوں کا ڈیڑھ دو بارہ زندہ ہونے مسیح کے تین دن کے بعد اور پھر آسمان پر چڑھ جانا اُس کا بجسدہ العنصری ایک ایسا قول ہے جس کی کوئی سند اور دلیل موجود نہیں پس وہ ساقط عن الاعتبار رہے گا ۔

قولہ اللہ جل شانہ نے اس امت مرحومہ کو بطفیل حبیب اکرم صلے اللہ علیہ وسلم ایسے اختلافات سے جو یہود و نصاریٰ میں چلے آتے تھے نجات بخشی ۔ الخ ۔

اقول اس میں کیا شک ہے ہرکہ شک آرد کافر گردد۔
قَالَ اللہ تعالیٰ ان ھذا القرآن یقص علی بنی اسرائیل اکثر الذی ھم فیہ یختلفون و انہ لھدی و رحمۃ للمؤمنین

مگر افسوس صد افسوس کہ وہی روایات مختلفہ اسرائیلیات کی تفاسیر اور کتب ضعاف احادیث میں پھر داخل ہو گئیں اور ان کے شمول اور دخول سے یہ فتنہ برپا ہوا کہ بعض بلکہ اکثر اسلام کے خیالات نے بھی پلٹا کھایا اور فیج اعوج میں داخل ہو کر لیسوا منی و لست منهم کے مصداق ہو گئے ۔ اب یہ حال ہے کہ نصوص قرآنیہ واسطے رد کرنے ان خیالات فاسدہ کے پیش کی جاتی ہیں ۔ احادیث اصح الصحاح دکھائی جاتی ہیں مگر کوئی شنوائی نہیں کرتا و لکن شبہ لہم کی تفسیر وہ کی جاتی ہے جس کو علم لغت و نحو مساعد ہے اور سباق سیاق نظم قرآنی بھی اس کو مؤید ہے بلکہ ان خیالات فاسدہ کا تار و پود اکھاڑ کر پھینک دیتا ہے مگر کون سنتا ہے تعادل اور ترجیح ادلہ شرعیہ کے قواعد جو علمای محققین نے اصول کی کتابوں میں درج فرمائی ہیں وہ سب ہی بالائے طاق میں رکھو جاتے ہیں اور رطب و یابس روایات اور احادیث ضعاف و موضوعات کو صحاح بلکہ اصح الصحاح بلکہ قرآن مجید پر مقدم کیا جاتا ہے ایک طوفان بے تمیزی کا برپا ہو رہا ہے انا لله و انا الیه راجعون

قولہ چوتھی دفعہ پھر میں عرض کرتا ہوں کہ قصہ عود ایلیا کے دو ٹکڑے ہیں ایک صعود ایلیا بجسدہ العنصری آسمان پر اور دوسرا نزول اُس کا بمعنی ظہور مثیل اس کے یعنی یحییٰ علیہ السلام کے الخ۔

اقول اس جگہ پر مؤلف صاحب نے اپنے زعم فاسد کی بموجب حضرت ایلیا کا صعود آسمان پر بجسدہ العنصری کتاب سلاطین و غیرہ سے ثابت کیا ہے اور بڑے خوش ہوے ہیں کہ صعود ایلیا کا بجسدہ العنصری

واسطے صعود عیسیٰ بن مریم کے ایک نظیر پیدا ہوگیا ایہا الناظرون مصرعہ
برین عقل و دانش بباید گریست ۔ ای مؤلف صاحب جب کہ ورس ۹ میں
ذکر روح کا بھی موجود ہے تو بقرینہ ذکر روح کے مراد چادر سے اگر بدن
ایلیا نہیں ہے تو چادر کے پانی پر مارنے کسے کیا معنے ہوں گے اور جسم
کے پانی پر مارنے کے تو صاف یہی معنے ہیں کہ اپنے جسم کو پانی میں
ڈال دیا اور چلنے لگے تو پانی نے راستہ دے دیا اور ادھر ادھر ہوگیا
اور الیسع اور ایلیا پار ہوئے۔ دیکھو ضرب کے معنے کہ الضرب زدن
و پدید کردن مثل و رفتن بر روئے زمین ہیں اور یہی مقام تو مزلۃ الاقدام
یہود کے لئے ہو گئے ہیں کہ محاورات کا ترجمہ لفظی کیا گیا اور پھر اس
کو ظاہر پر محمول کیا گیا ہے قرآن مجید نے ان سب متشابہات کا فیصلہ
کردیا ہے کہ قل سبحان ربی ھل کنت الا بشرا رسولا
و یسئلک اھل الکتب ان تنزل علیھم کتابا من السما
فقد سألوا موسى اكبر من ذلك۔ وغير ذلك من
الآیات جس میں صعود و نزول بجسدہ العنصری کی نفی بڑی شد و مد
سے فرمائی گئی ہے جب کہ قرآن مجید نے مسئلہ صعود و نزول کذائیہ
کو بڑے شد و مد سے رد کیا ہے تو ظاہر الفاظ کتب مقدسہ سے جو تراجم
در تراجم ہیں کیونکر تمسک ہوسکتا ہے اور یہاں پر تو لفظ روح کا بھی
موجود ہے جو قرینہ ہے اس بات کا کہ مراد چادر اور کپڑوں سے
بدن و جسم ایلیا کا ہے لا غیر۔ مگر مزعوم مؤلف پر لازم آتا ہے
کہ جب کہ حضرت ایلیا بجسدہ العنصری آسمان پر چڑھ جائے گئے تھے
تو پھر نزول بھی اُن کا زمانہ مسیح بن مریم میں بجسدہ العنصری ہی ہوتا

لا غیر لیکن جسد عنصری کے ساتھ تو نزول اُن کا نہیں ہوا تو پھر اس سے یہی صریح معلوم ہوا کہ صعود بھی اُن کا بجسدہ العنصری نہیں ہوا تھا بلکہ یہود نے اپنے خیالات کے بموجب کتاب سلاطین کے ورسوں کا ترجمہ کر ڈالا لیکن الحمد للہ کہ ترجموں میں بھی ایسے قرائن پائے گئے جن سے اصل مطلب برآمد ہو گیا۔

اب ناظرین سمجھ چکے ہوں گے کہ حضرت اقدس جناب مرزا صاحب نے قصہ ایلیا کو جو ایک دلیل اپنے مدعا کے منجملہ صدہا دلائل کے یعنی نزول مسیح بن مریم بمعنی ظہور مثیل بیان فرمایا ہے پہلا ٹکڑا اُس کا یہی مثبت مدعا ہے اور دوسرا ٹکڑا بھی نظیر کامل ہے۔ اور مؤلف جو اس بات پر زور دیتا ہے کہ اگر مشارکت فی جمیع الاوصاف من کل الوجوہ ضروری ہے تو اپنی ذات میں نبوت مثل یحییٰ کے پیدا کریں و الا اتحاد فی الحکم بھی ضروری نہیں۔ یہ مؤلف کی جہالت ہے کارخانہ نبوت سے ہم یہاں پر صرف عبارت فتوحات مکیہ کی واسطے اطلاع ناظرین کے تحریر کرتے ہیں کیونکہ مؤلف فتوحات کا بڑا معتقد ہے۔ الجزء الثانی من الفتوحات المکیۃ الباب الثالث و السبعون صفحہ نمبر ۳ سطر نمبر ۱۷ ان ھذا الباب یتضمن المسائل التی لا یعلمہا الا الاکابر من عباد اللہ الذین ھم فی زمانہم بمنزلۃ الانبیاء فی زمان النبوۃ العامۃ۔ فان النبوۃ التی انقطعت بوجود رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم انما ھی نبوۃ التشریع لا مقامھا فلا شرع یکون ناسخا لشرعہ صلی اللہ علیہ و سلم و لا یزید فی شرعہ حکما اٰخر و ھذا معنی قولہ

صلى الله عليه و سلم ان الرسالة و النبوة قد انقطعت فلا رسول بعدى و لا نبی ای لا نبی بعدی یکون علی شرع یخالف شرعی بل اذا کان یکون تحت حکم شریعتی ولا رسول بعدی الی احد من خلق الله بشرع یدعوهم الیه فهذا هو الذی انقطع و سد بابه لا مقام النبوة فانه لا خلاف ان عیسی علیه الصلوة و السلام نبی و رسول و انه لا خلاف انه * ینزل فی آخر الزمان حکما مقسطا عدلا لشرعنا لا بشرع اخر و لا بشرعه الذی یتعبد الله به بنی اسرائیل من حیث ما نزل هو به بل ما ظهر من ذلک هو ما قرره شرع محمد صلی الله علیه و سلم و نبوة عیسی ثابتة له محققة فهذا نبی و رسول قد ظهر بعده صلی الله علیه و سلم و هو الصادق فی قوله لا نبی بعده فعلمنا قطعا انه یرید نبوة التشریع خاصة و هی المعبر عنها عند اهل النظر بالاختصاص و هو المراد بقولهم ان النبوة غیر مکتسبة - و اما القائلون باکتساب النبوة فانهم یریدون بذلک حصول المرتبة عند الله المختصة من غیر تشریع لا فی حق انفسهم و لا فی حق غیرهم فمن لم یعرف النبوة سوی عین التشریع و نصب الاحکام قال بالاختصاص و عدم الکسب فاذا وقف علی کلام احد من اهل الله اصحاب الکشف یشیر بکلامه الی

* ای ینزل علی نهج البروز لانه قد تعین هذا المراد بالدلائل القاطعة من الکتاب و السنة - منه

الاكتساب كابى حامد الغزالى و غيره فليس مرادهم سوى
ما ذكرنا و قد بينا هذا فى فصل الصلوة على النبى صلى
الله عليه و سلم فى اخر باب الصلوة من هذ الكتب و
هؤلاء هم المقربون الذين قال الله فيهم عينا يشرب بها
المقربون و به وصف الله نبيه عيسى عليه السلام فقال
وجيها فى الدنيا و الاخرة و من المقربين و به وصف
الملئكة فقال و لا الملئكة المقربون و معلوم قطعا
ان جبرائيل كان ينزل بالوحى على رسول الله صلى الله عليه
وسلم و لم يطلق عليه فى الشرع اسم نبى مع انه بهذه
المثابة فالنبوة مقام عند الله يناله البشر و هو مختص
بالاكابر من البشر يعطى للنبى المشرع ويعطى للتابع
لهذا النبى المشرع الجارى على سننه قال الله تعالى و وهبنا
له اخاه هارون نبيا انتهى ما قال فى هذا الباب و هكذا
قال فى ابواب اخر۔

قولہ مرزا صاحب ازالہ اوہام کے صـ۱۰۰ سے صـ۱۳۶ تک سورہ
قدر اور سورہ بینہ اور سورہ زلزال کی تفسیر لکھتے ہیں - آہ۔

اقول مؤلف نے صفحہ ۹۲ سے صفحہ ۹۸ تک تفسیر
مندرجہ ازالہ کا خلاصہ لکھ کر یہ نکتہ چینی کی ہے کہ حضرت مرزا صاحب نے
اُس تفسیر کو جو آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اور نیز صحابہ سے ماثور و منقول
ہے اُس کو تو سراسر غلط قرار دیا ہے اور اپنی تفسیر کو جو تحریف کتاب اور تغیر
کلام عن الزول کے ہے اُس کو معارف قرآنیہ اور حقائق عرفانیہ فرمایا ہے

ہم اس مقام میں زیادہ طول کلام کرنا نہیں چاہتے کیوں کہ حضرت اقدس نے جو کچھ ان سورتوں کے متعلق تفسیر فرمائی ہے وہ ایسی عجائبِ وغرائبِ بطون قرآن مجید سے ہے جو ہر ایک عارف کے لئے غذائے روحانی اور موجب ترقی معرفت ایمانی ہے لہٰذا ہم اس جگہ پر بموجب اقرار مؤلف کے اُس کی نکتہ چینی کا جواب دیتے ہیں بفرض تسلیم کرنے ان حدیثوں کی جو مؤلف نے نقل کی ہیں ہم کہتے ہیں کہ مؤلف کو اس بات کا اقرار ہے کہ جو تفسیر سورۃ الزلزال کی آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم یا صحابہ کرام سے منقول ہے وہ متعلق خاص بروز قیامت کے ہے چنانچہ مؤلف صفحہ ۹۵ سطر ۹ میں اقرار کرتا ہے یعنی قیامت کے دن زمین شہادت دے گی۔ ایضاً صفحہ ۹۶ سطر ۱ میں یہ اقرار ہے یعنی سب لوگ موقف حساب سے قیامت کے دن لوٹیں گے تاکہ جزا اپنے اعمال کی جو دنیا میں انھوں نے کئے تھے دکھائے جاویں وغیرہ وغیرہ من الاقرارات۔ اب دیکھو کہ حضرت اقدس نے ہرگز ہرگز اُس تفسیر کو جو متعلق اور مختص بروز قیامت ہے غلط نہیں فرمایا بلکہ تخطیہ اُن علما کا کیا ہے جنھوں نے اس تفسیر ماثور کو قبل قیام قیامت آخر زمانہ سے متعلق رکھا ہے چنانچہ مؤلف خود صفحہ ۹۴ سطر اول میں ازالہ سے لکھتا ہے۔ ہمارے علما نے جو ظاہری طور پر اس سورۃ الزلزال کی یہ تفسیر کی ہے کہ درحقیقت زمین کو آخری دنوں میں سخت زلزلہ آئے گا کہ تمام زمین اُس سے زیر و زبر ہو جاوے گی اور جو زمین کے اندر چیزیں ہیں وہ سب باہر آ جائیں گی اور انسان یعنی کافر لوگ زمین کو پوچھیں گے کہ تجھے کیا ہوا تب اُس روز زمین باتیں کرے گی اور اپنا حال بتاوے گی یہ سراسر غلط تفسیر ہے انتہی۔ ایہا الناظرون اس تفسیر

کے غلط ہونے میں کوئی اہل عقل کلام کر سکتا ہے جب کہ زمین پر ایسا زلزلہ پیدا ہووے کہ بالکل تہ و بالا ہو جاوے پھر انسان کہاں رہے گا جو وہ زمین کو مخاطب کرے۔ اب استفسار یہ ہے کہ حضرت اقدس نے اس کلام میں قول علما کا تخطیہ کیا ہے یا اس تفسیر ماثور کا جو متعلق بروز قیامت ہے بینوا توجروا۔ آگے رہی تفسیر حضرت مرزا صاحب کی جو عین معارف قرآنی اور حقائق عرفانی ہیں اس کا ثبوت بھی ہم اقرارات مؤلف سے بیان کرتے ہیں

اقرار مؤلف وجوہ الفہم لا یختص فما فہموہ وعلم اللہ لا یتقید بما علموہ صفحہ ۹ سطر ۲۳۔ ایضاً یکون الضابط فی صحتہ ان لا یرفع ظاہر المعانی المنفہمۃ عن الالفاظ بالقوانین العربیۃ و ان لا یخالف القواعد الشرعیۃ و لا یبائن اعجاز القرآن الی ان قال و الا فہو بمعزل عن القبول۔ اب مؤلف صاحب فرماویں کہ حضرت اقدس کی تفسیر کون سے قوانین شرعیہ اور قواعد عربیہ کے مخالف ہے بلکہ اس تفسیر عرفانی سے تو اعجاز قرآن مجید ثابت ہوتا ہے کہ طرح طرح کے معانی اور اسرار الفاظ متخدہ سے پیدا ہوتے چلے جاتے ہیں

شعر

بہار عالم حسنش دل وجان تازہ میدارد ؎ برنگ اصحاب صورت را ببو ارباب معنی را

شعر

ز فرق تا بقدم ہر کجا کہ می نگرم ؎ کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا اینجاست

خلاصہ یہ کہ تفسیر ماثور کو جو متعلق بروز قیامت ہے اس عالم سے متعلق رکھنا سراسر غلط ہے۔ اور مؤلف یہ جو نکتہ چینی کرتا ہے کہ زمانہ

بعثت انبیا کو لیلۃ القدر قرار دینا مرزا صاحب کے خانہ زاد اسرار سے ہی
یہ نکتہ چینی بھی انھیں اقرارات سے رد ہو گئی اگر زیادہ تحقیق اس کی
دیکھنی منظور ہو تو مطالعہ کرو تحذیر المؤمنین وغیرہ کو۔

قولہ احادیث نزول و خروج دجال مکاشفات تفصیلیہ میں سے
ہیں۔ الخ۔

اقول اس جگہ مؤلف نے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کے مکاشفات کو دو قسموں میں منقسم کیا ہے اول مکاشفات تفصیلیہ دوم
مکاشفات اجمالیہ۔ مکاشفات تفصیلیہ کی نسبت مؤلف کہتا ہے کہ
وہ تعبیر طلب نہیں ہوتے اور اُن کے وقوع میں سرمو تفاوت نہیں
ہوتا جس طرح فرمایا ہے اسی طرح ظہور میں آتے ہیں اور اس کی
تائید میں قریب ۲۲ پیشین گوئی کے لکھی ہیں جس میں مؤلف نے یہ
دعوی کیا ہے کہ یہ سب اپنے اپنے ظور پر وقوع میں آئی ہیں۔
اور مکاشفات اجمالیہ کی نسبت لکھتا ہے کہ البتہ وہ تعبیر طلب ہوتے
ہیں۔ پیشین گوئی ابن مریم مسیح موعود کو اور نیز پیشین گوئی دجال کو
مکاشفات تفصیلیہ داخل رکھا ہے جس کا یہ نتیجہ نکالا ہے کہ یہ دونوں
پیشین گوئیاں اپنے اپنے ظواہر پر وقوع میں آویں گی چونکہ ہم اس
کتاب میں اور نیز اپنے اکثر رسائل میں دلائل یقینیہ سے مشرح طور پر
یہ ہر دو پیشین گوئیاں اور ان کے مصادیق مفصلا بیان کر آئے ہیں لہٰذا
اس مقام پر طول دینا نہیں چاہتے اور نہ اُن پیشین گوئیوں میں بحث
مکرر کرنا چاہتے ہیں جو مؤلف نے اس جگہ پر لکھی ہیں اس جگہ پر صرف
باقرارات مؤلف ہم یہ ثابت کرتے ہیں کہ یہ ہر دو پیشین گوئیاں مکاشفات

اجمالیہ سے ہیں نہ مکاشفات تفصیلیہ سے پس بالضرور حسب اقرار مؤلف کے تعبیر طلب ہونا اُن کا ضروری ہوا پیشین گوئی دجال کی نسبت مؤلف کے وہ اقرارات جن سے اُس کا اجمالی ہونا ثابت ہوتا ہے یہ ہیں۔

(اقرار اول) یعنی وہ (دجال) خدا کے ہاں اتنی رفعت اور منزلت نہیں رکھتا جو اُس کے پاس فی الواقع روٹیوں کا پہاڑ اور پانی کی نہر موجود ہو بلکہ یہ چیزیں خیال ناظرین ہیں دکھلائی دیں گی اس میں امتحان اور ابتلا ہوگا مومن اپنے ایمان پر ثابت رہے گا اور کافر لغزش کھائے گا۔ اس اقرار سے ثابت ہے کہ پیشین گوئی دجال کی تعبیر طلب ہے دیکھو صفحہ ۱۰۵ سطر ۲۱۔ پس ثابت ہوا کہ پیشین گوئی دجال کی مکاشفات اجمالیہ سے ہے۔

اقرار دوم ابن صیاد نے خود بھی ابوسعید خدری کو مکہ معظمہ زاد ہا اللہ شرفاً کے راستہ میں انہیں دلائل اور علامات سے مغلوب کیا تھا صفحہ ۱۱۰ سطر ۱۔ ای مؤلف صاحب اس سے بڑھ کر اور کیا اجمال ہوگا کہ ابوسعید خدری جو ابن صیاد کو دجال سمجھ رہے تھے خود دجال نے ہی اُن کو دلائل سے مغلوب کر دیا۔

اقرار سوم اور ایسا ہی جابر بن عبد اللہ کو جو محمد بن منکدر نے کہا کہ تم حلفاً ابن صیاد کو دجال کیوں کہتے ہو تو جابر بن عبد اللہ نے بجواب اس کے کہا میں نے سنا ہے عمر کو حلف اُٹھاتا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور آپ نے حلف سے اُسے روکا نہیں بخاری و مسلم۔ اس سے معلوم ہوا کہ دجال کی نسبت جو مکاشفہ نبوی تھا وہ ایسا مجمل تھا کہ باوجود حلف کرنے کے بھی پھر اس خیال سے رجوع کیا

اگر یہ مکاشفہ تفصیلی ایسا ہوتا جو تعبیر طلب نہیں ہوتا ہے تو پھر ایسے اختلافات اس کے دجال ہونے اور نہ ہونے میں درمیان صحابہ کرام کے کیونکر ہو سکتے تھے۔ الحاصل مؤلف نے احادیث خروج دجال میں بہت کثرت سے ایسے اقرار کئے ہیں جنسے ثابت ہوتا ہے کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مکاشفہ در بارہ دجال مکاشفہ اجمالی تھا اور بالضرور تعبیر طلب تھا جو بالآخر حسب ادلہ شرعیہ کے پادریان نصاری کا دجال اکبر ہونا پایۂ ثبوت کو پہونچا کما بیناہ سابقا وفی رسائلنا الاخریٰ۔

آگے رہا مکاشفہ ابن مریم مسیح موعود کا سو اس کی نسبت خود آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مجمل تصور فرماکر اپنے کلام پاک میں بیان فرمایا کہ **وامامکم منکم** اگر عیسی بن مریم موعود واجب البیان نہ ہوتا تو آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا ضرورت پڑی تھی کہ **امامکم منکم** سے اس کا بیان فرماتے باقی دیگر اوصاف جو مسیح موعود کے آنحضرت صلعم نے بیان فرمائے ہیں مؤلف خود مقر ہے کہ بعض ان کے مؤول اور تعبیر طلب ہیں پس یہ پیشین گوئی بھی حسب اقرار مؤلف کے تعبیر طلب ہوئی خصوصاً جب کہ یہ لحاظ بھی کیا جاوے کہ اصل عیسی بن مریم نبی اسرائیلی کی وفات دلالت قطعیہ عقلیہ و نقلیہ سے ثابت ہوچکی اور مسیح بن مریم موعود اس امت کا بروزی طور پر عیسی بن مریم نبی اسرائیلی ہوگا تو اس صورت میں بھی یہ مکاشفہ نسبت مسیح بن مریم کے تعبیر طلب رہا وہو المطلوب۔

قولہ اور تعبیر میں اگرچہ وقوع خطا ممکن ہے مگر بقا علی الخطا نبی کی عصمت کو باطل کرتا ہے۔ الخ

اقول آنحضرت صلعم چونکہ خاتم النبیین ہیں لہذا تعلیم روحانی آنحضرت صلعم کی

قیامت تک جاری ہے جو مجددین کو تا بہ قیامت جاری رہے گی خصوصًا
مسیح موعود کے لئے جو مصداق لو کان العلم بالثریا لناله رجل
من فارس کا مصداق ہے دیکھو آیت سورہ جمعہ کی اس پر دلیل صریح ہو
هو الذی بعث فی الامیین رسولا منهم یتلوا علیهم ایٰته
و یزکیهم و یعلمهم الکتب والحکمة و ان کانوا من قبل
لفی ضلل مبین - و اخرین منهم لما یلحقوا بهم و هو
العزیز الحکیم - و فی هذا المعنی قال المسیح الموعود م شعر

دگر استاد را نامے ندانم — کہ خواندم در دبستان محمدؐ

قولہ گو کہ بعض فقرات ماسوای اسما کے جو در رنگ
استعارہ ہے اور ارادہ معنی حقیقی وہاں پر متعذر ہے تعبیر طلب ہیں الخ

اقول ماتحن فیہ میں تو خود آنحضرت صلعم نے اسم عیسی بن مریم
کو واجب البیان تصور فرما کر اس کا بیان یوں فرمایا کہ و امامکم منکم
الغرض یہ احادیث متفق علیہا دلالت صریحہ کرتی ہیں کہ مراد عیسی بن مریم
سے مثیل مسیح یا بروزی عیسی بن مریم ہے لا غیر اور جس قدر تعذرات
عیسی بن مریم کے حقیقی معنے لینے میں لازم آتے ہیں اور جس قدر مفاسد
اس کے معنی حقیقی لینے میں پیدا ہوتے ہیں ہم اس کا بیان اس رسالہ میں
کر آئے ہیں فلا نعیدها مرة اخری

قولہ نوح علیہ السلام کی کشتی ستر ہزار فٹ کی بلندی سے
بھی زیادہ انچائی پر تھی جس میں انواع حیوانات موجود تھے وہ سب کے
سب کس طرح زندہ رہے۔

اقول ای مؤلف صاحب کہیں قرآن مجید میں یا احادیث اصح الصحاح

ہیں موجود ہے کہ کشتی نوح علیہ السلام کی سطح زمین سے ستر ہزار فٹ کی بلندی سے بھی زیادہ اُنچائی پر تھی آپ ہم سے کیوں ایسی روایات موضوعہ کے مضمون کو تسلیم کروانا چاہتے ہیں جو تجارب حال کی رد سے بالکل ممتنع ہیں۔ انہیں روایات نے تو اسلام پر ایک بڑا حملہ کر رکھا ہے اور یہ مسیح موعود تو ایسی ہی غلطیاں دور کرنے کے واسطے مبعوث ہوا ہے۔

قولہ مگر پہلے یہ تو فرمائیے کہ آیات کو آپ معین مراد باعداد جفری ٹھہراتے ہیں یا بوضع لغت عربی۔ الخ۔

اقول ای مؤلف صاحب کیا آپ کو قرآن مجید کی نسبت یہ حدیث یاد نہیں رہی عن ابن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انزل القران علی سبعۃ احرف لکل ایۃ منہا ظہر و بطن ولکل حد مطلع رواہ فی شرح السنۃ شروح مشکوٰۃ میں لکھا ہے فمطلع الظاہر تعلم العربیۃ والتمرن فیھا و تتبع ما یتوقف معرفۃ الظاہر و النقل ومطلع الباطن تصفیۃ النفس بالریاضۃ قال فی المعالم الظہر لفظ القران والبطن تاویلہ والمطلع الفہم و قد یفتح اللہ تعالی علی المتدبرین من التاویل و المعانی مالا یفتحہ علی غیرہ انتہی کذا فی الطیبی۔ ایضاً تفسیر تبصیر الرحمن میں لکھا ہے و قال الامام حجۃ الاسلام فی الاحیاء تحریم التکلم بغیر المسموع باطل اذ لا یصادف السماع من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا فی بعض الایات و الصحابۃ

رضی اللہ عنہم و من بعدھم اختلفوا اختلافا کثیرا لا یمکن
فیہ الجمع و یمتنع سماع الجمیع من رسول اللہ صلی اللہ علیہ
و الاخبار و الاثار تدل علی اتساع معانیہ قال علیہ السلام
لابن عباس اللھم فقھہ فی الدین و علمہ التاویل فلو
کان مسموعا فلا وجہ للتخصیص۔ و قال عزوجل لعلمہ
الذین یستنبطونہ و قال ابو الدرداء لا یفقہ الرجل حتی
یجعل للقران وجوھا و قال علی رض لو شئت لاوقرت
سبعین بعیرا من تفسیر فاتحۃ الکتب و قال ابن
مسعود من اراد علم الاولین و الاخرین فلیثور القران
و قال بعض العلماء لکل ایۃ ستون الف فہم و ما
بقی من فہمہا اکثر و قال اخر القران یحوی سبعۃ و سبعین
الف علم و بائتی علم اذ لکل کلمۃ ظھر و بطن وحد
و مطلع و فی القران اشارۃ الی مجامع العلوم و کل ما اشکل
علی النظار ففی القران رموز الیہ انتہی موضع الحاجۃ۔

اے مؤلف صاحب کیا آپ کو نہیں معلوم کہ اکابر صوفیا
نے صدہا پیشین گوئیاں قرآن مجید سے بطور حساب جمل کے استخراج کیں
ہیں اور وہ واقع بھی ہوگئیں اور ہو رہی ہیں آپ اپنے فہم پہ روویں
کہ آپ کو علوم قرآن مجید سے بحکم آیت لا یمسہ الا المطھرون
کچھ مس نہیں ہے ورنہ قرآن مجید تو وہ کتاب ہے کہ علم حساب جمل تو در
کنار اس میں تو تمام علوم اولین و آخرین کے موجود ہیں۔ شعر

جمیع العلم فی القران لکن تقاصر عنہ افھام الرجال

صراح میں لکھا ہے حساب الجمّل بالضم و التشدید نوعی از حساب جمل-
اب ہم کہتے ہیں کہ حضرت اقدس عم نے کہاں فرمایا ہے کہ جو معنی ظاہری
آیت کے الفاظ سے متبادر ہوتے ہیں وہ تو غلط ہیں اور صرف وہی
معنے ہیں جو بطور بطن قرآن مجید کے لکھے گئے ہیں بلکہ ازالہ میں تو یہ لکھا
ہے کہ آیت انا علی ذھاب بہ لقادرون میں ۱۸۵۷ء کی طرف
اشارہ ہے افسوس ہے مؤلف صاحب پر کہ ایسے لطائف قرآنیہ پر یہہ
نکتہ چینیاں کی جاتی ہیں کہ اقیموا الصلوٰۃ من حیث الاعداد
فرضیت نماز پر دلالت نہیں کرتی - اسی مؤلف صاحب حضرت اقدس نے کہاں
فرمایا ہے کہ تمام آیات احکام قرآن مجید کی دلالت باعداد جمل کرتی ہیں-
غدر ۱۸۵۷ء کی پیشین گوئی اگر اشارۃ قرآن مجید سے حضرت اقدس نے
تحریر فرمائی تو اس تفسیر سے کون سا حکم شرعی محرف ہو گیا ہاں قرآن
مجید کی عظمت اعجاز اس سے معلوم ہوئی اور یہ جو آپ تحریر فرماتے
ہیں کہ ایسا ہی نفترز تاریخ ہجری کا منصوصی نہیں - اسی مؤلف صاحب
اگر آپ کے نزدیک خلافت نبوت حضرت عمر رض کی منصوص نہیں تو خیر
تمام سنہائے عمریہ کو آپ نے خیرباد کہہ دیا انا للہ و انا الیہ
راجعون- شعر

شادم کہ از رقیباں دامن کشاں گذشتی گو مشت خاک ما ہم برباد رفتہ باشد

اور افسوس ہے کہ آپ نے حدیث علیکم بسنتی و
سنت الخلفاء الراشدین المہدیین من بعدی کو بھی بالائے
طاق رکھدیا اور ایسی سنت کو جو زمانہ خلافت نبوت سے اُس پر تمام
اہل اسلام کا آج تک تعامل چلا آیا ہے متروک کر دیا ابحضرت ہم تو

ہر رکعت نماز میں پانچوں وقت یہ دعا پڑھا کرتے ہیں کہ اهدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیهم یعنی من النبیین و الصدیقین و الشهداء و الصلحین وحسن اولٰئک رفیقا۔

قولہ بطونی طور پر اگر مراد مار سے قرآن کریم بھی لیا جاوے تو پھر بھی اٹھایا جانا اس کا آسمان کی طرف سنہ ۱۲۷۴ ہجری میں جب ثابت نہ ہوگا کہ تمیز اعداد کے بالخصوص سال ہی لیویں گے۔ الخ

اقول ایہا الناظرین ذرہ متوجہ ہو کر ان نکتہ چینیوں مؤلف صاحب پر نظر کی جاوے کہ کس قدر لغو اور فضول ہیں تمیز اعداد کی بقرائن لفظیہ وحالیہ ایسے مقاموں پر بھی اکثر محذوف ہوا کرتی ہے جو قطعی طور پر احکام شرعیہ قرار دئے گئے ہیں کما قال اللہ تعالیٰ و الذین یتوفون منکم و یذرون ازواجا یتربصن بانفسهن اربعة اشهر و عشرا ایضا قال تعالیٰ و ان خفتم ان لا تعدلوا فواحدة۔ ایضا و لبثوا فی کهفهم ثلث مائة سنین وازدادوا تسعا۔ وغیر ذلک من الایات۔ پھر یہاں پر بھی اگر بقرائن حالیہ اعداد ۴ و ۱۲ سے مراد سنہ ہوں تو کون سا محذور نحوی یا لغوی لازم آتا ہے کیونکہ غدر ۱۸۵۷ء کا وقوع جس سے اسلام اور اہل اسلام پر انواع انواع کے صدمات واقع ہوئے سنہ ۱۲۷۴ھ میں ہی واقع ہوا ہے نہ ۴، ۱۲ دنوں میں اور نہ مہینوں میں اور نہ ہفتوں میں الخ پھر یہ گذارش ہے کہ حضرت اقدس نے یہ کب دعوی کیا ہے کہ دلالت آیت معلوم کی اوپر غدر ۱۸۵۷ء کے دلالت بینہ ہے قرآن

اس آیت کو ایک اشارہ قرار دیا ہے نہ دلالت صریحہ اور وہ بھی صرف ایک پیشین گوئی میں ہے نہ احکام شرعیہ میں اور یہ جو آپ لکھتے ہیں کہ لقادرون سے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ بالفعل متحقق کرنے والے ہیں یہ آپ کی بڑی خوش فہمی قرآن مجید کی ہے ای حضرت قرآن کریم میں یہ تو عادت اللہ ہے کہ اللہ تعالےٰ جابجا اپنی صفات اسی حکمت کے لئے بیان فرماتا ہے کہ مقتضا اُن صفات کا ہم بالضرور واقع کرنے والے ہیں اول قرآن سے لے کر آخر تک جس جگہ پر اللہ تعالےٰ نے اپنی صفات بیان فرمائی ہیں اُن کے ذکر کرنے سے بھی مقصود ہوتا ہے لا غیر ورنہ ذکر اُن صفات کا محض لغو ہو جاوے گا و تعالےٰ شانہ عن ذلک علوًا کبیرًا۔

قولہ مرزا صاحب کو الہامی طور پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ قرآن کا اُٹھایا جانا آسمان کی طرف مسیح کی طرح قرآن سے ثابت ہوگیا الخ

اقول بریں فہم و دانش بباید گریست ۔ کس نے کہا ہے کہ قرآن مجید مجلد کا غذوں میں لکھا ہوا آسمان پر اُٹھایا جاوے گا آپ کا خود اقرار ہے کہ لوگوں کے سینوں میں سے قرآن اُٹھایا جاوے گا دیکھو صفحہ ۱۰۵ سطر ۱۲ رواہ ابو الشیخ عن ابی ہریرہ ۔

قولہ تو مطلب یہ ہوا کہ اگر ایمان ثریا پر بھی ہوتا تو میرے اصحاب میں ایک شخص ایسا موجود ہے کہ اُس کی طلب وہاں تک کرتا تو وہ شخص سلمان فارسی ہیں الخ۔

اقول پہلے ہم لکھ چکے ہیں کہ مصداق حدیث لو کان الایمان معلقا بالثریا کا خود حضرت سلمان نہیں ہو سکتے ہیں کیونکہ یہ حدیث

متفق علیہ تفسیر میں آیت و اٰخرین منھم لما یلحقوا بھم کے فرمائی گئی ہے پس حضرت سلمان صحابی کیونکر مصداق لما یلحقوا بھم کے ہو سکتے ہیں وہ تو لحقوا بھم میں داخل ہو چکے ہیں و ان شئت تفصیل ھذا فارجع الی رسائلنا۔

قولہ حالانکہ حجج الکرامہ کے صفحہ ۳۴۴ پر یہ حدیث منقول ہے

اقول اگر اس حدیث کو ہم تسلیم بھی کر لیویں تو ہمارے مدعا کو کیا مضر ہے کیونکہ جب کہ سورہ جمعہ اور دیگر آیات قرآن مجید سے ثابت ہے کہ امت محمدیہ میں آخر زمانہ میں ایک سلسلہ واٰخرین منھم کا بھی قائم ہونے والا ہے جس کی نسبت آنحضرت صلعم نے ارشاد فرمایا ہے کہ لو کان العلم عند الثریا لنالہ رجل من ھؤلاء او کما قال تو اس میں کیا محظور شرعی لازم آتا ہے کہ مسیح موعود کی بعثت اس واسطے ہو کہ علم قرآن جو دنیا سے اٹھ گیا ہوگا اس کے اتارنے کے لئے مسیح موعود مبعوث ہوگا اور بعد زمانہ مسیح کے بھی دوبارہ علم قرآن حسب ارشاد فطال علیہم الامد ففسقت قلوبھم کے بعض لوگوں کے سینوں سے اٹھ جاوے گا جس کے بعد قیامت واقع ہوگی پس حدیث متفق علیہ سے بھی یہی ثابت ہوا کہ حضرت اقدس ہم اس صدی چہار دہم کے مجدد اور مہدی اور مسیح موعود ہیں خصوصاً جب کہ آپ کے اقرارات سابقہ پر بھی لحاظ کیا جاوے وھو ہذا کیوں کہ ہدایت اور استقامت کا سورج قریب ڈوبنے کے آگیا اور بسبب فقدان تقوی کے نہ تو اشراق نوری باقی رہے اور نہ انشراح صدری رہا ہے اور نہ لیاقت علمی صفحہ ۲ سطر ۵

قولہ دوسرے دجال کا ایک شخص معین ہونا نہ یہ کہ کسی جماعت کا نام ہو۔ الخ

اقول اولاً صـ۲۲ ـ سـ۱۹ میں آپ دجال کے لئے جماعت کا ہونا تسلیم کرچکے ہیں۔ ثانیاً پھر دیکھو لسان العرب میں لکھا ہے وقیل لانه یغطی الارض بکثرت جموعه۔ ایضًا قال فیه و الدجال و الدجالة الرفقة العظیمة ورفقة دجالة عظیمة یغطی الارض بکثرة اهلها وقیل هی الرافقة تحمل المتاع للتجارة واشد ؛ دجالة من اعظم الرفاق۔ ثالثاً جب کہ خود صحابہ کرام میں دربارہ دجال کے اختلاف واقع ہوا تو اب کیونکر ہوسکتا ہے کہ اقوال صحابی کے حجت ہوسکیں خصوصًا جب کہ یہ بھی لحاظ کیا جاوے کہ اپنے اجتہاد سے انھوں نے رجوع بھی کیا ہو۔ رابعًا یہ کہ صحابہ کلہم بھی مکلف ہیں قرآن و حدیث کے عمل کرنے پر پس ان کا قول کیونکر حجت شرعی ہوسکتا ہے وہ تو کوئی کتاب یا شریعت جدیدہ نہیں لائے۔

قولہ صـ۵۱ اگر قتل سے مراد مزعوم مرزاصاحب ہوتا تو آپ یوں فرماتے کہ ای عمر دجال کو تو دلائل اور بینات سے ساکت کرنا چاہئے نہ یہ کہ اُس کو جان سے مارا جاوے۔

اقول جب کہ لفظ قتل کا بیان آنحضرت صلعم نے بموجب خود آپ کے اقرارات کے فرمادیا کہ حجت اور برہان سے اُس کا قتل ہوگا دیکھو صـ۴۹ وغیرہ کو فان یخرج و انا بین ظهرانیکم فانا حجیجه کل مسلم وان یخرج من بعدی فکل حجیج نفسه وغیر ذلک من الاحادیث التی ذکرها المؤلف فی هذا الکتاب۔ اس حدیث صحیح مسلم وغیرہ سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ دلائل اور حجج سے دجال مقتول

مغلوب اور قتل کیا جاوے گا نہ سیف و سنان سے۔

قولہ صد تو عمر رضا اُس پہلے عقیدہ سے باز آ گئے۔ **اقول** اس سے ثابت ہوا کہ حضرت عمر جیسے صحابی کا فہم اور قول بھی حجت شرعی نہیں ہے۔ حالانکہ حضرت عمر بموجب آپ کے اقرار کے وہ شخص ہیں جنکی نسبت عبد اللہ بن عمر فرماتے ہیں کہ حضرت عمر جس شئے کی نسبت کہتے کہ میں اُسے ایسا خیال کرتا ہوں وہ ویسی ہی نکلتی قیس بن خارق کہتا ہے کہ ہم آپس میں باتیں کیا کرتے کہ عمر کی زبان پر فرشتہ بول رہا ہے۔ پس اگر اسی طرح پر کسی صحابی یا تابعی کا قول درباره حیات عیسی بن مریم وغیرہ کے کسی روایت میں آیا ہو تو وہ روایت یا قول بمقابلہ نصوص قطعیہ کتاب و سُنت صحیحہ کے کیونکر قبول کیا جا سکتا ہے۔

قولہ صد۱۰۹ اور بحکم انما صاحبہ عیسی بن مریم مرے ہوے دجال کو زندہ ماننا اور پھر اُس کے لئے ان امور کو جائز رکھنا جو عیسی بن مریم کے لئے ناجائز قرار دیے گئے تھے۔ الخ

اقول برین فہم و دانش بباید گریست ۔ کون کہتا ہے کہ ابن صیاد اب تک زندہ ہے ابن صیاد کی موت تو ازالہ میں بحوالہ روایات صحیحہ لکھی ہوئی ہے دیکھو صفحہ ۲۳۸ وغیرہ جلد اول ازالہ کو۔

قولہ صدا اور آپ کا عمر کو روکنا حلف سے اس لئے ہوا کہ اُنھوں نے اپنے غالب ظن کے مطابق حلف اُٹھائی تھی ۔

اقول پھر اگر ہم ادلہ شرعیہ عقلیہ ونقلیہ سے پادریان نصاری کا دجال ہونا ثابت کرتے ہیں اور الہامات بھی اُس کے مؤید ہیں تو ہم کو اس قول سے کیوں روکا جاتا ہے باوجودیکہ ہم نے اپنے رسائل میں جملہ علامات دجالیہ

مندرجہ احادیث کو اس قوم میں ہوتا ثابت کردیا ہے خواہ بصراحت ووضاحت خواہ مجاز و استعارہ کے طور پر ہو اور ابن صیاد میں تو جملہ علامات دجال موجود بھی ہرگز نہیں تھیں مثلاً اُس کے پاس روٹیوں کا پہاڑ اور پانی کی نہر کا ہونا وغیرہ وغیرہ کہاں تھا۔ اور اس قوم میں تو جملہ علامات پائی گئیں۔ کامیابانہ **قولہ** صہ ۱۱۰ لہذا آپ صلعم اور صحابہ کرام بھی اس کے بارہ میں متردد رہے۔

اقول ہم پر یہ بڑا اعتراض تھا کہ یہ لوگ نسبت آنحضرت صلعم کے لاعلم رہنا حقیقت دجال سے اعتقاد کرتے ہیں مگر یہاں پر خود مؤلف نے اقرار کرلیا کہ آنحضرت ؐ اور صحابہ دجال کے بارہ میں متردد رہے تھے * مگر ہمارے قول میں اور مخالفین کے قول میں یہ بڑا تفاوت ہے کہ قول مخالفین سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آنحضرت ؐ کو اب تک علم دجال نہیں دیا گیا اور ہم کہتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود ؑ کو آنحضرت ؐ نے بذریعہ تعلیم روحانی کے بواسطے کشف اور الہامات کے حقیقت دجال کو تعلیم فرما دیا اور آنحضرت ؐ کو جو تردد تھا وہ بھی رفع ہوگیا الخ مسیح موعود اور اس کی جماعت کے لئے تعلیم روحانی آنحضرت ؐ کا ہونا ہم ثابت کرچکے ہیں دیکھو وَاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ کی تفاسیر کو جو ہم نے اپنے رسائل میں لکھی ہیں۔

قولہ صہ ۱۱۱ نہ یہ کہ فی الواقع دجال موصوف بصفات مذکورہ ہوتا کہ شریک حق جل شانہ کا سمجھا جاوے۔

اقول الحمد للہ وقعم الوفاق کہ آپ نے اقرار کرلیا کہ احادیث میں جو صفات دجالیہ مذکور ہوئی ہیں وہ محمول علی الظاہر نہیں ہیں بلکہ ماول

* شکر ہے۔ ہم الزام اُن کو دیتے تھے قصور اپنا نکل آیا۔ نعمانی واحمدی

و تعجب طلب ہیں اگرچہ کتاب کے آخر میں آپ نے یہ اقرار کیا اگر آپ
اسی اقرار پر ثابت رہیں تو کیا اچھا ہو کیونکہ مثل مشہور ہے جو شخص
کہ صبح کا بھولا ہوا شام کو بھی اپنے گھر پہونچ جاوے تو اُس کو بھولا
ہوا نہیں کہتے ہیں اب آپ کو ثابت ہوا ہوگا کہ وہ خواب جس کی تعبیر
حضرت مرزا صاحب نے مولوی عبداللہ غزنوی مرحوم سے نیند کی حالت
میں استفسار فرمائی تھی ٹھیک ٹھیک تھی وہ خواب یہ ہے (میں
دیکھتا ہوں کہ میرے ہاتھ میں تلوار ہے جب دائیں طرف چلاتا ہوں
ہزاروں مخالف اُس سے قتل ہو جاتے ہیں اور جب بائیں طرف
چلاتا ہوں ہزاروں دشمن اُس سے مارے جاتے ہیں) انتہی۔ جیسا کہ آپ
نے اس جگہ پر نقل کیا ہے۔ اس خواب کی تعبیر یہی ٹھیک ہے کہ حضرت
اقدس کے داہنے ہاتھ میں قرآن مجید ہے جس سے تمام مخالف اندرونی
اور بیرونی کو شکست دیجاتی ہے اور بائیں ہاتھ میں سنت صحیحہ ہے
جو بذریعہ تعلیم روحانی آنحضرت صلعم کے تمام مخالفین اندرونی اُس سے
زیر کئے جاتے ہیں اور آپ کا یہ تعجب بھی رفع ہوگیا ہوگا کہ حدیث
لا مھدی الا عیسے جس کی تصحیح نقادان حدیث نے کی ہے کما
بیناہ سابقاً کیونکر مؤید ہے اُن آیات اور احادیث صحیحہ کی جن سے حضرت
اقدس کا مسیح موعود ہونا ثابت ہوتا ہے علاوہ تصحیح حدیث مذکور کے
مضمون حدیث کا ایسا صحیح اور نفس الامری ہے کہ نصوص کتاب و سنت
سے ثابت ہے اور اُس کے خلاف کو جو مشعر ہے واسطے دو شخص ہونے
مہدی اور مسیح کے وہ نصوص رد کر رہی ہیں۔ اور پھر علاوہ بر علاوہ یہ
کہ جب اکثر روایات مہدی اور مسیح پر نظر کی جاتی ہے تو ثابت ہوتا ہے

کہ جو احوال و صفات مہدی کے لیئے وارد ہیں وہی صفات بعینہا مسیح کے لیئے دوسری روایات میں مذکور ہیں اس سے بھی اہل انصاف کو پتہ لگتا جاتا ہے کہ مہدی و مسیح دو نہیں ہیں بلکہ ایک ہی ہیں اور صاحب اقتباس الانوار کا جو قول ہم پیش کرتے ہیں وہ صرف واسطے الزام مخالفین کے ہے نہ اس لیئے کہ اُس کا قول ہمارے لیئے حجت ہو تاکہ اُس کے جملہ اقوال ہم کو تصدیق کرنے ضروری ہوں خذ ما صفا ودع ما کدر قضیہ مسلمہ ہے۔

قولہ صـ۱۱۲ لا مہدی الا عیسے کو اگر صحیح بھی مانا جاوے تو بھی مرزا صاحب کو مفید نہیں - الخ۔

اقول جب کہ ارادہ مثیل کا ابن مریم سے بشہادت آیات قرآنیہ و احادیث صحیحہ اماممکم منکم وغیرہ کے ہم ثابت کر آئے ہیں تو پھر حدیث لا المہدی الا عیسی بن مریم بالضرور ہمارے مدعا کے لیئے مفید بلکہ افید ہوئی اور بیت قصیدہ نعمت اللہ ولی کی اتحاد ہی پر دلالت کرتی ہے کیونکہ اُس میں لفظ عیسیٰ دوراں کا موجود ہے اس لفظ سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ نعمت اللہ ولی بھی مسیح موعود کو بروزی طور پر عیسی بن مریم تسلیم کرتے تھے کیا مؤلف کو محاورہ حاتم دوران و نوشیروان زمان کی سمجھ لینے کی بھی استعداد نہیں کہ یہ محاورہ باآواز بلند پکار کر کہہ رہا ہے کہ حاتم اور نوشیروان سے مراد اس قول میں وہی حاتم اور نوشیروان نہیں ہیں جو بزمان ماضی گذرے ہیں بلکہ مراد اُس سے یہ ہے کہ سخاوت اور عدل میں کوئی ممدوح مثل حاتم اور مثل نوشیروان کے ہے و بس۔

پس ثابت ہوا کہ احادیث نزول مسیح اور ظہور دجال اور مہدی متواتر المعنی ہیں اور توفیق و تطبیق ان احادیث میں بغیر تسلیم کرنے اُس مسلک کے جو ہم نے اختیار کیا ہے نہیں ہو سکتی لہذا جملہ مسلمانوں کو ان حدیثوں کا ماننا جب ہی ممکن ہے کہ اُس توفیق و تطبیق کے ساتھ اُن کو تصدیق و تسلیم کیا جاوے ورنہ جس طرح پر کہ فرقہ معتزلہ و خوارج و جہمیہ نے ان احادیث متعارضہ کو رد کردیا ہے مخالفین کو بھی اس تعارض کا دفع کرنا ممکن نہ ہو گا اور پھر ان احادیث متعارضہ کو ترک کرنا پڑے گا فاللہ خیر حافظا و ھو ارحم الراحمین۔

قولہ اور دلیل اُن کی مسیح موعود نہ ہونے پر الہامی کلام حضرت عیسی علی نبینا و علیہ السلام کی ہے۔ (۲۳) تب اگر کوئی تمھیں کہے کہ دیکھو مسیح یہاں ہے یا وہاں تو یقین مت لاؤ۔ الخ

اقول درس ۲۶ میں آپ کو مسلم ہے (۲۷ کیوں کہ جیسے بجلی پورب سے کوندھتی ہے اور پچھم تک چمکتی ہے ویسا ہی ابن کے بیٹے کا آنا بھی ہو گا) دیکھو اس درس سے ثابت ہوتا ہے کہ مسیح موعود ممالک شرقیہ سے ظاہر ہو گا جیساکہ واقع ہوا اور نیز یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ اُس کے وقت میں سامان تار برقی وغیرہ بھی ظاہر ہوں گے جس کے ذریعہ اُس کی تبلیغ حق اور دعوت الی الاسلام شرقاً غرباً شائع ہوجاوے گی اور دیکھو یسعیاہ باب ۴۱ درس ۲ کو (کس نے اس راستباز کو پورب کی طرف سے برپا کیا اور اپنے پاؤں کے پاس بُلایا اور امتوں کو اُس کے آگے دھر دیا اور اُسے بادشاہوں پر مسلط کیا۔ (۴) میں خداوند پہلا ہوں اور پچھلوں کے ساتھ۔ اس درس میں جو فرمایا گیا کہ میں

پچھلوں کے ساتھ ہوں - یہ اشارہ ہے وَ آخَرِیْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوا
بِهِمْ کے مضمون کی طرف اور جب کہ آپ نے ہم کو اناجیل کی طرف
توجہ دلائی ہے تو ہم بھی آپ کو اناجیل کی طرف متوجہ کرتے ہیں متی
باب ۲۴ - آیت ۱۴ - بادشاہت کی اس خوشخبری کی منادی تمام دنیا میں
ہو گی تاکہ سب قوموں پر گواہی ہو تب آخر ہوگا آیت ۲۹ (ان
دنوں کی مصیبت کے بعد ترت سورج اندھیرا ہو جاوے گا اور چاند اپنی
روشنی نہ دے گا اور ستارے آسمان سے گر جاویں گے اور آسمان کی
قوتیں ہل جاویں گی آیت ۳۰ (تب ابن آدم کا نشان آسمان پر ظاہر
ہو گا - دیکھو یہ اشارہ ہے طرف پیشین گوئی سورج گرہن اور چاند
گرہن کے جو ۱۳۱۱ھ ہجری میں ملک ایشیا میں واقع ہوا اور ۱۳۱۲ھ
میں امریکہ وغیرہ میں ظہور پذیر ہوا یہ نشان مسیح موعود کا ایک عظیم
الشان نشان ہے جس کی نسبت حدیث میں ارشاد ہوا ہے کہ لم تکونا
منذ خلق الله السموات و الارض اسی واسطے اناجیل
میں مسیح موعود کا یہ نشان گردانا گیا ہے جس کسی کو مفصلا کیفیت
اجتماع خسوف وکسوف کی جو ماہ رمضان ۱۳۱۱ھ میں واسطے تصدیق
اس مسیح موعود کے واقع ہوا ہے دیکھنی منظور ہو وہ دیکھے رسالہ
القول المعروف کو اور حکمت واقع ہونے اس نشان تصدیق
آسمانی کے ۱۳۱۱ھ میں یہ ہے کہ بعد وقوع پیشین گوئی آتھم کے
جو کسی قدر غور طلب تھے انتہا درجہ کی تکذیب زمینیوں کی طرف سے
جب واقع ہوئی تو مصلحت الٰہی مقتضی ہوئی کہ بمقابلہ اس تکذیب
زمینیوں کے ایک آسمانی نشان تصدیق کے لئے ظاہر کیا جاوے

جیسا کہ واقع ہوا۔ بعض نا واقف کہتے ہیں کہ فی الحقیقت یہ کسوف وخسوف بالضرور مہدی موعود کا نشان تو ہے اور مہدی موعود پیدا بھی ہو گئے ہیں مگر ابھی ظاہر نہیں ہوئے یہ سخت نادانی کا مقولہ ہے ہم اپنے رسائل میں ثابت کر آئے ہیں کہ کسی کے پیدا ہونے یا مرنے پر کسوف وخسوف کا نشان ہرگز ظاہر نہیں ہوتا ان الشمس و القمر ایتان من ایات اللہ لا تنکسفان لموت احد و لا لحیٰوتہ حدیث متفق علیہ ہے۔ اب ناظرین کو واضح ہو چکا ہوگا کہ کتاب و سنت صحیح اور کتب مقدسہ بیبل اس مسیح موعود کے آنے کی خبر دے رہے ہیں نہ اس عیسیٰ بن مریم کی جو بنی اسرائیلی تھا اور اس کے زمانہ نزول کی علامات و اشراط سب موجود اور مشاہد ہیں۔ **شعر**

ہمارا کام سمجھانا ہے یارو اب آگے چاہو تم مانو نہ مانو

قولہ صـــــ۱۱۱ میں کہتا ہوں کہ انبیا علیہم السلام کو دھوکا لگ جاتا ہے العیاذ باللہ مگر آپ کا الہام بالکل محفوظ اور قطعی ہے۔ الخ

اقول لعنۃ اللہ علی الکاذبین۔ واضح خاطر عاطر ناظرین ہو کہ مؤلف صاحب نے اس جگہ ازالۃ الاوہام کا حوالہ دیکر چند عبارتیں نقل کی ہیں جن میں بڑی تحریف کی ہے اور ہم نے اس وقت تک جو حوالے مؤلف صاحب نے کتب حضرت اقدس سے اپنی کتاب میں نقل کئے ہیں ان کتابوں کی طرف مراجعت نہیں کی تھی اور مؤلف صاحب کو امین سمجھ کر تصحیح نقل بھی نہیں کی گئی تھی بغیر مراجعت کئے طرف کتب محولہ کے یہاں تک جوابات دئے گئے ہیں لیکن اس وقت

ہمارے پاس ازالہ موجود تھا ان عبارات محولہ کو ہم نے جب اُس میں دیکھا تو وہ اعتماد ہمارا جاتا رہا ﴿ خود غلط بود آنچہ ما پنداشتیم ﴾ اس جگہ پر ہم وہ سب عبارات محولہ نقل کرتے ہیں تاکہ مؤلف صاحب کی نکتہ چینیوں کا جواب اُسی عبارت سے پیدا ہو جاوے صفحہ ۶۲۸ میں ازالہ او ہام کی یہ عبارت لکھی ہے (یہ دخل کبھی انبیا اور رسولوں کی وحی میں بھی ہو جاتا ہے مگر وہ بلا توقف نکالا جاتا ہے اسی کی طرف اللہ جل شانہ قرآن کریم میں اشارہ فرماتا ہے وما ارسلنا من قبلک من رسول ولا نبی الا اذا تمنی القی الشیطن فی امنیتہ الخ اب ناظرین غور فرماویں کہ اس عبارت میں کونسا محذور شرعی لازم آتا ہے مگر مؤلف صاحب نے کتر بیونت کر کر تھوڑی سی عبارت نقل کر دی ہے جس سے کسی قدر عوام کو وحشت پیدا ہو لیکن ناظرین کو معلوم ہو گیا ہو گا کہ جو کچھ حضرت اقدس نے تحریر فرمایا ہے وہ ترجمہ ہی ہے آیت مذکورہ کا لاغیر۔ دوسری عبارت اس طرح پر ہے مگر نبیوں کی عادت ہوتی ہے کہ کبھی اجتہادی طور پر بھی اپنی طرف سے ان کی کسی قدر تفصیل کرتے ہیں اور چونکہ وہ انسان ہیں اس لئے تفسیر میں کبھی احتمال خطا کا ہوتا ہے لیکن امور دینیہ ایمانیہ میں اس خطا کی گنجایش نہیں ہوتی کیونکہ ان کی تبلیغ میں منجانب اللہ بڑا اہتمام ہوتا ہے اور وہ نبیوں کو عملی طور پر بھی سکھلائے جاتے ہیں چنانچہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بہشت اور دوزخ بھی دکھلایا گیا اور آیات متواترہ محکمہ بینہ سے جنت اور نار کی حقیقت بھی ظاہر کی گئی ہے پھر کیونکر ممکن تھا کہ اس کی تفسیر

میں غلطی کر سکتے آخر عبارت تک ناظرین بغور ملاحظہ فرماویں تاکہ واضح ہوجاوے کہ یہ وہی مضمون ہے جس کا مؤلف اقرار کر چکا ہے پس ثابت ہوا کہ اعتراض مؤلف ہبائً منثورا ہو گیا۔ تیسری عبارت صفحہ ۹۴ میں یوں لکھی ہے (اسی طرح انجیل سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت مسیح کا مکاشفہ کچھ بہت صاف نہیں تھا) اب مؤلف صاحب فرماویں کہ حضرت مرزا صاحب نے بحوالہ انجیل اس عبارت کو لکھا ہے یا بحوالہ قرآن مجید کے۔ اور آپ تو خود اقرار کر چکے ہیں کہ اناجیل سے تو نبوت حضرت عیسی کی بھی ثابت نہیں ہوسکتی اور چونکہ مخاطب مرزا صاحب کے عیسائی اور نصاری بھی ہیں تو کیا محذور شرعی ہے کہ اتماما للحجتہ اُن پر کوئی الزام قائم کیا جاوے

قولہ میں کہتا ہوں خدا تعالے کا بھیجا ہوا بندہ ترجمہ ہے عبدہ و رسولہ کا۔ آہ

اقول مجدد اور محدث بھی تو مرسل ہی ہوتا ہے دیکھو انا الیکم لمرسلون ایضا وما ارسلنا من قبلك من رسول ولا نبی اس آیت میں بروایت صحیح بخاری کے ولا محدث بھی وارد ہے چونکہ محدث بھی تحت ارسلنا کے داخل ہے تو وہ بھی رسول ہوا۔ اور حدیث ان اللہ یبعث علی راس کل مأۃ سنۃ من یجدد لہا دینہا بھی مسلم فریقین ہے مبعوث اور مرسل متحد المعنی ہیں اور زبان عرب میں اس قدر وسعت ہے کہ قاصد کو بھی رسول ہی کہتے ہیں پھر فرمائیے اگر کسی مجدد اور مامور من اللہ کو ایک بندہ بھیجا ہوا اللہ تعالے کا تسلیم کیا جاوے تو کیا محذور شرعی ہے ہاں یہ ہمارا ایمان ہے کہ بعد آنحضرت صلعم کے کوئی رسول

اور نبی مشرع ہو کر نہیں آئے گا **شعر**

من نیستم رسول و نیاوردہ ام کتاب ہاں ملہم استم و زخدا وند منذرم

قولہ صـ۱۱ میں کہتا ہوں ناظرین کو ما قبل سے واضح ہو گیا ہے کہ علامات مبینہ فی الاحادیث ظہور میں نہیں آئی اور مسیح بن مریم جو نبی وقت ہوا ہے اور جس کا وعدہ نزول کا احادیث میں مذکور ہے وہ کہاں آیا۔

اقول ہم اس رسالہ میں اور نیز اپنے رسائل میں بدلائل یقینیہ بلکہ باقرار مؤلف ثابت کرچکے ہیں کہ یہ صدی چہاردہم ہی اس مسیح موعود کے نزول کا زمانہ ہے دیکھو اقرارات مؤلف صاحب مندرجہ شمس الہدایہ کو یہ تو سب جانتے ہیں کہ یہ آخر زمانہ وہی ہے جس کی نسبت مخبر صادق صلعم نے پیشینگوئی فرمائی ہے عن علیؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوشک ان یاتی علی الناس زمان لا یبقی من الاسلام الا رسمہ ولا یبقی من القران الا اسمہ مساجدھم عامرۃ وھی خراب من الھدی علماء ھم شر من تحت ادیم السماء من عندھم تخرج الفتنۃ و فیھم تعود رواہ البیہقی فی شعب الایمان۔ اب دیکھو کہ اس حدیث میں زمانہ مسیح موعود کے آنے کا پتہ بلفظ یوشک ارشاد فرمایا والعاقل تکفیہ الاشارہ کیونکہ مسیح موعود کے زمانہ کو بھی اسی کلمہ کے ساتھ بلفظ لیوشکن فرمایا گیا تھا کہ دونوں زمانوں کے اتحاد پر دلیل ہو۔ اور نیز اس حدیث میں فرمایا گیا کہ علم قرآن باقی نہ رہیگا اور حدیث نزول مسیح میں فرمایا گیا کہ امامکم منکم ای امکم بکتاب ربکم وسنت نبیکم اور ان دونوں جملوں میں مناسبت یہ ہے کہ جب علم قرآن مجید گم ہو جاوے تب امام قرآن کا مبعوث ہونا بھی حسب عادت الٰہی کے ضروریات سے ہے

كما قال تعالٰى إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحٰفِظُوْنَ۔ پس یہ کیونکر
ہو سکتا ہے کہ باوجود باقی رہنے علم قرآن کے کوئی اُس کا عارف اور امام
پیدا نہ ہو اور نیز یہ جو فرمایا گیا کہ مساجدهم خراب من الهدىٰ یہ جملہ مشعر ہے
اس امر کی طرف کہ وہی مسیح موعود مہدی بھی ہو گا کیونکہ جب دنیا میں ہدایت نہ رہی
حتی کہ مساجدہم خراب من الہدیٰ کی مصداق ہوگئیں تو کسی مہدی کا ہونا بھی ضروریات
سے ہوا۔ اور پھر فرمایا گیا کہ اُس زمانہ کے علما بدترین خلائق ہوں گے اس سے
یہ مفہوم ہوا کہ یہ امام کتاب وسنت کا ان علمار ظاہری سے علحدہ ہو گا کیونکہ
جس علم قرآن اور ہدایت معارف اور فقہ سنت کو اللہ تعالیٰ نے بذریعہ اپنے
ایک مامور کے دنیا میں نازل فرمایا وہ علما بالضرور اُسکی تکذیب کرینگے بلکہ
فتوہائے تکفیر طیار کریں گے اسی واسطے وہ بدترین خلائق ہوں گے جیسا کہ
علمار یہود کی نسبت فرمایا گیا ہے اولٰئك هم شر البرية اور پھر فرمایا گیا
تھا کہ وہ فتنۂ تکفیر وغیرہ اُنھیں سے اُٹھے گا اور وبال اُس فتنہ کا بھی آخیر
پر پڑے گا یعنی وہ تکفیر لوٹ کر اُنھیں پر آوے گی چنانچہ یہ پیشین گوئی
مخبر صادق صلعم کی بخوبترین وجہ واقع ہو چکی کہ جس شخص نے فتوی تکفیر اس مسیح
موعود کے لئے طیار کیا تھا اُسی کی تکفیر علما کی طرف سے بموجب الہام حضرت
اقدس کے واقع ہو چکی اور ذریعہ وقوع اس پیشین گوئی مخبر صادق صلعم کا میرے
محب مکرم اخونا الاکرم حضرت ڈاکٹر محمد اسمٰعیل خاں صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ
کو اُس قادر مطلق نے گردانا و الحمد للہ علی صدق ذلک الخبر مع صدق الالہام
المسیح الموعود۔ اور اگر کوئی کہے کہ علما تو خود بھی تلاوت قرآن مجید کرتے ہیں اور
دوسروں کو بھی اُس کا درس دے رہے ہیں تو پھر تم کیونکر کہتے ہو کہ علم قرآن
جاتا رہا تو اس کا جواب خود آنحضرت صلعم نے اپنی حدیث میں دیا ہے عن

زیاد بن لبید قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم شیئاً فقال ذاك
او ان ذهاب العلم فقلت یارسول اللہ وکیف یذهب العلم ونحن
نقرأ القرآن ونقرأ ابناءنا ابناءهم الی یوم القیمة فقال ثکلتك
امك زیاد ان کنت لاراك من افقه رجال بالمدینة اولیس
هذه الیهود والنصاری یقرؤن التورات والانجیل لایعلمو
بشیء مما فیهما رواه احمد وابن ماجة وروی الترمذی عنه
نحوه وکذا الدارمی عن ابی امامة اس حدیث میں مشابہت اُن علما
کی یہود اور نصاریٰ کے ساتھ فرمائی گئی جو آخر زمانہ میں ہوں گے یعنی مسیح موعود
کے زمانہ میں یعنی جس طرح پر یہود و نصاریٰ کے علما توریت و انجیل کو پڑھتے ہیں
اور عمل خاک نہیں اسی طرح پر ان علما کا قرآن مجید کا پڑھنا ہوگا۔ اور
حضرت عبد اللہ بن عمر کی حدیث میں بھی اسی حدیث کی شرح موجود ہے قال
قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لیاتین علی امتی کما
اتی علے بنی اسرائیل حذو النعل بالنعل الحدیث رواه
الترمذی۔ولنعم ما قیل۔ رباعی

امت احمد نہاں دارد دو صد را در وجود ‌ ‌ ‌ می تواند شد مسیحای تواند شد یہود
زمرہ ایشاں ہمہ مد طیناں اجائی ننگ ‌ ‌ ‌ زمرہ دیگر بجائے انبیا دار و قعود

ایہا الناظرین اگر قرآن مجید میں صفات یہود کی دیکھی جاویں وہ سب صفات
اب حسب پیشین گوئی مخبر صادق کے اس امت میں پائی جاتی ہیں لہذا
صدی کے مجدد کو مثیل مسیح ہونا حذو النعل بالنعل ضروری ہوا۔ شعر

چوں مرا نوری پے قوم مسیحی دادہ اند ‌ ‌ ‌ مصلحت را ابن مریم نام من بنہادہ اند

جیساکہ یہود بے سود کی طرف سے حضرت عیسی بن مریم کی تکفیر حضرت موسیٰ

سے چودھویں صدی میں واقع ہوئی تھی ویسی ہی تکفیر و تضلیل اس مسیح موعود محمدی کی چودھویں صدی ہجری میں واقع ہوئی۔

پھر زمانہ کی ضرورت خود تقاضا کر رہی ہے کہ مہدی معہود اور مسیح موعود کے نزول کا زمانہ یہی ہے اسی واسطے عام علماء ظاہر و باطن جو قبل اس دعوی مسیح موعود کے ہوئے اور گذرے وہ یہی اعتقاد رکھتے تھے کہ نزول مسیح موعود اسی صدی چہاردہم میں ہونے والا ہے۔ پھر دیکھو حدیث عن ابی هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله يبعث لهذه الامة على راس كل مأة سنة من يجدد لها دينها اخرجه ابو داؤد و قد اتفق الحفاظ على تصحيح هذا الحديث منهم الحاكم في المستدرك والبيهقي في المدخل وممن نص على صحته من المتاخرين الحافظ ابن حجر۔ واضح ہو کہ اس حدیث میں اسناد بعثت کی اللہ تعالی کی طرف جو کی گئی ہے اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اس کے علوم کسبی نہ ہوں گے اور سعی اور تحصیل ثانی کو اس میں کچھ دخل نہ ہو گا بلکہ وہبی اور لدنی علوم ہوں گے جیسا کہ و علمناه من لدنا علما فرمایا گیا ہے اور یہاں پر ان اللہ یبعث فرمایا گیا ہے اور تجدید دین متین کی بھی علوم وہبیہ سے ہی ہو سکتی ہے نہ کسبیہ سے ہاں تائید دین کو علوم کسبیہ سے بھی ہو سکتی ہے اور اس میں یہ بھی اشارہ ہے کہ علوم رسمیہ کے عالم اس کے مخالف ہوں گے کیونکہ علوم رسمیہ کے عالم ان دقائق اور حقائق کو نہیں پہونچ سکتے جو معارف علوم وہبیہ سے حاصل ہوتے ہیں و الناس اعداء لما جهلوا۔ اور دیکھو حدیث عن ابی هريرة قال قال رسول اللہ صلعم لو كان الدين عند الثريا لذهب

به رجل من فارس او قال من ابناء فارس حتی یتنا ولہ رواہ
مسلم۔ بعض حنفیہ نے مصداق اس حدیث کا حضرت امام اعظم نعمانؒ
بن ثابت کوفی کو قرار دیا ہے میں کہتا ہوں کہ ہم کو حضرت امام اعظم کے
فضائل نفس الامری سے کچھ انکار نہیں ہے لیکن مصداق اس حدیث کے
حضرت امام اعظم ہرگز نہیں ہو سکتے کیونکہ الفاظ حدیث کے اس سے آبی ہیں
مضمون حدیث کا تو یہ ہے کہ اگر علم دین بسیط الارض سے معدوم ہو جاوے
حتی کہ مقام ثریا پر جو اعلیٰ ترین مقامات عالیہ کا ہے پہونچ جاوے تب بھی وہ
شخص فارسی الاصل منزل ثریا سے اُس کو اخذ کرے گا مطلب یہ ہے کہ اُس کی نظر
کشفی اعلیٰ ترین مقام تک پہونچے گی۔ اب غور کرو کہ زمانہ امام اعظم کا جو زمانہ
تابعین کا ہی کیا ایسا زمانہ تھا کہ جس میں علم بسیط الارض سے جاتا رہا ہو بلکہ صدہا
اور ہزارہا علمار رحمانی و فضلار ربانی بسبب قرب زمانہ رسالت کے اُس وقت
میں موجود تھے اور لفظ آخرین منہم کا بھی اس مضمون ماسبق پر دلالت
کر رہا ہے۔ علاوہ یہ کہ حضرت امام اعظم فارسی الاصل بھی نہیں تھے جو ان کو
ابنار فارس سے کہا جاوے کما ثبت فی محلہ پس یہ دعوی حنفیہ کا نسبت حضرت
نعمان بن ثابت کے ثابت نہیں ہو سکتا۔ اور بعضوں نے مصداق اس حدیث
کا اصحاب صحاح ستہ کو گردانا ہے کیوں کہ انھوں نے مواضع بعیدہ اور منازل
شاسعہ سے علم احادیث کو سفر دور دراز کر کر دواوین حدیث میں جمع کیا ہے
کیونکہ ان کے زمانہ میں بھی علمار ربانی ہزارہا موجود تھے گو تدوین الفاظ حدیث
کے کتب حدیث میں نہیں ہوئے تھے اور علم سفینہ نہ تھا مگر علم سینہ موجود تھا
اندریںصورت علم دین کا بسیط الارض سے معدوم ہو جانا اور مقام ثریا تک چلا جانا
اُس زمانہ پر کب صادق آتا ہے پس ٹھیک مراد اس حدیث کی یہ ہے کہ ایک آخر زمانہ

بسبب بعد زمانہ رسالت کے ایسا آنے والا ہے کہ جس میں علم دین بسیط الارض پر باقی نہ رہے گا جیسا کہ پہلے احادیث مذکورہ میں مشرح کر کر مخبر صادق نے فرمادیا ہے اور جملہ اٰخرین منھم بھی اسی آخر زمانہ کا مقتضی ہے۔ اب دیکھو کہ بموجب اقرار مؤلف کے بھی کہ ہدایت اور استقامت کا سورج قریب ڈوبنے کے آگیا اور بسبب فقدان تقوی کے نہ تو اشراق نوری اور انشراح صدری ہے اور نہ لیاقت علمی وغیرہ وغیرہ یہی زمانہ ہے اور حال یہ ہے کہ بسبب نہ رہنے علم دین کے اسلام پر ہر طرف سے اندرونی اور بیرونی حملے ایسے ہو رہے ہیں جو کبھی نہیں ہوئے تھے لہذا اس صدی چہاردہم میں حسب پیشین گوئی مخبر صادق صلعم کے ایک ایسا رجل فارسی الاصل مبعوث ہوا ہے کہ اس کی نظر کشفی اعلی ترین مقامات تک جو مقام ثریا ہے پہونچی ہے اور اس تحقیق سے حدیث مذکور کو بھی اس حدیث سے فی الجملہ مناسبت ہی جو مسیح موعود کی شان میں وارد ہے و نفسہ ینتہی حیث ینتہی طرفہ اگرچہ ہر ایک مجدد کے لئے علم لدنی حاصل ہوتا ہے مگر اس مسیح موعود کی رسائی اعلی ترین مقامات مجددوں تک ہے۔

اب جو بنظر انصاف دیکھا جاتا ہے تو بالیقین ثابت ہوتا ہے کہ وہ آخر زمانہ یہی ہے مخالف اور موافق بھی فریاد کر رہے ہیں کہ اسلام سے بجز نام کے کچھ باقی نہیں رہا اور قرآن مجید سے بجز رسم اور نقوش کے کچھ باقی نہیں ہے مساجد ہدایت ربانی سے خراب منکرات سے معمور و آباد۔ رکوع سجود قومہ جلسہ تدبر قرآن مجید تعدیل ارکان نماز وغیرہ بالکل ندارد ہے علما کا یہ حال کہ جو شخص ان کے خیالات سے مخالف وہی کافر وغیرہ وغیرہ یہ تو رہے اندرونی فتنے بیرونی فتنوں کا کوئی شمار نہیں کچھ تفوط ہے ہے

فتن اس کتاب میں ہم لکھ چکے ہیں فلا نعید ھا مرۃ اخری پھر اس صورت میں کہ دین اسلام بسیط الارض سے معدوم ہو کر ثریا پہ چلا گیا ہے تو اس آخر زمانہ پرفتن میں ایسے رجل عظیم الشان کا مبعوث ہونا کیا ضروریات سے نہیں ہے جو علم دین کو ثریا سے لے آوے اگر استفسار ہو کہ پھر وہ کون ہے تو جواب یہ ہے۔

شعر

اگر از فارسی نام ونشاں جوئی کہ ام ست ۔ کہ از خیر البشر تذکیرہ و درج صحیحاں شد
ہمیں ہست ایں غلام احمد کہ دیں آورد و در دنیا ۔ اگر باشد ثریا الضال او بدوراں شد

قولہ صہ ۱۱۵ و ۱۱۶۔ میں کہتا ہوں یہ سات ہزار کی تحدید جو آپ نے لگا دی یہ منافی ہے لا یجلیہا لوقتہا الا ھو کے اور اُن احادیث کی جن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لاعلمی بیان فرمائی الی قولہ گو وقت معلوم نہیں۔

اقول جب کہ آپ کو اس حدیث کا اقرار ہے کہ الدنیا سبعۃ الاف سنۃ و انا فی اخرھا الفا اور یہ بھی آپ کا اقرار ہے کہ مراد آنحضرت صلعم کی اس حدیث سے یہ ہے کہ آدم علیہ السلام سے آج تک چھ ہزار سال پورے ہو چکے ہیں اور ساتواں ہزار شروع ہے کہ میں ساتویں ہزار میں ہوں اندریںصورت یہاں پر جو کچھ آپ نے نکتہ چینی کی ہے وہ سب عنقریب ردود ہوگئی کیونکہ مخبر صادق صلعم نے جو جو اشراط الساعہ اور علامات کبریٰ قیامت کی احادیث صحاح میں بیان فرمائی ہیں جب تک وہ تمام علامتیں پوری نہ ہو لیویں تب تک قیامت کیونکر آسکتی ہے کیونکہ اس صورت میں تو تمام پیشین گوئیاں مخبر صادق صلعم کی کاذب ہوئی جاتی ہیں وھو باطل اور پھر گذارش ہے کہ سات ہزار برس پر تین سو اٹھارہ برس زائد ہو چکے

تو بموجب آپ کے اقرار کے حضرت آدم علیہ السلام سے آج تک سات ہزار تین سو اٹھارہ برس نو گذر چکے اندریںصورت کیا مؤلف صاحب کو اسقدر عقل اور فہم بھی نہیں ہے کہ سات ہزار برس سے پہلے قیامت کیونکر آسکتی ہے ذرہ اُس کا حساب سمجھ کر بتلا دیجئے اس نکتہ چینی سے مؤلف صاحب کا علم حساب میں بھی طاق ہونا ثابت ہوا۔ شعر

نا مرد سخن نگفتہ باشد — عیب و ہنرش نہفتہ باشد

یاد رکھو جس قدر اعتراض آپ اس مامور من اللہ پر کریں گے وہ سب آپ ہی پہ لوٹ کر آدیں گے۔ شعر

حملہ برخود می کنی ای سادہ مرد — ہمچو آں شیری کہ برخود حملہ کرد

اب فرمائیے کہ حضرت اقدس نے مدت قیامت کی تحدید بعد گذرنے سات ہزار برس کے آدم علیہ السلام سے کس جگہ فرمائی ہے جو مخالف ہو قُل انما العلم عند اللہ کے یا ما المسئول عنہا اعلم من السائل کے ایہا الناظرین دیکھا آپ نے مغالطات مہرشاہی کو کہ اردو خوانوں سادہ لوحوں کو کیا کیا دھوکے دیکر کیا کیا مضامین الٹ پلٹ کئے ہوئے سناتے ہیں اللہ حافظ ہو۔

قولہ ص ۱۱۲ اور استشہاد مرزا صاحب کا ساتھ حدیث اقول کما قال العبد الصالح الخ کے موقوف ہے اس امر کے اثبات پر کہ مابعد لفظ کما اور ماقبل اُس کا مشارک فی جمیع الاوصاف والاحکام ہوتے ہیں و دونہ خرط القتاد یہ ہرگز نہیں ہوسکتا الی خاتمۃ الکتاب

اقول ہم کب کہتے ہیں کہ مابعد اور ماقبل لفظ کما کو مشارک فی جمیع الاوصاف ہونا ضروری ہے کیونکہ توفی حضرت عیسیٰ اور توفی آنحضرتؐ میں تو متعدد تفاوت موجود ہیں حضرت عیسیٰ کی عمر ۱۲۰ برس کی ہوئی اور

آنحضرت صلعم کی عمر ۶۳ برس کی آنحضرت ؐ کا مرض الموت دیگر ہے اور حضرت
عیسی کا مرض الموت دیگر ہے حضرت عیسی کی موت کشمیر میں ہوئی اور ان
حضرت ؐ کی وفات مدینہ شریف میں ہوئی حضرت عیسی کی وفات حالت
لا ولدی میں ہوئی آنحضرت ؐ نے وقت موت کے اولاد چھوڑی حضرت
عیسی کی موت کے وقت کوئی زوجہ نہیں تھی کیونکہ انھوں نے نکاح ہی
نہیں کیا تھا آنحضرت ؐ نے متعدد ازواج اپنی توفی کے بعد چھوڑیں غرض کہ
صدہا امور ایسے ہیں جنسے ثابت ہوتا ہے کہ مابین توفی آنحضرت اور عیسی
کے بڑا تفاوت ہے یہاں تو بحث یہ ہے کہ لفظ توفی کے معنی جو محاورہ
توفاہ اللہ میں ہے قبض اللہ روحہ کے ہیں لا غیر پس اسکی کیا وجہ
کہ جب لفظ توفی آنحضرت ؐ اپنے لئے ارشاد فرماویں تب تو اُس کے یہ معنی
ہوں کہ وفات پاکر زمین کے نیچے مدفون ہوے اور جب حضرت عیسی کے لئے
وہی لفظ توفی کا آنحضرت ؐ یا اللہ تعالے ارشاد فرماویں تو اُس کے معنی آسمان
پہ زندہ بجسدہ العنصری اُٹھا لینے کے ہو جاویں جو نہ قرآن مجید سے ثابت نہ
احادیث سے ثابت اور نہ محاورہ صحابہ کرام سے کہیں اُس کا ثبوت اور نہ
عرب عربا سے کہیں اُس کا پتہ لگتا ہے اور نہ کتب لغات سے نشان ان معنی
کا کہیں پر پایا جاتا ہے کیا مؤلف صاحب کے نزدیک لفظ کا کے مابعد اور
ماقبل میں ایسا تفاوت ہونا ضروری ہے کہ ایک جگہ تو مثلاً ماقبل کا کے
ایسے معنی لئے جاویں جو تمام مقامات میں وہی معنی آتے ہیں لا غیر اور مابعد
کا کے وہ معنی لینے ضرور ہوں جو کسی جگہ اور کسی محاورہ میں وہ معنی مستعمل
ہی نہ ہوے ہوں۔ اور رسالہ ہدیۃ الرسول جب آپ شائع فرماویں گے
انشاء اللہ تعالے اُس کا جواب فارسی میں ترکی بہ ترکی دیا جاوے گا طبیبانہ

فرمایا جاوے۔ و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ و السلام علی سید المرسلین و خاتم النبین محمد الکتاب و الیہ المرجع و المآب

اطلاع ضروری

چونکہ یہ خاکسار ایکی مرتبہ دارالامان قادیان میں لسبب چند سوانح قویہ شرعیہ کے کسیقدر تاخیر سے حاضر ہوا تھا تو مخالفین نے موقع پاکر یہ مشہور کردیا کہ سید محمد احسن امروہوی حضرت اقدس کو ضعیف الاعتقاد ہو گیا کہ وہ امسال قادیان میں نہیں آیا اور یہ خبر بد سابق میں بھی مخالفین کی طرف سے اڑائی گئی تھی افسوس ہے مخالفین پر کہ ایسے اکاذیب اور مفتریات کو مشتہر کر کر خوش ہوجاتے ہیں اور یہ نہیں سمجھتے ہیں کہ جس شخص نے ۱۹ یا ۲۰ برس سے حضرت مجدد الوقت مہدی معہود و مسیح موعود کی تائید میں دلائل ساطعہ اور براہین قاطعہ سے بذریعہ اپنے رسائل مصنفہ کے مخالفین پر اتمام حجت کیا ہو اور ابتدا سے اس سلسلہ الٰہیہ کا ایسا معین اور مددگار رہا ہو کہ باعتبار تصنیف اعلام الناس نمبر اول اور دوم اور سوم حصہ کے سابقین اولین میں سے ہو حتی کہ قبل طبع ہونے فتح اسلام حضرت اقدس کے اول حصہ اعلام الناس کو شائع کر چکا ہو تو ایسا مخلص کیونکر اس سلسلہ الٰہیہ سے برگشتہ ہوسکتا ہے کیونکہ وہ تو ہر وقت یہ دعا بھی کرتا رہتا ہے کہ ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذ ھدیتنا و ھب لنا من لدنک رحمۃ انک انت الوھاب۔

اور واضح خاطر عاطر ناظرین ہو کہ خاکسار کے رسائل مصنفہ کا آج بھی مخالفین سے آج تک نہیں ہوسکا بعد تقاضا جواب شیخ محمد حسین بٹالوی میری رسائل کے جواب میں یہ کہتے رہے ہیں کہ بعد از فراغ حضرت مسیح موعود کے تمھاری رسائل کا جواب

دیا جاوے گا لیکن آجتک اُسکو فراغ حاصل نہیں ہوا اور جو فراغ ہوا تو وہ ایسا کہ اُس نے اخلد الی الارض کی نوبت پہونچادی انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اور مولوی محمد بشیر صاحب یعد تقاضا بسیار کے دجب اُن سے بایمانا کہا گیا کہ یا تو آپ میرے حصہ سوم اعلام الناس کی تصدیق کیجئے جو آپ کے رد میں ہے اور یا مع الدلائل تکذیب کیجئے) تو اُس کے جواب میں یہی کہتے رہے کہ ہم کو فرصت نہیں ہوتی ہے جو اس کے جواب کی طرف جسمیں متعدد علوم کی ضرورت ہے توجہ کی جاوے۔ غرضکہ رسائل تمسک العارف والمحفظ الحسنہ و احسن الکلام وغیرہ کا جواب بھی آجتک کسی سے نہیں ہوسکا ہاں اگر کسی مسئلہ کا جواب شافی وکافی ادلہ شرعیہ قطعیہ سے پیدا ہو تو ہمکو اُس سے رجوع ہی ہوسکتا ہے کیونکہ ہم کو حضرت اقدس کے دعاوی کے تسلیم و تصدیق کے لئے ادلہ نقلیہ قطعیہ نے ہی مجبور کردیا ہے کوئی دوسری غرض نفسانی تو نہیں ہے

وکفی باللہ شہیدا

کتبہ السید محمد احسن امروہوی مبیضا من المسودۃ

فی تاریخ ۲۳ اگست سنہ ۱۹۰۰ء یوم الخمیس مطابق ۲۶ ربیع الثانی سنہ ۱۳۱۸ھ

فہرست رسائل مصنفہ خاکسار

اعلام الناس ہر چہار حصہ

ان ہر چہار حصوں میں دعاوی حضرت اقدس کو بدلائل نقلیہ ثابت کیا گیا ہے
اور مخالفین کا رد بڑے زور شور سے موجود ہے۔

فک الشک

انتخاب کتاب تحذیر المؤمنین کا عجیب و غریب ہے

تحفہ مدراس یعنی القسطاس المستقیم

یہ ایک مناظرہ ہے جو بمقام مدراس ایک مجتہد شیعہ سے درباره حضرت اقدس ہوا ہے

میزان الاعتدال

اسمیں اصول اور قواعد مناظرہ مسائل متنازعہ فیہا کے درج کیے گئے ہیں۔

شاہین

یہ ایک مباحثہ ہے جو بمقام چھاونی بنگلور مولوی محمد امین صاحب سے ہوا تھا

اتمام الحجۃ

اسمیں مولوی غلام دستگیر قصوری کی جو قبل مباحثہ خط و کتابت ہوئی وہ درج ہے اور انکا فرار مباحثہ سے

سوابر السبیل حصہ دوم

حصہ اول باقی نہیں رہا اور حصہ ۲ میں ۵۰ سوال محمد حسین صاحب بٹالوی سے ایسے کئے گئے ہیں کہ اگر
جواب انکا ہماری مسلک کے موافق دیا جاوے تو ھو المطلوب اور در صورت مخالف ہونے
ہمارے مسلک کے مفاسد شرعیہ مخالفت اسلام لازم آتے ہیں۔

مسک العارف

یہ اٹھ پہل حدیث کا رسالہ ہے کہ جو مصداق حضرت اقدس کے ہیں۔

الموعظۃ الحسنہ

یہ ایک تفسیر سورہ تبت یدا کی ہے جس سے حضرت اقدس کا مسیح موعود ہونا ثابت کیا گیا ہے

احسن الکلام

اس رسالہ میں صلوۃ و سلام بھیجنا اوپر حضرت مسیح موعود کے ثابت کیا گیا ہے

یہ کتابیں خاکسار سے طلب کرو

الفاظ النائمین

اس رسالہ کے دو نمبر عجائب و غرائب تقریر صرف دو جلسوں کی ہے جس میں علمائے مخالفین امرت سر پر بالکل وجوہ اتمام حجت کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر عباد اللہ صاحب امرت سر گنبٹرہ جیمل سنگھ سے طلب کرو۔

دعوت از مولوی عبداللہ صاحب کشمیری بخدمت مہر شاہ صاحب گولڑی

الا ای مہر شہ تا کے بجائی این جہاں بینی — بترو دتی چشم دل واکن کہ تا از جہاں بینی
چرا بستی کمر از بہر تحقیر امام حق — چو آیات خدا از بہر تائیدش عیاں بینی
ہمیا مہر درخشانت چرا انکار می باشد — چو نور صدق او روشن بوقت امتحان بینی
چرا این دیکھنوں را چو خفاشا کے بیفشاند کے — کمر بستہ بتائیدش زمین و آسماں بینی
فروغ نور یزدانی زبام ہو کوئی او روشن — چو چشمت بند سازی پس کجا نور عیاں بینی
مسیح قادیانی از سما بر ما فرود آمد — اگر رویش بہ بینی حلیہ آں دلستاں بینی
بتصدیق مسیح ما ندا از آسماں آمد — بترو وی پیش حق تا دم گروہ دشمناں بینی
الا ای صوفی دانا حذر از قہر یزداں کن — ز ہر دستے قوی دست خدا بر تنگناں بینی

اگر در قادیاں آئی ہمہ امن و اماں بینی ۞ حیات جاوداں بینی نجات جاوداں بینی

چو بینی ماہ کنعانی امام قادیانی را ۞ بدستش از پئے دجال ہم تیغ و سناں بینی

ز رویش نور احمد می درخشد چوں مہ کامل ۞ مسیح و مہدی دوراں بصد نور و نشاں بینی

جبین و بینیش بینی نشانے بر جبین او ۞ کجا احمر کجا اسمر در و فرقے عیاں بینی

ہمیں مہدی ہمیں عیسی کلیم است ہمیں و احمد ۞ مسیح قادیانی بر زمیں از آسماں بینی

رخش بیدار الا حی بینی جبینش چوں خور تاباں ۞ سر و گیسوی مشکینش مگر عنبر فشاں بینی

زمیں الوقت می گوید نشاں از آسماں آرد ۞ کمر بستہ دو شاہد بہر تصدیقش جیاں بینی

ز شمس ماہ رمضاں شمس ترا چوں انکساف آمد ۞ دراں مجموعہ اغلاط طرز جاہلاں بینی

ز لفظ توفی خدا را بیں کہ از جہلت چہ تاویلے شنید ۞ نہ گاہے ابن مریم را ز جل بر آسماں بینی

خدا فرمود بل بہر یہود آں سبب انتہ ۞ نظر کن بر سیاق آں چہ طرز خوش بیاں بینی

تو از نظم کلام اللہ ناداں نہ آگاہ ۞ ازیں از قصر بیہودہ صعود آسماں بینی

تمہ بر دو دلائل کن نظر بر منتش ما افگن ۞ کہ تا از احسن فاضل عیاں نوریاں بینی

بخوف حق نظر افگن تشمس بازعہ یکدم ۞ مرا بیتش مقوی ہمچو مشک و زعفراں بینی

چرا در بزم رزام احسن فاضل نمی آئی ۞ کہ در تقریر بہم او را عجب گوہر فشاں بینی

تعجبہا چرا داری تو از ایں قادر مطلق ۞ کہ ابن مریم موعود را در قادیاں بینی

فراموشت شد ای دانا ترا آں وعدہ ایزد

کہ بر راس صدی یک مصلحے با عز و شاں بینی